www.kitabmart.in

www.kitabmart.in

سلسلۂ اشاعت امامیہ مشن نمبر ۶۸

آج امامیہ مشن کے دینی خدمات کے سلسلہ میں ایک ایسی گرانقدر کڑی کا اضافہ ہو رہا ہے جس کی انتہائی ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔

سال کے بارہ مہینوں میں مختلف تاریخوں کو مذہبی حیثیت سے خاص اہمیت حاصل ہے اور اُن کے ساتھ خاص وظائف و اعمال یا کچھ مخصوص تاریخی واقعات کا تعلق ہے۔

عام جنتریوں سے ضروریات دنیوی تو پورے ہو جاتے ہیں مگر ضروریات مذہبی کی تکمیل نہیں ہوتی۔ ضرورت ہے ایک ایسی، مذہبی جنتری یا سالنامہ اور ڈائری کی جس میں ہر تاریخ کے متعلقہ اعمال و وظائف نیز تاریخی حالات کو جمع کر دیا گیا ہو۔ عام طور سے جو کتابوں میں ادعیہ و اوراد مذکور ہیں اُن کے ساتھ ترجمہ نہ ہونے سے غیر عربی داں اشخاص معانی سے ناواقف رہتے ہیں۔ ہم نے اس کمی کو بھی پورا کرنا چاہا ہے۔ اور اس کے علاوہ عام ضروریات جو روزمرّہ کی دنیاوی زندگی سے متعلق ہیں انھیں بھی درج کر دیا ہے امید ہے کہ افراد قوم اس مجموعہ کو قدر کی نگاہوں سے ملاحظہ فرمائینگے اور اس کی اشاعت میں حصہ لیکر اپنے مشن کی عملی ہمت افزائی فرمائینگے۔ والسّلام

خادم ملت

سید ابن حسین نقوی سکریٹری امامیہ مشن لکھنؤ

www.kitabmart.in

توثیق حضرت سید العلماء مولانا السید علی نقی النقوی دام ظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس مجموعہ میں جو اعمال و وظائف اور تاریخی حالات نیز مسائل و احکام درج ہیں وہ سب میری نظر میں درست ہیں اور عمل اُن پر باعث اجر و ثواب ہے

۲۷ رجب ۱۳۵۸ھ۔ علی نقی النقوی عفی عنہ

www.kitabmart.in

ایام	رمضان المبارک	رمضان المبارک	ذی الحجہ	اہم وقائع تاریخی
یکشنبہ	۱	۱۵	۸	ہلاکت مروان بن الحکم
دوشنبہ	۲	۱۶	۹	روانگی حضرت رسول برائے فتح مکہ
سہ شنبہ	۳	۱۷	۱۰	
چہار شنبہ	۴	۱۸	۱۱	وفات شیخ مفید رح
پنجشنبہ	۵	۱۹	۱۲	
جمعہ	۶	۲۰	۱۳	
شنبہ	۷	۲۱	۱۴	
یکشنبہ	۸	۲۲	۱۵	
دوشنبہ	۹	۲۳	۱۶	
سہ شنبہ	۱۰	۲۴	۱۷	وفات حضرت خدیجہ کبریٰ
چہار شنبہ	۱۱	۲۵	۱۸	
پنجشنبہ	۱۲	۲۶	۱۹	
جمعہ	۱۳	۲۷	۲۰	
شنبہ	۱۴	۲۸	۲۱	
یکشنبہ	۱۵	۲۹	۲۲	ولادت امام حسن علیہ السلام

www.kitabmart.in

ایام	رمضان ۵۹ھ	نومبر ۷۹ء	رمضان ۹۲ھ	اہم وقائع تاریخی
دوشنبہ	۱۶	۳۰	۲۳	
سہ شنبہ	۱۷	۳۱	۲۴	جنگ بدر
چہار شنبہ	۱۸	نومبر	۲۵	
پنجشنبہ	۱۹	۲	۲۶	ضربت
جمعہ	۲۰	۳	۲۷	فتح مکہ و کسر اصنام
شنبہ	۲۱	۴	۲۸	شہادت امیر المومنین علیہ السلام
یکشنبہ	۲۲	۵	۲۹	
دوشنبہ	۲۳	۶	۳۰	شب قدر و نزول قرآن
سہ شنبہ	۲۴	۷	۱	وفات جنت مآب سید تقی صاحب قبلہ
چہار شنبہ	۲۵	۸	۲	
پنجشنبہ	۲۶	۹	۳	
جمعہ	۲۷	۱۰	۴	
شنبہ	۲۸	۱۱	۵	
یکشنبہ	۲۹	۱۲	۶	
۰	۰	۰	۰	

www.kitabmart.in

نہیں ہوگا بشرطیکہ یہ بالکل اتفاقی امر ہو اور عادۃً پہلے سے اُسے گمان یا
شبہہ اُس کا نہ ہو ورنہ کلّی کرنے اور پانی حلق میں چلے جانے کی صورت میں
قضا لازم ہوگی اور جماع کرنا خواہ آگے ہو خواہ پیچھے سے انزال ہو یا نہ ہو
اس سے روزہ باطل ہوگا اور قضا و کفارہ لازم ہوگا اور اگر عورت حیض
سے پاک ہوئی ہو تو پیش از صبح غسل کرنا اُس پر واجب ہے اور اگر غسل
متعذر ہو تو تیمم بدل غسل کرے اور اگر ایسا نہ کریگی تو روزہ اُس کا باطل
ہی اور قضا کرنا روزہ کا لازم ہوگا اور کفارہ دینا احوط ہے اور اگر جنب کو
غسل کرنا متعذّر ہو بسبب خوف مرض یا نہ ملنے پانی کے تو بدل غسل تیمم کرے
اور اکثر علماء کے نزدیک لازم ہے کہ صبح تک جاگتا رہے اور تیمم کو نہ توڑے ۸
تا صبح صادق بعد اس کے اگر سو رہے تو مضائقہ نہیں۔ پھر جب عذر دفع
ہو تو غسل کرے۔ اور اگر تیمم کرنے کے بعد پیش از صبح صادق پیشاب یا
پائخانہ وغیرہ کی ضرورت ہو اور تیمم ٹوٹ جائے تو پھر تیمم بدل غسل کرے
یہ جیسا کہ لکھا گیا اکثر علماء کا قول ہے مگر اقویٰ یہ ہے کہ تیمم بدل غسل کے
بعد سونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اسی طرح اگر پیشاب یا پائخانہ
وغیرہ کی لئے جائے تو بھی وہ تیمم باطل نہیں ہوگا اور روزہ رکھنا اُسی
تیمم سے درست ہوگا بے شک جب نماز پڑھے تو وضو کرے یا اگر وضو نہ کر سکے
تو نماز کے لئے تیمم بدل وضو بجا لائے۔ اور بعد جنب ہونے کے اگر نیت

www.kitabmart.in

میں تھا کہ غسل کرونگا اور احتمال بیدار ہونے کا بھی رکھتا تھا اور سو رہا
اور تا صبح ایک مرتبہ بھی بیدار نہ ہوا تو قضا اُس روز کی اُس پر واجب
نہیں اور اگر سو رہے تا صبح اور نیت غسل کی نہ رکھتا ہو تو اُس پر قضا
لازم ہے اور کفارہ بھی واجب ہے اور اگر بعد بیدار ہونے کے یہ
خیال کیا کہ ابھی رات زیادہ ہے اور آخر شب غسل کرونگا اور
سو رہا اس کے بعد دوبارہ بیدار ہو کر پھر بخیال سابق سو رہا
اور تا صبح بیدار نہ ہوا تو اس مرتبہ کے سونے میں قضا لازم
ہے اور اگر دوسری مرتبہ سونے کے وقت اس امر کی طرف
توجہ ہو کہ ممکن ہے آنکھ نہ کھلے اور یہ کہ اس صورت میں اُس
کا روزہ باطل ہوگا اور باوجود اس التفات اور توجہ کے
سوئے تو قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم ہے۔ اور روزہ ہائے
قضائے رمضان مبارک میں بھی چاہئے کہ صبح کو پاک ہو جنب نہ
ہو مگر روزہ سنتی میں تا صبح اگر حالت جنابت میں رہے اور پیش از
زوال غسل کر کے نیت روزہ کی کرلے تو روزہ اُس کا صحیح ہے
بشرطیکہ کسی مفطر کو عمل میں نہ لایا ہو۔ اور غبار غلیظ حلق میں
پہونچانا مثل آٹے اور خاک کے موجب قضا اور کفارہ ہے
بعضے علماء نے قضا تنہا جانی ہے اور دھواں غلیظ اور بخار غلیظ

9

www.kitabmart.in

اور دھواں تنور کا اور غبار دیگ کا احوط ہے کہ ان سے بھی پرہیز
کرے اور حقہ وغیرہ پینا بھی روزہ میں جائز نہیں ہے۔ اور منی کا
نکالنا بغیر جماع موجب قضا و کفارہ ہے۔ مثلاً نظر کرنا عورت حلال
یا حرام پر یا آواز اُن کی سننا یا بخیال خود لانا ہر گاہ اس علم کے
ساتھ کہ باعث منی کے آنے کا ہوگا اور عمداً قے کرنا بھی موجب قضا و
کفارہ ہے۔ اور ہر گاہ قے بے اختیار آوے اُس پر قضا و کفارہ نہیں
ہے اور سیال چیز کے ساتھ حقنہ کرنا بھی قضا و کفارہ دونوں کا موجب
ہے۔ اور شیاف لینا مکروہ ہے۔ اگرچہ خشک چیز کا ہو۔ اسی طرح کان
یا ناک میں دوا ڈالنا اور ناس لینا بشرطیکہ حلق میں نہ پہونچے
مکروہ ہے۔ اور جھوٹ باندھنا خدا و رسول اور ائمہ پر یعنی کسی
قول یا فعل کو اُن حضرات میں سے کسی بزرگ کی جانب عمداً
غلط طور پر منسوب کرنا موجب قضا و کفارہ ہے۔ اور غوطہ لگانا
پانی میں یا فقط سر ڈبونا پانی میں اگرچہ باقی تمام بدن پانی کے
باہر رہے یہ بھی موجب قضا و کفارہ ہے۔ اور اگر غسل ارتماسی
کرے تو جیسا روزہ میں خلل ہوتا ہے اُسی طرح غسل بھی باطل ہو
جاتا ہے اور دوبارہ غسل کرنا ضرور ہے اور بلغم جب منھ میں آجاوے
اُس کو ہرگز نہ نگلے اگر عمداً نگل جائیگا تو احوط قضا و کفارہ ہے

www.kitabmart.in

اگر دماغ سے حلق میں چلا گیا ہو بغیر اس کے کہ منہ میں آیا ہو تو کچھ
قباحت نہیں اسی طرح احوط ہے کہ تھوک اور رطوبت منہ میں جمع کر کے
بھی نہ پی جائے۔ ہاں آب دہن سے احتراز ضرور نہیں ہے جو بطور
عادت حلق میں جاتا ہے۔ اور روزہ دار عورت کو پانی میں بیٹھنا
مکروہ ہے۔ بعض نے کہا کہ اگر کمر تک پانی میں بیٹھے اس پر قضا لازم
بعض نے کفارہ بھی کہا ہے اور اگر کوئی شخص سحری کھانے کو اٹھے
اور اس کو گمان ہو کہ ابھی رات باقی ہے تو اس کو کھانا پینا جائز
ہے اور اگر بعد کو معلوم ہو کہ اس وقت رات باقی نہ تھی بلکہ صبح
تھی تو اس کی دو صورتیں ہیں۔ اگر بعد بیدار ہونے کے اس نے ۱۱
دریافت کر لیا ہو یا خود آسمان کو دیکھکر یا اور قرائن سے معلوم
کیا ہو کہ رات ہے تو اس کا روزہ صحیح ہے اور اگر بغیر ملاحظہ مذکورہ
کھایا پیا ہو تو فقط قضا واجب ہے۔ اور کفارہ ایک روزہ کا
یہ ہے کہ ایک بندہ راہ خدا میں آزاد کرے یا ساٹھ مسکینوں
کو کھانا کھلائے یا دو مہینے پے در پے روزے رکھے۔ اس کے معنی
یہ ہیں کہ ایک مہینہ مکمل مسلسل روزوں کے ساتھ ایک دن
دوسرے مہینہ کا متصل کر دے مثلاً تیس دن پہلا مہینہ اور
ایک دن پہلی تاریخ دوسرے مہینہ کی روزہ رکھ لے بعد ازاں

www.kitabmart.in

متفرق رکھے تو جائز ہے مگر اکتیس روز کے پہلے اگر بلا عذر قوی افطار کریگا تو نئے سر سے پھر روزہ رکھنے ہوں گے اور عذر قوی یہ ہیں مانند حیض و نفاس و بیہوشی و دیوانگی و بیماری کے اگر ان اسباب کی وجہ سے اکتیس ۳۱ روز کے پہلے افطار کریگا تو قباحت نہیں ہے اور بعد رفع عذر کے باقی روزے رکھنے سے کفارہ تمام ہو جائیگا اور کھانا کھلانے میں چاہیئے کہ ہر شخص کو سیر ہو کر کھلائے اور اگر دست بدست بطور حصہ دے تو ہر ایک کو ایک مد طعام سے کم نہ دے اور ایک آدمی کو دو حصے نہیں دے سکتا اس لئے کہ ساٹھ مسکین کی گنتی پوری ہونی چاہیئے۔ مگر جہاں کہیں کہ مستحق دستیاب نہ ہو اور شمار پورا کرنے میں بالغ و نابالغ کی قید نہیں ہے اور ادنیٰ درجہ مستحق کا یہ ہے کہ وہ شخص اثنا عشری مذہب ہو اور تارک صوم و صلوٰۃ نہ ہو اور پریشان حال ہو کہ مسکینی اس پر صادق آئے۔

واضح ہو کہ کفارہ ایک مستقل فرض ہے اس سے گذشتہ روزہ کا گناہ دور نہ ہوگا۔ اس کے لئے توبہ کی ضرورت ہے۔ یہ خیال کرنا کہ کوئی شخص برابر روزے ترک کرے اور کفارہ دیدیا کرے تو گنہگار نہ ہوگا بالکل غلط ہے۔ اگر کفارہ کو پورا ادا کرنے سے عاجز ہو تو جس قدر ادا کر سکے وہ لازم ہوگا اور در صورتیکہ بالکل عاجز ہو

www.kitabmart.in

توبارگاہ الٰہی میں توبہ و استغفار کرے۔ لیکن جس وقت بھی قادر ہو کفارہ کو ادا کرنا ضروری سمجھے۔

آداب دخول ماہ رمضان

سنت ہے طلب کرنا ہلال ماہ رمضان کا اور بعضے واجب جانتے ہیں جب چاند دیکھے تو اشارہ کرے طرف ہلال کے اور قبلہ رخ ہاتھ اٹھا کر کہے:

رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ

میرا اور تیرا پروردگار وہی اللہ ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے خداوندا ظاہر کر اس

عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَ

چاند کو ہمارے اوپر امن و ایمان اور سلامتی اور

الْاِسْلَامِ وَالْمُسَارَعَۃِ اِلٰی مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

اسلام اور تیرے محبوب و پسندیدہ اعمال و افعال کی طرف تیزی کرنے

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ شَھْرِنَا ھٰذَا وَارْزُقْنَا

کے ساتھ خداوندا ہمیں برکت دے اس مہینہ میں اور ہمیں عطا کر

خَیْرَہٗ وَعَوْنَہٗ وَاصْرِفْ عَنَّا ضَرَّہٗ وَشَرَّہٗ

اس کی بہتری اور اس کی امداد اور دور کر ہم سے اس کا نقصان اور اس کی

وَبَلَاءَہٗ وَفِتْنَتَہٗ

خرابی اور اس کی مصیبت اور اس کی آزمائش

فَخُذْ مِنْهَا

www.kitabmart.in

اور بہترین دعا دعائے صحیفہ کاملہ ہے جو ہر مہینہ کے چاند دیکھنے کے وقت وارد ہی
اور ابن ابی عقیل کا قول ہے کہ وقت رویت ہلال ماہ رمضان المبارک
یہ دعا پڑھنا واجب ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ وَخَلَقَكَ وَقَدَّرَ

ستائش ہے اللہ کے لئے جس نے مجھ کو پیدا کیا اور تجھ کو پیدا کیا اور تیری منزلوں کو

مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ مَوَاقِیْتَ لِلنَّاسِ اَللّٰهُمَّ

مقرر کیا اور تجھ کو لوگوں کے لئے وقت معین کرنے کا ذریعہ دیا خداوندا

اَهِلَّهُ عَلَیْنَا اِهْلَالَ مُبَارَكًا اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ

ظاہر کر اس چاند کو ہمارے اوپر برکت کے ساتھ خداوندا اسکو داخل کر ہم پر

عَلَیْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْیَقِیْنِ وَ

سلامتی اور اسلام اور یقین اور ایمان اور نیکی

الْاِیْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا

اور پرہیزگاری اور ان اعمال و عبادات کی توفیق کے ساتھ جن کو

تُحِبُّ وَتَرْضٰی

تو پسند کرتا ہے

اور اول شب سنت ہے کہ نہر جاری میں غسل
کرے اور تین چلو سر پہ ڈالے کہ طہارت معنوی حاصل ہوگی
تا سال آیندہ اور خارش بدن اُس سال نہ ہوگی اور زیارت

دن اور رات تجھ میں اثر کرتے ہیں پھر تو اُن میں عمل کر اور وہ تجھ سے

www.kitabmart.in

امام حسین شب اول سنت ہے اور شب پانزدہم و شب آخر جو شخص ان
تینوں راتوں میں سے کسی ایک میں زیارت پڑھے تو ثواب عظیم حاصل ہوگا
اور نیت ہر دن کے روزے کی اُسی شب کو کرے اور اسطرح کہ روزہ ماہ رمضان
کا رکھتا ہوں میں ادا واجب قربۃً الی اللہ مگر ان الفاظ کا زبان پر لانا
معتبر نہیں ہے بلکہ اس قصد اور خیال کا دل میں پیدا ہونا لازم ہے جو باعث ہو
خاص طرح کی پابندیوں کا جو روزہ میں
ضروری ہیں اول روز بھی سنت ہے غسل کرنا آب جاری
میں اور تیس چلو پانی سر پر ڈالے تمام سال بخوف رہے گا جمیع درد
اور بیماریوں سے اور وارد ہے کہ جو روز اول ایک چلو گلاب منہ
پر ڈالے خواری و پریشانی سے نجات پائیگا اور اگر ہر روز اسی طرح
کرے تو اُس روز بلاؤں سے امن رہے گا اور اُس سال مرض
سرسام سے بے خطر رہے گا۔ اور لکھا ہے کہ روز

اول یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ قَدْ حَضَرَ شَھْرُ رَمَضَانَ وَقَدِ افْتَرَضْتَ

خداوندا آگیا ماہ رمضان اور تو نے واجب کئے ہیں

عَلَیْنَا صِیَامَہٗ وَاَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْاٰنَ ھُدًی

ہم پر روزے اور نازل کیا ہے تو نے اُس میں قرآن اُس حالت

www.kitabmart.in

لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ

لوگوں کے لئے اور کھلی ہوئی ہیں نشانیاں رکھتا ہے ہدایت اور فیصلہ کی۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا وَسَلِّمْهُ

خداوندا ہماری مدد کر اس کے روزوں پر اور قبول کر اس عبادت کو ہم سے

مِنَّا وَسَلِّمْهُ لَنَا فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَمُعَافِيَةٍ اِنَّكَ

اور صحیح سلامت اس کو لے ہم سے اور اس کو ہمارے لئے قرار دے سلامتی کے ساتھ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اپنی جانب سے آسانی اور خیریت کے ساتھ تو ہر بات پر قادر ہے

منقول ہے کہ جب ماہ رمضان داخل ہوتا تھا آنحضرت یہ دعا پڑھتے تھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ قَدْ دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَللّٰهُمَّ

خداوندا یہ ماہ رمضان ہے کہ جو آگیا ہے اے خدا اے

رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ

پروردگار ماہ رمضان کے جس میں تو نے قرآن نازل کیا اور

وَجَعَلْتَهٗ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ

قرار دیا اس کو کھلی ہوئی نشانی ہدایت کی اور حق و باطل کے تفرقہ کی

اَللّٰهُمَّ فَبَارِكْ لَنَا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا

خداوندا اب تو برکت عطا کر ہم کو ماہ رمضان میں اور مدد کر ہماری

عَلٰى صِيَامِهٖ وَصَلٰوتِهٖ وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا

اس کے روزے اور نماز پر اور اس کو قبول کر ہم سے

www.kitabmart.in

اور فرمایا جو شب اول یا روز اول دو رکعت نماز پڑھے رکعت
اول میں بعد الحمد کے سورۂ انا فتحنا۔ دوسری رکعت میں جو سورہ
چاہے پڑھے حق تعالیٰ اُس سال کی سب آفات و بدی سے محفوظ
رکھے گا اور عطر لگانا اور مسواک کرنا روزہ میں ضرر نہیں کرتا اور
فرمایا جو خرمائے وجہ حلال سے افطار کرے تو ثواب اُس کی
نماز کا چار سو نماز کے برابر ہوگا اور افطار کرنا پانی سے دل
کے گناہوں کو دھوتا ہے۔ اور افطار
آب نیم گرم سے بھی بہت فائدہ
رکھتا ہے اور یہ بہتر یہ ہے کہ
رطب یا حلوا یا نبات سے
افطار کرے جب یہ حاضر نہ ہو
تب آب نیم گرم سے افطار کرے اور فرمایا جو وقت افطار ایک
گردا روٹی کا تصدق کرے کسی مسکین کو دیوے خداوند غفار
گناہ اُس کے بخش دے گا اور ثواب ایک بندہ آزاد کرنے کا
ہوگا فرزندان جناب اسمٰعیل سے اور بہترین اعمال تلاوت
قرآن ہے روز و شبہائے ماہ مبارک میں کہ اس ماہ میں نازل
ہوا ہے اور ہر چیز کی ایک بہار ہے قرآن پڑھنے کی بہار ماہ رمضان

www.kitabmart.in

ہی فرمایا صلوات اور استغفار لا الہ الا اللہ بہت کہے اور نافلہائے شب و روز ترک نہ کرے اور شبہائے طاق میں غسل سنت ہے خصوصاً شب اول اور پندرھویں اور سترھویں اور شبہائے عشرہ اخیر آخری دس دن میں ہر شب غسل سنت ہے اور فرمایا وقت افطار اور بعد سحر کھانے کے سورۂ انا انزلناہ پڑھے اور بروقت افطار یہ کہے۔

یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ اِلٰھِیْ لَا اِلٰہَ لِیْ غَیْرُکَ

اے بزرگ ذات اے بزرگ ذات تو میرا خدا ہے کوئی خدا نہیں میرے لئے سوائے تیرے

اِغْفِرْ لِیَ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ ۱۸

بخش دے تو میرے بڑے گناہ کو یقیناً نہیں بخش سکتی بڑے

الْعَظِیْمَ اِلَّا الْعَظِیْمُ

گناہ کو مگر بہت بڑی ذات

بہتر وارد ہے کہ وقت افطار کہے:۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

خداوندا تیرے لئے میں نے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا

وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ

اور تیرے ہی اوپر میں نے بھروسا کیا ہے

www.kitabmart.in

تا خدائے تعالیٰ عطا کرے اُس کو ثواب اُن لوگوں کا کہ جنھوں نے اُس دن روزہ رکھا ہے اور جب کھانا سامنے آوے تو کہے

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْنَا وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْنَا

خداوندا تیرے لئے روزہ رکھا ہم نے اور تیرے دیئے ہوئے رزق سے افطار کیا ہم نے

فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

پس تو اسکو ہم سے قبول کر بیشک تو ہی سننے والا ہے اور جاننے والا

اور جب لقمۂ اول اُٹھائے تو کہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ

خدائے بارحم و مہربان کے نام سے، ای وسیع بخشش والے

اِغْفِرْ لِیْ

مجھے بخش دے

اعمالِ شب و روز

وارد ہے کہ بعد ہر نماز کے ماہ رمضان میں یہ دعا پڑھے

یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ اَنْتَ الرَّبُّ

اے بلند اے بڑے بخشنے والے اے مہربان تو پروردگار ہے

www.kitabmart.in

الْعَظِیْمُ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ

بڑا جس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے والا اور

الْبَصِیْرُ وَھٰذَا شَھْرٌ عَظَّمْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَ

دیکھنے والا ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کو تو نے قابل عظمت اور بلندگی اور

شَرَّفْتَہٗ وَفَضَّلْتَہٗ عَلَی الشُّھُوْرِ وَھُوَ الشَّھْرُ

صاحب شرف قرار دیا ہے اور فضیلت دی ہے تو نے اس کو تمام مہینوں پر اور وہ ایسا

الَّذِیْ فَرَضْتَ صِیَامَہٗ عَلَیَّ وَھُوَ شَھْرُ رَمَضَانَ

مہینہ ہے کہ جس کے روزے کو تو نے واجب قرار دیا ہے مجھ پر اور وہ ماہ رمضان ہے

الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْاٰنَ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَ

جس میں تو نے قرآن اتارا ہے ہدایت لوگوں کے لئے اور

بَیِّنَاتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ وَجَعَلْتَ فِیْہِ

کھلی ہوئی نشانیاں ہیں ہدایت اور حق و باطل کے تفرقہ کی اور قرار دی ہے تو نے ۲۰

لَیْلَۃَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَھَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ

اس میں شب قدر اور بنایا ہے تو نے اس شب کو بہتر ہزار مہینوں سے

فَیَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْکَ مُنَّ عَلَیَّ بِفَکَاکِ

پس اے صاحب احسان اور تیرے اوپر احسان نہیں کیا جا سکتا احسان کر مجھ پر

رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ وَاَدْخِلْنِیْ

میری گلو خلاصی کے ساتھ آتش جہنم سے ان لوگوں میں جن پر تو احسان کریگا اور داخل کر مجھ کو

www.kitabmart.in

اَلْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

جنت میں اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحیم

منقول ہے ہر شب اس ماہ میں یہ دعا پڑھے تو بہت اجر و ثواب حاصل ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذَا الشَّهْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ

خداوندا اے مالک اس ماہ رمضان کے جس میں نازل کیا ہے تو نے

فِیْهِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰی عِبَادِكَ فِیْهِ

قرآن اور واجب کیا ہے تو نے اپنے بندوں پر اس میں

الصِّیَامَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنِیْ

روزہ درود بھیج محمد و آل محمد پر اور نصیب کر مجھے

حَجَّ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فِیْ عَامِیْ هٰذَا وَفِیْ كُلِّ عَامٍ

حج اپنے بیت حرام کا اس سال اور اس کے بعد بھی ہر سال

وَاغْفِرْ لِیْ تِلْكَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ فَاِنَّهٗ لَا

اور بخش دے میرے بڑے گناہوں کو کیونکہ نہیں

یَغْفِرُهَا غَیْرُكَ یَا رَحْمٰنُ یَا عَلَّامُ

بخش سکتا ان کو کوئی تیرے سوا اے مہربان اے بڑے جاننے والے

بسند معتبر بلکہ صحیح جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہر شب ماہ مبارک میں یہ دعا پڑھے۔

www.kitabmart.in

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا تَقْضِیْ وَ

خداوندا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ قرار دے تو اُن چیزوں میں جن میں معین

تُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ فِی الْاَمْرِ الْحَكِيْمِ

اور مقرر کریگا حتمی باتوں سے اپنے حکیمانہ احکام میں

مِنَ الْقَضَاءِ الَّذِیْ لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ اَنْ تَكْتُبَنِیْ

اُس فیصلہ سے کہ جو مسترد نہیں ہو سکتا اور بدلا نہیں جا سکتا کہ تو لکھ دے مجھ کو

مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمُ الْمَشْكُوْرِ

اپنے بیت حرام کے حاجیوں میں سے جن کا حج قبول ہے اور جن کی کوشش

سَعْيُهُمُ الْمَغْفُوْرِ ذَنْبُهُمُ الْمُكَفَّرِ عَنْ ۲۲

قابل اعتراف ہے اور جن کے گناہ بخشے گئے ہیں اور جن کے گناہوں کا

سَيِّئَاتِهِمْ وَاَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ

کفارہ ہو گیا ہے اور قرار دے اُن چیزوں میں کہ جن کا تو فیصلہ کرتا ہے اور

اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِیْ فِیْ خَيْرٍ وَعَافِيَةٍ وَتُوَسِّعَ

مقرر کرتا ہے یہ کہ میری عمر کو طولانی کر خیر اور سلامتی کے ساتھ اور میرے رزق

فِیْ رِزْقِیْ وَتَجْعَلَنِیْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِيْنِكَ

میں برکت عطا فرما اور قرار دے مجھے اُن لوگوں میں سے کہ جن سے تو مدد لیتا ہے

وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِیْ غَيْرِیْ

اپنے دین کے لئے اور میرے عوض میں کسی دوسرے سے یہ کام نہ لے

www.kitabmart.in

اور یہ دعا مضامین عالیہ کی وارد ہے کہ ہر شب پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِرَحْمَتِكَ فِی الصَّالِحِیْنَ فَاَدْخِلْنَا وَفِی

خداوندا اپنی رحمت سے ہم کو صالح لوگوں میں داخل کر اور بلند درجوں

عِلِّیِّیْنَ فَارْفَعْنَا وَبِكَأْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ مِنْ

میں ہم کو بلند کر اور خوشگوار ساغر سے

عَیْنِ سَلْسَبِیْلٍ فَاسْقِنَا وَمِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ

سلسبیل کے چشمہ کے ہم کو سیراب کر اور حور عین کے ساتھ

بِرَحْمَتِكَ فَزَوِّجْنَا وَمِنَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدِیْنَ

اپنی رحمت سے ہماری شادی کرنا اور ان کمسن ہمیشہ بہار لڑکوں میں سے

كَاَنَّھُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ فَاخْدِمْنَا وَمِنْ ثِمَارِ

جو مثل بکھرے ہوئے موتیوں کے ہیں، ہم کو خدمتگار عطا کر اور جنت کے

الْجَنَّةِ وَلُحُوْمِ الطَّیْرِ فَاَطْعِمْنَا وَمِنْ ثِیَابِ

پھلوں اور پرندوں کے گوشت سے ہم کو طعام عطا فرمانا اور سندس و

السُّنْدُسِ وَالْحَرِیْرِ وَالْاِسْتَبْرَقِ فَاَلْبِسْنَا

حریر اور استبرق سے ہمیں لباس دینا اور

وَلَیْلَةَ الْقَدْرِ وَحَجِّ بَیْتِكَ الْحَرَامِ وَقَتْلًا

شب قدر اور حج خانہ کعبہ اور تیری راہ میں

فِیْ سَبِیْلِكَ فَوَفِّقْ لَنَا وَصَالِحَ الدُّعَاءِ وَ

قتل ہونے کی ہم کو توفیق عطا فرمانا اور نیک دعا اور سوال کو ہمارے

دشمنوں سے رائے لو تاکہ انکی دشمنی کا اندازہ اور ان کے نقطۂ نظر کو سمجھ سکو

www.kitabmart.in

الْمَسْئَلَةَ فَاسْتَجِبْ لَنَا وَاِذَا جَمَعْتَ الْاَوَّلِيْنَ

قبول فرمانا اور جس وقت جمع کرے تو پہلوں کو اور پچھلوں کو

وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَارْحَمْنَا وَبَرَاءَةً

قیامت کے دن تو ہم پر رحم کرنا اور آتش جہنم

مِنَ النَّارِ فَاكْتُبْ لَنَا وَفِيْ جَهَنَّمَ فَلَا تُغْلِنَا

سے برات کا پروانہ ہمارے لئے لکھ دینا اور جہنم میں ہم کو پابزنجیر نہ کرنا

وَفِيْ عَذَابِكَ وَهَوَانِكَ فَلَا تَبْتَلِنَا وَمِنَ

اور اپنے عذاب اور حقارت میں ہم کو مبتلا نہ کرنا اور

الزَّقُّوْمِ وَالضَّرِيْعِ فَلَا تُطْعِمْنَا وَمَعَ الشَّيَاطِيْنِ

جہنم کے تلخ پھلوں اور وہاں کی پیپ سے ہم کو غذا نہ دینا اور شیطانوں کے ساتھ

فَلَا تَجْعَلْنَا وَفِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِنَا فَلَا

ہم کو قرار نہ دینا اور آتش جہنم سے ہمارے منھ کے بل ہم کو

تَكْبُبْنَا وَمِنْ ثِيَابِ النَّارِ وَسَرَابِيْلِ الْقَطِرَانِ

گرانا نہیں اور آگ کے کپڑوں سے اور تارکول کی چادروں سے

فَلَا تُلْبِسْنَا وَمِنْ كُلِّ سُوْءٍ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا

ہم کو لباس نہ پہنانا اور ہر برائی سے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود

اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَنَجِّنَا

سوائے تیرے واسطہ اسی کلمہ توحید کا ہم کو نجات دینا

حسن کلام یہ ہے کہ زبان پر بار نہ ہو اور فہم پر سبک ہو

www.kitabmart.in

اور بسند معتبر منقول ہے کہ حضرت صاحب الامر علیہ السلام نے اپنے شیعوں کو لکھا کہ ہر شب اس ماہ میں یہ دعا پڑھا کرو کہ اس مہینہ کی دعا کو ملائکہ سنتے ہیں اور اُس کے صاحب کے لئے استغفار کرتے ہیں اور وہ دعائے جلیل القدر یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَفْتَتِحُ الثَّنَاءَ بِحَمْدِکَ وَاَنْتَ

خداوندا میں آغاز کرتا ہوں تعریف کا تیری ستائش سے اور تو

مُسَدِّدٌ لِلصَّوَابِ بِمَنِّکَ وَاَیْقَنْتُ اَنَّکَ

تائید کرنے والا ہے صحیح راستہ کی اپنے احسان سے اور میں یقین کرتا ہوں کہ

اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ فِیْ مَوْضِعِ الْعَفْوِ

۲۵ تو سب رحم کرنے والوں میں زیادہ رحیم ہے معافی اور رحم کے

وَالرَّحْمَةِ وَاَشَدُّ الْمُعَاقِبِیْنَ فِیْ مَوْضِعِ

مقام پر اور سب سزا دینے والوں میں زیادہ سخت ہے عذاب

النَّکَالِ وَالنِّقْمَةِ وَاَعْظَمُ الْمُتَجَبِّرِیْنَ فِیْ

اور ناراضگی کے موقع پر اور تمام طاقتوروں سے زیادہ بڑا ہے

مَوْضِعِ الْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَةِ اَللّٰھُمَّ اِذْ نَتَ

بزرگی اور عظمت کے مقامات میں خداوندا تو نے اجازت دی ہے مجھے

لِیْ فِیْ دُعَائِکَ وَمَسْئَلَتِکَ فَاسْمَعْ یَا سَمِیْعُ

اپنی بارگاہ میں دعا اور سوال کی پس سن اے سننے والے

www.kitabmart.in

مِدحتی واجب یا رحیم دعوتی واقبل

میری تعریف کو اور قبول کر اے رحیم میری دعا کو اور معاف کر

یا غفور عثرتی فکم یا الٰہی من کربۃ

اے بخشنے والے میری خطا کو پس کتنی اے میرے خدا تکلیفیں ہیں

فرجتہا وہموم قد کشفتہا وعثرۃ

جن کو تو نے دور کیا اور کتنے رنج ہیں جنھیں تو نے برطرف کیا ہے اور خطا ہیں

قد اقلتہا ورحمۃ قد نشرتہا وحلقۃ

جنھیں تو نے معاف کیا ہے اور رحمت ہے جسے تو نے پھیلایا ہے اور مصیبت کا

بلاء قد فککتہا الحمد للہ الذی لم یتخذ ۲۶

چھڑانا ہے جسے تو نے ہم سے حمد کیا ہے تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے نہ کوئی

صاحبۃ ولا ولدا ولم یکن لہ شریک فی

بیوی ہے نہ اولاد اور نہیں ہے اس کا کوئی شریک سلطنت میں اور نہ

الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ

اس کا کوئی مددگار ہے کمزوری کی وجہ سے اور بڑا سمجھو اس کو

تکبیرا الحمد للہ بجمیع محامدہ کلہا

جو حق ہے بڑا سمجھنے کا تعریف اللہ کے لئے اس کی تمام تعریفوں کے ساتھ

علی جمیع نعمہ کلہا الحمد للہ الذی

اس کی تمام نعمتوں کے اوپر تعریف اللہ کے لئے

www.kitabmart.in

لَا مُضَادَّ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ وَلَا مُنَازِعَ لَهٗ فِيْ

جس کا کوئی مدمقابل نہیں اس کی سلطنت میں اور کوئی اس سے جھگڑا کرنے

اَمْرِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ فِيْ

والا نہیں اس کے حکم میں تعریف اللہ کے لئے جس کا کوئی شریک نہیں اس کی

خَلْقِهٖ وَلَا شَبِيْهَ لَهٗ فِيْ عَظَمَتِهٖ اَلْحَمْدُ

خلقت میں اور نہ اس کا کوئی مثل ہے اس کی بزرگی میں تعریف

لِلّٰهِ الْفَاشِيْ فِي الْخَلْقِ اَمْرُهٗ وَحَمْدُهٗ

اللہ کے لئے کہ ظاہر ہے خلق میں جس کا حکم اور اس کی تعریف

الظَّاهِرِ بِالْكَرَمِ مَجْدُهٗ الْبَاسِطِ بِالْجُوْدِ ٢٧

اور ظاہر ہے بزرگی کے ساتھ اس کی عظمت اور پھیلا ہوا ہے فیاضی کے

يَدُهٗ الَّذِيْ لَا تَغِيْضُ خَزَائِنُهٗ وَلَا تَزِيْدُهَا

ساتھ اس کا ہاتھ وہ کہ نہیں کمی ہوتی اس کے خزانوں میں اور نہیں زیادہ کرتی

كَثْرَةُ الْعَطَاءِ اِلَّا جُوْدًا وَكَرَمًا اِنَّهٗ هُوَ

اس کو زیادتی بخشش کی مگر سخاوت اور بزرگی بیشک وہی

الْعَزِيْزُ الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ قَلِيْلًا

غالب ہے اور بڑا عطا کرنے والا خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ كَثِيْرٍ مَعَ حَاجَةٍ بِيْ اِلَيْهِ عَظِيْمَةٍ وَ

بہت میں سے تھوڑا باوجود اپنی حاجت کے اس کی طرف جو بہت بڑی ہے اور

www.kitabmart.in

ثَنَاكَ عَنْهُ قَدِيْمٌ وَهُوَ عِنْدِيْ كَثِيْرٌ وَهُوَ

یہ ذکر استغفار اس سے ہمیشہ کا ہے اور وہ میرے نزدیک بہت ہے اور وہ

عَلَيْكَ سَهْلٌ يَسِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنَّ عَفْوَكَ عَنْ

تیرے اوپر آسان اور معمولی بات ہے خداوندا تیرے معاف کرنے کے میرے گناہ کو

ذَنْبِيْ وَتَجَاوُزَكَ عَنْ خَطِيْئَتِيْ وَصَفْحَكَ عَنْ

اور تیرے درگزر کرنے نے میری خطا سے اور تیری چشم پوشی نے

ظُلْمِيْ وَسَتْرَكَ عَلٰى قَبِيْحِ عَمَلِيْ وَحِلْمَكَ عَنْ

میرے ظلم سے اور تیری پردہ پوشی نے میرے برے اعمال پر اور تیرے حلم نے

كَثِيْرِ جُرْمِيْ عِنْدَمَا كَانَ مِنْ خَطَائِيْ وَعَمْدِيْ ۲۸

میرے بہت سے جرائم میں جو مجھ سے غلطی سے ہوئے اور جان بوجھ کر ہوئے۔

اَطْمَعَنِيْ فِيْ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَا اَسْتَوْجِبُهٗ

لالچ دلائی مجھ کو کہ سوال کروں میں تجھ سے اس بات کا کہ جس کا میں مستحق

مِنْكَ الَّذِيْ رَزَقْتَنِيْ مِنْ رَحْمَتِكَ وَ

نہیں ہوں وہ جو تو نے مجھے رزق عطا کیا اپنی رحمت سے اور دکھایا مجھ کو

اَرَيْتَنِيْ مِنْ قُدْرَتِكَ وَعَرَّفْتَنِيْ مِنْ

اپنی قدرت سے اور پہچنوایا مجھ کو اپنی قبولیت سے

اِجَابَتِكَ فَصِرْتُ اَدْعُوْكَ اٰمِنًا وَاَسْاَلُكَ

پس میں دعا کرنے لگا تجھ سے مطمئن ہو کر اور سوال کرنے لگا

www.kitabmart.in

تُسْتَأْنِسًا لَا خَائِفًا وَلَا وَجِلًا مُدِلًّا عَلَيْكَ

مجھ سے دلبستگی کے ساتھ نہ خوف کی حالت میں اور نہ دہشت میں ناز کرتا ہوا تجھ

فِيمَا قَصَدْتُ فِيهِ إِلَيْكَ فَإِنْ أَبْطَأَ عَنِّي عَتَبْتُ

اور اس شے میں جس کے لئے میں نے تیرا قصد کیا ہے پس اگر دیر ہوتی ہے تو میں

بِجَهْلِي عَلَيْكَ وَلَعَلَّ الَّذِي أَبْطَأَ عَنِّي هُوَ

اپنی جہالت سے شکایت کرتا ہوں تیری حالانکہ ممکن ہے کہ جو دیر ہوئی ہے وہ

خَيْرٌ لِي لِعِلْمِكَ بِعَاقِبَةِ الْأُمُورِ فَلَمْ

بہتر ہو میرے لئے اس لئے کہ تو واقف ہے ہر چیز کے انجام سے پس نہیں

أَرَ مَوْلًى كَرِيمًا أَصْبَرَ عَلَى عَبْدٍ لَئِيمٍ ٢٩

دیکھا میں نے کوئی مولا جو زیادہ برداشت کرنے والا ہو لئیم کمزور غلام کی باتوں کو

مِنْكَ عَلَيَّ يَا رَبِّ إِنَّكَ تَدْعُونِي فَأُوَلِّي

جتنا تو برداشت کرتا ہے میری باتوں کو خداوندا تو مجھے پکارتا ہے تو میں تجھ سے منہ

عَنْكَ وَتَتَحَبَّبُ إِلَيَّ فَأَتَبَغَّضُ إِلَيْكَ وَتَتَوَدَّدُ

پھیر لیتا ہوں اور تو مجھ سے اظہار محبت کرتا ہے تو میں تیری ناراضگی کی باتیں کرتا ہوں

إِلَيَّ فَلَا أَقْبَلُ مِنْكَ كَأَنَّ لِي التَّطَوُّلَ

اور تو مجھ پر مہربانی کرتا ہے تو میں تجھ سے قبول نہیں کرتا گویا میرا تجھ پر کوئی

عَلَيْكَ فَلَمْ يَمْنَعْكَ ذٰلِكَ مِنَ الرَّحْمَةِ

احسان ہے مگر نہیں مانع ہوتیں یہ باتیں تجھ کو رحمت سے

www.kitabmart.in

نِيْ وَالْاِحْسَانِ اِلَيَّ وَالتَّفَضُّلِ عَلَيَّ بِجُوْدِكَ

میرے ساتھ اور احسان سے مجھ پہ اور لطف و مہربانی سے میری نسبت

وَكَرَمِكَ فَارْحَمْ عَبْدَكَ الْجَاهِلَ وَجُدْ

اپنی فیض بخشی اور عطا سے پس رحم کر اپنے جاہل بندہ پہ اور سخاوت کر اس پہ

عَلَيْهِ بِفَضْلِ اِحْسَانِكَ اِنَّكَ جَوَادٌ كَرِيْمٌ

اپنے احسان کے ساتھ کیونکہ تو ہی سخی اور فیض بخش ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَالِكِ الْمُلْكِ مُجْرِي الْفُلْكِ

تعریف اللہ کے لئے جو سلطنت کا مالک ہے کشتیوں کا جاری کرنیوالا ہے

مُسَخِّرِ الرِّيَاحِ فَالِقِ الْاِصْبَاحِ دَيَّانِ الدِّيْنِ ۳۰

اور ہواؤں کا قابو میں رکھنے والا ہے صبح کی پو پھاڑنے والا روز قیامت کا جزا

رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حِلْمِهٖ بَعْدَ

دینے والا اور جہانوں کا پروردگار تعریف اللہ کے لئے اس کے حلم پہ باوجود اس کے

عِلْمِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى عَفْوِهٖ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ

علم کے اور تعریف اللہ کے لئے اس کے معاف کرنے پہ باوجود اس کے قادر ہونے کے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى طُوْلِ اَنَاتِهٖ فِيْ غَضَبِهٖ

اور تعریف اللہ کے لئے اس کے عرصہ تک مہلت دینے پہ باوجود اس کے غضب کے

وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى مَا يُرِيْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ خَالِقِ

حالانکہ وہ قادر ہے اس پہ جسے وہ چاہے تعریف اللہ کے لئے جو پیدا کرنیوالا

www.kitabmart.in

الْخَلْقِ بَاسِطِ الرِّزْقِ فَالِقِ الْاِصْبَاحِ ذِی

مخلوقات کا پھیلانیوالا رزق کا صبح کی پو پھاڑنے والا ہے مالک ہے

الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ

جلالت اور بزرگی اور احسان اور نعمت کا وہ ہو

الَّذِی بَعُدَ فَلَا یُرٰی وَقَرُبَ فَشَهِدَ النَّجْوٰی

دور ہے اتنا کہ دکھائی نہیں دیتا اور نزدیک ہے اتنا کہ حاضر ہے سرگوشی

تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی لَیْسَ

میں بابرکت ہے اور بلند ہے تعریف اللہ کے لئے جس کا کوئی اور مقابل نہیں

لَهٗ مُنَازِعٌ یُعَادِلُهٗ وَلَا شَبِیْهٌ یُشَاکِلُهٗ ۳۱

جو اس سے مقابلہ کرے اور نہ کوئی شبیہ ہے جو اس کے مانند ہو

وَلَا ظَهِیْرٌ یُعَاضِدُهٗ وَقَهَرَ بِعِزَّتِهِ الْاَعِزَّاءَ

اور نہ کوئی مددگار ہے جو اسکی دستگیری کرے غالب ہے وہ اپنی عزت سے عزت اروں پر

وَتَوَاضَعَ لِعَظَمَتِهِ الْعُظَمَاءُ فَبَلَغَ بِقُدْرَتِهٖ

اور جھکی ہیں اس کی بزرگی کے لئے بزرگ ہستیاں پس پہونچا وہ اپنی قدرت سے

مَا یَشَاءُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی یُجِیْبُنِی حِیْنَ

جہاں تک چاہتا ہے تعریف ہے اللہ کے لئے جو جواب دیتا ہے مجھے جب میں اسے

اُنَادِیْهِ وَیَسْتُرُ عَلَیَّ کُلَّ عَوْرَةٍ وَاَنَا

پکارتا ہوں اور پردہ پوشی کرتا ہے مجھ پہ ہر عیب کی حالانکہ میں

www.kitabmart.in

اَعْصِيهِ وَيُعَظِّمُ النِّعْمَةَ عَلَيَّ فَلَا اُجَازِيهِ فَكَمْ مِنْ

اُس کی نافرمانی کرتا ہوں اور وہ بڑی نعمتیں دیتا ہی مجھ کو مگر میں اسکا کوئی بدلہ نہیں

مَوْهِبَةٍ هَنِيئَةٍ قَدْ اَعْطَانِي وَعَظِيمَةٍ مَخُوفَةٍ قَدْ

کرتا کتنی ہیں خوشگوار نعمتیں جو اس نے مجھے عطا کی ہیں اور خوفناک بڑی مصیبتیں جن

كَفَانِي وَبَهْجَةٍ مُونِقَةٍ قَدْ اَرَانِي وَبَلِيَّةٍ مُوبِقَةٍ

سے مجھے بچایا اور خوشنما مسرتیں جو مجھے دکھلائیں اور مہلک بلائیں جو

قَدْ دَرَاَ عَنِّي وَاُثْنِي عَلَيْهِ حَامِدًا وَاَذْكُرُهُ مُسَبِّحًا

مجھ سے دفع کیں پس میں تعریف کرتا ہوں اُسکی حمد کرتے ہوئے اور ذکر کرتا ہوں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَا يُهْتَكُ حِجَابُهُ وَلَا يُغْلَقُ بَابُهُ

اُس کی تسبیح کرتے ہوئے۔ تعریف ہی اللہ کے لئے جس کا پردہ چاک نہیں کیا جا سکتا اور جسکا دروازہ بند نہیں

وَلَا يُرَدُّ سَائِلُهُ وَلَا يُخَيَّبُ اٰمِلُهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہو سکتا۔ اور جسکا سائل واپس نہیں ہو سکتا اور جس کا امید کرنیوالا ناامید نہیں ہو سکتا۔ تعریف ہی اللہ کیلئے

الَّذِي يُؤْمِنُ الْخَائِفِينَ وَيُنَجِّي الصَّالِحِينَ وَيَرْفَعُ

جو امان دیتا ہے خوفزدہ لوگوں کو اور نجات دیتا ہے اچھے اعمال والوں کو اور بلند کرتا ہے

الْمُسْتَضْعَفِينَ وَيَضَعُ الْمُسْتَكْبِرِينَ وَيُهْلِكُ مُلُوكًا وَ

کمزوروں کو اور پست کرتا ہی متکبروں کو اور ہلاک کرتا ہی بادشاہوں کو

يَسْتَخْلِفُ اٰخَرِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَاصِمِ

اور قائم مقام بناتا ہی دوسروں کو اور حمد ہے خدا کے لئے جو توڑنے والا ہے

الشریر لا یظن باحد خیرا لانہ لا یراہ بطبع نفسہ

www.kitabmart.in

الجبارین مبیر الظالمین مدرک

سرکشوں کا ہلاک کرنیوالا ہے ظالموں کا پکڑ لینے والا ہے

الفارجین نکال الظالمین صریخ المستصرخین

بھاگنے والوں کا سزا دینے والا ہے ظالموں کا فریادرس ہے فریادیوں کا

موضع حاجات الطالبین معتمد المومنین

مرکز حاجات ہے طلب گاروں کا محل اعتماد ہے مومنین کا

الحمد للہ الذی من خشیتہ ترعد السماء

تعریف ہے اللہ کے لئے جس کی ہیبت سے کانپتے ہیں آسمان اور

وسکانھا وترجف الارض وعمارھا

اس کے رہنے والے اور تھراتی ہے زمین اور اس کے آباد کرنے والے

وتموج البحار ومن یسبح فی غمراتھا

اور موجزن ہیں سمندر اور وہ جو تیرتے ہیں اس کی گہرائیوں میں

الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا

تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے ہم کو ہدایت کی اس راستہ کی

لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ الحمد للہ

اور ہم اس قابل نہ تھے کہ ہدایت پاتے اگر اللہ ہماری ہدایت نہ کرتا تعریف ہے اللہ کیلئے

الذی یخلق ولم یخلق ویرزق ولا یرزق

جو خالق ہے اور مخلوق نہیں ہے رزق دینے والا ہے اور خود رزق کا محتاج نہیں ہے

شریر و بدنفس کسی کے ساتھ حسن ظن نہیں رکھتا کیونکہ وہ اچھائی خود اپنی طبیعت میں نہیں پاتا

www.kitabmart.in

وَيُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ وَيُمِيتُ الْأَحْيَاءَ

اور غذا پہونچاتا ہے اور خود غذا کا محتاج نہیں ہے اور مردہ کرتا ہے زندوں کو

وَيُحْيِي الْمَوْتَى وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ

اور زندہ کرتا ہے مردوں کو اور وہ زندہ ہے کہ کبھی اُس کے لئے موت نہیں اُسکے قبضہ

الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ

میں بہتری ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے خداوندا

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَ

درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ اپنے بندۂ خاص اور پیغمبر اور

اَمِينِكَ وَصَفِيِّكَ وَحَبِيبِكَ وَخِيَرَتِكَ

امانتدار اور منتخب اور محبوب اور تمام خلق سے اپنے پسندیدہ

مِنْ خَلْقِكَ وَحَافِظِ سِرِّكَ وَمُبَلِّغِ رِسَالَاتِكَ

اور اپنے راز کے محافظ اور اپنے پیغاموں کے پہونچانیوالے پر

اَفْضَلَ وَاَحْسَنَ وَاَجْمَلَ وَاَكْمَلَ وَاَزْكَى

افضل اور بہتر اور خوبصورت اور کامل تر اور پاکیزہ

وَاَنْمَى وَاَطْيَبَ وَاَطْهَرَ وَاَسْنَى وَاَكْثَرَ

اور ترقی پذیر اور پاک صاف اور روشن اور سب سے زیادہ

مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَتَحَنَّنْتَ

درود و برکت اور رحمت اور شفقت

پناہ مانگو خدا سے اُس مستی کی دولت سے جو بڑی دیر کے بعد اُترتی ہے۔

www.kitabmart.in

وَسَلَّمْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ عِبَادِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ

اور سلام جو تو نے نازل کیا ہو کسی پر اپنے بندوں میں اور انبیا

وَرُسُلِكَ وَصَفْوَتِكَ وَاَهْلِ الْكَرَامَةِ

اور مرسلین اور منتخب اور معزز اشخاص میں سے

عَلَيْكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِيٍّ

جو تجھ کو تیری مخلوقات میں سے عزیز ہوں خداوندا درود بھیج حضرت علی

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَصِيِّ رَسُوْلِ رَبِّ

امیر المومنین اور رسول خدا کے وصی و جانشین پر جو تیرے

الْعَالَمِيْنَ عَبْدِكَ وَوَلِيِّكَ وَاَخِيْ رَسُوْلِكَ ۳۵

بندۂ خاص اور تیرے ولی اور تیرے رسول کے بھائی

وَحُجَّتِكَ عَلٰی خَلْقِكَ وَاٰيَتِكَ الْكُبْرٰی

اور تیری حجت تھے تیرے خلق پر اور تیری سب سے بڑی نشانی

وَالنَّبَاِ الْعَظِيْمِ وَصَلِّ عَلَی الصِّدِّيْقَةِ

اور بڑی خبر تھے اور درود نازل کر حضرت صدیقہ

الطَّاهِرَةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ

طاہرہ فاطمۂ زہرا پر جو سردار زنان عالم تھیں

الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی سِبْطَيِ الرَّحْمَةِ وَ

اور درود بھیج رحمۃ للعالمین کے دونوں نواسوں اور

www.kitabmart.in

وَإِمَامَيِ الْهُدَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سَيِّدَيْ

اور ہدایت کرنیوالے دونوں امام حسن اور حسین پر جو جوانان اہل جنت کے

شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَصَلِّ عَلَى أَئِمَّةِ

سردار تھے اور درود بھیج مسلمانوں کے

الْمُسْلِمِينَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ

پیشوایاں علی بن الحسین اور محمد بن علی

عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوسَى

اور جعفر بن محمد اور موسی بن

ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ بْنِ مُوسَى وَمُحَمَّدِ بْنِ

جعفر اور علی بن موسی اور محمد بن

عَلِيٍّ وَعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

علی اور علی بن محمد اور حسن بن علی

وَالْخَلَفِ الْهَادِي الْمَهْدِيِّ حُجَجِكَ عَلَى

اور یادگار سلف رہنمائے خلق مہدی دین پر یہ تمام بزرگوار جو تیری حجت تھے

عِبَادِكَ وَأُمَنَائِكَ فِي بِلَادِكَ صَلَوٰةً

بندوں پر اور تیرے امانت دار تھے تیرے ممالک میں بہت زیادہ اور

كَثِيرَةً دَائِمَةً اللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلَى وَلِيِّ

ہمیشہ رہنے والا درود خداوندا پھر خصوصیت سے درود بھیج اپنے ولی امر

www.kitabmart.in

اَمْرِكَ الْقَآئِمِ الْمُؤَمَّلِ وَالْعَدْلِ الْمُنْتَظَرِ

پر جو دنیا میں قائم ہے اور جن سے امیدیں وابستہ ہیں اور جن کی عدالت کے دور کا

وَحُفَّهُ بِمَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَيِّدْهُ

انتظار ہی اور گھیرے میں لے کہ اسکو اپنے مقرب ملائکہ کے - اور تائید کر اُن کی

بِرُوْحِ الْقُدُسِ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

روح القدس کے ساتھ اے پروردگار تمام جہانوں کے خداوندا

اجْعَلْهُ الدَّاعِيَ اِلٰى كِتَابِكَ وَالْقَآئِمَ

قرار دے اُن کو دعوت دینے والا اپنی کتاب کی طرف اور کھڑا ہونیوالا اپنے

بِدِيْنِكَ اسْتَخْلِفْهُ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفْتَ ٣٧

دین کے ساتھ اور خلیفہ قرار دے اُن کو زمین میں جس طرح قرار دیا ان لوگوں کو جو

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهٖ مَكِّنْ لَهٗ دِيْنَهُ الَّذِي

ان کے پہلے تھے غلبہ عطا کر ان کے لئے ان کے دین میں جسے ان کے لئے تو نے

ارْتَضَيْتَهٗ لَهٗ اَبْدِلْهُ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهٖ

پسند کیا اور بدلے میں دے انکو خوف اور دہشت کے بعد امن اور

اَمْنًا يَعْبُدُكَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْئًا اَللّٰهُمَّ

اطمینان کہ وہ بلا شرکت غیر تیری عبادت کریں خداوندا

اَعِزَّهٗ وَاَعْزِزْ بِهٖ وَانْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهٖ

عزت دے اُن کو اور اُن کے سبب سے عزت عطا کر اور مدد کر اُن کی اور مدد سے اُن کی

www.kitabmart.in

وَانْصُرْهُ نَصْرًا عَزِيْزًا وَافْتَحْ لَهُ فَتْحًا يَسِيْرًا

اور مدد کر اُن کی عزت دار امداد اور فتح عطا کر اُن کو آسانی کے ساتھ

وَاجْعَلْ لَهُ مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيْرًا

اور قرار دے اُن کے لئے اپنی جانب سے مدد یافتہ سلطنت

اَللّٰهُمَّ اَظْهِرْ بِهِ دِيْنَكَ وَسُنَّةَ نَبِيِّكَ

خداوندا غالب کر اُن کے ذریعہ سے اپنے دین کو اور اپنے نبی کی سنت کو

حَتّٰى لَا يَسْتَخْفِيَ بِشَيْءٍ مِنَ الْحَقِّ مَخَافَةَ اَحَدٍ

یہاں تک کہ نہ مخفی کرنے کی ضرورت ہو اُنھیں کسی شے کو حق سے کسی کے خلاف

مِنَ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْ

خلق میں سے خداوندا ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے ایسی بزرگ

دَوْلَةٍ كَرِيْمَةٍ تُعِزُّ بِهَا الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهُ

دولت کا جس سے عزت عطا کرے تو اسلام اور اہل اسلام کو

وَتُذِلُّ بِهَا النِّفَاقَ وَاَهْلَهُ وَتَجْعَلُنَا

اور ذلت دے اس کے ساتھ نفاق اور اہل نفاق کو اور قرار دے ہم کو

فِيْهَا مِنَ الدُّعَاةِ اِلٰى طَاعَتِكَ وَالْقَادَةِ

اسی میں دعوت دینے والوں میں سے تیری طاعت کی طرف اور راستہ دکھانیوالوں

اِلٰى سَبِيْلِكَ وَتَرْزُقُنَا بِهَا كَرَامَةَ الدُّنْيَا

میں سے تیری راہ کا اور عطا کر تو ہم کو اس کے ذریعہ سے عزت دنیا اور آخرت کی

اُذْكُرْ مَعَ كُلِّ لَذَّةٍ زَوَالَهَا وَمَعَ كُلِّ نِعْمَةٍ اِنْتِقَالَهَا

www.kitabmart.in

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ مَا عَرَّفْتَنَا مِنَ الْحَقِّ فَحَمَلْنَاهُ

خداوندا جو تو نے ہمیں پہچنوا دیا ہے حق سے ہم کو اسکے برداشت کی

وَمَا قَصُرْنَا عَنْهُ فَبَلِّغْنَاهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ

طاقت عطا کر نا اور جس سے ہم کوتاہ ہوں اس تک ہم کو پہونچا دے خداوندا ان کے ذریعہ سے

شَعَثَنَا وَاشْعَبْ بِهٖ صَدْعَنَا وَارْتُقْ بِهٖ

ہماری پریشیرازہ بندی کر اور ہماری کمزوریوں کو ان کے سبب سے دور کر اور ہماری خونوں کو اسکے

فَقْرَنَا وَكَثِّرْ بِهٖ قِلَّتَنَا وَاَغْنِ بِهٖ ذِلَّتَنَا

سبب سے بند کر اور ہماری قلت کو ان کے سبب سے کثرت کے ساتھ بدل دے اور ذلت کو عزت

وَاَغْنِ بِهٖ عَائِلَنَا وَاقْضِ بِهٖ عَنْ مُغْرَمِنَا

کے ساتھ بدل کر دے اور دولتمند کر انکے واسطے سے ہماری عیال دار لوگوں کو اور قرضدار کر قرضداروں کا

وَاجْبُرْ بِهٖ فَقْرَنَا وَسُدَّ بِهٖ خَلَّتَنَا وَيَسِّرْ بِهٖ

دور کر ہمارے فقر و احتیاج کو اور پوری کر ان کی بدولت ہماری حاجتیں اور آسان

عُسْرَنَا وَبَيِّضْ بِهٖ وُجُوْهَنَا وَفُكَّ بِهٖ اَسْرَنَا

کر ہماری مشکلوں کو اور روشن کر ہمارے چہروں کو اور دور کر ان کے ذریعہ سے ہماری غلامی کو

وَاَنْجِحْ بِهٖ طَلِبَتَنَا وَاَنْجِزْ بِهٖ مَوَاعِيْدَنَا وَ

اور کامیاب کر ہماری مقاصد کو اور پورا کر ان کے ساتھ ہمارے وعدوں کو اور

اسْتَجِبْ بِهٖ دَعْوَتَنَا وَاَعْطِنَا بِهٖ سُؤْلَنَا

قبول کر انکی وجہ سے ہماری دعا کو اور عطا کر ان کے تصدق میں ہمارا سوال

www.kitabmart.in

وَبَلِّغْنَا بِهٖ مِنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اٰمَالَنَا وَ

اور پہونچا ہم کو دنیا اور آخرت میں ہماری آرزوؤں تک اور

اَعْطِنَا بِهٖ فَوْقَ رَغْبَتِنَا یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ

عطا کر ہم کو ہمارے سوال سے زیادہ اے بہترین ہستی جس سے سوال کیا جائے

وَاَوْسَعَ الْمُعْطِیْنَ اشْفِ بِهٖ صُدُوْرَنَا وَ

اور وسیع ترین عطا کرنیوالے شفا دے ان کے سبب سے ہماری ہستیوں کو اور

اَذْهِبْ بِهٖ غَیْظَ قُلُوْبِنَا وَاهْدِنَا بِهٖ لِمَا

دور کر ان کے سبب سے غم و غصہ کو ہمارے دلوں سے اور ہدایت کر ان کے سبب سے

اُخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَهْدِیْ

اس سچے میں جس میں اختلاف کیا جا رہا ہے حق سے اپنے حکم سے تو ہدایت کرتا ہے

مَنْ تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَانْصُرْنَا بِهٖ

جس کو چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف اور مدد کر ہماری ان کے ذریعہ سے

عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّنَا اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِیْنَ

اپنے دشمن اور ہمارے دشمن کے خلاف اے خدائے حقیقی قبول کر ہماری دعا کو

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَشْكُوْ اِلَیْكَ فَقْدَ نَبِیِّنَا صَلَوٰتُكَ

اے خداوندا ہم تیری شکایت کرتے ہیں تیری طرف اپنے نبی کے نہ ہونے کی جو

عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَغَیْبَةَ وَلِیِّنَا وَكَثْرَةَ عَدُوِّنَا

اور اپنے امام کے غائب ہونے کی اور اپنے دشمن کے زیادہ ہونے کی

www.kitabmart.in

وَقِلَّةَ عَدَدِنَا وَشِدَّةَ الْفِتَنِ بِنَا وَتَظَاهُرَ

اور اپنی تعداد کے کم ہونے کی اور اپنے درمیان فتنوں کی سخت ہونے کی اور اپنے خلاف

الزَّمَانِ عَلَيْنَا فَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَ

زمانہ بھر کے متفق ہونے کی پس درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ اور ان کی اولاد پر اور

أَعِنَّا عَلَى ذٰلِكَ بِفَتْحٍ تُعَجِّلُهُ وَبِضُرٍّ تَكْشِفُهُ

مدد کر ہماری ان مشکلات کے خلاف فتح و نصرت کے ساتھ جسے تو جلد عطا فرما

وَنَصْرٍ تُعِزُّهُ وَسُلْطَانِ حَقٍّ تُظْهِرُهُ وَرَحْمَةٍ

اور حسنت کے دور کرنے کے ساتھ اور فتح و نصرت کی عزت کے ساتھ اور حق کی سلطنت کے ساتھ جسے تو

مِنْكَ تُجَلِّلُنَاهَا وَعَافِيَةٍ مِنْكَ تُلْبِسُنَاهَا ۴۱

ظاہر کرے اور تیری رحمت کے ساتھ جسے تو ہم پر نازل فرمائے اور نجات اور سلامتی کے ساتھ

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

جس کا لباس تو ہمیں پہنائے اپنی رحمت سے اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحیم

اعمال سحر

فرمایا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ترک نہ کرے امت میری سحر کھانا اگرچہ ایک ہی دانہ خرمائے ناقص کا ہو کہ حق تعالیٰ اور ملائکہ صلوات بھیجتے ہیں ان لوگوں پر جو استغفار کرتے ہیں سحر کو اور سحر کھاتے ہیں پس سحر کھاؤ

www.kitabmart.in

اگرچہ صرف پانی پی لو اور منقول ہے کہ جو سورۂ انا انزلناہ وقت سحر اور وقت افطار پڑھے مابین ان دونوں حالتوں کے ثواب اُس شخص کا حاصل ہوگا جو راہ خدا میں شہید ہوا ہو اور اپنے خون میں لوٹا ہو۔ اور عمدہ ترین دعائے سحر یہ ہے کہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام پڑھتے تھے اور فرمایا اگر لوگ جانیں عظمت اس دعا کی کہ نزدیک خدا کے کیا ہے اور کس قدر جلد قبول ہوتی ہے دعا اُن کی ہر آئینہ شمشیر کھینچکر باہم جدال و قتال کریں واسطے طلب اس دعا کے اور اس دعا میں اسم اعظم خدا ہے پس اس دعا کو پڑھے تو باہتمام تضرع و زاری پڑھے اور جو غیر اہل ہو اُس سے مخفی رکھے وہ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ بَهَائِكَ بِاَبْهَاهُ وَ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے خوشنما اوصاف میں سب سے زیادہ

كُلُّ بَهَائِكَ بَهِيٌّ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خوشنما ہے بسبب سے اور تیرے اوصاف کی خوشنمائی سب ہی یکساں ہے خداوندا میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں

بِبَهَائِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ

تیرے تمام اوصاف کی خوشنمائی سے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے

www.kitabmart.in

جَمَالِكَ بِاَجْمَلِهٖ وَكُلُّ جَمَالِكَ جَمِيْلٌ اَللّٰهُمَّ

جمال ذات کے سب سے جمیل پہلو سے اور تیرے جمال کا ہر پہلو انتہائی جمیل ہے خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَمَالِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے جمال کے ہر پہلو سے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ مِنْ جَلَالِكَ بِاَجَلِّهٖ وَكُلُّ جَلَالِكَ

تیری جلالت و بزرگی کی سب سے بزرگ حیثیت کے واسطے سے اور تیری

جَلِيْلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِكَ

بزرگی کی ہر حیثیت انتہائی بزرگ ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری بزرگی

كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ عَظَمَتِكَ

کے ہر پہلو سے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے عظیم ترین پہلو کے

بِاَعْظَمِهَا وَكُلُّ عَظَمَتِكَ عَظِيْمَةٌ اَللّٰهُمَّ

ساتھ اور تیری عظمت کا ہر پہلو عظیم ہے خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعَظَمَتِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے ہر پہلو سے خداوندا میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ مِنْ نُوْرِكَ بِاَنْوَرِهٖ وَكُلُّ نُوْرِكَ

سوال کرتا ہوں تیرے نور کی سب سے نورانی شعاع کے واسطے سے اور تیرے نور کی ہر شعاع

نَيِّرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِكَ كُلِّهٖ

انتہائی نورانی ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نور کی ہر شعاع سے

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ رَحْمَتِكَ بِاَوْسَعِھَا

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمتوں سے سب سے زیادہ وسیع رحمت کیساتھ

وَكُلُّ رَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اور تیری ہر رحمت انتہائی وسیع ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ كُلِّھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

تیری ہر رحمت کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ كَلِمَاتِكَ بِاَتَمِّھَا وَكُلُّ كَلِمَاتِكَ تَامَّةٌ

تیرے کلموں میں سے اس کے ساتھ جو سب سے زیادہ پورا ہے اور تیری کلمات سب پورے ہیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ كُلِّھَا اَللّٰھُمَّ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے تمام کلمات کیساتھ خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ كَمَالِكَ بِاَكْمَلِهٖ وَكُلُّ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے کمال کے کامل ترین پہلو کے ساتھ اور تیری کمال کا

كَمَالِكَ كَامِلٌ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ

ہر پہلو انتہائی کامل ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے کمال کے ہر پہلو کے

كُلِّهٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَآئِكَ

ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ناموں میں سے سب سے

بِاَكْبَرِھَا وَكُلُّ اَسْمَآئِكَ كَبِیْرَةٌ اَللّٰھُمَّ

بڑے نام کے ساتھ اور تیرے سب ہی نام بہت بڑے ہیں خداوندا

جو پایوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو اُن کے جسموں کو تکلیف نہ پہونچاؤ اور اُن کی طاقت سے

www.kitabmart.in

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے سب ناموں کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ عِزَّتِكَ بِاَعَزِّهَا وَكُلُّ عِزَّتِكَ عَزِیْزَةٌ

تیری عزت کے سب سے زیادہ معزز پہلو کے ساتھ اور تیری عزت کا ہر پہلو بہت معزز ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عزت کے ہر پہلو کے ساتھ خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ مَشِیَّتِكَ بِاَمْضَاهَا وَكُلُّ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری مشیت کی سب سے زیادہ موثر تاثیر کے ساتھ اور تیری

مَشِیَّتِكَ مَاضِیَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَشِیَّتِكَ

ہر مشیت انتہائی موثر ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری ہر مشیت

كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ قُدْرَتِكَ

کے ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری اس قدرت کے ساتھ

بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ اسْتَطَلْتَ بِهَا عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

جس سے تو غالب ہے ہر شے پر اور

وَكُلُّ قُدْرَتِكَ مُسْتَطِیْلَةٌ اَللّٰهُمَّ اِلٰهِیْ

تیری ہر قدرت غالب ہے خداوندا میں

اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری ہر قدرت کے ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

www.kitabmart.in

مِنْ عِلْمِكَ بِأَنْفَذِهٖ وَكُلُّ عِلْمِكَ نَافِذٌ اَللّٰهُمَّ

تیرے سب سے زیادہ گہرے علم کے ساتھ اور تیرا ہر علم بڑا گہرا ہے خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر علم کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ قَوْلِكَ بِأَرْضَاهُ وَكُلُّ قَوْلِكَ رَضِیٌّ

تیرے سب سے زیادہ پسندیدہ قول کے ساتھ اور تیرا ہر قول بہت پسندیدہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر قول کے ساتھ خداوندا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ مَسَائِلِكَ بِأَحَبِّهَا اِلَیْكَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان سوالوں کیساتھ جو تجھ کو بہت پسند ہیں

وَكُلُّ مَسَائِلِكَ اِلَیْكَ حَبِیْبَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اور تیری طرف جو سوال ہو وہ محبوب ہی ہے خداوندا میں

اَسْئَلُكَ بِمَسَائِلِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر سوال کے ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ شَرَفِكَ بِأَشْرَفِهٖ وَكُلُّ شَرَفِكَ شَرِیْفٌ

تیرے شرف کے سب سے بہتر پہلو کے ساتھ اور تیرا ہر شرف کا پہلو بہت بہتر ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے شرف کے ہر پہلو کے ساتھ خداوندا

www.kitabmart.in

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطَانِكَ بِاَدْوَمِهٖ وَكُلُّ سُلْطَانِكَ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری سب سے دائم سلطنت کے ساتھ اور تیری ہر سلطنت دائمی ہے

دَائِمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِسُلْطَانِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری ہر سلطنت کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال

مِنْ مُلْكِكَ بِاَفْخَرِهٖ وَكُلُّ مُلْكِكَ فَاخِرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

کرتا ہوں تیری بایہ ناز ملک کے ساتھ اور تیرا ہر ملک مایہ ناز ہے خداوندا میں تجھ سے سوال

بِمُلْكِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ عُلُوِّكَ بِاَعْلَاهُ وَكُلُّ

کرتا ہوں تیری ہر ملک کے ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری بلندی کے سب سے بلند نقطہ کے

عُلُوِّكَ عَالٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

ساتھ اور تیری بلندی کا ہر نقطہ انتہائی بلند ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری بلندی کے ہر نقطہ

مِنْ مَنِّكَ بِاَقْدَمِهٖ وَكُلُّ مَنِّكَ قَدِيْمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَنِّكَ

کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے احسانوں میں سب سے قدیم احسان کے ساتھ اور تیرا ہر احسان قدیم ہے خداوندا میں

كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ اٰيَاتِكَ بِاَكْرَمِهَا وَكُلُّ اٰيَاتِكَ

تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے تمام احسانات کیساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری نشانیوں میں سب سے بڑی نشانی کے ساتھ اور تیری تمام

كَرِيْمَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاٰيَاتِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

نشانیاں بزرگ ہیں خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری تمام نشانیوں کے ساتھ خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِمَا اَنْتَ فِيْهِ مِنَ الشَّاْنِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَسْئَلُكَ

واسطہ دیکر اس شان اور جبروت کے جو تجھ کو حاصل ہے اور سوال کرتا ہوں

www.kitabmart.in

بِكُلِّ شَاْنٍ وَحْدَهٗ وَجَبَرُوْتٍ وَحْدَهَا اَللّٰهُمَّ

ہر شان کے ساتھ تنہا اور ہر جبروت کے ساتھ تنہا۔ خداوندا!

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَا تُجِیْبُنِیْ حِیْنَ اَسْئَلُكَ فَاَجِبْنِیْ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے وسیلے سے کہ جب میں سوال کرتا ہوں تو تو

یَا اَللّٰهُ

جواب دیتا ہے پس جواب دے مجھ کو اے اللہ

پس حاجت اپنی طلب کرے اور یہ دعا مختصر ترین دعائے سحر ہے پڑھے۔

یَا مَفْزَعِیْ عِنْدَ كُرْبَتِیْ وَیَا غَوْثِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ

اے میری جائے پناہ میری تکلیف کے وقت اور اے میرے فریادرس میری سختی کے وقت

اِلَیْكَ فَزِعْتُ وَبِكَ اسْتَغَثْتُ وَبِكَ

تیری طرف پناہ لیتا ہوں اور تجھ سے فریاد کرتا ہوں اور تجھ سے لو لگاتا ہوں

لُذْتُ لَا اَلُوْذُ بِسِوَاكَ وَلَا اَطْلُبُ فَرَجَ

نہیں لو لگاتا تیرے سوا کسی سے اور نہیں طلب کرتا کشائش

اِلَّا مِنْكَ فَاَغِثْنِیْ وَفَرِّجْ عَنِّیْ یَا مَنْ یَقْبَلُ

مگر تجھ سے پس تو میری فریاد کو پہونچ اور میری تکلیفوں کو دور کر اے وہ جو

الْیَسِیْرَ وَیَعْفُوْ عَنِ الْكَثِیْرِ اِقْبَلْ مِنِّی الْیَسِیْرَ

تھوڑی نیکی کو بھی قبول کرتا ہے اور میرے گناہ معاف کرتا ہے قبول کر مجھ سے

لَا تُبْذِلْ لِصَدِيْقِكَ كُلَّ الْمَوَدَّةِ وَلَا تَبْذِلْ لَهٗ طُمَأْنِيْنَةَ

www.kitabmart.in

وَاعْفُ عَنِّيْ الْكَثِيْرَ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ

اور معاف کر میرے بڑے گناہ تو ہی بس بخشنے والا اور مہربان

الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا تُبَاشِرُ

ہے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسا ایمان جسے تو متصل کرے

بِهٖ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ

میرے دل کے ساتھ اور سچا یقین یہانتک کہ میں سمجھ لوں کہ نہیں پہونچ سکتا مجھ کو

لَنْ يُّصِيْبَنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرَضِّنِيْ مِنَ

مگر وہ جو تو نے مقرر کر دیا ہے میرے لئے اور راضی کر دے مجھ کو زندگی میں

الْعَيْشِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اس حصہ پر جو تو نے میرے لئے قرار دیا ہے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم

يَا عُدَّتِيْ فِيْ كُرْبَتِيْ وَيَا صَاحِبِيْ فِيْ شِدَّتِيْ

اے میرے سروساماں میری تکلیف کے وقت اور اے میرے مونس دمدم میری سختی میں

وَيَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ وَيَا غَايَتِيْ فِيْ رَغْبَتِيْ اَنْتَ

اور اے میرے ولی نعمت اور اے میری توجہ کے مرکز تو ہی

السَّاتِرُ عَوْرَتِيْ وَالْاٰمِنُ رَوْعَتِيْ وَالْمُقِيْلُ

چھپانیوالا ہے میرے عیب کو اور اطمینان دینے والا ہے میرے خوف میں اور

عَثْرَتِيْ فَاغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

معاف کرنیوالا ہے میری خطا کا پس بخش دے تو میری غلطی کو اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم

دوست سے مروت میں کمی نہ کرو مگر راز کہنے میں جلدی نہ کرو

www.kitabmart.in

دعائے ہر روز

روز اول

اَللّٰھُمَّ اجعَل صِیَامِی فِیہِ

خداوندا قرار دے میرے روزہ کو اس مہینہ میں واقعی

صِیَامَ الصَّائِمِینَ وَقِیَامِی فِیہِ قِیَامَ

روزہ داروں کا سا روزہ اور میرے نماز پڑھنے کو اس میں واقعی نماز گذاروں کی

القَائِمِینَ وَنَبِّھنِی فِیہِ عَن نَومَۃِ الغَافِلِینَ

سی نماز اور ہوشیار رکھ مجھ کو اس میں غافلوں کی نیند سے

وَھَب لِی جُرمِی فِیہِ یَا اِلٰہَ العَالَمِینَ

اور بخش دے میرے لئے میرا گناہ اس میں اے تمام جہانوں کے خدا اور

وَاعفُ عَنِّی یَا عَافِیًا عَنِ المُجرِمِینَ

معاف کر مجھ کو اے معاف کرنیوالے گنہگاروں کے

دوسرے روز

اَللّٰھُمَّ قَرِّبنِی فِیہِ اِلٰی

خداوندا قریب کر مجھ کو اس مہینہ میں اپنی

مَرضَاتِکَ وَجَنِّبنِی فِیہِ مِن سَخَطِکَ

رضامندی سے اور بچا مجھ کو اس میں اپنی ناراضگی اور

وَنَقِمَاتِکَ وَوَفِّقنِی فِیہِ لِقِرَاءَۃِ آیَاتِکَ

غضب سے اور توفیق دے مجھ کو آیات قرآن کے پڑھنے کی

www.kitabmart.in

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی رحمت کے ساتھ اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم

تیسرے روز

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ فِيْهِ الذِّهْنَ

خداوندا عطا کر مجھ کو اس مہینہ میں ذہانت

وَالتَّنْبِيْهَ وَبَاعِدْنِيْ فِيْهِ مِنَ السَّفَاهَةِ

۱۹۔ یہ شب ضربت ہے اس میں ۴۰ھ میں امیر المومنین حضرت علی بن ابیطالبؑ کے فرق مبارک پر عین نماز صبح کے سجدہ سے سر اٹھانے میں عبدالرحمن بن ملجم مرادی ملعون نے تلوار لگائی۔ اس تاریخ شب قدر ہونے کا احتمال ہے اس لئے اعمال شب قدر اس میں بجا لانا چاہئے۔ ۱۵۴

۲۰۔ اس تاریخ ۸ھ میں مکہ معظمہ فتح ہوا اور امیر المومنینؑ نے دوش رسولؐ پر قدم رکھکر بتوں کو توڑا۔

۲۱۔ اس تاریخ امیر المومنینؑ کی وفات ہوئی۔ اس شب بھی شب قدر ہونے کا شبہہ ہے۔

۲۳۔ اس شب اعمال شب قدر بجا لانے کی زیادہ تاکید ہے کیونکہ اس میں شب قدر ہونے کا احتمال زیادہ قوی ہے۔

مستی غفلت و غرور شراب کی مستی سے بھی زیادہ دیر میں جاتی ہے۔

www.kitabmart.in

ایام	شوال ۱۴۳۶ھ	نومبر ۲۰۱۵ء	دسمبر ۲۰۱۵ء	اہم وقائع تاریخی
دوشنبہ	۱	۱۲	۸	
سہ شنبہ	۲	۱۳	۹	
چہار شنبہ	۳	۱۴	۱۰	
پنجشنبہ	۴	۱۵	۱۱	
جمعہ	۵	۱۶	۱۲	
شنبہ	۶	۱۷	۱۳	
یکشنبہ	۷	۱۸	۱۴	جنگ احد و شہادت حضرت حمزہؓ
دوشنبہ	۸	۱۹	۱۵	یوم غم۔ انہدام جنت البقیع
سہ شنبہ	۹	۲۰	۱۶	
چہار شنبہ	۱۰	۲۱	۱۷	
پنجشنبہ	۱۱	۲۲	۱۸	ارتحال شیخ بہائی رح
جمعہ	۱۲	۲۳	۱۹	
شنبہ	۱۳	۲۴	۲۰	
یکشنبہ	۱۴	۲۵	۲۱	ارتحال قطب اوندی رح
دوشنبہ	۱۵	۲۶	۲۲	وفات امام جعفر صادق علیہ السلام

www.kitabmart.in

ایام	شمسی مہینہ	قمری مہینہ	عیسوی مہینہ	اہم وقائع تاریخی
سہ شنبہ	۱۶	۲۷	۲۳	
چہار شنبہ	۱۷	۲۸	۲۴	
پنجشنبہ	۱۸	۲۹	۲۵	
جمعہ	۱۹	۳۰	۲۶	
شنبہ	۲۰	دسمبر	۲۷	
یکشنبہ	۲۱	۲	۲۸	
دوشنبہ	۲۲	۳	۲۹	
سہ شنبہ	۲۳	۴	۳۰	ارتحال سید نعمت اللہ جزائری
چہار شنبہ	۲۴	۵	بہمن	
پنجشنبہ	۲۵	۶	۲	
جمعہ	۲۶	۷	۳	
شنبہ	۲۷	۸	۴	
یکشنبہ	۲۸	۹	۵	
دوشنبہ	۲۹	۱۰	۶	
سہ شنبہ	۳۰	۱۱	۷	

www.kitabmart.in

اعمال عید الفطر

حدیث میں وارد ہے کہ جو عید کی شب بیداری کرے نہ مریگا اُس کا دل اُس دن کہ جس روز خوف خدا سے سب کے دل مردہ ہونگے۔ فرمایا کہ یہ شب شب قدر سے کمتر نہیں ہے۔ پس اس شب بھی غسل سنت ہے۔ جب آفتاب غروب ہو غسل کرے اور جب نماز مغرب و نافلہ پڑھ چکے تو ہاتھ آسمان کی جانب بلند کرے اور کہے:۔

یَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ یَا

اے احسان اور عطا والے اے سخاوت اور بخشش والے اے

مُصْطَفٰی مُحَمَّدٍ وَّنَاصِرَهٗ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

برگزیدہ کرنیوالے محمد مصطفٰے کے اور ان کے مددگار درود بھیج محمد و آل محمد

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِیْ کُلَّ ذَنْبٍ اَحْصَیْتَهٗ وَ

پر اور بخش دے میرے ہر گناہ کو جسے تو نے محفوظ کر لیا ہو اور

شَاوِرْ ذَوِی الْعُقُوْلِ تَا مِنَ اللَّوْمِ وَالنَّدَامَةِ

www.kitabmart.in

هُوَ عِنْدَكَ فِیْ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ۔

وہ تیرے پاس ہے واضح اور روشن کتاب میں

پھر سجدہ میں جاوے اور سَو مرتبہ کہے:۔

اَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ

توبہ کرتا ہوں میں خدا کی بارگاہ میں

پس جو حاجت ہو خدا سے طلب کرے۔ اور منقول ہے کہ اس شب دو رکعت نماز پڑھے رکعت اول میں بعد سورۂ حمد ہزار مرتبہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں ایک مرتبہ۔ اور بعد سلام کے سجدہ میں جاوے اور سَو مرتبہ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ کہے اور یہ دعا پڑھے:۔ ۱۵۸

یَا ذَا الْمَنِّ وَالْجُوْدِ یَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ یَا مُصْطَفٰی

اے احسان اور سخاوت والے اے احسان اور بخشش والے اے برگزیدہ

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

کرنیوالے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کو درود بھیج محمد و آل محمد پر

پس خدا سے اپنی حاجت طلب کرے کہ وہ اس کو عطا کریگا۔ اور سنت موکدہ ہے کہ بعد نماز شام اور بعد سو کر بیدار ہونے کے اور صبح شب عید اور بعد نماز عید یہ تکبیرات پڑھے

صاحب عقل سے مشورہ کرو تاکہ ملامت اور ندامت سے بچ سکو

www.kitabmart.in

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ

اللہ سب سے بڑا ہی اللہ سب سے بڑا ہی اللہ سب سے بڑا ہے کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہی اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے تعریف ہی اللہ سب سے بڑا ہی کہ

عَلٰی مَا ھَدَانَا

اُس نے ہماری ہدایت کی

فطرہ کا بیان

روز عید فطرہ واجب موکّد ہے۔ اگر شرائط کے ہوتے ہوئے

نہ دے تو گناہ کبیرہ ہی اور حدیث میں ہے کہ جس طرح درود سے تمامی نماز ہے یعنی اگر تشہد میں درود کو عمداً ترک کرے تو نماز مقبول نہیں ہے اسی طرح جو روزہ رکھے اور زکوۃ فطرہ نہ دے تو روزہ اُس کا قبول نہیں ہے اور فرمایا زکوۃ فطرہ زکوۃ بدن ہے پاکیزہ کرتی ہے نفس کو روحانی کثافتوں سے۔

فطرہ واجب ہونے کا معیار یہ ہے کہ جو شخص سال بھر کے کھانے کا اپنے اور اپنے متعلقین کے انتظام رکھتا ہو اُس پر زکوۃ فطرہ واجب ہی بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فعلاً سال بھر کے مصارف موجود ہونے کی ضرورت ہے۔ ایسا نہیں ہے بلکہ اگر مستقل ملازمت ایسی ہے

www.kitabmart.in

کہ سال بھر کے کھانے کا اطمینان ہو یا تجارت ایسی ہے کہ بظاہر
اسباب ہیں کہ سال بھر پریشانی نہ ہوگی یا کوئی پیشہ ایسا ہے جو
اس امر کی بظاہر ضمانت رکھتا ہے تو زکوٰۃ فطرہ ایسے شخص پر واجب
ہوگی اور بعض علما نے کہا ہے کہ اگر شب عید کو قوت سے زیادہ بقدر فطرہ
ہو تو واجب ہے مگر اظہر یہ ہے کہ اس صورت میں سنت ہے اگر مفلس
ہو ایک حصہ فطرہ دست بدست پھر اسکے کسی مومن محتاج کو دے
اور صاحب مقدور مع اطفال اور جو کہ اُس کے ہمراہ ہوں سب کا
دیوے اگر عید کی شب کوئی مہمان ہو اُس کا فطرہ مہماندار پر واجب
ہے اور جو کہ پیش از شام اُس گھر میں وارد ہو اور کھانا اُس کے
یہاں کھائے اُس کا بھی دے لیکن اگر کوئی بعد شام آوے اور پہلے سے وعدہ
بھی نہ ہو لیکن اگر اتفاق سے کھانا کھائے تو فطرہ واجب نہیں ہے
اور اگر پیش از شام آوے اور افطار اُس کے مال سے نہ کرے تو احوط
ہے کہ دونوں دیویں یا ایک دے باذن دوسرے کے اور ر
نابالغ و غلام و دیوانہ پر واجب نہیں ہے ہاں اگر کسی کے
ذمہ اُن کا کھانا ہو تو اُس پر واجب ہے اور اگر یہ شخص چند
لوگوں کو نان و نفقہ دیتا ہے اور وہ لوگ اور گھر میں رہتے ہیں
اس طرح کہ یہ اُنھیں نقد تنخواہ دیتا ہے اور وہ خود اپنے کھانے کا

www.kitabmart.in

انتظام کرتے ہیں تو اُن لوگوں کا فطرہ اس شخص پر نہیں ہے لیکن اگر کھانا اُن لوگوں کا اسی کے یہاں سے جاتا ہے تو فطرہ اُن کا لازم ہوگا اور اسی طرح اگر پیش از شام فقیر کو کھانا دے یا ہمسایہ کو بھیجے تو اُس پر فطرہ واجب نہیں ہے

ملازم اگر خشک تنخواہ پر ہو تو اُس کا فطرہ واجب نہیں ہے لیکن اگر کھانا بھی ہو تو میرے نزدیک فطرہ اُس کا لازم ہے۔

مسجد میں افطاری بھیجنے سے فطرہ واجب نہیں ہوتا اگرچہ افطاری اتنی ہو کہ اُن لوگوں کا پیٹ بھی بھر جائے لیکن اگر اُن لوگوں کو مدعو کرے کھانے کے لئے تو فطرہ سب کا واجب ہوگا اگرچہ وہ اُنھیں کھانا مسجد ہی میں کھلائے۔ ۱۶۱

اور بہتر ہے کہ فطرہ شام کو علٰحدہ کرے اور پیش از نماز عید مستحقین کو دے اور نیت کرے کہ یہ روپیہ فطرہ دیتا ہوں اپنے اور اپنے عیال کی طرف سے ادا لتقرب بخدا۔ اگر صبح کو بھی جدا کرے تو کوئی مضائقہ نہیں لیکن پیش از نماز ہونا ضروری ہے۔ چاہے مستحقین تک اُس کے بعد پہونچائے اور اگر جدا نہ کریگا یہاں تک کہ نماز ہو جائے تو گنہگار رہوگا اور اس کے بعد بھی شام تک بغیر قصد ادا و قضا کے علٰحدہ کر دے یعنی یوں ہی دیوے اور اگر روز عید گذر جائے

www.kitabmart.in

تو بقصد قربت دیوے اس قصد سے کہ یہ دیتا ہوں اگر قضائے فطرہ مجھ پر واجب
ہووے والا تصدق ہوئے۔ اور فطرہ میں وہ جنس دیجاتی ہے جو
غذا غالب اُس شہر کی ہو یا گیہوں اور جَو اور خرما اور منقّی کہ یہ بہر حال
دینا جائز ہیں اگرچہ غذا اُس شہر کی عموماً ان میں سے کوئی نہ ہو اور مقدار
فطرہ شرعاً ایک صاع لکھا ہے اور وزن صاع کا حسب فتوائے حال
نمبری سیر انگریزی سیر سے جو اسّی روپیہ چہرہ دار کا ہوتا ہے تین سیر
ایک چھٹانک ہے اور اگر احتیاطاً سوا تین سیر دے فی آدمی تو
بہتر ہے پس فطرہ اُس شخص کو دے جو اپنے اور اپنے اہل وعیال کے
سال بھر کا سہارا نہ رکھتا ہو اور بہتر ہے کہ وہ ایسا شخص ہو جس ۱۶۲
کا پیشہ گدائی نہیں ہے اور اُس کے ساتھ صالح اور نماز گذار ہو اور
اپنے واجب النفقہ کو مثل پدر و مادر و جد و جدہ و فرزند و فرزند
زادگان کے نہیں دے سکتے ان کے علاوہ اگر کوئی عزیز مفلس ہو
تو اُس کو دینا بہتر ہے بعد اُس کے ہمسایہ کو جو پریشان ہو بعد
اُس کے اُس کو دے کہ جو فاضل تر و صالح تر و پریشان تر ہو اور
اگر جنس کا حساب کر کے نقدی مستحقین کو تقسیم کر دے تو بھی بہتر ہے
اور فطرہ غیر سید کا سید کو نہیں دے سکتے اور فطرہ سید کا
سید اور غیر سید دونوں لے سکتے ہیں سید اور غیر سید ہونے

www.kitabmart.in

میں علی الظاہر اعتبار اُس شخص کا ہے جو فطرہ کا نکالنے والا ہے لہذا اگر شوہر غیر سید ہو اور وہ فطرہ اپنی زوجہ کا دے جو سیدانی ہی تو وہ فطرہ غیر سید ہی کا قرار پائیگا۔ اور بہتر ہے کہ ایک فطرہ کی مقدار سے کم ایک شخص کو نہ دے۔

نماز عید کے بیان میں

بہتر ہے کہ روز عید پیش از نماز افطار کرے خرمے سے کہ سنت ہی اور روز غیر عید سنت موکدہ ہے بعض نے واجب جانا ہے اور زیر آسمان غسل نہ کرے اور پیش از غسل یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ لَکَ اٰمَنْتُ بِکَ وَتَصْدِیْقًا بِکِتَابِکَ وَاتِّبَاعَ

خداوندا ایمان لاتے ہوئے تجھ پر اور تصدیق کرتے ہوئے تیری کتاب کی اور

سُنَّۃِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

پیروی کرتے ہوئے تیرے نبی کی سنت کی (صلی اللہ علیہ والہ)

پس بسم اللہ کہکر غسل کرے اور بعد فراغ یہ کہے:۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ کَفَّارَۃً لِذُنُوْبِیْ وَطَھِّرْ دِیْنِیْ

خداوندا قرار دے اُس کو کفارہ میرے گناہوں کا اور پاک کر میری عقیدہ کو

www.kitabmart.in

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّيَ الدَّنَسَ

خداوندا دور کر مجھ سے نجاست

اور زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام سنت موکدہ ہے اور نماز عید زمان غیبت میں جماعت کے ساتھ سنت ہے اور تنہا بھی پڑھ سکتے ہیں اور نماز عید دو رکعت ہے نیت کرے کہ دو رکعت نماز عید فطر پڑھتا ہوں سنت قربۃً الی اللہ۔ بعدہٗ تکبیر کہے یعنی اللہ اکبر کہے رکعت اول میں سورۂ الحمد اور یہ سورہ پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ

تسبیح کر نام کی اپنے پروردگار کے جو سب سے بڑا بلند ہے جس نے پیدا کیا تو درست

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ

استوار بنایا اور جس نے کائنات کی قرارداد مقرر کی پس ہدایت کی اور جس نے چارہ پیدا کیا

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۙ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۙ

اسکے بعد اسکو سیاہ رنگ کی گھاس کی شکل میں بنا دیا ہم تجھ کو عنقریب پڑھائینگے کہ تو بھولیگا

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۙ

نہیں مگر یہ کہ خدا چاہے یقیناً وہ جانتا ہے ظاہر اور پوشیدہ سب باتوں کو

www.kitabmart.in

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝

اور ہم تجھ کو آسان راستہ چلائیں گے پس تم یاد دلاؤ اگر یاد دہانی فائدہ دے

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى الَّذِيْ

عنقریب ہوشیار ہو جائیں گے وہ لوگ جو ڈرتے ہیں اور علحدگی اختیار کریگا وہ بدبخت

يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَ

جو برداشت کریگا سب سے بڑی آگ کو پھر نہ وہ مریگا اس میں اور نہ جئے گا

لَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ

نجات پائی اس شخص نے جو زکوۃ دے اور یاد کرے اپنے

رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ ۱۶۵

پروردگار کو بلکہ تم لوگ ترجیح دیتے ہو دنیا کی زندگی کو

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ

اور آخرت بہتر ہے اور زیادہ پائدار ہے۔ یقیناً یہ پہلی کتابوں میں ہے

الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

ابراہیم اور موسیٰ کی کتابوں میں

پھر ہاتھ اٹھا کے یہ دعائے قنوت پڑھے

دعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اَهْلَ الْكِبْرِيَآءِ وَالْعَظَمَةِ وَاَهْلَ الْجُوْدِ

خداوندا اے بڑائی اور بزرگی کے مالک اور سخاوت

www.kitabmart.in

وَالْجَبَرُوْتِ وَاَهْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَةِ وَاَهْلَ

اور زبردست طاقت کے مالک اور اے معافی اور مہربانی کے مالک اور اے

التَّقْوٰى وَالْمَغْفِرَةِ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذَا الْيَوْمِ

پرہیزگاری اور بخشش کے مالک سوال کرتا ہوں میں تجھ سے واسطہ اس دن کا

الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ لِلْمُسْلِمِيْنَ عِيْدًا وَّلِمُحَمَّدٍ صَلَّى

جس کو تو نے قرار دیا ہے مسلمانوں کے لئے عید اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ذُخْرًا وَّمَزِيْدًا وَّكَرَامَةً وَ

علیہ وآلہ کے لئے خزانہ اور برکت اور بزرگی اور

شَرَفًا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ 166

عزت یہ کہ درود بھیجے تو محمد و آل محمد پر اور داخل کر

تُدْخِلَنِيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ اَدْخَلْتَ فِيْهِ مُحَمَّدًا

مجھ کو ہر اس اچھی بات میں جس میں داخل کیا تو نے محمد اور

وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُخْرِجَنِيْ مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ

آل محمد کو اور نکال مجھ کو ہر اس برائی سے کہ

اَخْرَجْتَ مِنْهُ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ

جس سے نکالا تو نے محمد و آل محمد کو تیرا درود ہو ان ہی

عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

حضرت محمد اور انکی تمام آل پر ہو خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

شَرُّ النَّاسِ مَنْ لَا يَقْبَلُ الْعُذْرَ وَلَا يَغْفِرُ الذَّنْبَ

www.kitabmart.in

اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا سَئَلَكَ بِهٖ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

بہترین وہ سوال جو تیرے سامنے پیش کیا ہو تیرے نیک بندوں نے

وَاَعُوْذُبِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ الْمُخْلَصُوْنَ

اور پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے اس شے سے کہ جس سے پناہ مانگی تیرے خالص بندوں نے

اس کے بعد تکبیر کہے اور پھر ہاتھ اٹھا کر یہی قنوت پڑھے۔ اسی طرح ہر مرتبہ تکبیر کہہ کے پانچ مرتبہ یہی قنوت پڑھے پس رکوع اور سجود بجالاوے اور کھڑا ہو اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے یہ سورہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۙ ۱۶۷

نام سے اللہ کے جو بڑے رحم والا اور بہت رحم کرنیوالا ہے قسم آفتاب کی اور اسکی روشنی کی

وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۙ وَالَّيْلِ

اور ماہتاب کی جبکہ وہ اس کا پیرو ہوتا ہے اور دن کی جبکہ وہ اسکو جلوہ نما کرتا ہے اور

اِذَا يَغْشٰهَا ۙ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۙ وَالْاَرْضِ

رات کی جبکہ وہ اسکو چھا جاتی ہے اور آسمان کی اور اسکے بنیاد قائم ہونے کی اور زمین کی

وَمَا طَحٰهَا ۙ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۙ فَاَلْهَمَهَا

اور اس کے بچھائے جانے کی اور نفس انسان کی اور اسکے درست و استوار پیدا ہونے کی جس کے بعد خدا نے

فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۙ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۙ

اس کو امتیاز عطا کر دیا اس کی بدکاری اور پرہیزگاری کا یقیناً رستگار ہوا وہ جس نے اس نفس کو پاک و پاکیزہ بنایا

بدترین آدمی وہ ہے جو عذر نہ قبول کرے اور خطا سے درگذر نہ کرے

www.kitabmart.in

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوٰىهَا ۝

اور ناکام ہوا وہ جو اس نفس کو خراب کرے تکذیب کی قبیلہ ثمود نے اپنی سرکشی کے

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

باعث جبکہ اٹھا ان میں کا بدبخت ترین شخص پس کہا ان سے خدا کے پیغمبر نے

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝

کہ خیال رکھو خدا کے ناقہ اور اسکی سیرابی کا مگر ان لوگوں نے اس کی تکذیب کی

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝

اور اسے پے کر ڈالا پس عذاب نازل کیا ان پر ان کے پروردگار نے پس ان سب کو

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

برابر کر دیا اور وہ نہیں ڈرتا اس کے انجام سے

اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر پھر وہی قنوت پڑھے بعد تکبیر کے اور پھر وہی قنوت پڑھے اسی طرح ہر مرتبہ تکبیر کہہ کے چار مرتبہ وہی قنوت پڑھے بعد ازاں رکوع و سجود و تشہد و سلام کے اور نماز کو تمام کرے۔ واضح ہو کہ ترکیب نماز عید و بقرعید کی ایک ہے۔

www.kitabmart.in

تاریخی یادداشت

یکم شوال - روز عید الفطر ہے سب سے پہلے ۲ھ ہجری میں رسالت مآب نے صحرا میں جاکر نماز عید الفطر پڑھائی اسی دن ۴۱ھ میں عمرو بن عاص نے داعی فنا کو لبیک کہا۔

۴ شوال ۲۴۷ھ میں متوکل مشہور عباسی خلیفہ کی ہلاکت ہوئی

۵ شوال ۶۰ھ میں جناب مسلم بن عقیل بحیثیت نمائندہ امام حسینؑ کوفہ میں پہونچے۔

۱۴ شوال - بروز جمعہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ احد کے لئے مشرکین کے مقابلہ میں مقام احد میں جاکر فروکش ہوئے۔

۱۵ شوال - اس تاریخ جنگ احد واقع ہوئی جس میں مسلمانوں کو فتح کے بعد شکست ہوئی اور رسالت مآب کو تنہا چھوڑ دیا صرف امیر المومنینؑ کی ذات تھی جس نے کفار کا آخر وقت تک مقابلہ کیا اور آخر اپنی بہادری ثبات و استقلال سے انکو شکست دی اسی جنگ میں حضرت حمزہؓ بن عبد المطلب شہید ہوئے اور

زندگی پہ کیوں سرد ہوتا ہے کہ جو گذرتی ہے وہ آئے گا

www.kitabmart.in

ہند بنت عتبہ زوجہ ابو سفیان نے اُن کے اعضا قطع کر کے بطور گردن بند پہنے

اسی تاریخ ۱۴۸ھ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی وفات ہوئی۔

۲۲ شوال ۔اس تاریخ ۱۳۳۹ھ میں کربلا کے مشہور مجتہد حاج شیخ حسین مازندرانی نے انتقال کیا یہ مشہور فقیہ عراق شیخ زین العابدین مازندرانی کے صاحبزادے تھے اور شیخ مرحوم کے انتقال کے بعد کثیر التعداد افراد نے اُن کی تقلید کی تھی۔

۲۳ شوال اس تاریخ ۱۱۱۲ھ میں مشہور محدث سید نعمت اللہ جزائری کا انتقال ہوا ہے۔ یہ علامہ مجلسی کے شاگرد تھے۔

۔انکی کتاب انوار نعمانیہ بہت مشہور ہے۔ ان کی اولاد میں ہندوستان میں جناب مفتی میر عباس صاحب اعلی اللہ مقامہ تھے۔ اور اب اُن کی اولاد امجاد اُن کی صحیح یادگار ہیں جنھیں ہماری رائے میں اُن کا دسیہ اس تاریخ ضرور کرنا چاہئے۔

۲۷ شوال ۔اس تاریخ ۱۲۶۲ھ میں شیخ حسن مصنف انوار الفقاہۃ کا انتقال ہوا۔ یہ شیخ جعفر کاشف الغطاء کے فرزند اور خود نجف کے مستند عالم اور مجتہد تھے۔

www.kitabmart.in

۸ شوال سنہ ۱۳۴۴ھ

یہ وہ قیامت خیز تاریخ ہے جس میں ابن سعود نے جنت البقیع کے مزارات کو تباہ و برباد کیا۔ افسوس ہے کہ اس کو آج چودہ برس کا عرصہ گذر گیا مگر عالم اسلامی اور بالخصوص شیعی سلطنتوں اور ریاستوں نے کوئی مؤثر اقدام نہ کیا اور نہ عام افراد ملت کی طرف سے سوائے گریہ و زاری کے کچھ اور ممکن ہوا۔ ۱۷۱

یہ مذہبی مصیبت ہمیشہ یاد رکھنے کے قابل ہے اور جب تک جنت البقیع کے مزارات کی تعمیر نہ ہو جائے اہل مذہب کے دامن سے یہ ذلت کا دھبا دور نہیں ہو سکتا۔



www.kitabmart.in

جنت البقیع کی یاد

(ایک مسلم دل شکستہ کے قلم سے)

کیا جنت البقیع کو بھولیں گے اہل دل — جس کے ہر ایک ذرہ سے فریاد ہے بلند
سن لو ذرا جو گوش حقیقت نیوش ہو — خاموش لب سے شکوۂ بیداد ہے بلند
جس جا کبھی تھا مجمع نوّاب و اہل جاہ — گرد و غبار خانۂ برباد ہے بلند
ارض حجاز قبلۂ اسلام و مسلمیں — واں رایت ضلالت و الحاد ہے بلند
ہے بدعتوں کے نقش مٹانے کا ادّعا — خود ایک شور بدعت و ایجاد ہے بلند
مشرک ہیں اہل قبلہ اگر دست التجا — اغیار کی طرف پئے امداد ہے بلند
قبر نبی سونیوالو تمہارا کیا تھا بھلا قصور — جن کی لحد پہ تیشۂ بیداد ہے بلند
وہ چار امام خلق، وہ اولاد فاطمہ — جن کا محل عزّ خداداد ہے بلند
کس طرح چین آئے دل اہل درد کو — فریاد قبر سیّد سجاد ہے بلند
غم کی ہے آگ جس کا ہر اک شعلہ قلب میں — یکسر زبان کورۂ حداد ہے بلند
اسلام والو کب تلک آخر یہ بیحسی — اب تو رسول پاک کی فریاد ہے بلند
کیا ہو گیا وہ جوش عمل جس سے تب تلک — آوازۂ شجاعت اجداد ہے بلند

کب تک رہو گے خواب تغافل میں بیخبر
دیکھو تو شور خنجر جلاد ہے بلند

(منقول از خلافت بابت ۱۳۳۵ھ)

www.kitabmart.in

ایام				اہم وقائع تاریخی
چہارشنبہ	۱	۱۲	۸	
پنجشنبہ	۲	۱۳	۹	
جمعہ	۳	۱۴	۱۰	
شنبہ	۴	۱۵	۱۱	
یکشنبہ	۵	۱۶	۱۲	ارتحال سید ابن طاؤس
دوشنبہ	۶	۱۷	۱۳	
سہ شنبہ	۷	۱۸	۱۴	
چہارشنبہ	۸	۱۹	۱۵	
پنجشنبہ	۹	۲۰	۱۶	
جمعہ	۱۰	۲۱	۱۷	
شنبہ	۱۱	۲۲	۱۸	ولادت امام رضا علیہ السلام
یکشنبہ	۱۲	۲۳	۱۹	
دوشنبہ	۱۳	۲۴	۲۰	
سہ شنبہ	۱۴	۲۵	۲۱	
چہارشنبہ	۱۵	۲۶	۲۲	

www.kitabmart.in

ایام	ذیقعدہ	۲۹	جنوری	اہم وقائع تاریخی
پنجشنبہ	۱۶	۲۷	۲۳	ارتحال شیخ زین العابدین مازندرانی
جمعہ	۱۷	۲۸	۲۴	
شنبہ	۱۸	۲۹	۲۵	
یکشنبہ	۱۹	۳۰	۲۶	
دوشنبہ	۲۰	۳۱	۲۷	
سہ شنبہ	۲۱	جنوری	۲۸	
چہارشنبہ	۲۲	۲	۲۹	
جمعہ	۲۳	۳	۳۰	
شنبہ	۲۴	۴	[illegible]	
یکشنبہ	۲۵	۵	۲	
دوشنبہ	۲۶	۶	۳	
سہ شنبہ	۲۷	۷	۴	
چہارشنبہ	۲۸	۸	۵	
پنجشنبہ	۲۹	۹	۶	وفات امام محمد تقی علیہ السلام

۱۷۲

www.kitabmart.in

اعمال ماہ ذی قعدہ

جاننا چاہیے کہ ماہ ذیقعدہ حرام یعنی حرمت رکھنے والے مہینوں سے پہلا مہینہ ہے جن کا ذکر حق تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے اور وہ ذیقعدہ۔ ذی الحجہ۔ محرم اور ماہ رجب ہیں۔ جناب رسالتمآب سے روایت کی گئی ہے کہ جو شخص کسی ماہ حرام کے پنجشنبہ جمعہ اور شنبہ کو روزہ رکھے تو ثواب عظیم اُس کو حاصل ہوگا۔ اور ماہ ذیقعدہ کی پندرھویں شب کو خداوند عالم مومنین کی جانب نظر رحمت فرماتا ہے پس جو شخص اُس رات عبادت میں بسر کرے خداوند عالم اس کو ایسی ستّر عابدوں کا ثواب عطا فرمائیگا جنھوں نے یک چشم زدن بھی خدا کی معصیت نہ کی ہوگی۔ لہذا جب نصف شب گذرے تو عبادت و نماز و دعا شروع کرو اور حق تعالیٰ سے اپنی حاجتیں طلب کرے مستجاب ہونگی۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ اس ماہ کی تیئیسویں ۲۳ تاریخ کو زیارت امام رضا علیہ السلام دور و نزدیک سے سنت ہے۔ پچیسویں ۲۵ تاریخ روز دحوالارض ہے یعنی پانی پر کعبہ معظمہ سے زمین کا بچھایا جانا۔ یہ دن بہت مبارک ہے۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اس روز روزہ رکھو کیونکہ اس روز رحمت خدا منتشر ہوئی۔ زمین بچھائی گئی۔ کعبہ نصب ہوا اور حضرت آدم اسی روز زمین پر تشریف لائے

www.kitabmart.in

اور فرمایا کہ آج کی رات حضرت ابراہیم و حضرت عیسیٰ علیہما السلام پیدا ہوئے پس جو شخص آج کا دن روزہ رکھے ایسا ہے کہ اُس نے ساٹھ مہینوں کے روزے رکھے۔ اور حضرت قائم اسی روز ظاہر ہونگے۔

مستحب ہے کہ اس روز بوقت چاشت دو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں بعد الحمد پانچ مرتبہ سورہ والشمس اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ

نہیں ہے طاقت اور قوت مگر خدائے بزرگ بلند مرتبہ

الْعَظِیْمِ یَا مُقِیْلَ الْعَثَرَاتِ اَقِلْنِیْ

کے ساتھ اے لغزشوں کے درگذر کرنیوالے درگذر فرما میری

عَثْرَتِیْ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ اَجِبْ

لغزش سے اے قبول کرنیوالے دعاؤں کے قبول کر

دَعْوَتِیْ یَا سَامِعَ الدَّعْوَاتِ اسْمَعْ

میری دعا کو اے سننے والے دعاؤں کے سن

صَوْتِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتَجَاوَزْ عَنْ سَیِّئَاتِیْ

میری آواز کو اور رحم کر مجھ پر اور درگذر کر میری برائیوں سے

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے عظمت و بزرگی والے

اپنوں کی دشمنی بچھو کے ڈنگ مارنے سے زیادہ دردناک ہے

www.kitabmart.in

آٹھویں امام

اسم مبارک علی بن موسیٰ۔ لقب رضا تھا۔

۱۱ ذیقعدہ ۱۴۸ھ میں متولد ہوئے اور اپنے والد بزرگوار کے بعد امام خلق ہوئے۔ آپ کے علم اور عبادت کی وجہ سے تمام مسلمان آپ کی عزت کرتے تھے۔

مامون رشید بادشاہ کو آپ کے اس بڑھتے ہوئے اقتدار سے اندیشہ ہوا اور اُس نے یہ ترکیب کی کہ آپ کو اپنی ولیعہدی کے لئے مجبور کیا۔

آپ بہت انکار فرماتے رہے مگر مامون رشید نے کسی طرح نہ مانا اور تشدد کرنا شروع کیا۔ مجبور ہو کر آپ نے منظور کیا۔ مگر آپ نے اپنے خاندان کی سادہ زندگی احکام شریعت اور مذہب حق کی تعلیم کو نہیں چھوڑا۔ اس لئے مامون رشید کو پھر آپ کا اقتدار ناگوار ہوا اور آخر زہر دے کر ۱۷ صفر ۲۰۳ھ میں آپ کو شہید کر دیا۔

(اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

قصیدۂ رضویہ

(از جناب مداح آل محمد میرزا کاظم حسین صاحب محشر لکھنوی)

فصل گل آئی کہ آئی جان میں جان چمن
بلبل و گل ہیں رضا جوئی حسینان چمن

ہو گئے پیدا وہ غنچے جو کہ ہیں زیب بہار
کھل گئے وہ پھول کہئے جنکو شایان چمن

صدقے کلک نامیہ پر دست رضوان بہشت
کیسے کیسے نقش اُبھارے زیب دامان چمن

رنگ گل اُڑ کر شفق کی شکل میں ظاہر ہوا
اللہ اللہ کس قدر رفعت پہ ہے شان چمن

پتی پتی سے جمال صنع قدرت کی نمود
شاہد معنی کو ناممکن ہے عرفان چمن

غنچے کھلتے ہی کھلے اسرار حسن و عشق کے
جان ہے پھولوں میں رنگ گل ہے جان چمن

بہمہن نے نغمۂ بلبل کا کلمہ پڑھ لیا
ہو گئے اہل صنمخانہ مسلمانان چمن

ہر نفس میں موج بوئے گل ہے قربان نسیم
اور نسیم جانفزا ہوتی ہے قربان چمن

رفتار معنوی ہے عاشق و معشوق میں
مدح خواں بلبل کے گل بلبل غزلخوان چمن

نامیہ کے فیض سے وہ دن ہوئے خواب و خیال
دست گلچیں جبکہ تھا اور تھا گریبان چمن

رنگ گل نے غیر محسوسات کو رنگیں کیا
دامن موج صبا پر بھی ہے احسان چمن

نغمۂ بلبل کو مستی میں کہو شور درود
ہر گل تازہ کی خوشبو ہے کہ ایمان چمن

www.kitabmart.in

اف ری دلچسپی کہ طائر چھٹ کے اڑ سکتے نہیں
کل اسیران قفس تھے آج اسیران چمن ۶

وسعت دامن ہیں گلچیں نے بھری روح بہار
یا بھرے وہ پھول جنکو کہہ سکیں جان چمن

مرحبا جوش نمو ہمت پہ تیری مرحبا
کس کلیجہ سے اٹھائے ناز خوبان چمن

غیر ممکن ہی قریب آجائے دنیا کی ہوا
کہیئے ہر گل کو چراغ زیر دامان چمن

صنعت قدرت کہاں اور خامۂ مانی کہاں
کھینچ سکے کیا خاک تصویر جوانان چمن

دیتے ہیں انگور کو غنچے صدائے دوریاش
دشمن شاہ رضا ہیں جو ہیں ایمان چمن

جو کھلا غنچہ وہ اُن کی حب کا دم بھرتا ہوا
قاری گل کی زبان پہ ہے یہ قرآن چمن

قصر گلزار ریاضت کا یہ ادنی ہی عروج
آستاں بوس درحضرت ہیں شاہان چمن

پھول سے چہرے خیال خط کا اللہ رے دل
صورت اسپند قرباں ہیں حسینان چمن

نظم کے گلشن میں جب تشریف یوں ہو لائے بہار
مطلع نو گل ہو اور معنی ہیں جان چمن

آپ کے گلزار دیں سے ہی یہ سامان چمن
(مطلع) برگ گل قرآن سا منقش فرمان چمن (ثانی)

اہل باطل آئے پابوسی کو مثل عندلیب
آپ کے گلہائے نقش پا ہیں ایمان چمن

بیتی بیتی کہہ رہی ہے یا علی موسی رضا
ہم رعیت آپ کی اور آپ سلطان چمن

سن لیا جب سے پیا گلگشت آئیں گے حضور
ہر سحر کو خرم و خاور ہے قربان چمن

آپ کا دم بھرنے کے نغموں میں یہ پایا اثر
لحن داؤدی ہی گویا لحن مرغان چمن

طوس میں گر دسواری ہو تھے مشتاق حدیث
صدقے ہوں جیسے کہ گل پہ عندلیبان چمن

جو خوفزدہ کو امان دیتا ہے خدا اس کو عذاب سے امان دیتا ہے

www.kitabmart.in

اعمال ماہ ذی الحجہ

واضح ہو کہ روز عرفہ یعنی نویں تاریخ کی فضیلتیں بہت ہیں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص روز عرفہ دو رکعت نماز زیر آسمان پڑھے اور درگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کا اقرار کرے اور تضرع و زاری اور استغفار کرے تو بہت ثواب ہوگا اور خدا اسکے گذشتہ و آئندہ گناہ بخش دیگا شیخ مفید نے فرمایا کہ یہ نماز عصر کے بعد پڑھی جائیگی اور یہ ان لوگوں کے لیے ہے جو عرفات میں حاضر ہوں

امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس روز چاہئے کہ سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور سو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور ۱۸۰
سو مرتبہ سورہ قل ہو اللہ اور سو مرتبہ سورۂ انا انزلناہ اور سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہے کہ بے انتہا ثواب عطا ہوگا۔

اور جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دعائے روز عرفہ یہ منقول ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے

اَلْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ

لئے سلطنت ہے اور اسی کیلئے تعریف وہ زندہ کرتا ہے اور مردہ کرتا ہے اور وہ خود زندہ ہے

www.kitabmart.in

لَا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ

جس کے لئے موت نہیں اُس کے ہاتھ میں ہی بہتری اور وہ ہر چیز پر قادر

قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَالَّذِیْ نَقُوْلُ وَخَیْرًا

ہے خداوندا تیرے لئے تعریف ہو جس طرح تو کہے اور بہتر اُس سے

مِمَّا نَقُوْلُ وَفَوْقَ مَا یَقُوْلُ الْقَائِلُوْنَ اَللّٰھُمَّ لَکَ

جو ہم کہیں اور بالاتر اُس سے جو کہنے والے کہیں خداوندا تیرے ہی لئے

صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ وَلَکَ بَرَاءَتِیْ

میری نماز ہے اور میری عبادت اور میری زندگی اور میری موت اور تیری ہی سبب سے میری

وَبِکَ حَوْلِیْ وَمِنْکَ قُوَّتِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

بیزاری ہے اور تجھ ہی سے میری طاقت ہے اور تیری ہی طرف سے میری قوت ہے خداوندا میں

اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَمِنْ وَسْوَاسِ الصَّدْرِ

پناہ مانگتا ہوں تجھ سے محتاجی سے اور سینہ کے وسواس سے اور

وَمِنْ شَتَاتِ الْاَمْرِ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

معاملت کی پریشانی سے اور قبر کی سختی سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الرِّیَاحِ وَاَعُوْذُ بِکَ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہواؤں کے اچھے فائدہ کا اور پناہ

مِنْ شَرِّ مَا تَجِیْءُ بِہِ الرِّیَاحُ وَاَسْئَلُکَ خَیْرَ

مانگتا ہوں تجھ سے اُن برائیوں سے جن کو ہوائیں لاتی ہیں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بہتری کا

اُس پر تعجب ہے جو موت کو بھول جائے اور لوگوں کو مرتے ہوئے دیکھے

www.kitabmart.in

اللَّيْلِ وَخَيْرِ النَّهَارِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا

رات کی اور بہتری کا دن کی خداوندا قرار دے میرے دل میں ایک روشنی

وَفِي سَمْعِي نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا وَفِي لَحْمِي

اور میرے کانوں میں ایک روشنی اور میری نگاہ میں ایک روشنی اور میرے تمام گوشت

نُورًا وَفِي دَمِي وَعِظَامِي وَعُرُوقِي وَمَقَامِي

اور پوست میں ایک خاص روشنی اور میرے خون اور میری ہڈیوں اور رگوں اور اٹھنے بیٹھنے

وَمَقْعَدِي وَمَدْخَلِي وَمَخْرَجِي نُورًا وَاَعْظِمْ

اور اندر آنے اور باہر جانے میں روشنی اور بڑھا دے

لِي النُّورَ يَا رَبِّ يَوْمَ لِقَائِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ ۱۸۲

میرے لئے روشنی کو پروردگارا اس دن جب میں تجھ سے ملونگا یقیناً

شَيْءٍ قَدِيرٌ

تو ہر بات پر قادر ہے

اور حضرت امام رضا علیہ السلام سے یہ دعا منقول ہے۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا سَتَرْتَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَعْلَمْ فَاغْفِرْ لِي

خداوندا جس طرح چھپایا تو نے میرے اوپر اس عیب کو جس کی مجھ کو خبر بھی نہ تھی

مَا تَعْلَمُ وَكَمَا وَسِعَنِي عِلْمُكَ فَلْيَسَعْنِي

اسی طرح بخش دی تو میرے ان گناہوں کو جنھیں تو جانتا ہے اور جسطرح مجھے گھیرے ہوئے ہے تیری اطلاع

بہترین دوست وہ ہے جو تیری خوشامد کرے اور تیرے عیوب کو تجھ پر ظاہر ہونے دے

www.kitabmart.in

عَفْوُكَ وَكَمَا بَدَأْتَنِي بِالْاِحْسَانِ فَاَتِمَّ نِعْمَتَكَ

تیری معافی اور جس طرح تو نے ابتدا کی میرے اوپر احسان کی اُسی طرح پورا کر اپنی

بِالْغُفْرَانِ وَكَمَا اَكْرَمْتَنِي بِمَعْرِفَتِكَ فَاشْفَعْهَا

نعمت کو مغفرت کیساتھ اور جس طرح تو نے عزت دی مجھے اپنی معرفت کے ساتھ اُسی طرح

بِمَغْفِرَتِكَ وَكَمَا عَرَّفْتَنِي وَحْدَانِيَّتَكَ فَاكْرِمْنِي

اُس کے ساتھ عطا کر مجھے اپنی بخشش اور جس طرح تو نے پہچنوائی اپنی وحدانیت مجھے اسی طرح عزت

بِطَاعَتِكَ وَكَمَا عَصَمْتَنِي مِمَّا لَمْ اَكُنْ اَعْتَصِمُ

دے مجھے اپنی اطاعت کے ساتھ اور جس طرح تو نے میری حفاظت کی اُن چیزوں سے

مِنْهُ اِلَّا بِعِصْمَتِكَ فَاغْفِرْ لِي مَا لَوْ شِئْتَ عَصَمْتَنِي

کہ جن سے میں نہیں محفوظ رہ سکتا تھا بغیر تیری حفاظت کے اب بخش دی میری لئے اُن

مِنْهُ يَا جَوَادُ يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

گناہوں کو کہ اگر تو چاہتا تو مجھے محفوظ رکھتا اُن سے اے کریم اے جلالت اور بزرگی کے مالک

اور حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام سے یہ دعا منقول ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّي عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ اِنْ تُعَذِّبْنِي

خداوندا میں تیرا بندہ اور تیرے بندہ کا لڑکا ہوں اگر تو مجھے سزا دے

فَبِاُمُوْرٍ قَدْ سَلَفَتْ مِنِّي وَاَنَا بَيْنَ يَدَيْكَ

تو یہ اُن باتوں سے ہوگی جو مجھے ہو چکی ہیں اور میں تیرے سامنے ہوں

www.kitabmart.in

يُؤَمِّنِّي وَإِنْ تَعْفُ عَنِّي فَأَهْلُ الْعَفْوِ أَنْتَ يَا

پورے طور پر اور اگر تو مجھے معاف کرے تو معاف کرنے کا حق دار ہے تو اے معاف

أَهْلَ الْعَفْوِ يَا أَحَقَّ مَنْ عَفَا اغْفِرْ لِي وَ

کرنے کے حقدار اے سب سے زیادہ معاف کرنے کا حق رکھنے والے بخش دے

لِإِخْوَانِي

مجھ کو اور میرے بھائی بندوں کو

عید قرباں

جس طور سے عید فطر میں مذکور ہوا غسل اور نماز اور زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام بجا لائے۔ نماز کی یہ نیت کرے کہ دو رکعت نماز عید قرباں پڑھتا ہوں سنت قربۃً الی اللہ باقی ترکیب بدستور مثل نماز عید فطر ہے اور سنت ہے کہ افطار بعد از نماز گوشت قربانی سے کرے اور قربانی سنت موکدہ ہے بعض علماء نے واجب جانا ہے اگر استطاعت رکھتا ہو اور جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اپنے عیال کی طرف سے قربانی چاہیے نہ کرے مگر اپنے لئے ضرور کرے اور فرمایا کہ اگر قرض کر کے قربانی کریگا تو اس قرض کو خدا ادا کریگا۔ بہتر ہے کہ روز عید قربانی کرے اور گیارھویں اور بارھویں کو بھی قربانی کر سکتے ہیں اور منی میں ہو تو تیرھویں کو

www.kitabmart.in

بھی قربانی کرسکتا ہے اور مکروہ ہے اُس جانور کی قربانی کرنا جو گھر میں پلا ہوا اور قربانی کا جانور
اونٹ یا گائے یا بھیڑ یا بکری ہی ہونا چاہئے ہے کسی اور جانور کی قربانی درست نہ ہوگی اگر شتر ہو تو
پانچ سال تمام کا ہو یا زیادہ اور اگر گائے یا بکرا ہو تو چاہئے کہ ایک سال تمام کا ہو اور
سال دوم میں داخل ہوا ہو اور اگر دو سال تمام کا ہو تو بہتر ہے اور اگر
بھیڑ ہو تو چھ مہینے پورے کافی ہیں اور اگر سات مہینے تمام کا ہو
تو بہتر ہے اور چاہئے اُس جانور کے اعضا میں عیب و نقص
نہ ہو۔ اندھا اور کانا اور بالکل لنگڑا اور سینگ ٹوٹا اور کن کٹا
نہو بیمار و ضعیف و بوڑھا نہ ہو اور خصی بھی نہ ہو اور اگر بغیر خصی
کا ممکن نہ ہو تو جائز ہے۔ اور سنت ہے کہ اگر شتر یا گائے قربانی ۱۸۵
کرے تو مادہ ہو اور اگر بھیڑ اور بکری ہو تو نر ہو سنت ہے کہ آپ
ذبح کرے اگر نہ ہو سکے تو اپنا ہاتھ قصاب کے ہاتھ پر رکھ کر ذبح کرے
اگر شتر ہو تو نحر کرے یعنی چھری یا نیزہ گڑھے میں جو نیچے گردن کے
اُس کے ہے مارے اس طرح کہ ڈوب جائے اگر بعوض نحر کے
ذبح کریگا تو حرام ہو جائیگا پس اونٹ کو کھڑا رکھے رو بقبلہ
اور دونوں اگلے پاؤں گھٹنوں سے پاؤں تک باندھ دے
اور جو نحر کرے داہنی جانب اونٹ کے کھڑا ہو اور دعا پڑھکر
اور بسم اللہ کہکر ایسا گہرا حربہ لگائے کہ گر پڑے اور گائے

www.kitabmart.in

گوسفند اور بکری ہو تو رو بقبلہ اُس کو ذبح کرے اس طرح کہ سر اُس کا داہنی جانب رکھے اور بائیں ہاتھ سے گلا پکڑے چھری تیز ہو اور پھیر دے کہ گردن کی چار رگیں کٹیں یعنی حلقوم اور دو رگ بزرگ جو حلقوم کے دونوں طرف ہیں اور وہ رگ پشت حلقوم پر ہے کہ گھاس اور پانی اُس سے جاتا ہے اور جب ارادہ ذبح کرے یہ دعا پڑھے۔

وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

موڑا میں نے اپنے چہرہ کو اُس خدا کی طرف جس نے پیدا کیا آسمان اور زمین کو

حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ ۱۸۰

خلوص کے ساتھ سر جھکاتے ہوئے اور میں نہیں ہوں شرک کرنیوالوں میں سے یقیناً

صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ

میری نماز اور میری عبادت اور میری زندگی اور میری موت اللہ کے لئے ہے جو

الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا

پروردگار ہے تمام جہانوں کا کوئی شریک نہیں اُس کے لئے اور اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ

سر تسلیم خم کرنیوالوں میں سے ہوں خداوندا میری ہی جانب سے ہے اور تیرے ہی لئے نام ہے

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے

www.kitabmart.in

پس نحر یا ذبح کرے اور کہے:۔

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ

خداوندا قبول کر مجھ سے

اگر ایک حیوان چند شخص بشرکت قربانی کریں تو

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْھُمْ

خداوندا قبول کر ان لوگوں سے

کہیں۔ بہتر یہ ہے کہ ھُمْ کی جگہ پر اُن لوگوں کا نام لیا جائے جن کی طرف سے قربانی ہے

پس جب تک روح نہ نکلے سر جدا نہ کریں بہتر ہے کہ اسی گوشت سے آپ افطار کرے

ایک حصہ اُس کے اہل و عیال کھاویں اور ایک حصہ ہمسایوں کو بطور تحفہ بھیجے ۱۸۷

اور بہتر ہے کہ وہ ایسے لوگ ہوں جو پریشان حال بھی ہوں ایک حصہ فقرا کو

اور سوال کرنے والوں کو دیوے اور کلہ اور پوست وغیرہ تصدق

کرے قصاب کو نہ دے۔ اگر قصاب مومن ہو اور پریشان حال

ہو تو بطور تصدق اُسے دے۔ اگر بکری یا گوسفند ممکن نہ ہو تو

قیمت اوسط تصدق کرے اگر ایک جانور اپنے لئے اور ایک

اپنے اہل و عیال کے لئے قربانی کرے تو بہتر ہے اور اگر تمام

متعلقین کی تعداد کے مطابق جانوروں کی قربانی کرے تو اور

زیادہ بہتر ہے اور اگر ماں باپ عزیز و اقربا کو ثواب پہونچانے

www.kitabmart.in

کے لئے جو مر گئے ہیں قربانی کرے تو بھی خوب ہے۔ اگر چند اشخاص قدرت نہ رکھتے ہوں کہ جدا جدا کریں تو جائز ہے کہ باہم شریک ہوں سات آدمی بلکہ ستر آدمی تک۔

ذبح کے متعلق دوسرے احکام

وہ آلہ جس سے ذبح کریں موافق اُس حیوان کے ہو نہ یہ کہ مثلاً کبوتر کو تلوار سے ذبح کریں اور گائے اور بھینس وغیرہ کو چاقو سے کیونکہ یہ مکروہ ہے۔ اور واجب ہے کہ ذبح کرنے والا تمیز رکھتا ہو پس بے تمیز لڑکے کا ذبیحہ حلال نہیں ہے۔ اسی طرح واجب ہے کہ ذبح کرنے والا مست و مدہوش و دیوانہ نہ ہو بلکہ ہوش رکھتا ہو اور صاحب عقل ہو۔ مومن و مسلمان و دیندار ہو اور اگر جانور کو رو بقبلہ عمداً ذبح نہ کریگا تو حرام ہے اور رو بقبلہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ ذبح کرنیوالا اور جانور کا سر اور گردن اور سینہ اور محل ذبح یہ سب رو بقبلہ ہوں مگر جب سمت قبلہ معلوم نہ ہو سکے یا یہ خوف ہو کہ سمت قبلہ دریافت کرنے تک جانور مر جائیگا تو رو بقبلہ ہونا ساقط ہے اور یہ بھی شرط ہے کہ جانور بعد ذبح کے حرکت کرے۔ پس اگر حرکت نہ کرے اور مر جائے تو

www.kitabmart.in

بنا بر قول مشہور کے حلال نہیں ہے اور ذبح کرنا اُس بچہ کا جو
شکم میں جانور حلال کے ہو بعد ذبح کرنے اُس کی ماں کے ضروری
نہیں ہے مگر یہ اُس وقت ہے جب کہ وہ مردہ برآمد ہو اور ماں
کے ذبح کے بعد فوراً ما ہو نہ قبل ذبح کے۔ اس حالت میں اُسکی
ماں کا ذبح کرنا گویا اُس کا ذبح کرنا ہے اور یہی کافی ہے لیکن
اگر زندہ برآمد ہو تو پھر ذبح کرنا اُس بچہ کا بھی واجب ہے مگر
اس بچہ کے مردہ برآمد ہونے میں یہ بھی شرط ہے کہ خلقت بچہ کی
تمام ہو گئی ہو یعنی بال اُس کے جمے ہوں اور روح اُس کی قالب
میں آئی ہو پس اگر اُس کی خلقت تمام نہ ہوئی ہو تو اُس کا ۱۸۹
کھانا حرام ہے۔ اور مکروہ ہے ایک جانور کو دوسرے جانور کے
سامنے ذبح کرنا جبکہ وہ دوسرا جانور اس جانور کو ذبح کے وقت دیکھتا ہو اور وقت ذبح اُس
جانور کا سر عمداً جدا کرنا تو بعض علما حرام سمجھتے ہیں اور احتیاط یہی ہے کہ اس صورت میں اُس گوشت کے
استعمال سے پرہیز کیا جائے اور اسکی پابندی ضروری سمجھی جائے اور وقت ذبح فقط بسم اللہ
کہنا واجب ہے اور باقی دعائیں پڑھنا سنت ہیں۔

اعمال عید غدیر

عید غدیر اٹھارھویں ذی الحجہ کی ہے۔ یہ سب عیدوں سے

www.kitabmart.in

عظیم تر ہے کیونکہ اس روز خدا نے دین کو کامل کیا جبکہ جناب رسول خدا صلعم نے جناب امیر المومنین کو بحکم خدا اپنا خلیفہ و جانشین کیا اور ہزاروں آدمیوں پر جناب امیر علیہ السلام کی فضیلت ظاہر ہوئی پس چاہیئے کہ یہ تمام دن عبادت میں گذارے اور درود محمد و آل محمد علیہم السلام پر بہت بھیجے۔ اور اس روز روزہ رکھے کہ اس کا بڑا ثواب ہے اور اس روز راہ خدا میں تصدق کرنا چاہیئے اور مومنین کی دعوت کرنا چاہیئے اور اچھے کپڑے پہننا چاہیئے اور زیب و زینت کرنا چاہیئے۔ اور آج کے روز اول وقت غسل کرنا سنت موکدہ ہے اور چاہیئے کہ نصف ساعت پیش از زوال دو رکعت نماز پڑھے کہ اسی وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جناب امیر علیہ السلام کو اپنا وصی اور خلیفہ کیا ہے۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلناہ اور دوسری میں بعد الحمد کے سورہ قل ہو اللہ احد پڑھے جب فارغ ہو سجدے میں جاوے اور سو مرتبہ کہے

شُکْرًا لِلّٰہِ

شکر اللہ کے لئے

اور سجدہ سے سر اٹھا کر یہ دعا پڑھے:۔

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَنْتَ

خداوندا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس لئے واسطے کہ تعریف فقط تیرے لئے ہے

وَاحِدٌ اَحَدٌ صَمَدٌ لَمْ تَلِدْ وَلَمْ تُوْلَدْ وَلَمْ

کوئی تیرا شریک نہیں تو واحد ہے یکتا ہے بے نیاز ہے کوئی تجھ سے تولد نہیں ہوا اور نہ تو کسی سے پیدا ہوا اور نہ

یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ وَّاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَ

تیرا کوئی ہمسر ہے اور بیشک محمد مصطفےٰ تیرے بندے اور تیرے

رَسُوْلُکَ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ یَا مَنْ

رسول ہیں تیرا درود ہو اُن پر اور اُن کی آل پر اے وہ کہ جو

ھُوَ کُلَّ یَوْمٍ فِیْ شَاْنٍ کَمَا کَانَ مِنْ

ہر روز (مخلوق کے) ایک کام میں ہے جس طرح کہ تھا تیرے کام

191

شَاْنِکَ اَنْ تَفَضَّلْتَ عَلَیَّ بِاَنْ جَعَلْتَنِیْ

سے یہ کہ احسان کیا تو نے مجھ پر اس طرح کہ قرار دیا مجھ کو

مِنْ اَھْلِ اِجَابَتِکَ وَاَھْلِ دِیْنِکَ

(اپنے حکم کے) قبول کرنیوالوں میں سے اور اپنے دین والوں میں سے

وَاَھْلِ دَعْوَتِکَ وَوَفَّقْتَنِیْ لِذٰلِکَ فِیْ

اور اپنی دعوت والوں میں سے اور توفیق دی مجھ کو اس کی میری

مُبْتَدَءِ خَلْقِیْ تَفَضُّلًا مِّنْکَ وَکَرَمًا

خلقت کی ابتدا میں اپنے احسان کے ساتھ اور اپنے کرم و

وَجُوْدًا ثُمَّ اَرَدْتَّ الْفَضْلَ فَضْلًا

بخشش کے ساتھ پھر ایک فضل کے بعد دوسرا فضل کیا

www.kitabmart.in

وَالْجُودُ جُودًا وَالْكَرَمُ مَكْرُمَةً مِنْكَ

اور بخشش کے بعد دوسری بخشش اور کرم کے بعد دوسرا کرم اپنی مہربانی کے

وَرَحْمَةً إِلَى أَنْ جَدَّدْتَ ذٰلِكَ الْعَهْدَ

سبب سے اور اپنی رحمت کی جہت سے یہاں تک کہ تو نے تازہ کیا اُس عہد کو

لِي تَجْدِيدًا بَعْدَ تَجْدِيدِكَ خَلْقِي وَ

میرے لئے جو حق ہی تازہ کرنے کا بعد تازہ کرنے کے میری آفرینش کو ایسی حالت میں کہ

أَنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا نَاسِيًا سَاهِيًا غَافِلًا

میں مٹا ہوا تھا (اور) فراموشکار بھول جانے والا غفلت زدہ

فَأَتْمَمْتَ نِعْمَتَكَ بِأَنْ ذَكَّرْتَنِي ذٰلِكَ

پس تو نے تمام کی اپنی نعمت اس طرح کہ یاد دلایا مجھ کو وہ عہد

وَمَنَنْتَ بِهِ عَلَيَّ وَهَدَيْتَنِي لَهُ فَلْيَكُنْ

اور احسان کیا تو نے مجھ پر اُس کے ساتھ اور اُس کے لئے میری ہدایت کی پس

مِنْ شَأْنِكَ يَا إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ

چاہیئے کہ تیرے کام میں سے ہو اے میرے خدا اور میرے مالک اور میرے مولا

أَنْ تُتِمَّ لِي ذٰلِكَ وَلَا تَسْلُبْنِيهِ حَتَّى

یہ کہ تمام کرے میرے لئے اُس کو اور نہ لے لے اُس کو مجھ سے یہاں تک کہ

تَتَوَفَّانِي عَلَى ذٰلِكَ وَأَنْتَ عَنِّي رَاضٍ

(دنیا سے) اُٹھائے تو مجھ کو اُس پر اس حال میں کہ تو مجھ سے خوشنود ہو

فَإِنَّكَ أَحَقُّ الْمُنْعِمِينَ أَنْ تُتِمَّ نِعْمَتَكَ

یقیناً تو سزاوار ترین ہے نعمت دینے والوں میں اس بات کے ساتھ کہ تمام کرے تو اپنی نعمت کو

www.kitabmart.in

عَلَى اللّٰهُمَّ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا وَ اَجَبْنَا دَاعِيَكَ

مجھ پہ خدا و ندا ہم نے سنا اور اطاعت کی اور ہم نے قبول کیا تیری

بِمَنِّكَ فَلَكَ الْحَمْدُ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ

دعوت کو تیرے احسان کے سبب سے پس تمام تعریف تیرے لئے ہے ہم تیری بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے

اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

پروردگار اور تیری ہی طرف بازگشت ہے ہم ایمان لائے خدا پر وہ تنہا ہے نہیں ہے کوئی

لَهٗ وَبِرَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

شریک اس کا اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ پر

وَاٰلِهٖ وَصَدَّقْنَا وَاَجَبْنَا دَاعِيَ اللّٰهِ وَ

اور ہم نے تصدیق کی اور قبول کیا خدا کی دعوت کو اور

١٩٣ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فِيْ مُوَالَاةِ مَوْلَانَا وَ

ہم نے پیروی کی رسولؐ کی محبت میں اپنے مولا اور

مَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ

مومنوں کے مولا امیر المومنین علی بن

بْنِ اَبِيْطَالِبٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَخِيْ رَسُوْلِهٖ

ابی طالب کی جو خدا کے بندے اور اس کے رسول کے بھائی

وَالصِّدِّيْقِ الْاَكْبَرِ وَالْحُجَّةِ عَلٰى بَرِيَّتِهٖ

اور صدیق اکبر اور خدا کی مخلوق پر اس کی حجت ہیں اور

الْمُؤَيَّدِ بِهٖ نَبِيَّهٗ وَدِيْنَهُ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ

اُن سے تقویت پائی اس کے رسول اور سچے اور کے دین نے اس حالت میں کہ وہ ایک

www.kitabmart.in

عَلَمًا لِّدِيْنِ اللّٰهِ وَخَازِنًا لِّعِلْمِهٖ وَعَيْبَةً

نشان تھے دین خدا کے اور خزانہ دار اس کے علم کے اور محل حفاظت خدا کے

غَيْبِ اللّٰهِ وَمَوْضِعَ سِرِّ اللّٰهِ وَاَمِيْنَ اللّٰهِ

علم غیب کے اور جگہ اللہ کے راز پنہاں کی اور امانت دار اللہ کے

عَلٰى خَلْقِهٖ وَشَاهِدَهٗ عَلٰى بَرِيَّتِهٖ

اس کی مخلوق پر اور گواہ اس کے اس کے خلق پر

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا

اے خدا اے ہمارے پالنے والے یقیناً سنا ہم نے ندا کرنیوالے کو

يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

جو ایمان کے لئے ندا کرتا تھا یہ کہ ایمان لاؤ اپنے پروردگار پر

فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ

پس ہم ایمان لائے اے ہمارے پروردگار تو ہمارے گناہوں کو بخش دے اور مٹا دے

عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ

ہماری برائیوں کو اور اٹھا دنیا سے ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ

اے ہمارے پروردگار عطا کر ہم کو جو کچھ تو نے وعدہ کیا ہے اپنے رسول کے ذریعہ سے

وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

اور رسوا نہ کرنا ہم کو قیامت کے روز یقیناً تو وعدہ خلافی

الْمِيْعَادَ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا بِمَنِّكَ وَلُطْفِكَ

نہیں کرتا پس بیشک ہم نے مانی ہمارے پالنے والے تیرے احسان و لطف سے

www.kitabmart.in

أَجَبْنَا دَاعِيَكَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ وَصَدَّقْنَاهُ

قبول کیا تیرے دعوت دینے والے کو اور پیروی کی رسول کی اور تصدیق کی

وَصَدَّقْنَا مَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَكَفَرْنَا بِالْجِبْتِ

اُس کی اور ہم نے تصدیق کی مومنین کے حاکم کی اور ہم نے انکار کیا جبت

وَالطَّاغُوْتِ فَوَلِّنَا مَا تَوَلَّيْنَا وَاحْشُرْنَا مَعَ

اور شیاطین سے پس متوجہ کر ہم کو جس کی جانب ہم نے رخ کیا ہے اور محشور کر تا ہم کو ہمارے

أَئِمَّتِنَا فَإِنَّا بِهِمْ مُؤْمِنُوْنَ مُوْقِنُوْنَ وَلَهُمْ

اماموں کے ساتھ کیونکہ ہم اُن پر ایمان رکھتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں اور ہم اُن کے

مُسَلِّمُوْنَ آمَنَّا بِسِرِّهِمْ وَعَلَانِيَتِهِمْ وَ

احکام کو تسلیم کرنیوالے ہیں ہم ایمان لائے اُن کی پوشیدہ اور ظاہر اور

شَاهِدِهِمْ وَغَائِبِهِمْ وَحَيِّهِمْ وَمَيِّتِهِمْ

موجود اور غائب باتوں پر اور اُن کے زندہ اور مردہ پر

وَرَضِيْنَا بِهِمْ أَئِمَّةً وَقَادَةً وَسَادَةً وَ

اور ہم راضی ہوئے اُن کے ساتھ اس حال میں کہ وہ سب بزرگ امام اور پیشوا

حَسْبُنَا بِهِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ اللّٰهِ دُوْنَ خَلْقِهِ

اور سردار ہیں اور کافی ہیں وہ لوگ ہمارے اور خدا کے درمیان نہ اُس کی مخلوق

لَا نَبْتَغِيْ بِهِمْ بَدَلًا وَلَا نَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهِمْ

ہم نہیں چاہتے اُن کے بجائے کسی کو اور نہیں اختیار کرتے اُن کے سوا کسی غیر کو

ہر چیز کی کمی وجہ سے گرانی قدر و عزیز تر ہوتی ہے مگر علم جتنا زیادہ ہو اتنا ہی قابل قدر ہے

www.kitabmart.in

وَلِيجَةً وَبَرِئْنَا إِلَى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ مَنْ نَصَبَ

اور نہ کسی کے دخل کو اور ہم نے برات کی خدا کی جانب ہر اس شخص سے جس نے قائم کی

لَهُمْ حَرْبًا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ مِنَ الْأَوَّلِينَ

اُن کے لئے جنگ جن اور انسان میں سے خواہ وہ پہلے لوگوں میں سے ہوں

وَالْآخِرِينَ وَكَفَرْنَا بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ

خواہ بعد کے لوگوں میں سے اور انکار کیا ہم نے جبت اور طاغوت اور

وَالْأَوْثَانِ الْأَرْبَعَةِ وَأَشْيَاعِهِمْ وَأَتْبَاعِهِمْ

چاروں بتوں سے اور اُن کے دوستوں سے اور اُنکے پیروؤں سے

وَكُلِّ مَنْ وَالَاهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ مِنْ ۱۹۶

اور اُن سب سے جو اُن کو دوست رکھتے ہیں جن اور انسان میں سے

أَوَّلِ الدَّهْرِ إِلَى آخِرِهِ اللّٰهُمَّ إِنَّا نُشْهِدُكَ

ابتدائے عالم سے آخر زمانہ تک خداوندا یقیناً ہم تجھ کو گواہ کرتے ہیں

أَنَّا نَدِينُ بِمَا دَانَ بِهِ مُحَمَّدٌ وَ

اس پر کہ ہم اطاعت کرتے ہیں اُس امر کی جس کی اطاعت کی محمدؐ و آل محمدؐ

آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ

صلے اللہ علیہ و آلہ نے

وَقَوْلُنَا مَا قَالُوا وَدِينُنَا مَا دَانُوا

اور ہمارا قول وہی ہو جو اُن کا تھا اور ہمارا دین وہی ہے جو اُن کا ہے

www.kitabmart.in

بِهٖ مَا قَالُوْا بِهٖ قُلْنَا وَمَا دَانُوْا بِهٖ دِنَّا

جو کچھ اُن لوگوں نے کہا وہی ہم نے کہا اور جو دین ان لوگوں نے اختیار

وَمَا اَنْكَرُوْا اَنْكَرْنَا وَمَنْ وَالَوْا وَالَيْنَا

کیا وہی ہم نے اختیار کیا اور جس سے اُنھوں نے انکار کیا ہم نے بھی انکار کیا اور جس کو اُنھوں نے دوست

وَمَنْ عَادَوْا عَادَيْنَا وَمَنْ لَعَنُوْا لَعَنَّا

رکھا ہم نے بھی رکھا اور جس کو اُنھوں نے دشمن رکھا ہم نے بھی رکھا اور جس پر اُنھوں نے لعنت کی ہم نے بھی کی

وَمَنْ تَبَرَّءُوْا مِنْهُ تَبَرَّأْنَا مِنْهُ وَمَنْ

اور جس سے کہ وہ لوگ بیزار ہوئے ہم بھی بیزار ہوئے اور جس پر اُن لوگوں نے

تَرَحَّمُوْا عَلَيْهِ تَرَحَّمْنَا عَلَيْهِ اٰمَنَّا وَ

رحم کیا ہم نے بھی اُس پر رحم کیا ہم ایمان لائے اور

سَلَّمْنَا وَرَضِيْنَا وَاتَّبَعْنَا مَوَالِيْنَا

ہم نے تسلیم کیا اور ہم راضی ہوئے اور ہم نے پیروی کی اپنے پیشواؤں کی

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ فَتَمِّمْ

رحمتیں ہوں خدا کی اُن پر خداوندا پس تمام کر ہمارے لئے

لَنَا ذٰلِكَ وَلَا تَسْلُبْنَاهُ وَاجْعَلْهُ

اس اعتقاد کو اور اس کو ہم سے علیحدہ نہ کر اور رکھ اُس کو

مُسْتَقِرًّا ثَابِتًا عِنْدَنَا وَلَا تَجْعَلْهُ

برقرار و ثابت ہمارے لئے اور نہ قرار دے اُس کو

www.kitabmart.in

مُسْتَعَارًا وَ اَحْيِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا

عارضی اور زندہ رکھ ہم کو جب تک تو زندہ رکھنا چاہے

عَلَيْهِ وَ اَمِتْنَا اِذَا اَمَتَّنَا عَلَيْهِ

اُس پر اور ہم کو موت دے جب تو ہم کو موت دینا چاہے اُس پر

اٰلُ مُحَمَّدٍ اَئِمَّتُنَا فِيهِمْ نَأْتَمُّ

آل محمدؐ ائمہ ہیں ہمارے پس اُن ہی کی ہم اقتدا کرتے ہیں اور

وَلَايَاهُمْ نُوَالِي وَ عَدُوَّهُمْ نُعَادِي

انہی کو دوست رکھتے ہیں اور اُن کے دشمنوں کو جو خدا کے

اللّٰهُ نُعَادِي فَاجْعَلْنَا مَعَهُمْ

دشمن ہیں ہم دشمن رکھتے ہیں پس قرار دے ہم کو اُن کے ساتھ

فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ

دنیا و آخرت میں اور

مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ فَاِنَّا

قرار دے ہم کو مقربوں میں سے پس یقیناً ہم

بِذٰلِكَ رَاضُوْنَ يَا اَرْحَمَ

اس سے راضی ہیں اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ

الرَّاحِمِيْنَ

رحم کرنے والے

www.kitabmart.in

پھر اس کے بعد سجدہ میں جائے اور سو مرتبہ الحمد للہ اور سو مرتبہ شکر اللہ کہے اور روز غدیر زیارت جناب امیرؑ پڑھنا نہایت فضیلت رکھتی ہے اس طرح کہ اول دو رکعت نماز زیارت پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ بعد اس کے زیارت پڑھے۔ قبر مطہر کی طرف انگشت شہادت سے اشارہ کرے زیارت آگے مذکور ہے اس کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی وَلِیِّکَ وَاَخِی نَبِیِّکَ وَ

خداوندا درود بھیج اپنے دوست اور اپنے نبی کے بھائی اور اُن کے

وَزِیْرِہٖ وَحَبِیْبِہٖ وَخَلِیْلِہٖ وَمَوْضِعِ سِرِّہٖ

وزیر اور اُن کے محبوب اور اُن کے دوست صادق اور اُن کے رازدار

وَخَیِّرَتِہٖ مِنْ اُسْرَتِہٖ وَوَصِیِّہٖ وَصَفْوَتِہٖ

کے محل اور اُن کے خاندان میں سب سے زیادہ منتخب اور اُن کے جانشین اور اُن کے برگزیدہ

وَمُخَالِصَتِہٖ وَاَمِیْنِہٖ وَوَلِیِّہٖ وَاَشْرَفِ

اور اُن کے کھرے مددگار اور اُن کے امانتدار اور اُن کے ناصر اور اُن کے گھرانے

عِتْرَتِہِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِہٖ وَاَبِیْ ذُرِّیَّتِہٖ

میں سے اُن لوگوں میں کہ جو ان پر ایمان لائے سب سے زیادہ معزز اور اُن کی نسل جس اولاد سے چلی

وَبَابِ حِکْمَتِہٖ وَالنَّاطِقِ بِحُجَّتِہٖ وَالدَّاعِیْ

اُس کے باپ اور اُن کے علم و حکمت کے دروازے اور اُن کی حجت کے ساتھ گویا اور اُن کی

www.kitabmart.in

اِلٰی شَرِیْعَتِہٖ وَالْمَاضِیْ عَلٰی سُنَّتِہٖ وَخَلِیْفَتِہٖ

شریعت کی طرف دعوت دینے والے اور اُنکی سنت پر قائم رہنے والے اور اُن کے

عَلٰی اُمَّتِہٖ سَیِّدِ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

جانشین اُنکی امت پر مسلمانوں کے سردار اور مومنین کے امیر

وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اور نورانی چہروں اور پیروں والے لوگوں کے رہنما پر بہترین وہ درود جو

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَصْفِیَائِكَ وَاَوْصِیَاءِ

جو تو نے بھیجا ہو کسی پر اپنے مخلوقات اور اپنے برگزیدگان اور اپنے انبیا کے

اَنْبِیَائِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ ۲۰۰

جانشینوں میں سے خداوندا میں گواہی دیتا ہوں کہ انھوں نے تبلیغ کی

عَنْ نَبِیِّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ مَا حُمِّلَ

تیرے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ کی طرف سے اُس شے کی جس کے وہ حامل

وَرَعٰی مَا اسْتُحْفِظَ وَحَفِظَ مَا اسْتُوْدِعَ وَ

قرار دیئے گئے تھے اور نگرانی کی اُس چیز کی جو اُن کے پاس امانت رکھی گئی تھی

حَلَّلَ حَلَالَكَ وَحَرَّمَ حَرَامَكَ وَاَقَامَ

اور انھوں نے حلال و حرام کو تیرے قائم رکھا اور تیرے

اَحْكَامَكَ وَدَعٰی اِلٰی سَبِیْلِكَ وَوَالٰی

احکام کو برقرار کیا اور تیرے راستے کی طرف دعوت دی اور دوستی کی

العاقل یعمل علی عملہ الجاھل یعتمد علی املہ

www.kitabmart.in

أَوْلِيَائِكَ وَعَادِيَ أَعْدَائِكَ وَجَاهَدَ

تیرے دوستوں سے اور دشمنی کی تیرے دشمنوں سے اور جہاد کیا ان لوگوں سے

النَّاكِثِينَ عَنْ سَبِيلِكَ وَالْقَاسِطِينَ وَالْمَارِقِينَ

جنھوں نے عہد شکنی کر کے مخالفت کی تیرے راستے سے اور ظلم کیا اور تیرے دین سے نکل گئے

عَنْ أَمْرِكَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ

صبر کرتے ہوئے برداشت کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہوئے بغیر پشت پھیرے ہوئے

لَا تَأْخُذُهُ فِي اللَّهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ حَتَّى بَلَغَ فِي

خدا کے بارے میں ان کو کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت کی پرواہ نہیں یہاں تک کہ

ذَلِكَ الرِّضَا وَسَلَّمَ إِلَيْكَ الْقَضَاءَ وَعَبَدَكَ ٢٠١

وہ پہونچے اس میں رضامندی کے درجہ تک اور سپرد کیا تیری طرف فیصلہ اور عبادت

مُخْلِصًا وَنَصَحَ لَكَ مُجْتَهِدًا حَتَّى أَتَاهُ الْيَقِينُ

کی تیری خلوص کے ساتھ اور خیرخواہی کی تیرے دین کی کوشش کرتے ہوئے یہاں تک

فَقَبَضْتَهُ إِلَيْكَ شَهِيدًا سَعِيدًا وَلِيًّا تَقِيًّا

کہ آئی ان کو موت پس تو نے اٹھالیا ان کو اپنی طرف شہید و بلند قسمت اور ولی اور پرہیزگار

رَاضِيًا زَكِيًّا هَادِيًا مَهْدِيًّا اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى

اور پسندیدہ اور پاکیزہ اور رہنما اور ہدایت یافتہ ہونے کے ساتھ خداوندا درود بھیج

مُحَمَّدٍ وَعَلَيْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ

محمد مصطفےٰ پر اور ان پر بہترین وہ درود جو تو نے بھیجا ہے کسی پر

عاقل اپنے عمل پر بھروسا کرتا ہے جاہل اپنی آرزو پر بھروسا کرتا ہے

www.kitabmart.in

مِنْ اَنْبِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

اپنے انبیا اور برگزیدہ بندوں میں سے اے تمام جہانوں کے پروردگار

اور بنا بر قول مشہور یہ ہے کہ آج کے روز مومن باہم صیغہ اخوت

پڑھتے ہیں اور وہ دعائے اخوت یہ ہے کہ نخبۃ الدعوات میں درج ہے

اُخَيُّكَ فِي اللّٰهِ وَصَافِيْتُكَ فِي اللّٰهِ وَصَاخَتُّكَ

برادری قائم کرتا ہوں میں تمہاری ساتھ خدا کے بارے میں اور مصافات کرتا ہوں میں خدا کے بارے میں

فِي اللّٰهِ وَعَاهَدْتُ اللّٰهَ وَمَلَآئِكَتَهٗ وَرُسُلَهٗ

اور ہاتھ ملاتا ہوں میں تم سے خدا کے بارے میں اور عہد کرتا ہوں اللہ سے اور اس کے فرشتوں سے

وَاَنْبِيَآءَهٗ وَالْاَئِمَّةَ الْمَعْصُوْمِيْنَ عَلٰى اَنِّيْ ۲۰۲

اور اس کے انبیاء و مرسلین سے اور ائمہ معصومین سے اس بات کا کہ اگر میں اہل بہشت

اِنْ كُنْتُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَالشَّفَاعَةِ وَاُذِنَ

اور مستحق شفاعت افراد میں سے ہوں اور مجھ کو

لِيَ الدُّخُوْلُ فِيْهَا لَا اَدْخُلُهَا اِلَّا وَاَنْتَ مَعِيْ

اجازت ملی جنت میں داخل ہونے کی تو میں نہیں داخل ہونگا جب تک کہ تم میرے ساتھ ہو

پس وہ برادر مومن کہے قَبِلْتُ (میں نے قبول کیا) بعدہٗ کہے

اَسْقَطْتُ عَنْكَ جَمِيْعَ حُقُوْقِ الْاُخُوَّةِ مَا خَلَا

ساقط کیا میں نے تم سے تمام حقوق برادری کے سوائے

www.kitabmart.in

اَلدُّعَآءُ وَالزِّیَارَۃُ وَالشَّفَاعَۃُ

دعا زیارت اور شفاعت کے

عید مباہلہ

یہ عید چوبیسویں ذی الحجہ کو ہے اور بہت بڑی عید ہے کہ اس روز اسلام کو بہت بڑی روحانی فتح حاصل ہوئی اور فضیلت جناب امیر و جناب فاطمہ و حسنین علیہم السلام کی کل خلائق پر ظاہر ہوئی اور جناب امیر علیہ السلام بموجب آیہ قرآنی نفس پیغمبر قرار پائے اور اسی روز جناب امیر علیہ السلام نے انگوٹھی سائل کو حالت رکوع میں عنایت کی اور آیہ ولایت آپ کی شان میں نازل ہوا۔ پس اس روز غسل سنت ہے۔ اور زیارت جناب امیر علیہ السلام جو آگے مذکور ہے پڑھے اور اس روز کے روزہ کا بہت ثواب ہے حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی اس روز روزہ رکھے نصف ساعت قبل دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد دس مرتبہ سورہ قل ہو اللہ اور دس مرتبہ آیۃ الکرسی ہُمْ فِیْہَا خَالِدُوْنَ تک اور دس مرتبہ سورہ انا انزلناہ پڑھے تو ثواب عظیم ہے اور دنیا و آخرت کی جو حاجت طلب کریگا حق تعالیٰ برلائیگا اور اگر بعد نماز کے ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ (بخشش طلب کرتا ہوں میں خدا سے جو میرا پروردگار ہے اور توبہ کرتا ہوں اُس کی بارگاہ میں) کہے تو بہتر ہے

کتابیں پڑھنے لکھنے کے لئے باغ و بہار ہیں

www.kitabmart.in

تاریخی یادداشت

یکم ذی الحجہ۔ اس تاریخ ہجرت کے دوسرے سال جناب رسالتمآب نے حضرت فاطمہؑ کا عقد امیرالمومنینؑ کے ساتھ کیا۔

۳ ذی الحجہ۔ امام حسینؑ مکہ معظمہ سے عازم عراق ہوئے۔ بنا بر بعض روایات کے حضرت ساتویں کو اور بعض کی بنا پر روز عرفہ عراق کی طرف روانہ ہوئے تھے۔

۴ ذی الحجہ۔ اس تاریخ جناب رسالتمآب حجۃ الوداع کے سلسلہ میں وارد مکہ معظمہ ہوئے۔

۶ ذی الحجہ۔ جناب مسلم بن عقیل سے کوفہ میں جنگ کا سلسلہ شروع ہوا۔

۷ ذی الحجہ۔ اس تاریخ ۱۱۴ھ میں امام محمد باقرؑ نے وفات پائی ۲۰۴

۸ ذی الحجہ۔ روز ترویہ ہے۔

یہ کارخانہ اپنے پیدا کرنیوالے کے نزدیک ناچیز نہ کیونکہ حلال میں حرام خیر میں شر اور شیرینی میں تلخی ملی ہوئی ہے

دارِ الناس سمیع باخارہم وانفہم بالبشیر میت اضعافہم

www.kitabmart.in

ایام	ربیع الثانی وہم	حزیران	تیر وسنہ ہجری	اہم وقائع تاریخی
جمعہ	۱۶	۲۲	۱۸	
شنبہ	۱۷	۲۳	۱۹	
یکشنبہ	۱۸	۲۴	۲۰	
دوشنبہ	۱۹	۲۵	۲۱	
سہ شنبہ	۲۰	۲۶	۲۲	
چہارشنبہ	۲۱	۲۷	۲۳	
پنجشنبہ	۲۲	۲۸	۲۴	
جمعہ	۲۳	۲۹	۲۵	
شنبہ	۲۴	۳۰	۲۶	
یکشنبہ	۲۵	۳۱	۲۷	
دوشنبہ	۲۶	جون	۲۸	
سہ شنبہ	۲۷	۲	۲۹	
چہارشنبہ	۲۸	۳	۳۰	
پنجشنبہ	۲۹	۴	۳۱	
جمعہ	۳۰	۵	امرداد	

۳۰

ایسا برتاؤ کرو جو سودمند ہو لوگوں سے دوستی کرو اور خندہ روئی سے پیش آؤ تاکہ ان کے

مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِاَخِيْهِ وَقَعَ فِيْهِ

www.kitabmart.in

اعمال ماہ ربیع الثانی

سید ابن طاؤس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ اس ماہ کی پہلی تاریخ مستحب ہے کہ یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ وَخَالِقُ كُلِّ حَيٍّ

خداوندا تو معبود ہے ہر چیز کا اور خالق ہے ہر ذی روح کا

وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ اَسْئَلُكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى

اور مالک ہے ہر چیز کا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے واسطہ سے (تیری) رسیمان محکم

وَالْغَايَةِ وَالْمُنْتَهٰى وَبِمَا خَالَفْتَ بِهٖ بَيْنَ

اور تیرے مقرر کردہ) منزل و مقصد کے اور اس تفرقہ کے جو تو نے قرار دیا ہے درمیان

الْاَنْوَارِ وَالظُّلُمَاتِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَ

روشنیوں اور تاریکیوں اور جنت اور دوزخ اور

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَبِاَعْظَمِ اَسْمَائِكَ

دنیا اور آخرت کے اور تیرے بزرگ ناموں کے

فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَاَتَمِّ اَسْمَائِكَ

ذریعہ سے جو لوح محفوظ میں ہیں اور ان تیرے اسماء کے ذریعہ سے جو

جواہے دوست کے لئے کنواں کھودتا ہے خود اس میں گرتا ہے

www.kitabmart.in

فِي التَّوْرٰيةِ نُبلًا وَاَظْهَرُ اَسْمَآئِكَ فِي الزَّبُوْرِ

توریت میں سب سے زیادہ بلند ہیں اور ظاہر ترین نام تیرے زبور میں ہیں

عِزًّا وَاَجَلُّ اَسْمَآئِكَ فِي الْاِنْجِيْلِ قَدْرًا

عزت کے لحاظ سے اور بزرگ تر نام تیرے انجیل میں قدر و منزلت کے رو سے

وَاَرْفَعُ اَسْمَآئِكَ فِي الْقُرْاٰنِ ذِكْرًا وَاَعْظَمُ اَسْمَآئِكَ

اور بلند تر نام تیرے ہیں قرآن میں از روئے ذکر کے اور بزرگ تر نام تیرے

فِي الْكُتُبِ الْمُنْزَلَةِ وَاَفْضَلُهَا وَاَسَرُّ اَسْمَآئِكَ فِي

نازل شدہ کتابوں میں اور سب میں افضل اور پوشیدہ تر نام تیرے جو خود

نَفْسِكَ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَاَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَ

تجھ میں ہیں جس کے مانند کوئی چیز نہیں اور سوال کرتا ہوں واسطہ سے

قُدْرَتِكَ وَبِالْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَمَا حَمَلَ

تیری عزت اور قدرت کے اور واسطہ سے تیرے بزرگ عرش کے اور جو کچھ اٹھائے

وَبِالْكُرْسِيِّ الْكَرِيْمِ وَمَا وَسِعَ اَنْ تُصَلِّيَ

ہوئے ہے اور گرامیقدر کرسی اور جس کی وہ سمائی رکھتی ہے یہ کہ درود بھیجے تو

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَتُتِيْحَ لِيْ مِنْ

محمدؐ و آل محمد پر اور مقرر فرما میرے لئے اپنے

عِنْدِكَ فَرَجَكَ الْقَرِيْبَ الْعَظِيْمَ الْاَعْظَمَ

پاس سے اپنی کشائش کو جو نزدیک ہے اور بزرگ سے بزرگ تر ہے

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ اَتْمِمْ اِحْسَانَكَ الْقَدِیْمَ الْاَقْدَمَ

خداوندا تمام کر اپنے احسان کو مجھ پر جو قدیم اور قدیم تر ہے

وَتَابِعْ اِلَیَّ مَعْرُوْفَكَ الدَّائِمَ الْاَدْوَمَ

اور برابر جاری رکھ مجھ پر اپنی نعمت کو جو دائم اور انتہائی دائمی ہے

وَاَلْحِقْنِیْ بِعِزِّ جَلَالِكَ الْكَرِیْمِ الْاَكْرَمِ

اور بلند کر مجھ کو اپنی بزرگ صفت کے ساتھ جو بلند اور بلند تر ہے

وَاِلٰھُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ

اور تمہارا خدا خدائے واحد ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ

جو رحمٰن اور رحیم ہے وہ خدا کہ جس کے سوا نہیں ہے کوئی معبود برحق

الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ

اور وہ زندہ اور ہمیشہ قائم ہے نہ وہ اونگھتا ہے نہ اس کو نیند آتی ہے

الٓمّٓ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

الٓمّٓ وہ اللہ کہ نہیں ہے کوئی معبود اس کے سوا جو زندہ اور قائم و دائم ہے

ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ

وہ وہ ہے جو صورت بناتا ہے تمہاری رحموں میں جیسی چاہتا ہے

یَشَآءُ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ

نہیں ہے کوئی خدا مگر وہ جو غالب اور صاحب حکمت ہے

www.kitabmart.in

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

گواہی دی اللہ نے یہ کہ بیشک کوئی معبود برحق نہیں ہے سوائے اُس کے اور

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

گواہی دی فرشتوں اور صاحبان علم درانحالیکہ وہ خدا قائم ہے عدل پر نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہ جو غالب اور صاحب حکمت ہے وہ اللہ کہ نہیں ہے کوئی خدا سوا اُس کے

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ

وہ جمع کریگا تم کو قیامت کے روز جس میں کوئی شک نہیں

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ

وہی اللہ ہے تمہارا پروردگار نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُسکے پیدا کرنیوالا

كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

ہر چیز کا پس عبادت کرو اُس کی وہی ہر چیز کا نگہبان

وَكِيْلٌ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ

ہے پیروی کرو اُس کی جو وحی کی گئی تم پر تمہارے رب کی جانب سے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ

نہیں ہے کوئی معبود بجز اُس کے اور روگردان ہو مشرکین سے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ

(اے رسول) کہدو کہ اے لوگو بیشک میں رسول ہوں خدا کا تم سب

www.kitabmart.in

جَمِيْعًا ۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کی جانب (اُس خدا کی) جس کے لئے بادشاہی ہے آسمانوں اور زمینوں کی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

نہیں ہے کوئی خدا سوائے اُس کے وہ زندہ کرتا ہے اور مردہ کرتا ہے پس ایمان لاؤ

وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

خدا اور اُس کے رسول نبی امّی پر جو ایمان لاتا ہے خدا اور

وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ وَمَآ اُمِرُوْٓا

اُس کے کلمات پر۔ اور پیروی کرو اُس کی تاکہ تم ہدایت پاؤ اور لوگ مامور نہیں

اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ہوئے لیکن اس پر کہ عبادت کریں خدائے واحد کی نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے

سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

پاک ہے وہ اس سے کہ مشرکین اُس کا شریک قرار دیتے ہیں پس اگر لوگ روگردانی

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

کریں تو کہہ دو کہ کافی ہے میرے لئے اللہ۔ نہیں ہے کوئی خدا بجز اُس کے بھروسا کیا میں نے

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ

اُسی پر اور وہ رب ہے عرش عظیم کا جس وقت فرعون کو پہونچ گیا

الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ

غرق ہونا اُس نے کہا میں ایمان لایا کہ یقیناً نہیں کوئی معبود سوائے اُس کے

جو شخص تیری بے سبب تعریف کریگا ۱۰ اس بات کا بھی سزاوار ہے کہ تمھاری بے سبب برائی بھی کرے

مَنْ عَدَلَ فِيْ سُلْطَانِهٖ اسْتَغْنٰى عَنْ اِخْوَانِهٖ

www.kitabmart.in

اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

ایمان لائے بنی اسرائیل اور میں بھی ہوں مسلمانوں میں سے

قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

کہدو وہ میرا پروردگار ہی نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے اُس پر میں نے

وَاِلَيْهِ مَتَابِ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ

توکل کیا اور اُسی کی جانب ہے میری بازگشت نازل کرتا ہے وہ فرشتوں کو روح کیساتھ

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ

اپنے حکم سے جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے یہ کہ

اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ وَاِنْ

ڈراؤ بندوں کو کہ بیشک نہیں کوئی معبود بجز میرے پس ڈرو اور اگر

تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى اَللّٰهُ

ظاہر بظاہر اور بلند آواز سے کہو پس یقیناً وہ جانتا ہے راز اور اُس سے پوشیدہ تر بات کو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَاَنَا

اللہ وہ کہ نہیں ہے کوئی معبود اُس کے سوا اُس کے لئے اچھے اچھے نام ہیں اور میں نے

اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى اِنَّنِيْٓ اَنَا

منتخب کیا تجھ کو پس سن اُس چیز کو جو وحی کی جاتی ہے اسمیں شک نہیں کہ میں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

اللہ ہوں اور نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے پس عبادت کر میری اور درست کر نماز کو

جو اپنی سلطنت میں عدل و داد کرے گا وہ ساتھیوں سے بے نیاز رہے گا

www.kitabmart.in

لِذِكْرِيْ اِنَّمَا اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

میری یاد کے لئے بس تمہارا خدا وہی اللہ ہے کہ نہیں ہے کوئی معبود اسکے

وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

سوا گھیرے ہوئے ہے ہر شے کو بلحاظ علم کے اور ہم نے نہیں بھیجا قبل تمہارے

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا

کسی پیغمبر کو مگر یہ کہ وحی کی اس پر یہ کہ یقیناً نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے

فَاعْبُدُوْنِ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا

لہذا عبادت کرو میری اور یاد کرو صاحب ماہی (یونس) کو جس وقت کہ وہ گئے غضبناک

فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

پس گمان کیا کہ ہم اُن پر سختی نہ کریں گے پس ندا کی تاریکیوں میں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ

یہ کہ نہیں ہے کوئی خدا مگر تو اور پاک ہے تیری ذات یقیناً میں تھا

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

ظالموں میں سے پس بلند ہے اللہ وہ بادشاہ برحق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُ

نہیں ہے کوئی معبود بجز اسکے اور وہ مالک ہے عرش بزرگ کا اللہ کہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَهُوَ

نہیں ہے کوئی معبود سوا اُس کے وہ مالک ہے عرش بزرگ کا اور وہ

www.kitabmart.in

اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

ایمان لائے بنی اسرائیل اور میں بھی ہوں مسلمانوں میں سے

قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

کہدو وہ میرا پروردگار ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے اُس پر میں نے

وَاِلَيْهِ مَتَابِ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ

توکل کیا اور اُسی کی جانب ہے میری بازگشت نازل کرتا ہے وہ فرشتوں کو روح کیساتھ

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ

اپنے حکم سے جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے یہ کہ

اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ وَاِنْ

ڈراؤ بندوں کو کہ بیشک نہیں کوئی معبود بجز میرے پس ڈرو اور اگر

تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى اَللّٰهُ

ظاہر بظاہر اور بلند آواز سے کہو پس یقیناً وہ جانتا ہے راز اور اُس سے پوشیدہ تر بات کو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَاَنَا

اللہ وہ کہ نہیں ہے کوئی معبود اُس کے سوا اُس کے لئے اچھے اچھے نام ہیں اور میں نے

اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى اِنَّنِيْٓ اَنَا

منتخب کیا تجھ کو پس سن اُس چیز کو جو وحی کی جاتی ہے (اسمیں شک نہیں کہ میں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

اللہ ہوں اور نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے پس عبادت کر میری اور درست کر نماز کو

www.kitabmart.in

لِذِكْرِيْ اِنَّمَا اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

میری یاد کے لئے بس تمہارا خدا وہی اللہ ہے کہ نہیں ہے کوئی معبود اسکے

وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

سوا گھیرے ہوئے ہے ہر شے کو بلحاظ علم کے اور ہم نے نہیں بھیجا قبل تمہارے

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا

کسی پیغمبر کو مگر یہ کہ وحی کی اس پر یہ کہ یقیناً نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے

فَاعْبُدُوْنِ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا

لہذا عبادت کرو میری اور یاد کرو صاحب ماہی (یونس) کو جس وقت کہ وہ گئے غضبناک

فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

پس گمان کیا کہ ہم اُن پر سختی نہ کریں گے پس ندا کی تاریکیوں میں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ

یہ کہ نہیں ہے کوئی خدا مگر تو اور پاک ہے تیری ذات یقیناً میں تھا

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

ظالموں میں سے پس بلند ہے اللہ وہ بادشاہ برحق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُ

نہیں ہے کوئی معبود بجز اسکے اور وہ مالک ہے عرش بزرگ کا اللہ کہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَهُوَ

نہیں ہے کوئی معبود سوا اس کے وہ مالک ہے عرش بزرگ کا اور وہ

www.kitabmart.in

اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰی وَالْاٰخِرَۃِ

اللہ وہ ہے کہ نہیں ہے کوئی خدا اسکے سوا اُس کے لئے تمام تعریف ہے آغاز اور انجام میں

وَلَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰہِ

اور اسی کے لئے حکم ہے اور اُسی کی طرف پلٹیں گے اور نہ پکارو اللہ کے ساتھ

اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ

کسی اور خدا کو نہیں ہے کوئی خدا سوا اُس کے ہر چیز فنا ہونے والی ہے

اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ یَا

بجز اُس کی ذات کے اُسی کے لئے ہے حکم اور اُسی کی جانب بازگشت ہوگی اے

اَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ ھَلْ

لوگو یاد کرو نعمت کو خدا کی جو تم پر ہوئی ہے کیا

مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

کوئی پیدا کرنیوالا ہے بجز اللہ کے جو روزی دیتا ہو تم کو آسمان

وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ

اور زمین میں سے نہیں ہے کوئی معبود بجز اُس کے پس کہاں بہکے جاتے ہو

ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ لَہُ الْمُلْکُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

وہ ہے خدا تمھارا اُس کے لئے ہے بادشاہی نہیں ہے کوئی معبود سوائے

فَاَنّٰی تُصْرَفُوْنَ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

اُس کے تو کہاں تم پلٹے جاتے ہو وہ گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنیوالا ہے

جسکی طینت بُری ہوگی اُس کا حال چہرے سے نمایاں ہوگا

www.kitabmart.in

شَدِيدُ الْعِقَابِ ذُو الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ

اور سخت عذاب کرنیوالا ہے اور صاحب بزرگی ہے نہیں ہے کوئی خدا مگر وہ اُسی کی

الْمَصِيرُ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

جانب بازگشت ہے وہ ہے اللہ تمہارا پروردگار پیدا کرنیوالا ہر چیز کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُونَ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

نہیں ہے کوئی خدا بجز اُس کے پس کہاں بہکتے ہو وہ ہے خدا تمہارا

رَبُّكُمْ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ هُوَ الْحَيُّ

پروردگار پس بابرکت ہے اللہ پروردگار تمام جہانوں کا وہ زندہ ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے پس پکارو اُس کو خالص رکھتے ہوئے اُس کے لئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

اطاعت کامل تعریف ہے اللہ کے لئے جو پالنے والا ہے جہانوں کا اور مالک ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُوقِنِينَ

اور زمین کا اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے اگر تم صاحب یقین ہو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ

نہیں ہے کوئی خدا مگر وہ وہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت طاری کرتا ہے اور وہی

اٰبَائِكُمُ الْاَوَّلِينَ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَاءَتْهُمْ

پروردگار ہے تمہارا اور تمہارے گذشتہ آباؤ اجداد کا پس کیا عذر ہے اُن کے لئے جب اُن کے پاس آئے

من افشى سرك ضيع امرك

www.kitabmart.in

ذِكْرَاهُمْ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

یاد دہانی پس جانو کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور آمرزش

لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ هُوَ اللّٰهُ

طلب کر واپنے گناہ کیلئے اور مومنین اور مومنات کے لئے وہ ہی اللہ

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

کہ نہیں ہی کوئی معبود بجز اُس کے وہ جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

وہی بڑا رحم والا اور بہت رحم کرنے والا وہ اللہ ہے کہ نہیں ہی کوئی خدا بجز اُس کے

هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

وہ ہے بادشاہ نہایت پاک مقدس (نقائص سے) سالم امان دینے والا

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

نگہبان کرنیوالا غالب صاحب عظمت بہت بڑا پاک ہے اللہ

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَعَلَى اللّٰهِ

اس سے جسے لوگ شریک کرتے ہیں اللہ نہیں ہے کوئی خدا بجز اُس کے اور خدا پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

بھروسا کرنا چاہیئے مومنوں کو - خداوندا میں سوال کرتا ہوں

عَفْوًا لَيْسَ بَعْدَهٗ عُقُوْبَةٌ وَرِضًا لَيْسَ بَعْدَهٗ

تجھ سے معافی کا کہ بعد اُس کے کوئی عذاب نہ ہو اور خوشنودی کا کہ بعد اُس کے

جس نے تیرے راز کو افشا کیا تیری بات کو بگاڑ دیا

مَنْ كَانَتْ لَهُ فِكْرَةٌ فَلَهُ فِي كُلِّ شَيْءٍ عِبْرَةٌ

www.kitabmart.in

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

اپنی رحمت کے ساتھ اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم خداوندا تو

وَهَّابُ الْخَيْرِ فَهَبْ لِيْ شَوْقًا اِلٰى لِقَائِكَ وَ

بڑا عطا کرنیوالا ہی بھلائی کا پس عطا فرما مجھ کو شوق اپنی ملاقات کا اور

اِشْفَاقًا مِنْ عَذَابِكَ وَحَيَاءً مِنْكَ وَتَوْقِيْرًا

خوف اپنے عذاب کا اور شرم اپنے سے اور بزرگداشت

وَاِجْلَالًا حَتّٰى يَوْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَلْبِيْ وَيَقْشَعِرَّ

اور عزت کا احساس یہاں تک کہ ڈرے اس سے میرا دل اور کانپے

مِنْهُ جِلْدِيْ وَيَتَجَافٰى لَهُ جَنْبِيْ وَتَدْمَعَ مِنْهُ

اُس سے میری کھال اور بستر خواب تک نہ پہونچے اُسکے سبب سے میرا پہلو اور آنسو بہا

عَيْنِيْ وَلَا اَخْلُوَ مِنْ ذِكْرِكَ فِيْ لَيْلِيْ وَنَهَارِيْ

میری آنکھ اور خالی نہ ہوں تیری یاد سے اپنی رات میں اور اپنے دن میں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُثْنِيْ عَلَيْكَ

اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم خداوندا میں یقیناً تیری ثنا کرتا ہوں

وَمَا عَسٰى اَنْ يَبْلُغَ مَدْحِيْ وَثَنَائِيْ مَعَ قِلَّةِ

اور کس حد تک بھلا ہو سکتا ہے میرا مدح کرنا اور ثنا کرنا باوجود میرے

عَمَلِيْ وَقُصُوْرِ رَأْيِيْ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ

عمل کے اور یہ سبب میری کوتاہی رائے کے اور تو خالق ہے اور میں مخلوق

www.kitabmart.in

وَاَنْتَ الْمَلِيْكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ وَاَنْتَ الرَّبُّ

اور تو مالک ہے اور میں مملوک اور تو پروردگار ہے

وَاَنَا الْعَبْدُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ وَ

اور میں بندہ ہوں اور تو غالب ہے اور میں ذلیل ہوں اور

اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ وَاَنْتَ الْغَنِيُّ وَ

تو قوی ہے اور میں ضعیف ہوں اور تو غنی ہے اور

اَنَا الْفَقِيْرُ وَاَنْتَ الْمُعْطِيْ وَاَنَا السَّائِلُ وَ

میں فقیر ہوں اور تو عطا کرنیوالا ہے اور میں طلب کرنیوالا ہوں اور

اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَاَنَا خَلْقٌ اَمُوْتُ

تو وہ زندہ ہے جس کو موت نہیں اور میں ایسا مخلوق ہوں جو مرنیوالا ہے

فَاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ فِيْ

پس بخش دے مجھ کو اور رحم فرما مجھ پر اور عطا فرما مجھ کو جو میں نے سوال کیا ہے میری

دُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ وَعَنْ جَمِيْعِ

دنیا اور آخرت سے اور درگذر کر مجھ سے اور تمام

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَ

مومنین اور مومنات سے اور مسلمین اور

الْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

مسلمات سے جو زندہ ہیں اُن سے اور جو مر گئے ہیں اُن سے

www.kitabmart.in

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

خداوندا درود بھیج محمدؐ پر اپنے بندے اور رسول

وَنَبِيِّكَ وَصَفِيِّكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ

اور نبی اور اپنے برگزیدہ اور منتخب کیے ہوئے پر اپنی مخلوق

خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ وَكَرِّمْ

میں سے خداوندا بلند فرما اُن کے درجہ کو اور بزرگ کر

مَقَامَهٗ وَاَجْزِلْ ثَوَابَهٗ وَاَفْلِحْ حُجَّتَهٗ

اُن کے مقام کو اور عظیم قرار دے اُن کے ثواب کو اور ظاہر کر اُن کی حجت کو

وَاَظْهِرْ عُذْرَهٗ وَعَظِّمْ نُوْرَهٗ وَاَدِمْ

اور آشکار کر اُن کے عذر کو اور عظیم کر اُن کے نور کو اور پائیدار کر

كَرَامَتَهٗ وَاَلْحِقْ بِهٖ اُمَّتَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗ

اُن کی بزرگی کو اور ملحق کر اُن سے اُن کی اُمت اور اُن کی اولاد کو

وَاَقِرَّ بِذٰلِكَ عَيْنَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا

اور ٹھنڈا کر اُن کی آنکھ کو خداوندا قرار دے محمدؐ کو

اَكْرَمَ النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا وَاَعْظَمَهُمْ مَنْزِلَةً

سب پیغمبروں سے زیادہ گرامی تابعین کے لحاظ سے اور اُن میں سب سے زیادہ بلند مرتبہ

وَاَشْرَفَهُمْ كَرَامَةً وَاَعْلَاهُمْ دَرَجَةً

اور سب سے زیادہ عزت دار بزرگی کے لحاظ سے اور سب سے زیادہ بلند درجہ کے لحاظ سے

مِنَ النَّبِيِّ بِالتِّلْوِيحِ اِسْتَغْنَى ا عَنِ التَّصْرِيحِ

www.kitabmart.in

وَاَفْسَحْهُ فِي الْجَنَّةِ مَنْزِلًا اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ

اور اُن میں سب سے زیادہ کشادہ جنت میں منزل کے اعتبار سے خداوندا پہونچا

مُحَمَّدًا دَرَجَةَ الْوَسِيلَةِ وَشَرِّفْ بُنْيَانَهُ

محمدؐ کو درجہ پر وسیلہ کے اور عزت دے بنیاد کو اُن کی

وَعَظِّمْ بُرْهَانَهُ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ

اور عظیم فرما نور اُن کا اور دلیل اُن کی اور قبول کر شفاعت اُن کی

فِي اُمَّتِهِ وَتَقَبَّلْ صَلٰوةَ اُمَّتِهِ عَلَيْهِ

حق میں اُن کی اُمت کے اور قبول کر درود اُن کی اُمت کا اُن کے حق میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَاتِكَ

خداوندا درود بھیج محمدؐ پر جیسا کہ اُنھوں نے تبلیغ کی تیرے

وَتَلَا اٰيَاتِكَ وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ وَجَاهَدَ

پیغاموں کی اور تلاوت کی تیرے آیات کی اور خیر خواہی کی تیرے بندوں کی اور جہاد

فِي سَبِيلِكَ حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِينُ اَللّٰهُمَّ

کیا تیری راہ میں یہاں تک کہ آئی اُن کو موت خداوندا

زِدْ مُحَمَّدًا مَعَ كُلِّ شَرَفٍ شَرَفًا وَمَعَ

زیادہ کر محمدؐ کے لئے ہر شرف کے ساتھ شرف اور ہر فضل کے ساتھ اور

كُلِّ فَضْلٍ فَضْلًا وَمَعَ كُلِّ كَرَامَةٍ كَرَامَةً

زیادہ فضل اور ہر بزرگی کے ساتھ اور زیادہ بزرگی

جس کو اشارہ کافی ہوتا ہے وہ تشریح سے بے نیاز ہوتا ہے

مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ بِالنَّاسِ حَازَ مِنْهُمُ الْمَحَبَّةَ

www.kitabmart.in

وَمَعَ كُلِّ سَعَادَةٍ سَعَادَةً حَتّٰى تَجْعَلَ مُحَمَّدًا

اور ہر سعادت کے ساتھ اور زیادہ سعادت یہاں تک کہ قرار دے محمدؐ کو

فِي الشَّرَفِ الْاَعْلٰى مِنَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى اَللّٰهُمَّ

مرتبہ بلند میں بلند درجوں میں سے خداوندا

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَهِّلْ لِيْ

درود بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر اور آسان کر میرے لئے

مَحَبَّتِيْ وَبَلِّغْنِيْ اُمْنِيَّتِيْ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ

میری محبت کو اور پہونچا مجھ کو میری آرزو تک اور وسعت دے مجھ پر میری روزی

رِزْقِيْ وَاقْضِ عَنِّيْ دَيْنِيْ وَفَرِّجْ عَنِّيْ غَمِّيْ

کو اور برطرف کر مجھ سے میرے قرضہ کو اور دفع کر مجھ سے میرے غم کو

وَهَمِّيْ وَكَرْبِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اِرَادَتِيْ وَ

اور رنج اور تکلیف کو اور آسان کر میرے لئے میرے ارادہ کو اور

اَوْصِلْنِيْ اِلٰى بُغْيَتِيْ سَرِيْعًا عَاجِلًا يَا اَرْحَمَ

اور پہونچا مجھ کو میری حاجت تک نہایت جلد اور بلا تاخیر اے رحم کرنیوالوں

الرَّاحِمِيْنَ

میں سب سے زیادہ رحیم

اس ماہ کی دسویں تاریخ کو امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت ہے لہذا اس روز آنحضرتؑ کی زیارت اور علم اعمال خیر کرنا مناسب ہے اور روزہ رکھنا مستحب ہے۔

جو لوگوں کے ساتھ حسن ظن رکھتا ہے وہ اُن کا دل اپنے ہاتھ میں لیتا ہے

www.kitabmart.in

گیارھویں امام

اسم مبارک حسن بن علی بن محمد۔ عسکری اور ہادی کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔

۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ میں متولد ہوئے اور گیارھویں برس کی عمر میں اپنے والد کے ساتھ سامرہ میں آکر نظر بندی کے ایام میں قیام کیا اپنے والد کے بعد امام خلق ہوئے اور خاموشی کے ساتھ عبادت و تعلیم شریعت میں بسر کرتے رہے۔ آخر آپ کو معتمد باللہ عباسی کی طرف سے زہر دیا گیا اور ۸ ربیع الاوّل ۲۶۰ھ میں ۲۸ برس کی عمر میں شہادت پائی۔

www.kitabmart.in

قصیدہ

در ولادت حامی دین ہمپیری یادگار نسل حیدری

امام حسن عسکری علیہ السلام

(نتیجہ فکر جناب مولانا اکبر مہدی صاحب سلیم جرولی دام ظلہ)

جلد لا ساقی صراحی میں شراب احمری — چل گیا محفل میں دورِ بادۂ وحدت گری

بچ رہی ہو گر غدیرِ خم سے کچھ بھی ساقیا — لا ملا کر بادۂ احمر میں آب کوثری

وہ مئے صافی پلا جو درد سے یوں پاک ہو — قلب مومن جس طرح بغض و کدورت سے بری

ہی تمسک ساقی کوثر سے مجھ کو دی وہ مے — حب حیدر جس کا بیعانہ ہو رضوان مشتری

دور یوں چلتا رہی ساقی برابر روز و شب — جس طرح چکر میں رہتا ہی چرخ چنبری

ہاتھ میں ساغر ہو اور جنبش سے گرتی ہو شراب — دیکھتا ہو تو مجھے اور میں تری عشوہ گری

صحن گلشن میں ہے بھر مت میکشو نکلا ہوا — وجد میں ہیں آج سارے شیعیان حیدری

آج کی شب وہ امام و مقتدا پیدا ہوا — جن سے پائی ارض سامرہ نے کیا کیا برتری

آج آیا دہر میں وہ ہادیٔ دین الٰہ — خضر سے رہبر کو ہی جس سے امید رہبری

ہو بہو صورت میں اور سیرت میں محبوب خدا — شان و شوکت میں مجسم یادگار حیدری

لحن تھا وہ لحن حسن لیتی اگر داؤد بھی — تا قیامت پھر نہ کرتے دعویٔ نغمہ گری

گو لباس کہنہ رہتا تھا ہمیشہ زیب تن — پر عطا کرتے تھے مسکینوں کو دیبا و زری

www.kitabmart.in

پاؤں میں نعلیں بوسیدہ ہی گو عمر بھر
بوسے قدموں کے مگر لیتی ہے تاج خسروی

جانِ زہرا یادگارِ شبّر و شبّیر ہیں
نورِ چشمِ مرتضیٰ لختِ دلِ پیغمبری

حسن بھی ورد و ہنر بھی تھی جو دونوں ایکجا
نام نامی تو حسن ہے اور لقب ہے عسکری

ماں تو ہیں اُمّ ولد اور باپ حضرت کی نقی
پاک ہے نسل پدر طاہر ہے نسل مادری

حق نے وہ بیٹا دیا جس پر امامت ختم ہے
جانشیں خود دس اماموں کے جناب عسکری

تاریخی یادداشت ماہ ربیع الثانی

۱ — اس تاریخ ۱۰ھ میں سلیمان بن صرد خزاعی نے بغرض انتقام خون امام حسین خروج کیا اس تاریخ متوکل عباسی ہلاک ہوا۔

۷ — اس تاریخ ۱۴۵ھ میں منصور دوانقی نے بغداد کو آباد کیا۔ اسی تاریخ ۱۲۵ھ میں ہشام بن عبدالملک ہلاک ہوا۔

۱۰ — اس تاریخ ۲۳۲ھ میں امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔

۱۱ — اس تاریخ ۱۳۳۰ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۱۲ء کو روس نے روضۂ امام رضا علیہ السلام پر گولہ باری کی مگر تھوڑی ہی عرصہ کے بعد خدا نے اس کا انتقام لیا اور ۱۸ مارچ ۱۹۱۷ء روز پنجشنبہ مطابق ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۵ھ کو نکولس ثانی زار روس انتہائی ذلت کے ساتھ تخت سے اُتارا گیا اور ۱۷ شوال ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۱۸ء کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔

۲۰ — اس تاریخ ۳۶ھ میں جنگ جمل کے بعد بصرہ فتح ہوا اور جناب امیرؑ نے مظفر و منصور مراجعت فرمائی۔

www.kitabmart.in

ایام	تاریخ ماہ	تاریخ ماہ جون	تاریخ ماہ جولائی	اہم وقائع تاریخی
شنبہ	۱	۶	۲	
یکشنبہ	۲	۷	۳	
دوشنبہ	۳	۸	۴	
سہ شنبہ	۴	۹	۵	
چہارشنبہ	۵	۱۰	۶	
پنجشنبہ	۶	۱۱	۷	
جمعہ	۷	۱۲	۸	
شنبہ	۸	۱۳	۹	
یکشنبہ	۹	۱۴	۱۰	ارتحال شہید اول
دوشنبہ	۱۰	۱۵	۱۱	
سہ شنبہ	۱۱	۱۶	۱۲	
چہارشنبہ	۱۲	۱۷	۱۳	ارتحال آقائے صدر مرحوم
پنجشنبہ	۱۳	۱۸	۱۴	
جمعہ	۱۴	۱۹	۱۵	
شنبہ	۱۵	۲۰	۱۶	

www.kitabmart.in

ایام	جماری الاول	جون	رمضان	اہم وقائع تاریخی
یکشنبہ	۱۶	۲۱	۱۷	
دوشنبہ	۱۷	۲۲	۱۸	
سہ شنبہ	۱۸	۲۳	۱۹	
چہارشنبہ	۱۹	۲۴	۲۰	
پنجشنبہ	۲۰	۲۵	۲۱	ارتحال جناب سید ابراہیم صاحب قبلہ
جمعہ	۲۱	۲۶	۲۲	
شنبہ	۲۲	۲۷	۲۳	
یکشنبہ	۲۳	۲۸	۲۴	
دوشنبہ	۲۴	۲۹	۲۵	
سہ شنبہ	۲۵	۳۰	۲۶	
چہارشنبہ	۲۶	جولائی	۲۷	
پنجشنبہ	۲۷	۲	۲۸	
جمعہ	۲۸	۳	۲۹	
شنبہ	۲۹	۴	۳۰	

www.kitabmart.in

اعمال ماہ جمادی الاولیٰ

سید ابن طاؤس رضؒ نے بعض کتب معتبرہ سے نقل کیا ہے کہ اس مہینہ کی پہلی تاریخ مستحب ہے کہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ وَاَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ
خداوندا تو اللہ ہے اور تو بڑے رحم والا اور بہت رحم کرنیوالا ہے
وَاَنْتَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ وَاَنْتَ السَّلَامُ
اور تو بادشاہ ہے نہایت پاک اور تو صاحب سلامتی ہے
اَلْمُؤْمِنُ وَاَنْتَ الْمُھَیْمِنُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ وَ
اور امان دینے والا اور تو نگہبان کرنیوالا ہے اور تو غالب ہے اور
اَنْتَ الْجَبَّارُ وَاَنْتَ الْمُتَکَبِّرُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ
تو بزرگ ہے اور تو بزرگی والا ہے اور تو پیدا کرنیوالا ہے
وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الْمُصَوِّرُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ
اور تو خلق کرنیوالا ہے اور تو صورت بنانیوالا ہے اور تو غالب ہے
الْحَکِیْمُ وَاَنْتَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ
صاحب حکمت ہے اور تو اول و آخر ظاہر و

www.kitabmart.in

وَالْبَاطِنُ لَكَ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى اَسْئَلُكَ

اور باطن ہو تیرے لئے اچھے اچھے نام ہیں میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

يَا رَبِّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَبِحَقِّ

اے میرے مالک ان ناموں کے واسطے سے اور تیرے سب

اَسْمَائِكَ كُلِّهَا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

ناموں کے واسطے سے کہ درود بھیجے تو محمدؐ اور

وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاٰتِنَا اللّٰهُمَّ فِي الدُّنْيَا

آل محمد پر اور عطا کر ہم کو خداوندا دنیا میں

حَسَنَةً وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنًا وَلْخَتِمْ

بہتری اور آخرت میں بھی بہتری اور خاتمہ کر

لَنَا بِالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ فِي سَبِيْلِكَ وَ

ہمارا نیک بختی اور اپنے راستہ میں شہید ہونے کے ساتھ اور

عَرِّفْنَا بَرَكَةَ شَهْرِنَا هٰذَا وَيُمْنَهُ

شناسا کر ہم کو برکت سے اس مہینہ کی اور بہتری سے اس کی

وَارْزُقْنَا خَيْرَهُ وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّهُ

اور عطا کر ہم کو نیکی اس کی اور دور کر ہم سے برائی اس کی

وَاجْعَلْنَا فِيْهِ مِنَ الْفَائِزِيْنَ وَقِنَا

زور قرار دے ہم کو اس میں کامیاب لوگوں میں اور بچا ہم کو

www.kitabmart.in

بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اپنی رحمت کے ساتھ عذاب جہنم سے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

یقیناً تو ہر بات پر قادر ہے

اس کے بعد یہ آیات پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

تعریف اللہ کے لئے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا تعریف اللہ کے لئے جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور قرار دیا تاریکی

وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ

اور روشنی کو پھر بھی وہ لوگ جو کافر ہیں اپنے پروردگار کا دوسروں کو برابر

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى

وہ وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا مٹی سے پھر ایک مدت مقرر

اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

کی اور ایک مدت معین ہے اس کے نزدیک پھر بھی تم لوگ

تَمْتَرُوْنَ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي

شک کرتے ہو اور وہ اللہ ہے آسمانوں میں اور زمین

الْاَرْضِ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ

میں جانتا ہے تمہاری پوشیدہ اور تمہاری آشکارا بات کو اور جانتا ہے

جو اپنے مال میں سے لئے بخل کرتا ہے وہ اپنی بیوی کے ہونیوالے شوہر کے لئے جمع کرتا ہے

www.kitabmart.in

مَا تَكْسِبُونَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی

اُسے جو تم لوگ حاصل کرو تعریف اللہ کے لئے جس نے اُتاری اپنے

عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا

بندہ پر کتاب اور نہیں قرار دیا اُس کتاب میں کوئی عیب

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ

بالکل درست کتاب تاکہ وہ ڈرائیں سخت عذاب سے خدا کی جانب سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ

تعریف اللہ کے لئے جس کے قبضہ میں ہے وہ جو آسمانوں میں ہے اور وہ

مَا فِی الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ

جو زمین میں ہے اور اُسی کے لئے تعریف ہے آخرت میں

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ

اور وہ حکمت والا باخبر ہے تعریف اللہ کے لئے جو پیدا کرنیوالا ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ

آسمانوں اور زمین کا قرار دینے والا ہے فرشتوں کو

رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَ

اپنا فرستادہ پروبال کے ساتھ دو اور تین اور

رُبٰعَ يَزِيْدُ فِی الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ

چار زیادہ کرتا ہے پیدائش میں جو چاہتا ہے یقیناً اللہ

www.kitabmart.in

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ

ہر بات پر قادر ہے جس کا دروازہ کھولے اللہ لوگوں کے لئے

مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ

رحمت سے تو کوئی اس کا روکنے والا نہیں اور جو وہ روکے اس کا

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

کوئی جاری کرنے والا نہیں اس کے بعد اور وہ غالب اور

الْحَكِيْمُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا

صاحب حکمت ہے تعریف اللہ کے لئے جس نے ہماری ہدایت کی

لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا اَنْ هَدٰىنَا

اس کی طرف اور نہ تھے ہم ہدایت پانے والے اگر اللہ ہماری ہدایت

اَللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ الْحَمْدُ

نہ کرتا بیشک آئے پیغمبر ہمارے پروردگار کے حق کے ساتھ تعریف

لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ

اللہ کے لئے جس نے عطا کئے مجھ کو بڑھاپے میں اسمٰعیل اور

وَاِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ اَلْحَمْدُ

اسحٰق اور یقیناً میرا پروردگار ضرور سننے والا ہے دعا کا تعریف اللہ

لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

کے لئے بلکہ اکثر لوگوں میں سے نہیں جانتے ہیں تعریف اللہ کے لئے

بہرحال بات مرد کریم کی یہ ہے کہ تجاہل عارفانہ سے کام لے

www.kitabmart.in

اَلَّذِیْ نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ اَلْحَمْدُ

جس نے نجات دی ہم کو ظالم لوگوں سے تعریف اللہ

لِلّٰہِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِہٖ

کے لئے جس نے ہم کو فضیلت دی بہت سے اپنے صاحب ایمان

الْمُؤْمِنِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سَیُرِیْکُمْ اٰیَاتِہٖ

بندوں پر تعریف اللہ کے لئے عنقریب دکھائیگا وہ تمھیں اپنی نشانیاں

فَتَعْرِفُوْنَھَا وَمَا رَبُّکَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

تو تم انھیں پہچانو گے اور نہیں ہے تمھارا پروردگار غافل تمھارے اعمال سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا

تعریف اللہ کے لئے جس نے دور کیا ہم سے رنج یقیناً ہمارا پروردگار

لَغَفُوْرٌ شَکُوْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ صَدَّقَنَا

مغفرت کرنے والا اور اعمال کی قدر کرنیوالا ہے تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہم سے سچ کر دکھایا

وَعْدَہٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّءُ مِنَ الْجَنَّۃِ

اپنے وعدہ کو اور مالک بنایا ہم کو زمین کا جگہ لیں گے ہم بہشت سے جہاں

حَیْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعَامِلِیْنَ تَرَی

چاہیں گے پس کتنا اچھا ہے اجر و ثواب عمل کرنیوالوں کا دیکھو گے تم

الْمَلٰٓئِکَۃَ حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ

فرشتوں کو حلقہ باندھے ہوئے عرش کے گرد تسبیح کرتے ہیں

مَنْ يَرْغَبُ فِي نَيْلِ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى فَلْيُغَيِّبِ الْهَوَى

www.kitabmart.in

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ

وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اور فیصلہ ہوا ہے اُن کے درمیان سچائی کے ساتھ اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

کہا گیا کہ تعریف ہے اللہ کے لئے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا پس اللہ ہی کے لئے تعریف ہے

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ رَبُّ الْعَالَمِينَ

جو پروردگار ہے آسمانوں کا اور پروردگار ہے زمین کا پروردگار ہے تمام جہانوں کا

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ

اور اسی کے لئے بزرگی ہے آسمانوں اور زمین میں اور

هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ

وہ غالب اور صاحب حکمت ہے تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے نہیں قرار دی اپنے لئے

يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي

کوئی اولاد اور نہ اُس کے لئے کوئی شریک ہے سلطنت

الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ

میں اور نہ اُس کے لئے کوئی مددگار ہے کم وقعتی سے اور بڑا سمجھو اُس کو

تَكْبِيرًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا سَلَفَ مِنْ

پوری طرح خداوندا معاف کر میرے لئے وہ جو پہلے ہو چکے میرے

ذُنُوبِي وَتَدَارَكْنِي فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِي

گناہ اور خبر لے میری میرے بقیہ عمر کے حصہ میں

www.kitabmart.in

وَقُوَّةَ ضَعْفِي لِلَّذِي خَلَقْتَنِي لَهُ وَحَبِّبْ إِلَيَّ

اور قوت دے میری کمزوری کے بدلے اُن فرائض کے ادا کرنے کی جن کیلئے تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور محبوب

الْإِيمَانَ وَزَيِّنْهُ فِي قَلْبِي وَقَدْ دَعَوْتُكَ

بنا میرے لئے ایمان اور خوشنما کر دے اُس کو میرے دل میں اور میں نے دعا کی ہے تجھ سے

كَمَا أَمَرْتَنِي فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا وَعَدْتَنِي

تیرے حکم کے موافق پس تو قبول کر میری دعا کو اپنے وعدہ کے مطابق

اَللّٰهُمَّ أَصْبَحْتُ لَكَ عَبْدًا لَا أَسْتَطِيعُ دَفْعَ

خداوندا میں نے صبح کی ہے اس حالت میں کہ میں تیرا بندہ ہوں نہیں قدرت رکھتا ہوں

مَا أَكْرَهُ وَلَا أَمْلِكُ مَا أَرْجُو وَأَصْبَحْتُ

دور کرنے کی اُس شے کو جسے میں ناپسند کروں اور نہ قبضہ میں رکھتا ہوں اُس چیز کو جس کی

مُرْتَهِنًا بِعَمَلِي فَلَا فَقِيرَ أَفْقَرُ مِنِّي إِلَيْكَ

میں امید رکھوں اور صبح کی ہے میں نے گروی اپنے عمل کے ساتھ پس کوئی فقیر مجھ سے زیادہ تیری طرف محتاج نہیں ہے

يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ أَسْأَلُكَ أَنْ تَسْتَعْمِلَنِي

اے پروردگار تمام جہانوں کے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو عمل کرا مجھ سے

عَمَلَ مَنِ اسْتَيْقَنَ حُضُورَ أَجَلِهِ لَا بَلْ

اُس شخص کے سے اعمال جسے یقین ہو جائے اپنی موت کے سامنے آجانے کا نہیں بلکہ اُس

عَمَلَ مَنْ قَدْ مَاتَ فَرَأَى عَمَلَهُ وَنَظَرَ

شخص کے سے اعمال جو مر گیا ہو پس اُس نے دیکھ لیا ہو اپنے عمل کو اور نظر ڈال لی ہو

www.kitabmart.in

إِلَى ثَوَابِ عَمَلِهٖ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اپنے عمل کے ثواب پر یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے

قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ هٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِرَحْمَتِكَ

خداوندا یہ جگہ ہے اس شخص کی جو تیری رحمت کی طرف پناہ

مِنْ عَذَابِكَ وَهٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِمُعَافَاتِكَ

لینے والا ہے تیرے عذاب سے اور یہ جگہ ہے اس شخص کی جو پناہ لینے والا ہے تیری

مِنْ غَضَبِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ دَعَاكَ

بخشش کی طرف تیرے غضب سے خداوندا قرار دے مجھے ان لوگوں میں سے جنھوں نے

فَاَجَبْتَهٗ وَسَاَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَاٰمَنَ

تجھ کو پکارا تو تو نے انھیں جواب دیا اور تجھ سے سوال کیا تو تو نے انھیں عطا کیا اور تیرے

بِكَ فَهَدَيْتَهٗ وَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ

اوپر ایمان لائے تو تو نے ان کی رہنمائی کی اور تیرے اوپر بھروسا کیا تو تو نے ان کی مدد

وَتَقَرَّبَ اِلَيْكَ فَاَدْنَيْتَهٗ وَافْتَقَرَ اِلَيْكَ

کی اور تیری بارگاہ میں تقرب چاہا تو تو نے انھیں قریب کیا اور تیری طرف محتاج ہوئے

فَاَغْنَيْتَهٗ وَاسْتَغْفَرَكَ فَغَفَرْتَ لَهٗ وَ

تو تو نے انھیں غنی کیا اور تجھ سے آمرزش طلب کی تو تو نے انھیں بخش دیا اور تو

رَضِيْتَ عَنْهُ وَاَرْضَيْتَهٗ وَهَدَيْتَهٗ

ان سے راضی ہوا اور انھیں خوشنود کیا اور ہدایت کی تو نے ان کی

www.kitabmart.in

إِلَىٰ مَرْضَاتِكَ وَاسْتَعْمَلْتَهُ بِطَاعَتِكَ وَ

اپنی رضامندی کی باتوں کی طرف اور عمل کرایا اُن سے اپنی طاعت کے ساتھ اور

لِذٰلِكَ فَرَّغْتَهُ أَبَدًا مَا أَحْيَيْتَهُ فَتَبْ

اسی لئے تو نے انھیں خالی رکھا دوسری فکروں سے جب تک کہ انھیں تو نے زندہ رکھا پس

عَلَيَّ يَا رَبِّ وَأَعْطِنِي سُؤْلِي وَلَا تَحْرِمْنِي

توبہ قبول کر میری اے میرے مالک اور عطا کر مجھے میرا سوال اور نہ محروم کر مجھ کو

شَيْئًا مِمَّا سَأَلْتُكَ وَاكْفِنِي شَرَّ مَا يَعْمَلُ

کسی چیز سے جس کا میں نے سوال کیا ہو اور بچا مجھ کو برائی سے اُس کے جو عمل میں

الظَّالِمُونَ فِي الْأَرْضِ وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

لاتے ہیں ظلم کرنے والے زمین میں اور میں بخشش کا طالب ہوں اللہ سے

الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الَّذِي لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ

جس کے سوا کوئی خدا نہیں اور جسکے علاوہ کوئی دوسرا گناہوں کو

إِلَّا هُوَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ

بخشتا نہیں خداوندا درود بھیج محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ وَأَعِنِّي عَلَى الدُّنْيَا وَارْزُقْنِي

پر اور مدد کر میری دنیا کے معاملات میں اور عطا کر مجھ کو

خَيْرَهَا وَكَرِّهْ إِلَيَّ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ

بہتری اور ناگوار قرار دے میرے لئے کفر اور فسق و فجور

www.kitabmart.in

وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الرَّاشِدِينَ اَللّٰهُمَّ

اور گناہ کو اور قرار دے مجھ کو صحیح راستہ پر چلنے والوں میں خداوندا

قَوِّنِي لِعِبَادَتِكَ وَاسْتَعْمِلْنِي فِي طَاعَتِكَ

قوت دے مجھ کو اپنی عبادت کے لئے اور عمل کرا مجھ سے اپنی اطاعت کے بارے میں

وَبَلِّغْنِي الَّذِي أَرْجُو مِنْ رَحْمَتِكَ يَا

اور پہونچا مجھ کو اس تک جو میں امید رکھتا ہوں تیری رحمت سے اے

أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

الرِّيَّ يَوْمَ الظَّمَاءِ وَالنَّجَاةَ يَوْمَ الْفَزَعِ

سیراب ہونے کا تشنگی کے دن اور نجات کا گھبراہٹ کے دن اور کامیابی کا

الْأَكْبَرِ وَالْفَوْزَ يَوْمَ الْحِسَابِ وَالْأَمْنَ

حساب کے دن اور امن و اطمینان کا خوف کے

يَوْمَ الْخَوْفِ وَأَسْأَلُكَ النَّظَرَ إِلَى وَجْهِكَ

دن اور سوال کرتا ہوں تجھ سے دیکھنے کا تیرے بزرگ آثار رحمت

الْكَرِيمِ وَالْخُلُودَ فِي جَنَّتِكَ فِي

کے اور ہمیشہ رہنے کا تیری بہشت میں قیام کی

دَارِ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِكَ وَالسُّجُودَ يَوْمَ

جگہ میں تیرے فضل اور احسان سے اور سجدہ کرنے کا اس دن

العاقل يطلب الكمال الجاهل يطلب المال

www.kitabmart.in

يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَالظِّلُّ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا

جب عام اضطراب کا وقت ہوگا اور سائے کا اُس دن کہ جب سوا تیرے سائے

ظِلُّكَ وَمُرَافَقَةُ أَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَ

کے کوئی سایہ نہ ہوگا اور رفاقت کا تیرے انبیاء اور مرسلین اور

أَوْلِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ

اولیاء کی خداوندا بخش دے میرے لئے جو میں نے پہلے گناہ کئے

مِنْ ذُنُوبِي وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا

ہیں اور جو میں نے بعد کو کئے اور جو میں نے پوشیدہ طور پہ کئے اور

أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ عَلَى نَفْسِي وَمَا أَنْتَ

جو میں نے ظاہر بظاہر کئے اور جو میں نے اپنے نفس پر زیادتی کی اور جن باتوں کی تو

أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي وَارْزُقْنِي التُّقَى وَالْهُدَى

مجھ سے زیادہ خبر رکھتا ہے اور عطا کر مجھ کو پرہیزگاری اور ہدایت

وَالْعَفَافَ وَالْغِنَى وَوَفِّقْنِي لِلْعَمَلِ بِمَا

اور عفت اور بے نیازی اور توفیق دے مجھ کو عمل کی اُن باتوں پر جنہیں تو

تُحِبُّ وَتَرْضَى اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِيَ الَّذِي

دوست رکھتا ہے اور پسند کرتا ہے خداوندا دوست رکھ میرے لئے میرے دین کو جو

هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِي وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ

میرے معاملہ کی حفاظت کرنے والا ہے اور درست رکھ میرے لئے میری دنیا کو

الشجاعة عز حاضر الجبن ذل ظاهر

www.kitabmart.in

الَّتِي فِيهَا مَعَاشِي وَاَصْلِحْ لِي اٰخِرَتِي الَّتِي

جس میں ہے مجھے زندگی بسر کرنا ہے اور درست رکھ میرے لئے میری آخرت کو جس

اِلَيْهَا مُنْقَلَبِي وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِي

کی طرف میری بازگشت ہے اور قرار دے زندگی کو زیادتی کا باعث میرے لئے

فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِي

ہر طرح کی بہتری میں اور قرار دے موت کو میرے لئے راحت

مِنْ كُلِّ سُوْءٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ يَا

ہر برائی سے خداوندا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے

رَبَّ الْاَرْبَابِ وَيَا سَيِّدَ السَّادَاتِ وَيَا

مالکوں کے مالک اور اے سرداروں کے سردار اور اے

مَالِكَ الْمُلُوْكِ اَنْ تَرْحَمَنِي وَتَسْتَجِيْبَ لِي

بادشاہوں کے بادشاہ کہ رحم کرے تو مجھ پر اور قبول کر میری دعا کو

وَتُصْلِحَنِي فَاِنَّهٗ لَا يُصْلِحُ مَنْ صَلَحَ مِنْ

اور مجھے درست کر کیونکہ نہیں درست کر سکتا اس شخص کو جو درست ہو تیرے

عِبَادِكَ اِلَّا اَنْتَ فَاِنَّكَ اَنْتَ رَبِّي وَثِقَتِي

بندوں سے تیرے سوا کہیں یقیناً تو میرا مالک ہے اور تجھ ہی پر میرا

وَرَجَائِي وَمَوْلَايَ وَمَلْجَائِي وَلَا رَاحِمَ

بھروسا ہے اور تجھ ہی سے مجھے امید ہے اور تو ہی میرا مددگار اور پشت پناہ ہے اور کوئی رحم کرنیوالا نہیں ہے

بہادری عزت حاضر ہے بزدلی کھلی ہوئی رسوائی ہے

www.kitabmart.in

لِي غَيْرُكَ وَلَا مُغِيثَ لِي سِوَاكَ وَلَا مَالِكَ

میرے لئے تجھے سوا اور نہ کوئی فریاد رس ہے میرے لئے تیرے علاوہ اور نہ کوئی مالک

سِوَاكَ وَلَا مُجِيبَ إِلَّا أَنْتَ أَنَا عَبْدُكَ وَ

ہے بجز تیرے اور نہ کوئی جواب دینے والا ہے مگر تو میں تیرا بندہ اور

ابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ الْخَاطِئُ الَّذِي

تیرے بندہ اور کنیز کا فرزند گناہگار ہوں جس کے لئے

وَسِعَتْهُ رَحْمَتُكَ وَأَنْتَ الْعَالِمُ بِحَالِي وَ

گنجائش رکھتی ہے تیری رحمت اور تو جاننے والا ہے میری حالت اور میری

حَاجَتِي وَكَثْرَةِ ذُنُوبِي وَالْمُطَّلِعُ عَلَى أُمُورِي

ضرورت اور میرے گناہوں کی کثرت کو اور باخبر ہے میری تمام باتوں سے

كُلِّهَا فَأَسْئَلُكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْ تَغْفِرَ لِي

پس میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے وہ کہ کوئی خدا نہیں سوا تیرے یہ کہ بخش دے

مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِي وَمَا تَأَخَّرَ اللّٰهُمَّ لَا

تو مجھ کو جو پہلے میرے گناہ ہوں اور جو بعد کے ہوں خداوندا نہ چھوڑ

تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا

میرے لئے کوئی گناہ اور نہ کوئی غم مگر یہ کہ اُس کو

فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا

دور کر دے اور نہ کوئی حاجت جو تیرے نزدیک پسندیدہ ہو مگر یہ کہ اُسی پورا کر دے

www.kitabmart.in

وَلَا عَيْبًا اِلَّا اَصْلَحْتَهٗ اَللّٰهُمَّ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

اور نہ کوئی عیب مگر یہ کہ اُس کی اصلاح کر دے خداوندا عطا کر ہم کو دنیا

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

میں نیکی اور آخرت میں بھی نیکی اور بچا ہم کو عذاب

النَّارِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى اَهْوَالِ الدُّنْيَا

جہنم سے خداوندا مدد کر میری دنیا کے خوفناک حوادث

وَبَوَائِقِ الدُّهُوْرِ وَمُصِيْبَاتِ اللَّيَالِيْ وَ

اور زمانہ کے فتنوں اور شب و روز کی مصیبتوں میں

الْاَيَّامِ اَللّٰهُمَّ وَاحْرُسْنِيْ مِنْ شَرِّ مَا

خداوندا میری حفاظت کر برائی سے اُس کی جو

يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَاِنَّهٗ لَا

کرتے ہیں ظلم کرنے والے زمین پر کیونکہ نہیں

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

طاقت اور نہ قوت ہے مگر تیرے سبب سے خداوندا میں سوال کرتا ہوں

اِيْمَانًا ثَابِتًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّدُعَاءً

تجھ سے ایمان کا جو برقرار ہو اور عمل کا جو قابل قبول ہو اور دعا کا جو

مُّسْتَجَابًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّقَوْلًا طَيِّبًا

مقبول ہو اور سچے یقین اور پاکیزہ کلام

www.kitabmart.in

وَقَلْبًا شَاكِرًا وَبَدَنًا صَابِرًا وَلِسَانًا ذَاكِرًا اَللّٰهُمَّ

اور شکر گذار دل اور برداشت کرنیوالا جسم اور ذکر کرنیوالی زبان کا خداوندا

اَنْزِعْ حُبَّ الدُّنْيَا وَمَعَاصِيْهَا وَذِكْرَهَا وَ

دور کر دنیا اور اس کے گناہوں کی محبت اور ان کی یاد اور

شَهْوَتَهَا مِنْ قَلْبِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ بِكَرَمِكَ تَشْكُرُ

ان کی خواہش کو میرے دل سے خداوندا تو اپنے کرم سے قدر کرتا ہے

الْيَسِيْرَ مِنْ عَمَلِيْ فَاعْفُ لِيْ الْكَثِيْرَ مِنْ ذُنُوْبِيْ

تھوڑے سے میرے عمل کی پس معاف کر دے میرے لئے بہت سی میرے

وَكُنْ لِيْ وَلِيًّا وَنَصِيْرًا وَمَنِيْعًا وَحَافِظًا

گناہوں کو اور ہو میرے لئے یار و مددگار اور نگہبان اور حفاظت کرنے والا

اَللّٰهُمَّ هَبْ لِيْ قَلْبًا اَشَدَّ رَهْبَةً لَكَ

خداوندا عطا کر مجھ کو ایک دل جو زیادہ ڈرنے والا ہو تجھ سے

مِنْ قَلْبِيْ وَلِسَانًا اَدْوَمَ لَكَ ذِكْرًا مِنْ لِسَانِيْ

میرے دل سے اور اور ایک زبان جو زیادہ برقرار رکھنے والی ہو تیرے ذکر کو

وَجِسْمًا اَقْوٰى عَلٰى طَاعَتِكَ وَعِبَادَتِكَ

میری زبان سے اور ایک جسم جو زیادہ قوت رکھنے والا ہو تیری اطاعت اور عبادت کی

مِنْ جِسْمِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

میرے جسم سے خداوندا میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پھر سجدہ

خداوندا بخش دے مومنین و مومنات کو

میں رکھ کر تین مرتبہ کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ

اے زندہ اے قائم اے صاحب عظمت

وَالْاِکْرَامِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا

و بزرگی اے اللہ اے رحمن اے رحیم

اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحیم

پس جو حاجت ہو خدا سے طلب کرے۔ جو شخص یہ عمل کریگا خدا اُس کو اور اُس کے اہل و عیال کو شر اعدا اور مکروہات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا کی ولادت اسی ماہ میں واقع ہوئی اور شہادت بھی اسی ماہ میں۔ لہذا ۳ جمادی الثانی یوم شہادت اُن معظمہ کے مراسم تعزیت بجالائیں اور آپ کے دشمنوں سے اظہار بیزاری کریں اور آپ کی زیارت پڑھیں۔ اور ۲۰ جمادی الثانی یوم ولادت کو اظہار مسرت کریں۔ روزہ رکھیں۔

www.kitabmart.in

صدقات دیں اور اعمال خیر بجا لائیں اور ان دونوں تاریخوں میں
اُن معظمہ کی زیارت بجا لائیں - یہ زیارت مختصر اور معتبر ہے اور
ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

سلام آپ پر اے سردار زنان عالمیاں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَةَ الْحُجَّةِ عَلَى النَّاسِ

سلام آپ پر اے والدہ حجتوں کی تمام خلق پر

اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ

سلام آپ پر اے ستم رسیدہ اور

الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا پھر کہے - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اپنے حق سے محروم کی ہوئی خدا درود بھیج

اَمَتِكَ وَابْنَةِ نَبِيِّكَ وَزَوْجَةِ وَصِيِّ

اپنی کنیز پر اور دختر پیغمبر اپنے نبی کی اور زوجہ پر وصی کی

نَبِيِّكَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ زُلْفٰى عِبَادِكَ

اپنے نبی کے ایسا درود جو منزلت دے اُن کو بلند تر منزلت سے

الْمُكْرَمِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ

www.kitabmart.in

اَلْاَرْضِيْن

زمین میں

سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے کہا ہے کہ اس کے بعد نماز زیارت بجالاؤ۔ اور اگر ممکن ہو تو اُن معصومہ کی نماز بھی بجالاؤ جو دو رکعت ہے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ساٹھ مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھو۔ اگر دشوار ہو تو رکعت اول میں سورہ حمد کے بعد سورۂ قل ہو اللہ احد اور رکعت دوم میں سورۂ قل یا ایہا الکافرون پڑھو اور بعد فراغ نماز اس دعا کو پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

خداوندا بیشک میں تیری جانب متوجہ ہوتا ہوں وسیلہ سے اپنے

وَ بِاَهْلِ بَيْتِهٖ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِمْ وَ اَسْئَلُكَ

پیغمبر محمد اور اُن کے اہلبیت کے تیری رحمتیں ہوں اُن پر اور سوال کرتا ہوں

بِحَقِّكَ الْعَظِيْمِ عَلَيْهِمُ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُ كُنْهَهٗ

تجھ سے تیرے بزرگ حق کے واسطہ سے جو تو اُن پر رکھتا ہے ایسا حق کہ کوئی نہیں

سِوَاكَ وَ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَنْ حَقُّهٗ عِنْدَكَ

جانتا اس کی اصل حقیقت کو سوا تیرے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے واسطہ اس شخص کے حق کا جس کا

عَظِيْمٌ وَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى الَّتِيْ اَمَرْتَنِيْ

حق تیرے نزدیک بزرگ ہے اور تیرے ناموں کے وسیلہ سے جو اچھے ہیں جنکا تو نے حکم

www.kitabmart.in

اَنْ اَدْعُوَكَ بِهَا وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

کہ تجھ سے دعا کروں ان کے ذریعہ سے اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے واسطہ سے تیرے سب سے

الَّذِیْ اَمَرْتَ بِهٖ اِبْرَاهِیْمَ اَنْ یَّدْعُوَ بِهٖ

بڑے نام کے جسکے ذریعہ سے تو نے حکم دیا ہے ابراہیم کو کہ وہ آواز دیں پرندوں

الطَّیْرَ فَاَجَابَتْهُ وَبِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ

کو پس اُن پرندوں نے جواب دیا اُنھیں اور واسطہ تیرے بڑے نام کا جس کے

قُلْتَ لِلنَّارِ بِهٖ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی

ذریعہ سے تو نے کہہ دیا آگ سے کہ ہو جا سرد اور سلامتی رہے ابراہیم

اِبْرَاهِیْمَ فَکَانَتْ بَرْدًا وَّبِاَحَبِّ الْاَسْمَآءِ

پر پس وہ سرد ہو گئی اور واسطہ سے محبوب ترین ناموں کے

اِلَیْكَ وَاَشْرَفِهَا وَاَعْظَمِهَا لَدَیْكَ وَاَسْرَعِهَا

تیری جانب اور معزز ترین اور بزرگ ترین اُنھیں میں سے تیرے نزدیک اور سب سے

اِجَابَةً وَّاَنْجَحِهَا طَلِبَةً وَّبِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ

زیادہ تیز قبولیت میں اور سب سے زیادہ کامیاب مطلب پورا کرنے میں اور اُس شی کے واسطہ سے

وَمُسْتَحِقُّهٗ وَمُسْتَوْجِبُهٗ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ

جس کا تو اہل ہے اور حق دار ہے اور سزاوار ہے اور میں تیری بارگاہ میں ذریعہ اختیار کرتا

وَاَرْغَبُ اِلَیْكَ وَاَتَضَرَّعُ وَاَلِحُّ عَلَیْكَ

ہوں اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف اور منت سماجت کرتا ہوں تیرے سامنے

www.kitabmart.in

وَاَسْئَلُكَ بِكُتُبِكَ الَّتِیْ اَنْزَلْتَهَا عَلٰی اَنْبِیَآئِكَ

اور سوال کرتا ہوں تجھ سے واسطہ تیری کتابوں کا جنھیں تو نے نازل کیا ہے اپنے انبیاء

وَرُسُلِكَ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِمْ مِنَ التَّوْرٰىةِ

اور مرسلین پر تیرا درود ہو اُن پر توراۃ

وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ

اور انجیل اور زبور اور قرآن عظیم سے

فَاِنَّ فِیْهَا اسْمَكَ الْاَعْظَمَ وَبِمَا فِیْهَا

پس یقیناً ان میں تیرا سب سے بڑا نام ہے اور واسطہ ان کا

مِنْ اَسْمَآئِكَ الْعُظْمٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

جو اُن کتابوں میں ہیں تیرے بڑے نام سے کہ درود بھیجے تو محمد

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُفَرِّجَ عَنْ اٰلِ

اور آل محمد پر اور کشائش عطا کرے تو اہل بیت

مُحَمَّدٍ وَشِیْعَتِهِمْ وَمُحِبِّیْهِمْ وَعَنِّیْ

محمد اور اُن کے شیعوں اور دوستوں کو اور مجھ کو

وَتَفْتَحَ اَبْوَابَ السَّمَآءِ لِدُعَآئِیْ وَتَرْفَعَهٗ

اور کھول دے آسمان کے دروازوں کو میری دعا کے لئے اور بلند کر

فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَتَاْذَنَ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَفِیْ

اُس کو اونچے درجوں میں اور حکم دے آج ہی کے دن اور اسی

www.kitabmart.in

هٰذِهِ السَّاعَةِ بِفَرَجِي وَاعْطَانِي جَمِيعَ أَمَلِي

گھڑی میرے گشائش کر اور مجھے عطا کرے کا میری امید

وَسُؤْلِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ

اور میرا سوال دنیا اور آخرت میں اے وہ کہ نہیں جانتا

أَحَدٌ كَيْفَ هُوَ وَقُدْرَتُهُ إِلَّا هُوَ يَا مَنْ

کوئی کہ وہ کیسا ہے اور اس کی قدرت کتنی ہے مگر وہ خود اے وہ کہ

سَدَّ الْهَوَاءَ بِالسَّمَاءِ وَكَبَسَ الْأَرْضَ عَلَى

جس نے حد بندی کی ہوا کی آسمان کے ساتھ اور پاٹا زمین کو پانی

الْمَاءِ وَاخْتَارَ لِنَفْسِهِ أَحْسَنَ الْأَسْمَاءِ

پر اور منتخب کئے اپنے لئے بہترین نام

يَا مَنْ سَمَّى نَفْسَهُ بِالِاسْمِ الَّذِي

اے وہ کہ اس نے نامزد کیا اپنے تئیں اس نام کے ساتھ جس کے ذریعہ

يُقْضَى بِهِ حَاجَةُ مَنْ يَدْعُوهُ أَسْئَلُكَ

سے پوری ہوتی ہے حاجت اس شخص کی جو دعا کرے اس سے سوال کرتا ہوں

بِحَقِّ ذٰلِكَ الِاسْمِ فَلَا شَفِيعَ أَقْوٰى لِي

میں تجھ سے اس نام کے حق کا واسطہ اس لئے کہ کوئی سفارش کرنیوالا نہیں ہے میرے لئے

مِنْهُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَتَقْضِيَ

اس سے زیادہ قوت دار یہ کہ درود بھیجے تو محمد و آل محمد پر اور پورا کرے

www.kitabmart.in

لِيْ حَوَائِجِيْ وَتَسْمَعُ بِمُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ

میرے لئے میری حاجتوں کو اور سن واسطہ محمد اور علی اور فاطمہ

وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدٍ

اور حسن اور حسین اور علی بن الحسین اور محمد

بْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ

ابن علی اور جعفر بن محمد اور موسی بن جعفر

وَعَلِيِّ بْنِ مُوْسَى وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ

اور علی بن موسی اور محمد بن علی اور علی بن محمد

وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ الْمُنْتَظَرِ لِذُنْكَ

اور حسن بن علی اور حجت خدا پر جو ان تیرے حکم کے

صَلَوَاتُكَ وَسَلَامُكَ وَرَحْمَتُكَ وَبَرَكَاتُكَ

درود اور سلام اور رحمت اور برکتیں تیری

عَلَيْهِمْ صَلِّ لِيَشْفَعُوْا لِيْ اِلَيْكَ وَتُشَفِّعُهُمْ

ان سب پر (ہوں) ان کے واسطہ سے میری امید تاکہ یہ شفاعت کریں میری تیری بارگاہ میں

فِيَّ وَلَا تَرُدَّنِيْ خَائِبًا بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور تو ان کو شفیع بنا میرا اور نہ واپس کر مجھے ناکام واسطہ اس کا کہ کوئی

اَنْتَ

نہیں سوائے تیرے

معبود

کوئی چیز عدل و انصاف سے بڑھ کر ملک و مال کی حافظ نہیں

www.kitabmart.in

چوتھے امام

اسم مبارک زین العابدین علیؑ بن الحسینؑ۔ آپ حضرت امام حسینؑ کے سب سے بڑے فرزند تھے۔ ۱۵ جمادی الثانی ۳۸ھ میں ولادت ہوئی۔ صرف دو سال کی عمر تھی جب آپ کے جد بزرگوار امیر المومنینؑ کا انتقال ہوا آپ نے اپنے چچا اور باپ کی آغوش میں تربیت پائی ۶۱ھ میں امام حسینؑ کی شہادت کے موقع پر آپ اس قدر بیمار تھے کہ نشست و برخاست مشکل تھی۔ اس لحاظ سے جہاد کرنے کا حکم آپ کو نہ تھا۔ یہ خدا کی طرف کی ایک مصلحت تھی کہ امامت کا سلسلہ منقطع نہ ہو۔ اور آپ زندہ باقی رہیں۔

اپنے والد کے بعد آپ امام خلق ہوئے۔ عبادت آپ کی مشہور ہے۔ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے چہرہ زرد ہو جاتا تھا اور فرماتے تھے کہ تم کو نہیں معلوم کہ کس کی بارگاہ میں حاضری دے رہا ہوں۔ رات دن میں ہزار رکعت پڑھنے کا معمول تھا اس کے ساتھ احکام شریعت اور علوم اہلبیت کی خاموشی کے ساتھ تعلیم بھی دیتے رہے۔

۲۵ محرم ۹۵ھ میں ۵۷ برس کی عمر میں ولید بن عبدالملک کے زہر دلوانے سے شہادت پائی۔

(اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

قصیدہ در مدح حضرت زین العابدین علیہ السلام

(از جناب مولانا ابوالبیان اکبر مہدی صاحب سلیم جرولی)

شان عابد زیب محراب عبادت ہو گئی
چاند سی روشن جبیں صبح قیامت ہو گئی

خامس آل عبا کو حق نے وہ بیٹا دیا
شان و یشاں جس کی شایان عبادت ہو گئی

نور آنکھوں کا بڑھا ابن رسول اللہ کا
لو میسر بے دل مضطر کو راحت ہو گئی

جگمگا اٹھا یکایک شہر بانو کا نسب
نسل ہی جسکی امامت تا قیامت ہو گئی

دلبر زہرا و پیغمبر علی بن الحسین
جس کے باعث امت جد کی شفاعت ہو گئی

اس سبب سے آپ کو کہتے ہیں زین العابدین
منتخب کونین میں حق کی عبادت ہو گئی

کس زباں سے ہو بھلا اس کی غیوری کی ثنا
جس کی غیرت پر وہ ناموس امامت ہو گئی

ہر خطا پر چشم پوشی آپ کا شیوہ رہا
ذات والا سے نمایاں شان رحمت ہو گئی

کس کی رغبت سے بڑھی نان جویں کی آبرو
حشر تک شہرت تری کیوں ای قناعت ہو گئی

چھپ کے دامان قبائے سید سجاد میں
لیف خرما کی رسا دنیا میں قسمت ہو گئی

صدقے ان قدموں کے جو پیدل کریں حج کا سفر
خاک جنکی سرمہ چشم بصیرت ہو گئی

بھر گئی سائل کی جھولی گوہر مقصود سے
ایک مٹھی خاک کی جس کو عنایت ہو گئی

جانشین مصطفیٰ وارث نو فیروزاں
ہر طرف سے ختم عابد پر عدالت ہو گئی

وارث مولود کعبہ کون تھا جز آپ کے
سنگ اسود سی امامت کی صداقت ہو گئی

دین کی وہ خدمتیں کیں ملکی ہر اک فرد نے
الفت آل نبی اجر رسالت ہو گئی

تمام شد

www.kitabmart.in

سیّدۂ عالم

حضرت رسول نے اپنی اس پارۂ جگر کا نام فاطمہ رکھا۔ اس کے علاوہ آپ کے اور بہت سے القاب ہیں مثلاً۔ سیدۃ النساء۔ عذرا۔ زہرا۔ بتول افضل النساء و خیر النساء۔ مریم کبریٰ۔ صدیقہ۔ وغیرہ

آپ کی ولادت بعثت کے پانچویں سال ۲۰ جمادی الثانی کو ہوئی۔

جس طرح ہمارے بارہ امام معصوم تھے جناب سیدہ بھی معصومہ تھیں۔

عام لڑکیوں کی طرح جناب سیدہ میں نہ ہٹیں تھیں نہ ضدیں۔ نہ اچھے کھانے کی خواہش نہ اچھے پہننے کی آرزو۔ نہ کسی بات پر روٹھنا نہ مچلنا نہ زیور کا شوق نہ بناؤ سجاؤ کی فکر نہ تکلف سے واسطہ۔ جو کھانا وقت پر مل گیا خوشی سے خدا کا شکر کر کے کھا لیا اور جو کپڑا میسّر ہوا بخوشی پہن لیا

حضور سرور کائنات کی اکلوتی دختر نیک اختر تمام محاسن اخلاق سے مالا مال تھی۔ صاحب خلق عظیم کی پارۂ جگر کو جس قدر عزّ و شرف خلاق عالم و رسول اکرم کی بارگاہ سے عطا ہوئے کسی بی بی کو نہ میسر ہوئے پنجتن پاک میں داخل آیۂ تطہیر میں شامل۔ ام الائمہ۔ پدر بزرگوار خاتم المرسلین محبوب رب العالمین شوہر رسول برحق کے وصی مطلق۔ فرزند سردار جوانان جنت۔

www.kitabmart.in

آپ نے ہمیشہ پدر بزرگوار کی اطاعت کی۔ آپ کی راحت رسانی میں دل سے کوشاں رہتیں طفلی ہی سے شوق عبادت خالق اس کثرت سے تھا کہ جب سرور عالم بیت الشرف میں تشریف لاتے تو دیکھتے کہ سیدہ طاعت حق میں مصروف ہیں آنحضرت کو اپنی پارہ جگر سے بیحد الفت تھی جب آپ سفر کو تشریف لیجاتے تو سب سے آخر میں جناب فاطمہ زہرا سے رخصت ہوتے اور جب واپس آتے تو سب سے پہلے آپ سے ملتے۔ جناب سیدہ جب خود تشریف لاتیں تو رحمۃ للعالمین کھڑے ہو کر تعظیم فرماتے اکثر فرماتے کہ فاطمہ میری نور دیدہ ہے۔ فاطمہ میری پارہ جگر ہے۔

جب سے بحکم خدا سرکار دوجہاں نے آپ کو جناب امیر علیہ السلام سے رشتہ ازدواج میں منسلک فرمایا آپ نے کبھی اُن کی اطاعت، رفاقت اور خدمت میں کمی نہیں کی جناب امیرؑ خود فرماتے ہیں کہ ہمارے گھر میں فاطمہ کو اکثر فاقے ہوتے لیکن فاطمہ نے کبھی شکایت نہ کی۔ جب میں باہر سے آتا تو فاطمہ خندہ پیشانی میرا خیر مقدم کرتیں ہمارے مختصر مکان میں دنیوی ساز و سامان نہ تھا۔ فاقم کے فرش و حریر کے پردے نہ تھے مگر فاطمہ اُس کو صاف و ستھرا رکھتیں۔ دیواریں لپی ہوئی۔ فرش پاکیزہ و شفاف۔ مجھے کبھی یاد نہیں آتا کہ میرے بستر پر کبھی گرد رہی ہو۔

آپ کا کوئی لمحہ ذکر خدا سے خالی نہ رہتا۔ نماز فجر کے بعد چکی پیستیں تو کلام الٰہی زبان پر جاری ہوتا۔ روٹیاں پکاتی جاتی تھیں اور آیات قرآنی کی تلاوت ہوتی رہتی۔ کپڑے سیتے ہوئے۔ اُون صاف کرتے ہوئے یاد خدا سے

www.kitabmart.in

غافل نہ رہتیں - گہوارہ جنباں ہیں اور کلام مجید زبان پر ہے -

امور خانہ داری کے انصرام میں آپ نے کبھی اپنے کسی عزیز یا ہمسایہ سے مدد نہیں لی - آپ کی سخاوت پر آیات الٰہی شاہد ہیں - خود مع بچوں کے تین روز متواتر روزے رکھے اور وقت افطار کھانا مسکین و یتیم و اسیر کو دیدیا مشہور ہی کہ آپ کے در سے سائل کبھی محروم واپس نہیں ہوا -

حقیقت یہ ہے کہ مردوں میں علی اور عورتوں میں فاطمہ یہ رسول اللہ کی عملی تربیت اور تعلیمی زندگی کے وہ دو معجزے تھے جنھوں نے رسول اللہ کے معلمانہ کمال کو عالم میں ابدی حیثیت سے ثابت کر دیا -

آپ کی وفات ۳ جمادی الثانی سنہ ۱۱ھ ۲۸ سال کی عمر میں واقع ہوئی -



یہ نہ دیکھو کہ کون کہہ رہا ہے یہ دیکھو کہ کیا کہا ہے

www.kitabmart.in

قصیدہ

در مدح حضرت خاتون جنت

(از جناب سید انور حسین صاحب آرزو لکھنوی)

طیبہ کی زمیں خود بھی آج اک نئی جنت ہے
انسیۂ حور اکی یہ جائے ولادت ہے

کیا مصحف ناطق کی پاکیزہ یہ صورت ہے
اک حجت حق خود بھی جس کی ہر اک آیت ہے

تسلیم کی خوگر کو خدمت ہی سے عظمت ہے
یہ خادمۂ باری مخدومۂ امت ہے

زینت ہیں مجل اس سے صدیقۂ عظمت ہے
جس صبر کی چادر میں پیوند قناعت ہے

خود فخر نسب کو ہے اس نسل گرامی پر
یہ سیدۂ عالم بنیاد سیادت ہے

ہے مصحف ناطق میں یہ شان نزول الیسی
جس طرح کہ قرآں میں تطہیر کی آیت ہے

تھامے بہ ادب آگر وہ طاہرہ کا دامن

www.kitabmart.in

گر لفظ طہارت کو معنی کی ضرورت ہے
جبریل قسم کھائیں خود وحی الٰہی کی
کس سر کے لئے چادر تطہیر کی آیت ہے

رہتی ہے کنیزی میں ہر وقت عدالت بھی
فضہ سے ذرا پوچھو جو حاضر خدمت ہے
کب عالم نسواں میں ملتی ہے نظیر اس کی
تعظیم کو باپ اٹھے بیٹی کی یہ عظمت ہے

بہر لغت عصمت یہ دختر پیغمبر
گہ صورت معنی ہے گہ معنی صورت ہے
جس شان کی بی بی تھی ویسا ہی ملا شوہر
اک ملکۂ عصمت ہے اک شاہ ولایت ہے

کہلائے پسر دونوں اولاد پیمبر کی
حاصل اسی دختر کو فرزند کی عظمت ہے
بیٹی ہے پیمبر کی ماں گیارہ اماموں کی
اس عطر نبوت میں خوشبوئے امامت ہے

اے آرزو آنکھیں ہیں خورشید کی بھی خیرہ
ہاں نور جلالت ہی خود جانب صورت ہے

www.kitabmart.in

تاریخی یادداشت

بابت ماہ جمادی الثانی

۳۔ اس تاریخ ۱۱ھ میں ایک قول کی بنا پر جو معمول ہے ہی جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی وفات ہوئی۔

۱۵۔ اس تاریخ ۷۳ھ میں عبداللہ بن زبیر کا قتل واقع ہوا اسی تاریخ ۳۸ھ میں امام زین العابدینؑ کی ولادت ہوئی

۲۰۔ اس تاریخ بعثت کے پانچویں سال جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی ولادت ہوئی۔

۲۲۔۲۱ تاریخ ۱۳ھ میں خلیفۂ اول ابوبکر بن قحافہ کا انتقال ہوا۔

۲۸ اس تاریخ ۱۲۶ھ میں ولید بن یزید بن عبدالملک بن مروان ہلاک ہوا۔

ہمارے شائع ہونے کا تیسرا شمارہ نہیں ہوتا

www.kitabmart.in

ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اہم وقائع تاریخی
یکشنبہ	۱	۴	۳۱	ولادت امام محمد باقر علیہ السلام
دوشنبہ	۲	۵	مہر	
سہ شنبہ	۳	۶	۲	وفات امام علی نقی علیہ السلام
چہار شنبہ	۴	۷	۳	
پنجشنبہ	۵	۸	۴	ولادت امام علی نقی علیہ السلام
جمعہ	۶	۹	۵	
شنبہ	۷	۱۰	۶	
یکشنبہ	۸	۱۱	۷	
دوشنبہ	۹	۱۲	۸	
سہ شنبہ	۱۰	۱۳	۹	
چہار شنبہ	۱۱	۱۴	۱۰	
پنجشنبہ	۱۲	۱۵	۱۱	
جمعہ	۱۳	۱۶	۱۲	ولادت حضرت علی علیہ السلام
شنبہ	۱۴	۱۷	۱۳	
یکشنبہ	۱۵	۱۸	۱۴	ہلاکت معاویہ

صاحبان عیب دوسروں کے عیوب کو آشکار اکرتے ہیں کہ اپنے عیوب کے عذر کیلئے [illegible] ورقع ملے

رَحِمَ اللّٰہُ مَنْ اَلْجَمَ نَفْسَہٗ عَنْ مَعَاصِی اللّٰہِ بِلِجَامِھَا

www.kitabmart.in

ایام	تاریخ عیسوی	تاریخ ہجری	تاریخ فصلی	اہم وقائع تاریخی
دوشنبہ	۱۶	۱۹	۱۵	
سہ شنبہ	۱۷	۲۰	۱۶	
چہار شنبہ	۱۸	۲۱	۱۷	
پنجشنبہ	۱۹	۲۲	۱۸	دیسۂ جناب غفرانمآب
جمعہ	۲۰	۲۳	۱۹	
شنبہ	۲۱	۲۴	۲۰	
یکشنبہ	۲۲	۲۵	۲۱	
دوشنبہ	۲۳	۲۶	۲۲	
سہ شنبہ	۲۴	۲۷	۲۳	فتح خیبر
چہار شنبہ	۲۵	۲۸	۲۴	وفات امام موسیٰ کاظم علیہ السلام
پنجشنبہ	۲۶	۲۹	۲۵	وفات حضرت ابوطالبؑ
جمعہ	۲۷	۳۰	۲۶	عید بعثت و دیسۂ جناب بحرالعلوم
شنبہ	۲۸	۳۱	۲۷	ارتحال آقائی سید کاظم طباطبائی
یکشنبہ	۲۹	ستمبر	۲۸	

خدا اُس کو بخشتا ہے جو اپنے نفس کو گناہ سے بچائے رہے

www.kitabmart.in

اعمال ماہ رجب

واضح ہو کہ یہ مہینہ اور ماہ شعبان اور ماہ رمضان سال کے مہینوں میں سب سے بہتر ہیں اس مہینہ بھر اور پھر شعبان کے تمام مہینہ روزہ رکھکر ماہ رمضان سے متصل کرنا بڑا ثواب رکھتا ہے اور یہ مہینہ بھی اُن چار مہینوں میں سے ہے جن کے احترام کے لحاظ سے جدال و قتال ان میں ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ جناب رسالتمآب نے فرمایا کہ ماہ رجب میری اُمت کے لئے استغفار کا مہینہ ہے لہذا اس ماہ میں کثرت سے طلب آمرزش کرو اور کہو

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ

میں خدا سے آمرزش طلب کرتا ہوں اور سوال کرتا ہوں اُس سے قبول توبہ کا

اس مہینہ کی مختلف تاریخوں میں روزہ رکھنے کی خصوصیت سے فضیلت ہے

جو شخص تمام ماہ روزہ نہ رکھے تو پندرہ دن ورنہ سات دن ورنہ تین دن اور کم از کم ایک روز روزہ رکھے کیونکہ اس کی بہت تاکید وارد ہوئی ہے۔ اور جو شخص روزہ رکھنے سے عاجز ہو اُس کے لئے مستحب ہے کہ اُس کے عوض میں اعمال بجا لائے۔ اور صدقہ دے۔

حضرت رسالتمآب سے منقول ہے کہ اگر روزہ رکھنے پر قادر نہ ہو تو ہر روز

لَا يَسْتَحْيِيَنَّ اَحَدُكُمْ اِذَا سُئِلَ عَمَّا لَا يَعْلَمُ اَنْ يَّقُوْلَ لَا اَعْلَمُ

www.kitabmart.in

سو مرتبہ ان تسبیحات کو پڑھے:-

سُبْحَانَ الْاِلٰهِ الْجَلِيْلِ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِيْ

پاک ہے خدائے بزرگ پاک ہے وہ کہ سزاوار نہیں ہے تسبیح بجز

التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ الْاَعَزِّ الْاَكْرَمِ

اُس کے کسی کے لئے پاک ہے وہ جو غالب تر اور بلند تر ہے

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَهُوَ لَهٗ اَهْلٌ

پاک ہے وہ جس نے لباس بزرگی پہنا اور وہ اُسی کے لائق ہے

حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ماہ رجب میں ہر روز صبح و شام اور ہر نماز کے بعد اس دعا کو پڑھو:

يَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَّاٰمَنُ سَخَطَهٗ عِنْدَ

اے وہ کہ جس سے امید رکھتا ہوں ہر نیکی کی اور ایمن ہوں اُس کے غضب سے

كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ يُّعْطِي الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ يَا مَنْ

ہر بدی کے نزدیک اے وہ کہ کثیر کو بخشتا ہے قلیل کے مقابلہ میں اے وہ جو کہ

يُّعْطِيْ مَنْ سَئَلَهٗ يَا مَنْ يُّعْطِيْ مَنْ لَّمْ يَسْئَلْهُ

عطا کرتا ہے اُس کو جو سوال کرتا ہے اُس سے اے وہ کہ عطا کرتا ہے اُس کو بھی جو نہیں سوال

وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّنًا مِّنْهُ وَرَحْمَةً اَعْطِنِيْ

کرتا اُس سے اور اُس کو جو نہیں پہچانتا اُس کو اپنے لطف کرم کے سبب سے عطا کر مجھ کو

کوئی شرم کی بات نہیں کہ اگر کوئی کچھ پوچھے اور تم نہ جانتے ہو تو انکار کر دو

www.kitabmart.in

بِمَسْأَلَتِيْ إِيَّاكَ جَمِيْعَ خَيْرِ الدُّنْيَا وَجَمِيْعَ

میرے سوال کی بنا پر تجھ سے تمام بہتری دنیا کی اور تمام

خَيْرِ الْآخِرَةِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ بِمَسْأَلَتِيْ إِيَّاكَ

بہتری آخرت کی اور دور کر مجھ سے میرے سوال کی بنا پر تمام

جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا وَشَرِّ الْآخِرَةِ فَإِنَّهُ غَيْرُ

برائی دنیا کی اور برائی آخرت کی کیونکہ کوئی کمی نہیں

مَنْقُوْصٍ مَا أَعْطَيْتَ وَزِدْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ

اس شے میں جو کہ تو عطا کرے اور زیادہ کر مجھ کو اپنے فضل سے اے کریم

پس حضرت بائیں ہاتھ میں اپنی ریش مبارک لیکر اپنے داہنے ہاتھ کی انگشت سبابہ کو داہنی جانب اور بائیں جانب حرکت دیتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے۔

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا ذَا النَّعْمَاءِ وَ

اے جلالت اور بزرگی کے مالک اے نعمت اور سخاوت کے

الْجُوْدِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ حَرِّمْ مُشَيْبَتِيْ

مالک اے احسان اور بخشش کے مالک حرام کر دے میری سفید داڑھی

عَلَى النَّارِ

کو آگ پر

www.kitabmart.in

اور ہاتھ اُس وقت تک نہ روکتے تھے جب تک کہ ریش مبارک آنسوؤں سے تر نہ ہو جاتی تھی۔

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ماہ رجب یا ماہ شعبان یا ماہ رمضان میں ہر شب یا ہر روز تین مرتبہ سورۂ حمد و آیۃ الکرسی اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھے اور تین مرتبہ کہے:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پاک ہے اللہ اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور نہیں ہے کوئی معبود بجز اللہ کے

وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اور اللہ سب سے بڑا ہے اور نہیں ہے طاقت اور نہ قوت لیکن اللہ کی مدد سے جو بلند اور بزرگ ہے

اور تین مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

خداوندا درود بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر

اور تین مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

خداوندا بخش دے مومنین و مومنات کو

اور چار سو مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

مغفرت چاہتا ہوں میں اللہ سے اور توبہ کرتا ہوں اُس کی بارگاہ میں

تو اُس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

www.kitabmart.in

اس ماہ کی پہلی شب کو غسل سنت ہے اور منقول ہے کہ پہلی اور پندرھویں اور آخری شب میں اس مہینہ کی غسل کرنے کا بہت زیادہ ثواب ہے۔

منقول ہے کہ جب ماہ رجب کا چاند دیکھے کہے:۔

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَ

خداوندا ظاہر کر اس چاند کو امن و امان اور ایمان اور

السَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

سلامتی اور اسلام کے ساتھ میرا پروردگار اور تیرا پروردگار اللہ ہے جو غالب اور

اور شب اوّل اور روز اول امام حسین علیہ السلام کی زیارت پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔

امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ ماہ رجب کی شب اول کو بعد نماز عشا یہ دعا پڑھو:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ مَلِیْکٌ وَّاَنَّکَ عَلٰی

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطہ اس بات کا کہ تو بادشاہ ہے اور یہ کہ تو ہر

کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرٌ وَّاَنَّکَ مَا تَشَاءُ مِنْ اَمْرٍ

بات پر قادر ہے اور یہ کہ تو جو چاہتا ہے وہ ہوتا ہے

یَّکُنْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ

خداوندا میں متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف ذریعہ سے تیرے نبی حضرت محمدؐ کے

www.kitabmart.in

نَبِيِّ الرَّحْمَةِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ يَا مُحَمَّدُ

جو نبی رحمت تھے تیرا درود اُن پر اور اُن کے اہلبیت پر اے محمدؐ

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ

اے رسول خدا میں متوجہ ہوتا ہوں اللہ کی طرف جو میرا اور آپ کا

رَبُّكَ لِيُنْجِحَ بِكَ طَلِبَتِيْ اَللّٰهُمَّ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ

پروردگار ہے تاکہ وہ پورا کرے آپ کے ذریعہ سے میرے مطلب کو خداوندا واسطہ تیرے نبی

وَبِالْاَئِمَّةِ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ اَنْجِحْ طَلِبَتِيْ

محمدؐ اور ائمہ کا اُن کے اہل بیت میں سے پورا کر میرے مطلب کو

پس اپنی حاجت طلب کرے اور بیس رکعت نماز بھی اس شب پڑھے ہر دو رکعت بیک سلام بجالائے اور ہر رکعت میں سورۂ حمد اور ایک مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ پڑھے۔ اور ماہ رجب کے پہلے جمعہ کو سو مرتبہ قل ہو اللہ پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔ اور حضرت امام محمد باقرؑ ماہ رجب کے جمعہ اوّل کو متولد ہوئے جو اس روز کی فضیلت کے لئے کافی ہے۔

اس مہینہ میں تیس رکعت نماز پڑھنے کا بہت ثواب ہے اس طرح کہ ماہ رجب کی پہلی تاریخ کو دس رکعت نماز ہر دو رکعت ایک سلام کے ساتھ بجالاوے اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ حمد اور قل ہو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون تین تین بار پڑھے اور ہر سلام کے بعد ہاتھ آسمان کی جانب بلند کرکے کہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے درانحالیکہ وہ واحد ہے نہیں ہے کوئی شریک اس کا اُسی کیلئے سلطنت ہے اور

www.kitabmart.in

اَلْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

تعریف ہی وہ زندہ کرتا ہی اور مردہ کرتا ہے اور وہ خود زندہ ہی کہ کبھی اُس کے لئے موت

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ

نہیں اُسکے قبضہ میں ہی بہتری اور وہ ہر چیز پر قادر ہی خداوندا

لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ

کوئی روکنے والا نہیں ہے اُس چیز کو جو تو عطا کرے اور کوئی دینے والا نہیں اُس چیز کا

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

جسے تو روکے اور نہیں فائدہ دے سکتی کسی کوشش کرنیوالے کو تیری حکم کے خلاف

پھر ہاتھوں کو اپنے منہ پر کھینچے اور پندرھویں ماہ رجب کو دس رکعت نماز پھر اُسی طرح بجا لائے اور سلام کے بعد ہاتھوں کو آسمان کی جانب بلند کرے اور کہے :-

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے وہ تنہا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں اُسی کیلئے سلطنت ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

اُسی کے لئے تعریف ہی وہ زندہ کرتا ہے اور مردہ کرتا ہی اور وہ خود زندہ ہی کہ کبھی اُس کے لئے

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ

موت نہیں اور اُسی کے قبضہ میں بہتری ہی اور وہ ہر بات پر قادر ہے ایسا خداوندا

لا تتکلمن اذا لم تجد للکلام موقعا

www.kitabmart.in

وَاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

جو ایک اکیلا یگانہ مقصد حاجات ہے نہیں اختیار کیا اس نے کسی بیوی کو اور نہ اولاد کو

پھر ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر ملے۔ پھر اس ماہ کی آخری تاریخ کو اسی طرح

دس رکعت پڑھے اور ہر سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر کہے :-

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے وہ تنہا ہے نہیں ہے کوئی شریک اس کا اس کے لئے

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ

سلطنت ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے

لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کہ کبھی اس کے لئے موت نہیں ہے اس کے قبضہ میں ہے بہتری اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَلَا

اور درود بھیجے اللہ محمد اور ان کے پاک اہلبیت پر اور

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نہیں ہے قوت اور نہ طاقت مگر اللہ کی مدد سے جو بلند و بزرگ ہے

پس ہاتھوں کو اپنے منہ پر ملے اور اپنی حاجتیں خدا

طلب کرے

www.kitabmart.in

اور بسند معتبر امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص ماہ رجب کے ایام البیض یعنی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں کو روزہ رکھے اس کو ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ اور اس ماہ کی تیرھویں تاریخ کو حضرت امیر المومنین کی ولادت ہوئی۔

نیز روایت میں وارد ہے کہ پندرھویں رجب کی شب کو بارہ رکعت نماز چھ سلام کے ساتھ پڑھے ہے اور ہر رکعت میں بعد سورہ حمد جو سورہ چاہے پڑھو اور فارغ ہونے کے بعد سورہ حمد اور قل آعوذ برب الفلق اور قل آعوذ برب الناس اور قل ہو اللہ احد اور آیۃ الکرسی کو چار چار مرتبہ پڑھے پھر چار مرتبہ کہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ

پاک ہے اللہ اور تعریف ہے اللہ کے لئے اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور

اللّٰہُ اَکْبَرُ اس کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ اللہ میرا پروردگار ہے میں شریک

بِہٖ شَیْئًا وَمَا شَاءَ اللّٰہُ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نہیں کرتا اس کے ساتھ کسی چیز کو اور جو کچھ چاہتا ہے اللہ اور طاقت و قوت نہیں ہے مگر اللہ

اور شب و روز میں زیارت امام حسین علیہ السلام سنت موکدہ ہے اور اس کے بجالانے کا بہت ثواب ہے۔

www.kitabmart.in

واضح ہو کہ بہترین اعمال نصف ماہ رجب دعائے اُمّ داؤد ہے جو حاجات
بر آنے اور تکالیف دور کرنے اور ظالموں کے مظالم رفع کرنے میں
مجرب ہے۔

اس دعا کے بارے میں روایتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ فاطمہ مادر داؤد
بن الحسن پسر زادہ حسن مجتبیٰ علیہ السلام حضرت صادقؑ کی دایہ تھیں اور آپ کو
دودھ پلایا تھا۔ جب محمد بن عبداللہ بن الحسن نے مدینہ میں خروج کیا اور منصور
دوانقی کے لشکر نے آکر اُن کو قتل کیا اور اُن کے بھائی محمد کو بھی شہید کیا
اور عبداللہ بن الحسن کو اور حسنی سادات کی ایک جماعت کو طوق و زنجیر میں قید کر کے
مدینہ سے عراق لے گئے داؤد بھی اُن ہی میں تھے۔ فاطمہ امّ داؤد کہتی ہیں کہ
ایک مدت تک داؤد کی کوئی خبر مجھ کو نہ ملی ہمیشہ تضرع و زاری کے ساتھ دعائیں
کرتی رہی اور میری التجا پر برادران مومن اور صلحا اور بزرگ لوگ بھی دعائیں
کرتے رہے لیکن استجابت کا کوئی اثر مجھے محسوس نہیں ہوتا تھا۔ کبھی مجھ کو
خبر ملتی تھی کہ اُس کو قتل کر دیا اور کبھی یہ اطلاع پہونچتی تھی کہ اُس کو دیوار میں
زندہ چن دیا غرض روز بروز میرا رنج و ملال بڑھتا گیا یہاں تک کہ غم سے میں
نہایت لاغر و کمزور ہو گئی اور داؤد کی ملاقات سے بالکل مایوس ہو گئی اسی
اثنا میں میں نے سنا کہ حضرت صادق علیہ السلام کا مزاج ناساز ہے میں آپ کی
عیادت کو گئی حضرت نے داؤد کا حال دریافت فرمایا اُس کا نام سن کر میں

لَا تُعَاجِلِ الذَّنْبَ بِالْعُقُوبَةِ وَاجْعَلْ بَيْنَهُمَا لِلْعَفْوِ مَوْضِعًا

www.kitabmart.in

تجھ کو کہ جمیع ملائکہ اور پیغمبران خدا و شہدا تیرے مددگار اور شفیع ہیں
اور تیرے لئے آمرزش طلب کرتے ہیں۔ اور خدا تجھ کو جزائے خیر دے
خوش ہو کہ حق تعالیٰ تیرے فرزند کا محافظ ہے اور بہت جلد انشاء اللہ
وہ تیرے پاس آتا ہے۔ میں خواب سے بیدار ہوئی اور اتنے عرصہ میں
کہ ایک بہت تیز سوار عراق سے مدینہ میں آسکتا ہے داؤد میرے پاس آیا
طریقہ عمل یہ ہے کہ معصوم نے فرمایا کہ ماہ مبارک رجب کی تیرھویں چودھویں
اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھو اور پندرھویں کو زوال کے وقت غسل کرو
اور دوسری روایت کی بناء پر زوال کے قریب غسل کرو اور جب زوال ہو
تو پاکیزہ ترین لباس پہن کر مکان کے ایک گوشہ میں جاؤ اور کوشش
کرو کہ کوئی تمہارے پاس نہ آئے۔ اور آٹھ رکعت نافلہ زوال بجالاؤ
اور اس کے رکوع و سجود کو بخوبی عمل میں لاؤ اس کے بعد نماز ظہر آداب
شرائط کے ساتھ بجالاؤ۔ اس کے بعد دو رکعت نماز جس سورہ کے
ساتھ چاہو پڑھو اس کے بعد سو مرتبہ کہو:۔

یَا قَاضِیَ حَوَائِجِ الطَّالِبِیْنَ

اے خواہشمندوں کے حاجات برلانے والے

پھر آٹھ رکعت نافلہ عصر آداب و شرائط کے ساتھ بجالاؤ۔ بعض
روایات میں وارد ہوا ہے کہ نافلہ عصر کی ہر رکعت میں حمد کے بعد تین مرتبہ

خطا کی سزا دینے میں جلدی نہ کرو بلکہ درمیان میں عفو کی جگہ رکھو

www.kitabmart.in

سورۂ قل ہو اللہ اور ایک مرتبہ سورۂ انا اعطیناک الکوثر پڑھو پھر نماز عصر خشوع و خضوع اور آداب و شرائط کے ساتھ بجالاؤ۔ ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ پاکیزہ چٹائی پر بیٹھے پھر سو مرتبہ سورۂ حمد اور سو مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد اور دس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھو اور سورۂ انعام و بنی اسرائیل و کہف و لقمان و یٰسین و الصافات و حٰم سجدہ و حٰم عسق و حٰم دخان و انا فتحنا و اذا وقعت و تبارک الذی بیدہ الملک و نون و القلم و اذا السماء انشقت تا آخر قرآن ایک ایک مرتبہ پڑھے اور اگر ان سوروں کا پڑھنا کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو ان سب کے عوض ہزار مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھو۔ اور شیخ مفید علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ اگر ان سورہائے مخصوص کا پڑھنا ناممکن ہو تو سو مرتبہ سورۂ حمد اور دس مرتبہ آیۃ الکرسی اور ہزار مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھو اور یہ احوط ہے اور دوسری روایت میں وارد ہوا ہے کہ سورۂ حمد سے پہلے سو مرتبہ کہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا
پاک ہے اللہ اور تعریف ہے اللہ کے لئے اور نہیں ہے کوئی معبود بجز
اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے

لَا تَشْرَكْنَ فِي رِوَايَتِكَ جَبَانًا يُضْعِفُكَ عَنِ الْأَمْرِ وَيَعْظُمُ عَلَيْكَ مَا لَيْسَ بِعَظِيمٍ

www.kitabmart.in

اور آیۃ الکرسی کے بعد سو مرتبہ کہے:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

خداوندا رحمت نازل فرما محمد و آل محمد پر

اور اگر آیۃ الکرسی کو بھی صحیح نہ پڑھ سکے تو سو مرتبہ سورۂ حمد اور ہزار مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھے۔ اور آیۃ الکرسی ہم فیہا خالدون تک پڑھنا چاہیئے۔ اُس کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ صَدَقَ اللّٰهُ

نام سے اللہ کے جو بڑے رحم والا اور بہت رحم کرنیوالا ہے۔ سچ کہا اللہ نے

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

جو بلند و بزرگ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ قائم اور دائم

الْقَيُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الرَّحْمٰنُ

ہے صاحب جلالت و بزرگی بڑے رحم والا اور بہت رحم کرنے والا

الرَّحِيْمُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ

بردبار بزرگ مرتبہ جس کے مثل کوئی چیز نہیں

شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ

اور وہ سننے والا دیکھنے والا عالم اور باخبر ہے

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

گواہی دی اللہ نے کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے اور فرشتوں نے

www.kitabmart.in

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اور صاحبان علم نے درانحالیکہ وہ خدا قائم ہے عدالت کے ساتھ کوئی معبود نہیں سوائے اُسکے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

وہ عزت دار اور صاحب حکمت ہے یقیناً دین حقیقی اللہ کے نزدیک اسلام ہے

وَبَلَّغَتْ رُسُلُهُ الْكِرَامُ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكَ

اور تبلیغ کی ہے اُس کے معزز پیغمبروں نے اور میں اس پر

مِنَ الشَّاهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَ

گواہوں میں سے ہوں خداوندا تیرے ہی لئے تعریف ہے اور

لَكَ الْمَجْدُ وَلَكَ الْعِزُّ وَلَكَ الْفَخْرُ وَلَكَ

تیرے ہی لئے بزرگی ہے اور تیری ہی لئے عزت ہے اور تیرے ہی لئے فخر ہے اور تیرے ہی لئے

الْقَهْرُ وَلَكَ النِّعْمَةُ وَلَكَ الْعَظَمَةُ وَ

غلبہ ہے اور تیرے ہی لئے نعمت ہے اور تیرے ہی لئے بزرگی ہے اور تیرے

لَكَ الرَّحْمَةُ وَلَكَ الْمَهَابَةُ وَلَكَ السُّلْطَانُ

ہی لئے رحمت ہے اور تیرے ہی لئے ہیبت ہے اور تیرے ہی لئے سلطنت ہے

وَلَكَ الْبَهَآءُ وَلَكَ الْاِمْتِنَانُ وَلَكَ التَّسْبِيْحُ

اور تیری ہی لئے خوبصورتی ہے اور تیری ہی لئے احسان ہے اور تیرے ہی لئے منزہ ہونا ہے

وَلَكَ التَّقْدِيْسُ وَلَكَ التَّهْلِيْلُ وَلَكَ

اور تیرے ہی لئے مبرا ہونا ہے اور تیرے ہی لئے کلمہ توحید ہے اور تیرے ہی لئے

لاتسیئ الی من احسن الیک فمن اساء الی من احسن الیہ فقد منع الاحسان

www.kitabmart.in

اَلتَّکْبِیْرُ وَلَکَ مَا یُرٰی وَلَکَ مَا لَا یُرٰی

تکبیر ہے اور تیرے ہی لئے وہ جو دکھائی دیتا ہے اور تیرے ہی لئے وہ جو نہیں دکھائی دیتا

وَلَکَ مَا فَوْقَ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰی وَلَکَ مَا

اور تیرے ہی لئے وہ جو بلند آسمانوں کے اوپر ہے اور تیرے ہی لئے وہ جو

تَحْتَ الثَّرٰی وَلَکَ الْاَرَضُوْنَ السُّفْلٰی وَلَکَ

زمین کے نیچے ہے اور تیرے ہی لئے ہیں پست زمین کے طبقے اور تیرے لئے ہے

الْاٰخِرَۃُ وَالْاُوْلٰی وَلَکَ مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

آخرت کا عالم اور یہ عالم اور تیرے لئے ہے وہ کہ جو تو دوست رکھتا ہے اور پسند کرتا ہے

بِہٖ مِنَ الثَّنَاءِ وَالْحَمْدِ وَالشُّکْرِ وَالنَّعْمَاءِ

اس کو تعریف اور حمد اور شکر اور نعمت سے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ

خداوندا درود بھیج محمدؐ اپنے بندے اور پیغمبر

وَاَمِیْنِکَ وَحَبِیْبِکَ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور امانتدار اور حبیب پر اور اہلبیت محمدؐ پر خداوندا درود بھیج

عَلٰی جِبْرَئِیْلَ اَمِیْنِکَ عَلٰی وَحْیِکَ وَ

جبرئیل پر جو امانتدار ہیں تیری وحی پر اور طاقت

الْقُوَیِّ عَلٰی اَمْرِکَ وَالْمُطَاعِ فِیْ سَمٰوَاتِکَ

رکھتے ہیں تیرے احکام کی اور جن کی اطاعت ہوتی ہے تیرے آسمانوں میں

دیکھو جو تمہارے ساتھ بھلائی کرے اس کے ساتھ بدی نہ کرو کیونکہ محسن سے بدی احسان سے روک دیتی ہے

www.kitabmart.in

وَمَحَالِّ كَرَامَاتِكَ الْمُتَحَمِّلِ لِكَلِمَاتِكَ

اور تیرے عزت کے مقاموں میں وہ برداشت کرنیوالے ہیں تیرے کلمات کے

النَّاصِرِ لِاَنْبِيَائِكَ الْمُدَمِّرِ لِاَعْدَائِكَ

اور مددگار ہیں تیرے انبیا کے اور ہلاک کرنے والے ہیں تیرے دشمنوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مِيْكَائِيْلَ مَلَكِ رَحْمَتِكَ

خداوندا درود بھیج میکائیل پر جو تیری رحمت کا فرشتہ ہیں

وَالْمَخْلُوْقِ لِرَافَتِكَ وَالْمُسْتَغْفِرِ الْمُعِيْنِ

اور تیری مہربانی سے پیدا کئے گئے ہیں اور دعائے مغفرت کرنیوالے اور مددگار ہیں

لِاَهْلِ طَاعَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اِسْرَافِيْلَ

تیری اطاعت کرنیوالوں کے خداوندا درود بھیج اسرافیل پر

حَامِلِ عَرْشِكَ وَصَاحِبِ الصُّوْرِ الْمُنْتَظِرِ

جو تیرے عرش کے اٹھانیوالے ہیں اور صور لئے ہوئے تیرے حکم کے منتظر

لِاَمْرِكَ وَالْوَجِلِ الْمُشْفِقِ مِنْ خِيْفَتِكَ

اور تیری دہشت سے خوفزدہ ہیں خداوندا درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عِزْرَائِيْلَ قَابِضِ اَرْوَاحِ

بھیج عزرائیل پر جو تیرے تمام مخلوقات کی روحیں قبض

بِجَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى حَمَلَةِ

کرنے والے ہیں خداوندا درود بھیج اٹھانے والوں پر

www.kitabmart.in

الْعَرْشِ الطَّاهِرِيْنَ وَعَلٰى مَلٰٓئِكَةِ الذِّكْرِ

عرش کے جو پاک ہیں اور ذکر خدا کرنے والے فرشتوں پر

اَهْلِ التَّامِيْنَ عَلٰى دُعَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ

جو آمین کہنے والے ہیں مومنین کی دعا پر اور

عَلَى السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ الطَّيِّبِيْنَ وَ

معزز سفیروں پر جو نیکوکار اور پاکیزہ ہیں اور

عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ الْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ وَعَلٰى

تیرے معزز ملائکہ پر جو کاتب اعمال ہیں اور

مَلَآئِكَةِ الْجِنَانِ وَخَزَنَةِ النِّيْرَانِ وَمَلَكِ

جنت کے فرشتوں اور جہنم کے خزانہ داروں پر اور ملک الموت

الْمَوْتِ وَالْاَعْوَانِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور اُن کے مددگاروں پر اے جلالت و بزرگی کے مالک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓى اَبِيْنَا اٰدَمَ بَدِيْعِ فِطْرَتِكَ

خداوندا درود بھیج ہمارے باپ حضرت آدم پر جو انوکھی ایجاد تیری تھے

الَّذِيْ اَكْرَمْتَهٗ بِسُجُوْدِ مَلَآئِكَتِكَ وَ

جن کو عزت دی تونے اپنے فرشتوں کے سجدہ کے ساتھ اور

اَسْكَنْتَهٗ جَنَّتَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓى اُمِّنَا حَوَّآءَ

مباح کی ان پر اپنی جنت خداوندا درود بھیج ہماری ماں حوا پر

لا یشبع المؤمن و اخوہ جائع

www.kitabmart.in

الْمُطَهَّرَةِ مِنَ الرِّجْسِ الْمُصْطَفَاةِ مِنَ الدَّنَسِ

جو گناہ سے پاک اور ہر آلائش سے صاف

الْمُفَضَّلَةِ مِنَ الْاِنْسِ الْمُتَرَدَّدَةِ بَيْنَ مَحَالِّ

انسانوں میں سے منتخب اور مقدس مقامات

الْقُدْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى هَابِيْلَ وَشِيْثَ

میں پھرنے والی تھیں خداوند اور درود بھیج ہابیل اور شیث

وَاِدْرِيْسَ وَنُوْحٍ وَهُوْدٍ وَصَالِحٍ وَاِبْرَاهِيْمَ

اور ادریس اور نوح اور ہود اور صالح اور ابراہیم

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَيُوْسُفَ

اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور یوسف

وَالْاَسْبَاطِ وَلُوْطٍ وَشُعَيْبٍ وَاَيُّوْبَ وَمُوْسٰى

اور اسباط بنی اسرائیل اور لوط اور شعیب اور ایوب اور موسیٰ

وَهٰرُوْنَ وَيُوْشَعَ وَمِيْشَا وَالْخَضِرِ وَذِى

اور ہارون اور یوشع اور میشا اور خضر اور

الْقَرْنَيْنِ وَيُوْنُسَ وَاِلْيَاسَ وَالْيَسَعِ وَذِى

ذوالقرنین اور یونس اور الیاس اور یسع اور

الْكِفْلِ وَطَالُوْتَ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمَانَ وَزَكَرِيَّا

ذوالکفل اور طالوت اور داؤد اور سلیمان اور زکریا

www.kitabmart.in

وَشَعْيَا وَيَحْيٰى وَتُورَخَ وَمَتَّا وَاُرْمِيَا

اور شعیا اور یحییٰ اور تارخ اور متا اور ارمیا

وَحَبَقُوقَ وَدَانِيَالَ وَعُزَيْرٍ وَعِيسٰى وَشَمْعُونَ

اور حبقوق اور دانیال اور عزیر اور عیسیٰ اور شمعون

وَجُرْجُيسَ وَالْحَوَارِيِّينَ وَالْاَتْبَاعِ وَخَالِدٍ

اور جرجیس اور حواریین اور تابعین اور خالد

وَحَنْظَلَةَ وَلُقْمَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ

اور حنظلہ اور لقمان پر خداوندا درود بھیج محمدؐ اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَاٰلَ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ

آل محمدؐ پر اور رحمت نازل کر محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور برکت عطا کر

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ

محمدؐ اور آل محمدؐ پر جیسا کہ تونے درود بھیجا اور رحمت

وَبَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ

نازل کی اور برکت عطا کی ابراہیم اور آل ابراہیم کو یقیناً تو

حَمِيدٌ مَجِيدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْاَوْصِيَاءِ

لائق تعریف ہے اور صاحب بزرگی ہے خداوندا درود بھیج جانشینوں اور

وَالسُّعَدَاءِ وَالشُّهَدَاءِ وَاَئِمَّةِ الْهُدٰى

نیک بختوں اور شہیدوں اور سچے پیشواؤں پر

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْاَبْدَالِ وَالْاَوْتَادِ وَ

خداوندا درود بھیج ابدال اور اوتاد اور

السُّیَّاحِ وَالْعُبَّادِ وَالْمُخْلِصِیْنَ وَالزُّھَّادِ

روزہ داروں اور عبادت کرنیوالوں اور اخلاص رکھنے والوں اور زاہدوں

وَاَھْلِ الْمَجْدِ وَالْاِجْتِھَادِ وَاخْصُصْ مُحَمَّدًا

اور جدّ و جہد کرنیوالوں پر (خداوندا) مخصوص کر حضرت محمد اور ان کے

وَاَھْلَ بَیْتِہٖ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَاَجْزَلِ

اہلبیت کو بہترین اپنے درود اور زیادہ ترین

کَرَامَاتِکَ وَبَلِّغْ رُوْحَہٗ وَجَسَدَہٗ مِنِّیْ

اپنی عزتوں کے ساتھ اور پہونچا ان کے روح اور جسم کو میری جانب سے

تَحِیَّۃً وَسَلَامًا وَزِدْہُ فَضْلًا وَشَرَفًا وَکَرَمًا

درود اور سلام اور زیادہ کر ان کے لئے فضیلت اور عزت اور بزرگی

حَتّٰی تُبَلِّغَہٗ اَعْلٰی دَرَجَاتِ اَھْلِ الشَّرَفِ

یہاں تک کہ پہونچا ان کو بلند ترین درجوں تک صاحبان شرف کے

مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْاَفَاضِلِ

انبیا اور مرسلین اور فضیلت والے

الْمُقَرَّبِیْنَ اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتُ وَ

مقرب افراد میں سے خداوندا درود بھیج ان پر جن کا میں نے نام لیا ہے اور

www.kitabmart.in

مَنْ لَمْ اَسَمِّ مِنْ مَلَآئِكَتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ

جن کا نام نہیں لیا ہے تیرے فرشتوں میں سے اور انبیا اور

وَرُسُلِكَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ وَاَوْصِلْ صَلَوَاتِيْ

مرسلین اور اطاعت کرنے والوں سے اور پہونچا میرے درود کو

اِلَيْهِمْ وَاِلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاجْعَلْهُمْ اِخْوَانِيْ

ان کی طرف اور اُن کی روحوں کی طرف اور قرار دے اُن کو میرے ساتھ

فِيْكَ وَاَعْوَانِيْ عَلٰى دُعَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

برادری رکھنے والا تیرے راستہ میں اور میرا مددگار تجھ سے دعا مانگنے میں خداوندا میں

اَسْتَشْفِعُ بِكَ اِلَيْكَ وَبِكَرَمِكَ اِلٰى كَرَمِكَ

شفاعت طلب کرتا ہوں تجھ ہی سے تیری بارگاہ میں اور تیری بزرگی سے تیری بزرگی

وَبِجُوْدِكَ اِلٰى جُوْدِكَ وَبِرَحْمَتِكَ اِلٰى رَحْمَتِكَ

کی جناب میں اور تیری بخشش سے تیری بخشش کی بارگاہ میں اور تیری رحمت سے تیری رحمت کی بارگاہ میں

وَبِاَهْلِ طَاعَتِكَ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ

اور تیرے اطاعت کرنیوالوں سے تیری درگاہ میں اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے خداوندا

بِكُلِّ مَا سَئَلَكَ بِهٖ اَحَدٌ مِنْهُمْ مِنْ مَسْئَلَةٍ

ہر اُس شے کے ساتھ جس کا سوال کیا تجھ سے کسی نے اُن میں سے کوئی بزرگ سوال

شَرِيْفَةٍ غَيْرِ مَرْدُوْدَةٍ بِمَا دَعَوْكَ بِهٖ مِنْ

جو رد نہ کیا گیا ہو اور جس چیز کے ساتھ دعا کی ہو اُنھوں نے تیری بارگاہ میں

يَنَامُ الْبَخِيْلُ عَلَى التَّكَلِ وَلَا يَنَامُ عَلَى الظُّلْمِ

www.kitabmart.in

دَعْوَةٍ مُجَابَةٍ غَيْرِ مُخَيَّبَةٍ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

کوئی ایسی دعا جو قبول ہوئی ہو اور ناکامیاب نہ ہوئی ہو اے اللہ اے بڑے رحم والے

يَا رَحِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا جَلِيْلُ

اے بہت رحم کرنے والے اے غصہ سے کام نہ لینے والے اے سخی اے بڑے اے بزرگ

يَا مُنِيْلُ يَا جَمِيْلُ يَا كَفِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا

اے عطا کرنے والے اے اچھی صفات کے مالک اے ذمہ دار اے کاموں کے انجام دینے والے اے

مُقِيْلُ يَا مُجِيْرُ يَا خَبِيْرُ يَا مُنِيْرُ يَا مُبِيْرُ يَا

درگذر کرنیوالے اے پناہ دینے والے اے باخبر اے روشن کرنیوالے اے ہلاک کرنیوالے اے

مَنِيْعُ يَا مُدِيْلُ يَا مُحِيْلُ يَا كَبِيْرُ يَا قَدِيْرُ

اے حفاظت کرنیوالے اے دولت دینے والے اے قوت عطا کرنیوالے اے بڑے درجہ والے اے قدرت رکھنے والے

يَا بَصِيْرُ يَا شَكُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا بَرُّ يَا طَهُرُ

اے دیکھنے والے اے اعمال کی قدر کرنیوالے اے بخشنے والے اے نیک سچے پاک

يَا ظَاهِرُ يَا قَاهِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا سَاتِرُ

اے پاکیزہ اے غالب اے نمایاں اے پنہاں اے پردہ پوشی کرنیوالے

يَا مُحِيْطُ يَا مُقْتَدِرُ يَا حَفِيْظُ يَا مُتَجَبِّرُ يَا

اے گھیرنیوالے اے طاقت والے اے نگہبان اے زبردست اے

قَرِيْبُ يَا وَدُوْدُ يَا حَمِيْدُ يَا مَجِيْدُ يَا مُبْدِئُ

نزدیک اے محبت کرنیوالے اے لائق تعریف اے بزرگ اے پہلے پہل پیدا کرنیوالے

www.kitabmart.in

يَا مُعِيدُ يَا شَهِيدُ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا

اے دوبارہ خلق کرنیوالے اے احسان کرنیوالے اے اچھا سلوک کرنیوالے اے

مُنْعِمُ يَا مُفَضِّلُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا

نعمت عطا کرنیوالے اے حق سے زائد دینیوالے اے سمیٹنے والے اے پھیلانے والے اے

هَادِي يَا مُرْسِلُ يَا مُرْشِدُ يَا مُسَدِّدُ يَا

رہنما اے بھیجنے والے اے سیدھا راستہ پر چلانے والے اے اچھے کام کرانے والے اے

مُعْطِي يَا مَانِعُ يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا بَاقِي يَا

عطا کرنیوالے اے روکنے والے اے دور کرنیوالے اے اٹھانے والے اے باقی رہنیوالے اے

وَارِثُ يَا خَلَّاقُ يَا وَهَّابُ يَا تَوَّابُ يَا فَتَّاحُ

بچانے والے اے پیدا کرنیوالے اے عطا کرنیوالے اے توبہ قبول کرنیوالے اے کھولنے والے

يَا نَفَّاحُ يَا مُرْتَاحُ يَا مَنْ بِيَدِهٖ كُلُّ مِفْتَاحٍ

نفع بخشنے والے اے آرام دینے والے اے وہ جس کے ہاتھ میں ہر کنجی ہے اے

يَا نَفَّاعُ يَا رَءُوفُ يَا عَطُوفُ يَا كَافِي يَا

نفع دینے والے اے مہربان اے رحم سے کام لینے والے اے کافی اے

شَافِي يَا مُعَافِي يَا مُكَافِي يَا وَفِيُّ يَا

شافی اے عافیت دینے والے اے احسان کا بدلہ دینے والے اے وفا کرنے والے اے

مُهَيْمِنُ يَا عَزِيزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا سَلَامُ

نگہبان کرنیوالے اے غالب اے زبردست اے بڑائی کے مالک اے سلامتی کے دینے والے

www.kitabmart.in

يَا مُؤْمِنُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا نُوْرُ يَا مُدَبِّرُ

اے امن و اطمینان عطا کرنیوالے اے یکتا اے مقصد حاجات اے روشنی اے انتظام کرنے والے

يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا نَاصِرُ يَا

اے اکیلے اے بے مثال اے منزہ اور بری اے مددگار اے

مُؤْنِسُ يَا بَاعِثُ يَا وَارِثُ يَا عَالِمُ يَا حَاكِمُ

ہمدم اے اٹھنے کی طاقت عطا کرنیوالے اے تمام کائنات کے بعد باقی رہنے والے اے عالم اے حاکم

يَا بَادِئُ يَا مُتَعَالِيْ يَا مُصَوِّرُ يَا مُسَلِّمُ يَا

اے ابتدا کرنیوالے اے بلند مرتبہ اے صورت بنانے والے اے سلامتی عطا کرنیوالے اے

مُنْتَجِبُ يَا قَائِمُ يَا دَائِمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ

روشنی پیدا کرنیوالے اے برقرار اے ہمیشہ اے باخبر اے مصلحت بین

يَا جَوَادُ يَا بَارِئُ يَا بَرُّ يَا سَتَّارُ يَا عَادِلُ يَا فَاضِلُ

اے سخی اے پیدا کرنے والے اے اچھے کام کرنیوالے اے خوشی عطا کرنیوالے اے عادل اے

يَا دَيَّانُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا سَمِيْعُ يَا

صاحب فضیلت اے جزا دینے والے اے بڑے مہربان اے احسان کرنیوالے اے سننے والے اے

بَصِيْرُ يَا بَدِيْعُ يَا خَفِيُّ يَا مُعِيْنُ يَا نَاشِرُ

اے دیکھنے والے اے پیدا کرنیوالے اے پناہ دینے والے اے مددگار اے قبروں سے اٹھانیوالے

يَا غَافِرُ يَا قَدِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا مُسَهِّلُ يَا

اے بخشنے والے اے قدیم اے بزرگ اے آسان کرنیوالے اے

تنگدستی اور مصیبت سے کڑھو نہیں کیونکہ سونا آگ پر کسا جاتا ہے اور موتی

www.kitabmart.in

مُمِیْتُ یَا مُحْیِیُ یَا نَافِعُ یَا رَازِقُ

اے مارنیوالے اے مردہ کرنیوالے اے زندہ کرنیوالے اے فائدہ عطا کرنیوالے اے رزق عطا کرنیوالے

یَا مُقَدِّمُ یَا مُسَبِّبُ یَا مُغِیْثُ یَا مُغْنِیُ یَا

اے مقرر کرنیوالے اے اسباب قرار دینے والے اے فریاد کو پہونچنے والے اے غنی کرنیوالے اے

مُقْنِیُ یَا خَالِقُ یَا رَاصِدُ یَا وَاحِدُ یَا حَاضِرُ

ذخیرہ عطا کرنیوالے اے پیدا کرنیوالے اے نگرانی کرنیوالے اے یکتا اے حاضر

یَا جَابِرُ یَا حَافِظُ یَا شَدِیْدُ یَا غِیَاثُ یَا عَائِدُ

اے ٹوٹے ہوئے کو جوڑنے والے اے حفاظت کرنیوالے اے طاقتور اے فریادرس اے نفع بخش

یَا قَابِضُ یَا مُنِیْبُ یَا مُبِیْنُ یَا طَاهِرُ یَا

اے لینے والے اے توبہ قبول کرنیوالے اے نمایاں کرنیوالے اے پاک اے

مُجِیْبُ یَا مُتَفَضِّلُ یَا مُسْتَجِیْبُ یَا عَادِلُ یَا

دعا قبول کرنیوالے اے احسان کرنیوالے اے قبولیت عطا کرنیوالے اے منصف اے دیکھنے

بَصِیْرُ یَا مُؤَمِّلُ یَا مُسْدِیُ یَا اَوَّابُ یَا وَافِیُ

والے اے امید دلانے والے اے احسان کرنیوالے اے بخشنے والے اے وفا کرنیوالے

یَا رَاشِدُ یَا مَلِكُ یَا رَبُّ یَا مُذِلُّ یَا مُعِزُّ

اے صحیح کاموں کے کرنیوالے اے بادشاہ اے مالک اے ذلیل کرنیوالے اے عزت دینے والے

یَا مَاجِدُ یَا رَازِقُ یَا وَلِیُّ یَا فَاضِلُ یَا سُبْحَانُ

اے بزرگ مرتبہ اے رزق عطا کرنیوالے اے مددگار اے صاحب فضیلت اے پاک

www.kitabmart.in

يَا بَاسِطُ يَا مَنْ عَلَا فَاسْتَعْلٰى فَكَانَ بِالْمَنْظَرِ

اے پھیلانیوالے اسکے کہ جو بلند ہو تو سب پر غالب آیا پس ہے وہ بلند زمین

الْاَعْلٰى يَا مَنْ قَرُبَ فَدَنٰى وَبَعُدَ فَنَاٰى

مقام پر اے وہ کہ جو قریب ہوا پس نزدیک ہو گیا اور دور ہوا پس جدا ہو گیا

وَعَلِمَ السِّرَّ وَاَخْفٰى يَا مَنْ اِلَيْهِ التَّدْبِيْرُ

اور عالم ہے وہ راز کا اور جو اُس سے بھی زیادہ پوشیدہ ہوا وہ کہ جس کے قبضہ میں ہر تدبیر

وَلَهُ الْمَقَادِيْرُ يَا مَنِ الْعَسِيْرُ عَلَيْهِ سَهْلٌ

اور اُسکے ہاتھ میں ہیں تقدیریں اے وہ کہ مشکل کام اُس پر آسان اور سہل ہے

يَسِيْرٌ وَيَا مَنْ هُوَ عَلٰى مَا يَشَاءُ قَدِيْرٌ يَا

اور اے وہ کہ جو قادر ہے ہر اُس بات پر جسے چاہے اے

مُرْسِلَ الرِّيَاحِ يَا فَارِقَ الْاِصْبَاحِ يَا بَاعِثَ

بھیجنے والے ہواؤں کے اے نمایاں کرنیوالے سفیدۂ سحر کے اے اُٹھانیوالے

الْاَرْوَاحِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالسَّمَاحِ يَا رَادَّ

روحوں کے اے صاحب جود و بخشش اے واپس لانیوالے اُس شے کے

مَا قَدْ فَاتَ يَا نَاشِرَ الْاَمْوَاتِ يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ

جو ہاتھ سے نکل گئی اے زندہ کرنیوالے مردوں کے اے یکجا کرنیوالے پراگندہ چیزوں کے

يَا رَازِقَ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ يَا فَاعِلَ

اے رزق عطا کرنیوالے اُس شخص کو جسے چاہے بغیر حساب کے اے کرلے والے

www.kitabmart.in

مَا یَشَاءُ کَیفَ یَشَاءُ یَا ذَا الجَلَالِ وَالاِکرَام

جو کچھ چاہے جس طرح چاہے اے جلالت و بزرگی والے اے

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا حَیُّ حِینَ لَا حَیَّ یَا حَیُّ

زندہ اے پائیدار اے زندہ اُس وقت جب کوئی زندہ نہ ہو اے زندہ اور

یَا مُحیِیَ المَوتٰی یَا حَیُّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ بَدِیعُ

زندہ کرنیوالے مردوں کے اے زندہ نہیں ہے کوئی خدا سوائے تیرے ایجاد کرنیوالا

السَّمٰوَاتِ وَالاَرضِ یَا اِلٰہِی وَسَیِّدِی

آسمان اور زمین کا اے میرے خدا اے میرے سردار

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَارحَم مُحَمَّدًا

درود بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر اور رحم کر محمدؐ و آل محمدؐ

وَاٰلَ مُحَمَّدٍ وَبَارِک عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

پر اور برکت عطا کر محمدؐ و آل محمدؐ کو جس طرح

صَلَّیتَ وَبَارَکتَ وَرَحِمتَ وَتَرَحَّمتَ

درود بھیجا تو نے اور برکت عطا کی اور رحم کیا اور مہربانی کی

عَلٰی اِبرَاهِیمَ وَاٰلِ اِبرَاهِیمَ اِنَّکَ حَمِیدٌ

ابراہیم اور آل ابراہیم پر یقیناً تو قابل تعریف اور

مَجِیدٌ وَارحَم ذُلِّی وَفَقرِی وَفَاقَتِی وَاِفتِقَارِی

بزرگ ہے اور رحم کر میری ذلت اور میری تنگدستی اور میری احتیاج اور میری تنہائی

الدولة کما تقبل تدبر الی شیا ما تجبر تک

www.kitabmart.in

وَوَحْدَتِي وَخُضُوعِي بَيْنَ يَدَيْكَ وَاعْتِمَادِي

اور میری بیکسی اور میری فروتنی پر تیرے سامنے اور میرے بھروسا رکھنے پر تیرے ادپر

عَلَيْكَ وَتَضَرُّعِي إِلَيْكَ أَدْعُوكَ دُعَاءَ

اور میری منت سماجت پر تیری بارگاہ میں میں دعا کرتا ہوں تجھ سے دعا

الْخَاضِعِ الذَّلِيلِ الْخَاشِعِ الْخَائِفِ الْمُشْفِقِ

ایک جھکے ہوئے ذلیل فروتنی کرنے والے خوفزدہ ڈرے ہوئے مصیبت زدہ

الْبَائِسِ الْمِسْكِينِ الْحَقِيرِ الْجَائِعِ الْفَقِيرِ الْعَائِذِ

مسکنت حقیر بھوکے فقیر پناہ گزیں

الْمُسْتَجِيرِ الْمُقِرِّ بِذَنْبِهِ الْمُسْتَغْفِرِ مِنْهُ

حفاظت خواہ اقرار کرنے والے شخص کی اپنے گناہ کا جو بخشش کا طالب ہو اس گناہ کی

الْمُسْتَكِينِ لِرَبِّهِ دُعَاءَ مَنْ أَسْلَمَتْهُ نَفْسُهُ

اور عاجزی کرتا ہوا اپنے مالک کے سامنے دعا اس شخص کی سی جس کو چھوڑ دیا ہو اس کے بڑے بھروسے

وَرَفَضَتْهُ أَحِبَّتُهُ وَعَظُمَتْ فَجِيعَتُهُ دُعَاءَ

کے لوگوں نے اور ترک کر دیا ہو اس کو اس کے دوستوں نے اور بڑی سخت ہو جس کی مصیبت دعا

حَرَقٍ حَزِينٍ ضَعِيفٍ مِسْكِينٍ بَائِسٍ مُسْتَكِينٍ

ایک سوختہ محزون کمزور حقیر مصیبت زدہ منت سماجت کرنے والے شخص کی

بِبَابِكَ مُسْتَجِيرٍ اللَّهُمَّ وَأَسْئَلُكَ بِأَنَّكَ مَلِيكٌ

جو پناہ لینے والا ہو تیری بارگاہ میں اور خداوندا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس واسطے کہ تو بادشاہ ہے

دولت جس طرح آتی ہے یوں ہی جاتی ہے دنیا جس طرح کام بناتی ہے اسی طرح بگاڑتی ہے

www.kitabmart.in

وَاَنَّكَ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَّكُوْنُ وَاَنَّكَ

اور یہ کہ جو بات تو چاہتا ہے وہ ہوتی ہے اور یہ کہ تو

عَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ وَاَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ

جس بات کو چاہے اس پر قادر ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے واسطے کی

هٰذَا الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْبَيْتِ الْحَرَامِ وَالْبَلَدِ الْحَرَامِ

اس محترم مہینہ اور محترم گھر اور محترم شہر

وَالرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْعِظَامِ وَبِحَقِّ

اور رکن اور مقام اور بڑی عبادت گاہوں کی عزت کے اور واسطہ

نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ يَا مَنْ

تیرے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے حق کا اے وہ جس نے

وَهَبَ لِاٰدَمَ شِيْثًا وَلِاِبْرٰهِيْمَ اِسْمٰعِيْلَ

عطا کئے آدم کو شیث اور ابراہیم کو اسمٰعیل

وَاِسْحٰقَ وَيَا مَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ

اور اسحٰق اور اے جس نے واپس کیا یوسف کو یعقوب کی طرف

وَيَا مَنْ كَشَفَ بَعْدَ الْبَلَآءِ ضُرَّ اَيُّوْبَ يَا

اور اے وہ جس نے دور کیا مصیبت کے بعد ایوب کی مصیبت کو اے

رَادَّ مُوْسٰى عَلٰى اُمِّهٖ وَيَا زَآئِدَ الْخَضِرِ

پلٹانے والے موسیٰ کے ان کی ماں کے پاس اور اے زیادتی دینے والے خضر کو

www.kitabmart.in

فِیْ عِلْمِہٖ وَیَا مَنْ وَھَبَ لِدَاوٗدَ سُلَیْمٰنَ

اُن کے علم میں اور اے وہ جس نے عطا کئے داؤد کو سلیمان

وَلِزَکَرِیَّا یَحْیٰی وَلِمَرْیَمَ عِیْسٰی یَا حَافِظَ بِنْتِ

اور زکریا کو یحیی اور مریم کو عیسیٰ اے حفاظت کرنے والے

شُعَیْبٍ وَیَا کَافِلَ وَلَدِ اُمِّ مُوْسٰی اَسْئَلُکَ

دختر شعیب کے اور نگرانی کرنیوالے مادر موسی کے فرزند کے میں تجھ سے سوال

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ

کرتا ہوں یہ کہ درود بھیجے تو محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ

تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ کُلَّھَا وَتُعْطِیَنِیْ سُؤْلِیْ کُلَّہٗ وَ ۷۹۳

بخش دے میرے تمام گناہوں کو اور عطا کر مجھے میرا سوال پورا اور پیاہ دے

تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِکَ وَتُوْجِبَ لِیْ رِضْوَانَکَ وَاَمَانَکَ

مجھ کو اپنے عذاب سے اور لازم قرار دے میرے لئے اپنی خوشنودی اور اپنی امان

وَاِحْسَانَکَ وَغُفْرَانَکَ وَجِنَانَکَ وَاَسْئَلُکَ

اور اپنے احسان اور اپنی بخشش اور اپنے بہشتوں کو اور سوال کرتا ہوں

اَنْ تَفُکَّ عَنِّیْ کُلَّ حَلْقَةِ ضِیْقٍ بَیْنِیْ وَبَیْنَ

میں تجھ سے یہ کہ تو کشادہ کر دے مجھ سے ہر تنگ دائرے کو میرے درمیان اور

مَنْ یُّؤْذِیْنِیْ وَتَفْتَحَ لِیْ کُلَّ بَابٍ وَتُلَیِّنَ

اُس کے درمیان جو مجھے اذیت دیتا ہے اور کھول دے میرے لئے ہر دروازہ کو اور نرم کر

www.kitabmart.in

اِلٰی کُلِّ صَعْبٍ وَتُسَهِّلَ اِلٰی کُلِّ عَسِیْرٍ وَتُخْرِسَ

میرے لئے ہر سخت بات کو اور آسان کر دے میرے لئے ہر مشکل کو اور گونگا کر دے

عَنِّیْ کُلَّ نَاطِقٍ بِشَرٍّ وَتَکُفَّ عَنِّیْ کُلَّ بَاغٍ

میری طرف سے ہر اس شخص کو جو برائی کے ساتھ کلام کرے اور باز رکھ مجھ سے ہر باغی کو

وَتَکْبِتَ لِیْ کُلَّ عَدُوٍّ لِّیْ وَحَاسِدٍ وَتُمَنِّعَ

اور شکست دے میرے ہر دشمن اور حاسد کو اور روک

مِنِّیْ کُلَّ ظَالِمٍ وَتَکْفِیَنِیْ کُلَّ عَاتٍ یَّحُوْلُ

مجھ سے ہر ظالم کو اور بچا مجھ کو ہر اس شخص سے جو میرے اور میرے فرزند

بَیْنِیْ وَبَیْنَ وَلَدِیْ وَیُحَاوِلُ اَنْ یُّفَرِّقَ

کے درمیان سد راہ ہو اور قصد کرے یہ کہ تفرقہ ڈالے میرے اور

بَیْنِیْ وَبَیْنَ طَاعَتِکَ وَیُثَبِّطَنِیْ عَنْ عِبَادَتِکَ

تیری طاعت کے درمیان اور باز رکھے مجھ کو تیری عبادت سے

یَا مَنْ اَلْجَمَ الْجِنَّ الْمُتَمَرِّدِیْنَ وَقَهَرَ عُتَاةَ

اے وہ جس نے لگام دی ہے سرکش جنات کو اور مغلوب کیا ہے نافرمان

الشَّیَاطِیْنِ وَاَذَلَّ رِقَابَ الْمُتَجَبِّرِیْنَ وَرَدَّ

شیطانوں کو اور ذلیل کیا ہے بڑے زبردست لوگوں کی گردنوں کو اور

کَیْدَ الْمُتَسَلِّطِیْنَ عَنِ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ اَسْئَلُکَ

پلٹایا ہے مکر و فریب کو قابو پا لینے والوں کے کمزور لوگوں سے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

www.kitabmart.in

بِقُدْرَتِكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ وَتَسْهِيلِكَ لِمَا

واسطہ تیری قدرت کاہر اُس بات پر جسے تو چاہے اور آسان کرنے کا اُس شے کو جو تو

تَشَآءُ كَيْفَ تَشَآءُ اَنْ تَجْعَلَ قَضَآءَ حَاجَتِيْ

چاہے جس طرح تو چاہے یہ کہ قرار دے تو میری حاجت کے پورا کرنے کو اُن

فِيْمَا تَشَآءُ

باتوں میں جنھیں تو چاہتا ہے

پس سجدہ میں جاکر اپنے دونوں رخساروں کو خاک پر رکھو اور کہو

اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ فَارْحَمْ

خداوندا تیرے ہی لئے میں نے سجدہ کیا اور تجھ ہی پر ایمان لایا ہوں پس رحم کر

ذُلِّيْ وَفَاقَتِيْ وَاجْتِهَادِيْ وَتَضَرُّعِيْ وَ

میری ذلت اور میری احتیاج اور میری کوشش اور میری منت سماجت اور

مَسْكَنَتِيْ وَفَقْرِيْ اِلَيْكَ يَا رَبِّ

میری تہی دستی اور میری حاجت مندی پر تیری بارگاہ میں اے میرے مالک

روایت معتبرہ میں وارد ہوا ہے کہ ماذر داؤد نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیا یہ دعا ماہ رجب کے علاوہ کسی اور مہینہ میں پڑھ سکتے ہیں فرمایا ہاں روز عرفہ کو پڑھ سکتے ہیں اور اگر عرفہ

www.kitabmart.in

روز جمعہ کو ہو تو اور زیادہ بہتر ہے۔ اور ہر مہینہ کے ایام البیض یعنی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں کو روزہ رکھے اور پندرھویں کو یہ دعا پڑھے جس طرح کہ ذکر کی گئی انشاء اللہ اُس کی حاجت برآئیگی نیز فرمایا کہ روز عرفہ کو اور ہر روز اگر یہ دعا پڑھے تو اُس کی حاجت روا ہوگی

شیخ طوسی وغیرہم نے لکھا ہے کہ اس ماہ کی سترھویں تاریخ کو حضرت ابراہیم پسر جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفات پائی لہذا اس روز مغموم ومحزون ہونا اور اُن لوگوں پر لعنت کرنا جنھوں نے اس مصیبت پر شماتت کی بہتر اور مناسب ہے۔

اس ماہ کی تئیسویں[۲۳] کو خارجیوں نے زہر آلود خنجر حضرت حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی ران پر مارا لہذا اس روز آنحضرت کی زیارت پڑھنا اور آپکے قاتلوں پر لعنت کرنا مناسب ہے۔

اس ماہ کی چوبیسویں[۲۴] کو اسد اللہ الغالب علی بن ابیطالب کے ہاتھ سے خیبر فتح ہوا اور مرحب یہودی قتل ہوا لہذا اس نعمت کے شکریہ میں روزہ رکھنا اور آن حضرت کی زیارت مستحب ہے۔

اس ماہ کی پچیسویں[۲۵] کو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی۔ لیکن اس روز کے روزہ کی فضیلت میں بہت حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔

www.kitabmart.in

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے اس ماہ کی پچیسویں ۲۵ کے روزہ کے بارے میں اور حضرت امام رضا علیہ السلام سے چھبیسویں ۲۶ کے روزہ کے بارے میں بہت ثواب مروی ہے

اس ماہ کی ستائیسویں کو حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم امت پر رسالت کے ساتھ مبعوث ہوئے۔ اس کی شب نہایت مبارک ہے۔ امام محمد تقی علیہ السلام سے منقول ہے کہ ماہ رجب کی ستائیسویں شب لوگوں کے لئے اُن تمام چیزوں سے بہتر ہے جن پر آفتاب چمکتا ہے اسی کی صبح کو جناب رسولخدا مبعوث برسالت ہوئے۔ جو شخص اس شب عبادت کرے تو خداوند عالم اُس کو ساٹھ برس کی عبادت کا ثواب عطا فرمائیگا۔ لوگوں نے پوچھا کہ وہ عمل کیا ہے فرمایا کہ نماز عشا کے بعد سو رہو اور جس وقت آنکھ کھلے خواہ نصف شب کے قبل خواہ بعد اُٹھو اور بارہ ۱۲ رکعت نماز بجا لاؤ اور ہر دو رکعت کے بعد سلام کہو۔ اور ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد کوئی مختصر سورہ پڑھکر سورۂ یٰسین پڑھو اور جب تمام امور سے فارغ ہو جس طرح بیٹھے ہو اسی طرح بیٹھے رہو اور سورۂ حمد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور قل ہو اللہ احد اور قل یا ایہا الکافرون اور انا انزلناہ اور آیۃ الکرسی ہر ایک سات مرتبہ پڑھو۔ ان سب کے بعد یہ دعا پڑھو

اَلنَّاسُ رَجُلَانِ جَوَادٌ لَا يَجِدُ وَوَاجِدٌ لَا يَسُوْفُ

www.kitabmart.in

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

تعریف اللہ کے لئے جس نے نہیں اختیار کیا بیوی اور نہ اولاد کو اور

وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ

نہیں ہے کوئی اُس کے لئے شریک سلطنت میں اور نہ کوئی مددگار

وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

عاجزی سے اور بڑا سمجھو اُس کو جو حق ہے بڑا سمجھنے کا خداوندا میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ عِزِّكَ عَلٰی اَرْكَانِ عَرْشِكَ

سوال کرتا ہوں واسطہ تیری عزت کے مرکزوں کا تیرے عرش کے اطراف پر

وَمُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

اور رحمت کی انتہائی حد کا جو تیری کتاب سے معلوم ہوتی ہے اور واسطہ تیرے سب سے بڑے

الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ وَذِكْرِكَ الْاَعْلَی الْاَعْلَی

اور اُس سے بھی بڑے اور اُس سے بھی بڑے نام کا اور تیرے بلند ترین اور بلند ترین اور

الْاَعْلَی وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ كُلِّهَا اَنْ تُصَلِّیَ

بلند ترین ذکر کا اور واسطہ تیرے بھرپور کلمات کا یہ کہ درود بھیجے تو

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَفْعَلَ بِیْ مَا

محمدؐ و آل محمد پر اور سلوک کر میرے ساتھ وہ جو

اَنْتَ اَهْلُهٗ

تیرے شایان شان ہے

www.kitabmart.in

پس اپنی حاجت طلب کرو انشاء اللہ مستجاب ہوگی۔ مگر کسی حرام فعل یا قطع رحم یا مومنوں کی کسی جماعت کی ہلاکت کے لئے دعا نہ کرو۔ اور ستائیسویں کو روزہ رکھو جس کا ایک سال کے روزہ کا ثواب ہے۔

حضرت امام موسیٰ بن جعفر علیہ السلام سے منقول ہے کہ رجب کی ستائیسویں شب کو جس وقت چاہو بارہ رکعت نماز بجا لاؤ اور ہر رکعت میں حمد کے بعد چار مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور قل ہو اللہ احد پڑھو اور جب نماز سے فارغ ہو چار مرتبہ پڑھو

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَالْحَمْدُ

نہیں ہے کوئی خدا سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور تعریف ہے

لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

اللہ کے لئے اور پاک ہے اللہ اور نہیں ہے طاقت اور قوت مگر

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

مدد سے اللہ کی جو بلند و بزرگ ہے

پس اپنی حاجت طلب کرو

ان دونوں طریقوں میں سے جس پر چاہے عمل کرے بہتر ہے اور اس شب کو اگر نماز شب بفضیلت جو مذکور ہوئی بجا لائے تو خوب ہے

www.kitabmart.in

شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ مستحب ہے کہ اس شب کو غسل کرے اور زیارت جناب رسول خدا ص اور زیارت امیر المومنین علیہ السلام بالائے۔

حسن بن راشد نے حضرت صادق ع سے دریافت کیا کہ مشہور عیدوں کے علاوہ بھی کوئی عید ہے فرمایا ہاں وہ روز بعثت جناب رسول خدا ص یعنی ۲۷ رجب ہے چاہئے کہ اس روز روزہ رکھو اور محمد و آل محمد پر کثرت سے صلوات بھیجو۔ زیارت جناب رسالتمآب و امیر المومنین بھی اس روز منقول ہے

ریان بن الصلت سے منقول ہے کہ جب حضرت امام محمد تقی علیہ السلام ماہ رجب میں بغداد تشریف لائے تو ستائیسویں رجب کو روزہ رکھا اور اپنے ملازمین کو بھی حکم دیا کہ ان دونوں تاریخوں یعنی ۲۵ و ۲۶ رجب کو روزہ رکھیں اور ان دونوں دنوں میں بارہ رکعت نماز ہر دو رکعت ایک سلام کے ساتھ بجا لائیں اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد جو سورہ چاہیں پڑھیں جب سب سے فارغ ہوں تو سورۂ حمد و قل ہو اللہ احد و قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس چار چار مرتبہ پڑھیں پھر چار مرتبہ کہیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَ

نہیں ہے کوئی خدا سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور پاک ہے اللہ اور

إِيَّاكَ وَالْبِطْنَةَ فَمَنْ لَزِمَهَا كَثُرَتْ أَسْقَامُهُ وَفَسُدَتْ أَحْلَامُهُ

www.kitabmart.in

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

تعریف اللہ کے لئے اور نہیں ہے طاقت اور نہ قوت، مگر اللہ کی مدد سے جو بلند و بزرگ ہے

اُس کے بعد چار مرتبہ کہیں:-

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا پس چار مرتبہ کہیں

اللہ اللہ میرا پروردگار ہے نہیں شریک کرتا ہوں میں اُسکے ساتھ کسی چیز کو

لَا اُشْرِكُ بِرَبِّیْ اَحَدًا

نہیں شریک کرتا ہوں میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو

بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس ماہ کی اٹھائیسویں ۲۸ انتیسویں ۲۹ اور تیسویں ۳۰ تاریخ کے روزوں کا بھی ثواب عظیم ہے

اس ماہ کی آخری تاریخ کو نماز حضرت سلمان محمدی کی ہے جس طرح کہ روز اول میں مذکور ہوئی۔



www.kitabmart.in

پانچویں امام

اسم مبارک محمدؐ بن علیؑ بن الحسینؑ یکم رجب ۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔ مکسنی کا زمانہ امام حسینؑ کی تربیت میں گذرا۔ ساڑھے تین برس کی عمر میں واقعۂ کربلا پیش آیا اور آپ کے جد بزرگوار امام حسینؑ شہید ہوئے۔ اس کے بعد آپ اپنے والد امام زین العابدینؑ کے سایہ میں پروان چڑھے۔

آپ کو علم و شریعت کی اشاعت کا بہت موقع ملا اور اسی لئے تمام مسلمان آپ کو "باقر" کے نام سے یاد کرتے ہیں اسی کے معنی ہیں اندرونی باتوں کے ظاہر کرنے والے۔ چونکہ آپ نے اپنے علم سے بہت سے پوشیدہ مطالب کو ظاہر کیا اس لئے محمد باقرؑ کے نام سے مشہور ہوئے۔

آپ کے شاگرد جابر بن یزید جعفی نے ستر ہزار حدیثیں آپ سے یاد کیں اور اسی طرح ابان بن تغلب۔ ابو حمزہ ثمالی۔ زرارہ بن اعین۔ محمد مسلم وغیرہ بڑے بڑے پایہ کے علماء تھے جو آپ کے حلقۂ درس سے کمال کے درجہ تک پہنچے۔

۷ شوال ۱۱۴ھ میں ستاون برس کے سن میں آپ کو بھی ہشام بن عبدالملک کی جانب سے زہر دیا گیا۔

(اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

قصیدہ

در ولادت باسعادت حضرت امام باقرؑ

(از جناب حکیم سید حیدر نواب صاحب زیدی لکھنوی)

مبارک باغباں تجھکو بہار آئی گلستاں میں
شمیم گل سی جاں آئی تن بیمار ہجراں میں

لباس نو عروسانِ چمن نے آج بدلا ہے
غضب کی دلکشی ہی سبزۂ صحن گلستاں میں

اُسے بھی نامیہ کے فیض سے سرسبز ہی پایا
شجر کوئی نظر آیا اگر دشت و بیاباں میں

بگولے اٹھ کے دیتے ہیں خبر باد بہاری کی
عیاں ہی بحر کا جوش مسرت شکل طوفاں میں

کمر بستہ ہوئے جب سے گل تر چارہ سازی پر
کمی ہونے لگی ہے بلبلوں کے درد پنہاں میں

زمیں پر نور کی بارش ہوئی عالم منور ہے
سیاہی پردۂ شب کی چھپی سب زلف پیچاں میں

ترا ای باغباں ہر گل ہی صنع قدرت داور
وہ کافر ہی جسے شک ہو ذرا تائید یزداں میں

ترے گلشن کے پھولوں سے زمانہ سب معطر ہے
بہار آئی انھیں کے دم سی دنیا کے گلستاں میں

رہے قائم الٰہی تا قیامت تیرا گلدستہ
ترے پھولوں سے رنگ تازگی ہی باغ رضواں میں

نگاہ بد سے حق محفوظ رکھے تیرے پھولوں کو
کہ جن کی مدح خواں ہیں بلبلیں صحن گلستاں میں

www.kitabmart.in

چنے ہیں میکدہ میں جام اجازت ہو اگر ساقی — تو پی لوں ایک ساغر تاکہ جوش آجائے ایماں میں

یہ دل کہتا ہی کیف اور کوئی مطلع پڑھو حیدر
نظر ہے ساغر مے پر بھرے ہو پھول داماں میں

مطلع ثانی

رجب آیا بہاریں آگئیں دیں کے گلستاں میں — سکوں پیدا ہوا فرقت زدوں کے درد پنہاں میں

مبارک ہو تجھے اے باغباں باغِ رسالت میں — کھلے وہ پھول جن سے داغ ہے لالہ کے داماں میں

کھلے ہیں ایسے غنچے جو دل و جان رسالت ہیں — ازل سے جو کہ ہیں ڈوبے ہوئے دریائے عرفاں میں

رخوں سے نور حق ظاہر نبی کے نور کے ٹکڑے — بڑھا جن کی ضیا سے نور ماہ و مہر تاباں میں

خدا کا نور بن کر علم کے دریا بہانے کو — کوئی پہلی رجب کو آگیا اس موسم امکاں میں

وہی رعب و جلال روئے پیغمبر عیاں رخ سے — نہیں کچھ فرق انکی ان کے جد کی عزت و شاں میں

نقیب باتمی جن کا جو کہ ہمنام پیمبر ہیں — خدا کا پائیوان جو نور ہیں اس نوع امکاں میں

حجاب قدس سے باہر ہوا جب نور حضرت کا — تو ضو بھی بڑھ گئی یکبارگی مہر درخشاں میں

مودت کیوں نہ ان کی فرض ہو خالق کو جا سے کہ انکی ذات جب شامل ہی خود اجزائے ایماں میں

مبارکباد دیکر لیلے جو کچھ تجھ کو لینا ہے — کہ خوش ہیں باغباں گل پاکے حیدر آج داماں میں

www.kitabmart.in

دسویں امام

اسم مبارک علی بن محمد۔ نقی لقب تھا

۵ رجب ۲۱۴ھ کو متولد ہوئے۔ اور اپنے والد کے بعد امام خلق ہوئے۔ اور سچے مسلمانوں کو جو اس گھرانے سے وابستہ تھے شریعت اور احکام دین کی تعلیم دینے میں مصروف ہوئے۔

متوکل بادشاہ عباسی نے آپ کو مدینہ میں رہنے نہیں دیا اور ۲۴۳ھ میں اپنے پایۂ تخت سامرہ میں بلا کر نظر بند کر دیا۔

گیارہ برس آپ نے اس طرح بسر کئے۔ آخر میں ۳ رجب ۲۵۴ھ کو چالیس برس کی عمر میں معتز باللہ کے زہر سے وفات پائی۔

www.kitabmart.in

قصیدہ

چراغ کفر سب گل ہو گئے جب شمع دیں چمکی

(از جناب سید مجاور حسین صاحب تمنا لکھنوی)

ادھر تو مصطفےٰ کی دشمنوں نائب کی جبیں چمکی
اُدھر دنیا ہوئی روشن فلک چکا زمیں چمکی

پڑی چھوٹ آسمان پر جب بہائیشہ کی جبیں چمکی
یہ بجلی وہ تھی جو گھر دور چمکی گھر قریں چمکی

یہ بجلی دامن ابر بہاراں میں نہیں چمکی
پس پردہ جبین لیلیٰ محمل نشیں چمکی

بجی نوبت خوشی کی چرخ پر بادل نہیں گرجا
ہنسی آئی کسی کمسن کو یہ بجلی نہیں چمکی

مسترنے تو دل کی ضو سہی چمکایا گریباں کو
ہنسی میں اشک جب نکلے تو ان سے آستیں چمکی

یوہیں سنبل کے گیسو اوس کے قطروں سے چمکے ہیں
کہ افشاں ہے کسی کی جیسے زلف عنبریں چمکی

جلا ہیرے کے آویزے پہ کی ہے دست قدرت نے
چنبیلی کی کلی یہ آب شبنم سے نہیں چمکی

تپاں ہے برق آج اڑتے ہوئے بادل کے ٹکڑے میں
علی کی تیغ یا نزد پر روح الامیں چمکی

کسی کے رخ کی ضو یوں شیشۂ دل سی ہوئی ظاہر
کہ جیسے ڈانک انگوٹھی کی کہیں زیر نگیں چمکی

وہ تھا شکر کا چہرہ مرتے دم جو ہو گیا کالا
وہ مومن کی تھی پیشانی جو وقت واپسیں چمکی

www.kitabmart.in

ہیں کہنے کو تو لاکھوں اصل میں لیکن ہیں اک چودہ
وہ ضو افشاں ستارے جن کی پرتو سے زمیں چمکی

بنی تھی جو رحیمی پانچوں کو دستِ قدرت سے
مضافاتِ مدینہ میں وہ تصویرِ حسیں چمکی

نگاہیں خیرگی کرنے لگیں آج اہلِ عالم کی
یہ دستِ تیری تصویر ایسی صورت آفریں چمکی

تصور میں بھی دیدارِ رخ کی پوری تو نہیں ممکن
مگر اتنی کہ جیسے ایک بجلی سی کہیں چمکی

بجھے دل ناریوں کی حسرتوں پر پھر گیا پانی
چراغِ کفر سب گل ہو گئے جب شمعِ دیں چمکی

اِدھر نقشِ قدم کی ضو نے تو گیتی کو چمکایا
اُدھر رخ کی ضیا سے قسمتِ مہر مبیں چمکی

ہی جس کے روئے تاباں سے منور آج تک دنیا
اُسی کے فیض سے پیشانیٔ اہلِ یقیں چمکی

دلِ تیرہ میں میرے یہ جھلک سی آئی اُس رخ کی
اندھیری رات میں یا دور پر بجلی کہیں چمکی

وہ آنکھ اک معجزہ پر منحصر تھی جس کی بینائی
ہوئی دستِ نقی سے مس تو بنکر دور بیں چمکی

شہِ معجز نما نے خود بنایا جس کو مٹی سے
وہ چڑیا بن کے مثلِ طائرِ خلدِ بریں چمکی

تمنا لاکھ کوشش ہو مگر ویسی نہ چمکے گی
کہ جیسی آج میرے اس قصیدہ کی زمیں چمکی

الحِدَّۃُ ضَرْبٌ مِنَ الْجُنُوْنِ لِاَنَّ صَاحِبَھَا یَنْدَمُ فَاِنْ لَمْ یَنْدَمْ فَجُنُوْنُہٗ مُسْتَحْکَمٌ

www.kitabmart.in

نویں امام

اسم مبارک محمد بن علی بن موسیٰ۔ تقی اور جواد لقب تھا۔

۱۰ رجب ۱۹۵ھ کو پیدا ہوئے۔ آپ اپنے والد کی وفات کے وقت کمسن تھے مگر اُسی زمانہ میں آپ کے علم و کمال اور عظمت کا وہ سکہ قائم ہو گیا کہ مامون الرشید نے اپنی بیٹی ام الفضل کا آپ کے ساتھ عقد کر ناطے کر لیا۔

بنی عباس نے بہت مخالفت کی جس پر مامون الرشید نے ایک وسیع مجمع میں تمام علمائے وقت سے امام محمد تقیؑ سے مناظرہ کرایا۔ آپ کے علمی کمال کے آگے سب کو شکست ہوئی۔ اس کے بعد مامون الرشید نے اپنی دختر کا عقد حضرت کے ساتھ کر دیا۔

یہ تدبیر اس لئے کی گئی تھی کہ شاید اس طرح امام محمد تقیؑ اپنے مذہب کی تعلیم کو جو حکومت وقت کے خلاف تھی ترک کر دیں مگر ایسا نہیں ہوا۔ اس لئے آخر میں آپ کو بھی معتصم باللہ عباسی کی طرف سے زہر دیا گیا۔ اور صرف ۲۵ برس کی عمر میں ۲۹ ذیقعدہ سنہ ۲۲۰ھ میں شہید ہوئے۔

(اسلامی عقائد)

تیز مزاجی ایک طرح کا جنون ہی کیونکہ اس کا کرنے والا نادم ہوتا ہے اور اگر پشیمان نہ ہوا تو اس کی دیوانگی مسلم ہو گئی

www.kitabmart.in

قصیدہ

در مدح امام مہم حضرت محمد تقی علیہ السلام

(از جناب سید مجاور حسین صاحب تمنا لکھنوی)

بہار آئی گھٹا اٹھی ہواؤں کا اثر بدلا
کھلے گل کو پلٹ بھونرے میں لباس ہر شجر بدلا

بنے ذرے سب انجم اور حباب بحر سیارے
زمانے کی روش بدلی نظام خشک و تر بدلا

اگایوں ہر طرف سبزہ کہ کھیتی ہو گئی دھانی
شفق یوں چرخ پر پھولی کہ رنگ بام و در بدلا

عمل ایسا کیا زد نمونے اپنا دنیا میں
طیوران گلستاں کا بھی رنگ بال و پر بدلا

رگوں میں خون دوڑا رخ پہ آئی دفعتہ سرخی
سکوں سے ہر مریض ہجر کا درد جگر بدلا

خوشی دل کو ہوئی حاصل بڑھی قوت ہوا تگا ہو کی
زمانہ معتدل آیا مزاج ہر بشر بدلا

ہنسی پھولوں کی دیکھی تو خریدے ہار ہنس ہنس کر
زر گل سے حسینوں نے بھی آخر مال زر بدلا

جنھیں کل زیست تھی دوبھر وہ اب جینے پہ مرتے ہیں
ارادہ جو کیا تھا شب کو وہ وقت سحر بدلا

چلے ذرے زمیں کے اڑ کے موجوں سے گلے ملنے
جہاں کی رت بدلتے ہی نظام بحر و بر بدلا

در گلشن تک آ کر کیوں رکی گنگ گلستاں کی
نہیں معلوم بوئے گل نے کیوں قصد سفر بدلا

نگاہیں اٹھ گئیں کیوں ایک جانب کی گلشن میں
یہ کس ابرو کشیدہ نے رخ تیر نظر بدلا

دہم ماہ رجب کو کون آیا یہ زمانہ میں
یہ کس کی ضو سے شرما کر رخ شمس و قمر بدلا

www.kitabmart.in

محمد اور نقی ملحق ہی جس کے نام نامی میں
ولادت سے اُسی کی بیت جہاں آپ سر بسر بدلا

وہ ہادی تو وہ رہبر ہمارا ہی وہی بیشک
کہ جس کی تازگی رخ سے رنگ دشت و در بدلا

جسد کے معجزہ سے جتنی بدلیں رنگتیں شہ نے
بس اُتنی بار عکس رخ سے رنگ بام و در بدلا

قطعہ

ہوا بغداد میں گم جبکہ احکم نامی اک تاجر
تو اُس کے ساتھیوں کا حال غم سے سر بسر بدلا

بہت کی جستجو چھ دو ستوں نے اُس کے ملنے کی
مگر کوشش نہ کام آئی نہ آہوں کا اثر بدلا

غرض وہ سب کے سب جب ڈھونڈھکر اُسکو نہ پائے تا حد
تو یوں فرط خوشی سے دفعتاً درد جگر بدلا

کہ اک فرمانِ تحریری ملا حضرت کا اُن سب کو
دلوں کی طرح جس کی ضو سے رنگ بام و در بدلا

ہوئی المختصر تعمیل جب اُس حکم مولیٰ کی
تو جو تیرہ تھا غم سے وہ زمانہ سر بسر بدلا

ملی اک مژدہ پر یعنی اُسی کی لاش بھی اُن کو
دوا دینی سے حسب الحکم اجل کا بھی اثر بدلا

دوبارہ زیست پائی دہر میں اُس برگزیدہ نے
گلے پر اک نشاں خنجر کا تھا وہ نہ پر بدلا

تھا جیسا پہلے دن بسیاہی آخر تک رہا یعنی
نہ بدلا رنگ اُس کا گو جہاں شام و سحر بدلا

تمنا بس قصیدہ ختم کر دو اب مراد آئی
وہ دیکھو دل ہوا روشن وہ آہوں کا اثر بدلا

www.kitabmart.in

پہلے امام

اسم مبارک۔ حضرت علی بن ابیطالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف

آپ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقیقی چچا کے بیٹے تھے آپ کے والد ابوطالب نے رسول اللہ کی بچپنے سے پرورش کی اور جب حضرت مبعوث برسالت ہوئے تو ہر طرح آپ کی تائید و حمایت کی اور آپ کے مقصد کو تقویت پہونچائی۔

حضرت علی سنہ ۳۰ عام الفیل میں خانہ کعبہ کے اندر پیدا ہوئے اور بچپنے سے رسول اللہ کے ساتھ رہے۔ اور کمسنی ہی سے آپ کے اخلاق افعال اور تعلیمات کی پیروی کرتے رہے۔ یہاں تک کہ جب آنحضرت نے اپنی رسالت کا اظہار کیا تو سب سے پہلے حضرت علی ہی نے آپ کی تصدیق کی۔ جب رسول اللہ نے خدا کے حکم سے اپنے خاندان کے تمام لوگوں کو جمع کر کے خداوندی پیغام پہونچایا اور اپنی نصرت و حمایت کی طرف دعوت دی اس شرط کے ساتھ کہ جو میرا اس کام میں دست و بازو ہوگا وہ میرا خلیفہ و جانشین بھی قرار پائے گا تو علی ہی تھے جنھوں نے کھڑے ہو کر رسول اللہ کی امداد کا وعدہ کیا جس پر حضرت نے فرمایا کہ دیکھو یہی اب میرا وزیر اور جانشین بھی ہوگا۔

www.kitabmart.in

جب رسول اللہ کو مکہ کے لوگوں نے بہت ستایا اور یہ فیصلہ کر لیا کہ رسول اللہ کے مکان کو گھیر کر اُن کو قتل کر ڈالیں تو علیؑ ہی تھے کہ آنحضرت پر اپنی جان فدا کر کے آپ کے بستر پر دشمنوں کے تلواروں کے سایہ میں سوئے اور آنحضرت کو ہجرت میں کامیابی کا موقع دیا۔

پھر جب جہاد کا حکم ہوا اور رسول اللہ کو اپنے مخالفوں سے جنگ کرنا پڑی تو علی بن ابیطالب ہی تھے جن کی تلوار نے بڑی بڑی لڑائیوں میں کافروں کو شکست دی

علم میں حضرت علی بن ابیطالب کا وہ درجہ تھا کہ تمام صحابہ سر تسلیم خم کرتے تھے اور شرعی مسائل میں آپ کی طرف رجوع کرتے تھے۔

اخلاق و اوصاف میں آپ کے دوست دشمن سب قائل تھے۔

رسول اللہ نے ہمیشہ آپ کے فضائل مسلمانوں کے سامنے بیان کئے اور ظاہر کر دیا کہ میرے اصحاب میں اُنکا کوئی مثل نہیں ہے۔ یہاں تک کہ آپ جب آخری حج سے فارغ ہو کر واپس ہو رہے تھے تو غدیر خم میں کہ جو مکہ و مدینہ کے درمیان ایک جگہ تھی آپ نے خدا کے حکم سے قیام فرمایا اور تمام مسلمانوں کو جمع کر کے اُن سے دریافت کیا کہ کیا میں تم سب کا مالک و مختار نہیں ہوں سب مسلمانوں نے اقرار کیا کہ "بیشک آپ ہمارے مالک و مختار ہیں"

حضرت نے علی بن ابیطالب کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر فرمایا کہ دیکھو جس کا

المتعبد بغیر علم کالحمار علی الطاحونۃ تدور ولا یبرح من مکانہا

www.kitabmart.in

میں مالک و مختار ہوں اُس کے یہ علی بھی مالک و مختار ہیں۔

اس طرح آپ نے بالکل صاف صاف مسلمانوں سے علی بن ابیطالب کی حکومت کا اقرار لیا مگر دنیا کی لالچ اور ذاتی اقتدار کی خواہش بہت بری ہوتی ہے۔ چنانچہ رسول اللہ کے زمانہ ہی میں ایسی سازشیں ہوتی رہتی تھیں کہ علی کا یہ اقتدار قائم نہ ہونے پائے۔ رسول اللہ کے بعد یہ سازش مکمل ہوگئی اور علی بن ابیطالب سے خلافت کا منصب چھین لیا گیا۔

اسلام کی مفاد کی خاطر علی نے جنگ کرنا مناسب نہیں سمجھی۔ آپ نے پچیس ۲۵ برس خاموشی اور گوشہ نشینی میں گذار دیے۔

سنہ ۳۵ھ میں لوگوں نے خلافت کے لئے آپ کو مجبور کیا اور آپ کی حکومت تسلیم کی گئی۔

آپ نے اپنی حکومت کے دور میں مسلمانوں میں اسلامی مساوات، سادگی، عدالت و انصاف کا سچا نمونہ پیش کیا۔ مگر افسوس ہی کہ آپ کو زیادہ دن تک حکومت کا موقع نہیں ملا۔ ۱۹ رمضان سنہ ۴۰ھ کو باغی جماعت کے ایک شخص نے جس کا نام عبدالرحمٰن بن ملجم مرادی تھا عین حالت نماز میں آپ کے سر پہ تلوار لگائی اور آپ نے تین روز اس زخم کی تکلیف میں صبر کر کے ۲۱ رمضان کو ۶۳ برس کی عمر میں وفات پائی۔

www.kitabmart.in

قصیدہ

در ولادت غالب کل غالب

علی بن ابیطالب علیہ السلام

(از جناب سید علی حیدر صاحب حیدر کراروی)

تنویر نظر آئی جب نورِ امامت کی
رخصت ہوئی تاریکی دنیائے ضلالت کی

افراطِ مسرت سے کعبہ متبسم تھا
دیوار نے پھیلا دی آغوش محبت کی

جبریں نے جا کر یہ احمد کو خبر کر دی
محبوب خدا خوش ہو بن آئی نبوت کی

اصنام ہیں سجدہ میں توحید زباں پر ہے
یہ منزل اوّل ہے حیدر کی ہدایت کی

یہ سُن کے رسول اللہ کعبہ کی طرف آئے
اک شان نظر آئی اللہ کی قدرت کی

دیکھا کہ خدا خانہ پُر نور ہے جلوہ سے
کعبہ میں ضیا باری ہے نورِ امامت کی

اک چاند کو ہاتھوں پر ہیں بنت اسد لیکھے
ضو حسن میں ہے جس کے انوار رسالت کی

بو زلف معنبر کی پاتے ہی ید اللہ نے
بس کھول کے آنکھوں کو چہرہ کی زیارت کی

توحید و رسالت کا اقرار کیا پہلے
پھر مصحف ناطق نے قرآں کی تلاوت کی

آغوش رسالت میں کروٹ لی امامت نے
اسلام چمک اٹھا بن آئی شریعت کی

www.kitabmart.in

ہاں ساقیٔ میخانہ لا دور میں پیمانہ
کر دے مجھے مستانہ مے دیکے ولایت کی

جس مے کی طہارت کا شاہد ہے کلام اللہ
جس مے میں ہے رنگ و بو صہبائے محبت کی

احمدؐ کو جو مے بھائی خالق کو پسند آئی
ہم جس کے ہیں شیدائی چھوٹی ہے جو عبدت کی

جو الفت حیدر ہے محبوب پیمبر ہے
جو روح ہے تقوی کی اور جان عبادت کی

قطعہ

جرات کی شجاعت کی ہیبت کی جلالت کی
حشمت کی متانت کی شوکت کی سیادت کی

لہجہ کی بلاغت کی انداز فصاحت کی
تجوید کی قرات کی قرآں کی تلاوت کی

حکمت کی حکومت کی قدرت کی عدالت کی
احمد کی رفاقت کی اسلام کی نصرت کی

طاعت کی عبادت کی اخلاق کی عادت کی
احساں کی سخاوت کی خلعت کی مروت کی

الفت کی صداقت کی عزت کی شرافت کی
غیرت کی نجابت کی عصمت کی طہارت کی

کر سکتا ہے حیدر کی توصیف بشر کیونکر
معلوم حقیقت ہے انسان کی قدرت کی

حیدر کے تصدق میں حیدر کو مشرف کر
حسرت ہے خداوندا مشہد کی زیارت کی

www.kitabmart.in

تاریخی یادداشت ماہ رجب المرجب

۱۔ اس تاریخ ۵۷ھ میں امام محمد باقرؑ کی ولادت ہوئی

۵۔ اس تاریخ ۲۱۴ھ میں امام علی نقیؑ متولد ہوئے۔

۱۰۔ اس تاریخ ۱۹۵ھ میں امام محمد تقیؑ کی ولادت ہوئی

۱۳۔ اس تاریخ ۳۰ عام الفیل میں یعنی ۳۰ سال بعد ولادت جناب رسالتمآبؐ ۱۲ سال قبل بعثت اور ۲۳ سال قبل ہجرت بروز جمعہ بوقت چاشت امیرالمومنین علی بن ابیطالبؑ خانہ کعبہ میں متولد ہوئے۔

۱۵۔ اس تاریخ بعثت کے گیارھویں سال جناب رسالتمآبؐ شعب ابیطالب سے نکلے اسی تاریخ ہجرت کے دوسرے سال خانہ کعبہ کی طرف قبلہ قرار پایا۔

۱۹۔ اس تاریخ ۲۳۵ھ میں محمدؐ و مذہب جناب غفرانمآب طاب ثراہ کا انتقال ہوا

۲۲۔ اس تاریخ ۵۹ھ میں معاویہ بن ابوسفیان کی ہلاکت ہوئی۔

۲۴۔ اس تاریخ ۶ھ میں خیبر فتح ہوا

۲۵۔ اس تاریخ ۱۸۳ھ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے وفات پائی

۲۷۔ اس تاریخ ۶۱۰ء میں جناب رسالتمآبؐ مبعوث برسالت ہوئے۔

---

www.kitabmart.in

ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اہم وقائع تاریخی
دوشنبہ	۱	۲	۲۹	ارتحال جناب جواہر رح
سہ شنبہ	۲	۳	۳۰	
چہار شنبہ	۳	۴		ولادت امام حسین علیہ السلام
پنجشنبہ	۴	۵	۲	
جمعہ	۵	۶		
شنبہ	۶	۷	۴	
یکشنبہ	۷	۸	۵	
دوشنبہ	۸	۹	۶	
سہ شنبہ	۹	۱۰	۷	
چہار شنبہ	۱۰	۱۱	۸	
پنجشنبہ	۱۱	۱۲	۹	
جمعہ	۱۲	۱۳	۱۰	
شنبہ	۱۳	۱۴	۱۱	
یکشنبہ	۱۴	۱۵	۱۲	
دوشنبہ	۱۵	۱۶	۱۳	ولادت حضرت حجۃ الامر ع

www.kitabmart.in

ایام	شعبان			اہم وقائع تاریخی
سہ شنبہ	۱۶	۱۷	۱۴	دلیہ جناب سید باقر صاحب اعلی اللہ مقامہ
چہار شنبہ	۱۷	۱۸	۱۵	
پنجشنبہ	۱۸	۱۹	۱۶	
جمعہ	۱۹	۲۰	۱۷	
شنبہ	۲۰	۲۱	۱۸	
یکشنبہ	۲۱	۲۲	۱۹	
دوشنبہ	۲۲	۲۳	۲۰	
سہ شنبہ	۲۳	۲۴	۲۱	
چہار شنبہ	۲۴	۲۵	۲۲	ارتحال سرکار مرزا طاب ثراہ
پنجشنبہ	۲۵	۲۶	۲۳	
جمعہ	۲۶	۲۷	۲۴	
شنبہ	۲۷	۲۸	۲۵	
یکشنبہ	۲۸	۲۹	۲۶	
دوشنبہ	۲۹	۳۰	۲۷	
سہ شنبہ	۳۰	اکتوبر	۲۸	

www.kitabmart.in

اعمالِ ماہِ شعبان

واضح ہو کہ ماہ شعبان کی فضیلت ماہ رجب سے زیادہ ہے۔ اور یہ ماہ سید الانبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منسوب ہے۔

اس ماہ میں شروع سے آخر تک برابر روزے رکھنے کا بڑا ثواب ہے۔ اور استغفار و صلوات بھی اس مہینہ میں کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔

حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ ماہ شعبان میرا مہینہ ہے۔ لہذا اس میں مجھ پر اور میری آل پر کثرت سے صلوات بھیجو۔ حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ماہ شعبان میں سب سے بہتر دعا استغفار ہے۔ جو شخص اس ماہ میں ہر روز ستر مرتبہ استغفار کرے ایسا ہے کہ دوسرے مہینوں میں اس نے ہزار مرتبہ استغفار کیا ہے ایک شخص نے

مثل الدنیا مثل ظلک ان وقفت وقف وان طلبتہ بعد

www.kitabmart.in

پوچھا کہ کیونکر استغفار کروں فرمایا کہو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ

میں مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اور سوال کرتا ہوں اُس سے توفیق توبہ کا

امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص ماہ شعبان میں ہر روز ستر مرتبہ استغفراللہ واسئلہ التوبہ کہے حق تعالیٰ اُس کو آتش جہنم سے آزاد کریگا

اور معتبر سندوں کے ساتھ منقول ہے کہ ہر روز ستر مرتبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا نہیں ہے کوئی معبود وہ بڑا رحم والا

الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور بہت رحم کرنیوالا وہ زندہ اور قائم ہے اور میں توبہ کرتا ہوں اُس کی بارگاہ میں

پڑھنے کا بہت زیادہ ثواب ہے

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ تمام ماہ شعبان میں ہزار مرتبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ

نہیں ہے کوئی معبود بجز اللہ کے اور ہم نہیں عبادت کرتے لیکن اُسی کو اس حال میں کہ ہم ہیں خالص

الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ

کیا اُس کے لئے دین کو اگرچہ ناگوار سمجھیں اسمیں جو شرک کرنیوالے

دنیا مثل تیری سایہ کی کہ جب تک کھڑا رہے بھی ہے اور جب بیٹھے اُس کو بیٹھنے کو دے ہے

www.kitabmart.in

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ماہ شعبان کے روزہ سے غافل نہ ہونا کیونکہ اس ماہ کے روزہ کا ثواب بہت ہے۔ اور اس ماہ میں بہترین اعمال تصدق کرنا ہے۔

اس ماہ کی تیسری تاریخ بہت مبارک ہے۔ اسی روز حضرت سید الشہدا امام حسینؑ کی ولادت ہوئی ہے پس روزہ رکھو اور اس دعا کو پڑھو:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْمَوْلُوْدِ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطہ پیدا ہونے والے کا اس دن میں

الْمَوْعُوْدِ بِشَھَادَتِہٖ قَبْلَ اسْتِھْلَالِہٖ وَوِلَادَتِہٖ

جس سے وعدہ ہوا تھا اس کی شہادت کا اس کے پیدا ہونے سے پہلے اور

بَکَتْہُ السَّمَآءُ وَمَنْ فِیْھَا وَالْاَرْضُ وَمَنْ

روئے اس کو آسمان اور وہ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین اور جو زمین پر

عَلَیْھَا وَلَمَّا یَطَاْ بِبُقْعَتِھَا قَتِیْلِ الْعَبْرَۃِ وَسَیِّدِ

ہیں اس وقت جب اس نے زمین پر قدم نہیں رکھا تھا کشتہ گریہ اور خاندان

الْاُسْرَۃِ الْمَمْدُوْدِ بِالنُّصْرَۃِ یَوْمَ الْکَرَّۃِ الْمَعُوْضِ

کا بزرگ جس کی امداد ہوگی نصرت کے ساتھ رجعت کے دن جس کو معاوضہ

مِنْ قَتْلِہٖ اَنَّ الْاَئِمَّۃَ مِنْ نَسْلِہٖ وَالشِّفَآءَ

www.kitabmart.in

فِي تُرْبَتِهِ وَالْفَوْزُ مَعَهُ فِي أَوْبَتِهِ وَالْأَوْصِيَاءُ

اس کی خاک میں اور کامیابی ہے اس کے ساتھ اس کی بازگشت میں اور اوصیا

مِنْ عِتْرَتِهِ بَعْدَ قَائِمِهِمْ وَغَيْبَتِهِ حَتَّى

کے ساتھ اس کی اولاد میں سے بعد ان میں کے قائم اور ان کی غیبت کے یہاں تک

يُدْرِكُوا الْأَوْتَارَ وَيَثْأَرُوا الثَّارَ وَيُرْضُوا الْجَبَّارَ

کہ پائیں وہ بدلا اپنے خونوں کا اور انتقام لیں اور راضی کریں خدا کو اور

وَيَكُونُوا خَيْرَ أَنْصَارٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَعَ اخْتِلَافِ

ہوں بہترین مددگار درود بھیجے خدا ان پر شب و روز کی آمد و

اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اللّٰهُمَّ فَبِحَقِّهِمْ إِلَيْكَ أَتَوَسَّلُ

رفت کے ساتھ خداوندا پس واسطہ سے ان کے حق کے متوجہ ہوتا ہوں

وَأَسْئَلُ سُؤَالَ مُقْتَرِفٍ وَمُعْتَرِفٍ مُسِيءٍ

تیری طرف اور سوال کرتا ہوں اس شخص کا سا سوال جو گناہگار ہو اور اقرار رکھتا ہو اور برائی

إِلَى نَفْسِهِ مِمَّا فَرَّطَ فِي يَوْمِهِ وَأَمْسِهِ

کرنے والا ہو اپنے نفس کے ساتھ اس سے جو اس نے کوتاہی کی ہے اپنے دور حاضر اور گذشتہ

يَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ إِلَى مَحَلِّ رَمْسِهِ اللّٰهُمَّ

میں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں حفاظت کا اپنے جائے دفن میں خداوندا

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ وَاحْشُرْنَا فِي زُمْرَتِهِ

درود بھیج محمد اور ان کی آل پر اور محشور فرما ہم کو ان کے گروہ میں

www.kitabmart.in

وَبَوِّئْنَا مَعَهٗ دَارَ الْكَرَامَةِ وَمَحَلَّ الْاِقَامَةِ

اور جگہ دے ہم کو اُن کے ساتھ عزت کے گھر اور قیام کی جگہ میں

اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اَكْرَمْتَنَا بِمَعْرِفَتِهٖ فَاَكْرِمْنَا

اور خداوندا جس طرح تو نے ہم کو عزت دی اُن کو پہچاننے کے ساتھ اب ہم کو عزت دے

بِزُلْفَتِهٖ وَارْزُقْنَا مُرَافَقَتَهٗ وَسَابِقَتَهٗ وَ

اُن کی بارگاہ میں قرب کے ساتھ اور عطا کر ہم کو اُن کی رفاقت اور اُن کے ساتھ

اجْعَلْنَا مِمَّنْ يُسَلِّمُ لِاَمْرِهٖ وَيُكْثِرُ الصَّلٰوةَ

سبقت اور قرار دے ہم کو اُن لوگوں میں سے جو اُن کے احکام کو تسلیم کرتے ہیں اور

عَلَيْهِ عِنْدَ ذِكْرِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَوْصِيَائِهٖ

اُن پر بہت درود بھیجتے ہیں اُن کے ذکر کے وقت اور اُن کے تمام اوصیاء پر اور

وَاَهْلِ اصْطِفَائِهٖ الْمَمْدُوْدِيْنَ مِنْهُ

اُن کے منتخب کردہ لوگوں پر جن کا سلسلہ جاری رہا ہے تیری جانب سے

بِالْعَدَدِ الْاِثْنَيْ عَشَرَ النُّجُوْمِ الزَّهَرِ وَالْحُجَجِ

بارہ کی تعداد تک وہ چمکتے ہوئے ستارے اور حجت

عَلٰى جَمِيْعِ الْبَشَرِ اَللّٰهُمَّ وَهَبْ لَنَا فِيْ هٰذَا

تمام نوع انسان پر اور خداوندا عطا کر ہم کو آج کے دن

الْيَوْمِ خَيْرَ مَوْهِبَةٍ وَاَنْجِحْ لَنَا فِيْهِ كُلَّ

میں بہترین عطیہ اور پورا کر ہمارے لئے اُس میں

www.kitabmart.in

طَيِّبَةً كَمَا وَهَبْتَ الْحُسَيْنَ لِمُحَمَّدٍ جَدِّهٖ

ہر مطلب کو جس طرح عطا کیا تو نے حسینؑ کو ان کے نانا محمد مصطفےٰؐ کے لئے

وَعَاذَ فُطْرُسُ بِمَدَدِهٖ فَنَحْنُ عَائِذُوْنَ بِقَبْرِهٖ

اور پناہ لی فطرس نے اُن کے گہوارہ کی طرف اب ہم پناہ لیتے ہیں اُنکی قبر کی طرف

مِنْ بَعْدِهٖ نَشْهَدُ تُرْبَتَهٗ وَنَنْتَظِرُ اَوْبَتَهٗ

ان کے بعد حاضر ہیں ہم اُن کی قبر کے پاس اور منتظر ہیں ان کی بازگشت کے

اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

قبول کر ہماری دعا کو اے پروردگار تمام جہانوں کے

اور اُن حضرت کی زیارت اور غسل زیارت اس روز مستحب ہے۔

اور تیرھویں شب دو رکعت نماز اور چودھویں شب چار رکعت اور پندرھویں شب چھ رکعت نماز پڑھنا سنت ہے۔ ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ یٰسین و تبارک الذی بیدہ الملک و قل ہو اللہ احد پڑھے۔ اگر یہ سورے یاد نہ ہوں تو قرآن میں دیکھ کر پڑھ سکتا ہے۔ اور ان تینوں روز روزہ رکھنا بھی سنت ہے۔

پندرھویں شب کے اعمال کے فضائل بہت ہیں۔ اس شب غسل کرے اور امام حسین علیہ السلام کی زیارت بجالائے۔ مختصر ترین زیارات یہ ہے جو بالاخانہ پر یا صحن میں جاکر آسمان کی داہنی اور بائیں سمت اور

www.kitabmart.in

بالائے سر نظر کرے پھر قبلہ کی داہنی جانب انگلی سے اشارہ کرے اور کہے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام آپ پر اے ابا عبداللہ سلام آپ پر

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اے فرزند رسول خدا سلام آپ پر اور رحمت خدا کی

وَبَرَكَاتُهٗ

اور برکتیں اس کی

اور بہتر ہے کہ اس کے بعد یہ زیارت مبسوطہ پڑھے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ

سلام آپ پر اے وارث آدم برگزیدہ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ

سلام آپ پر اے وارث نوح نبی خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ

سلام آپ پر اے وارث ابراہیم خلیل خدا کے

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى

سلام آپ پر اے وارث موسیٰ

www.kitabmart.in

كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى

کلیم خدا کے سلام آپ پر اے وارث عیسیٰ

رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ

روح خدا کے سلام پر اے وارث محمدؐ

حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اَمِيْرِ

حبیب خدا کے سلام آپ پر اے وارث

الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

امیرالمومنین ولی خدا کے سلام آپ پر اے فرزند

مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ عَلِيٍّ

محمد مصطفےٰؐ کے سلام آپ پر اے فرزند علیؑ

نِ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ

مرتضےٰ کے سلام آپ پر اے فرزند فاطمہ زہرا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ

سلام آپ پر اے فرزند خدیجۃ الکبریٰ کے سلام

عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ

آپ پر اے وہ جس کے خون کا طالب خدا ہی اور بیٹے ایسے ہی لوگوں کے

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ

اور شہید جس کے خون کا بدلا نہیں لیا ہے گواہی دیتا ہوں میں کہ آپ نے قائم کی اور ... زکوٰۃ ادا

www.kitabmart.in

الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ

اور اچھی باتوں کا حکم دیا اور بری باتوں سے

الْمُنْكَرِ وَاَطَعْتَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتَاكَ

منع کیا اور اطاعت کی آپنے اللہ اور اس کے رسول کی یہاں تک کہ آئی

الْيَقِيْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ

آپ کو موت پس خدا لعنت کرے اس گروہ پر جس نے آپکو قتل کیا اور لعنت کرے اللہ

اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ

اس قوم پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور لعنت خدا اس قوم پر جس نے سنا اس کو تو

بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

وہ اس پر راضی رہی اے میرے مولا اے ابو عبداللہ

اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوْرًا فِى الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ایک نور تھے بلند صلبوں اور پاکیزہ

وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ

شکموں میں نہیں آلودہ کیا آپ کو

بِاَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُدْلَهِمَّاتِ

جاہلیت نے اپنی نجاستوں کے ساتھ اور نہ پہنائے آپ کو اپنے تاریک

ثِيَابِهَا وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ

کپڑے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ستونوں میں سے دین کے

www.kitabmart.in

وَاَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

اور ارکان میں سے مومنین کے ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ

الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِيُ

امام ہیں نیکوکار پرہیزگار پسندیدہ پاک راہنما اور صحیح

الْمَهْدِيُّ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ

راستہ کے چلنے والے اور گواہی دیتا ہوں کہ ائمہ آپ کی اولاد میں سے ہیں

كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ

پرہیزگاری کی بات رکھنے والے اور ہدایت کے ستون اور ریسمان مستحکم

الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُ

اور دنیا والوں پر حجت خدا ہیں اور میں گواہ

اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ وَاَنْبِيَاءَهٗ وَرُسُلَهٗ

کرتا ہوں اللہ اور اس کے ملائکہ اور اس کے انبیا اور اس کے مرسلین کو

اَنِّيْ بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ بِشَرَائِعِ

کہ میں آپ پر ایمان لائے ہوئے اور آپ کی رجعت کا یقین رکھنے والا ہوں

دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ وَقَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ

اپنے دین کے احکام اور اپنے عمل کے انتہائی انجاموں کے ساتھ اور میرا دل آپ کے دل کے ساتھ

سِلْمٌ وَاَمْرِيْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

ملا ہوا ہے اور میرا معاملہ آپ کے معاملہ کا تابع ہے درود خدا کے

www.kitabmart.in

عَلَيْكُمْ وَعَلَى أَرْوَاحِكُمْ وَعَلَى أَجْسَادِكُمْ

آپ لوگوں پر اور آپ کی روحوں پر اور آپ کے جسموں پر

وَعَلَى أَجْسَامِكُمْ وَعَلَى شَاهِدِكُمْ وَعَلَى

اور آپ کی لاشوں پر اور آپ میں سے جو حاضر ہو اس پر اور جو

غَائِبِكُمْ وَعَلَى ظَاهِرِكُمْ وَعَلَى بَاطِنِكُمْ

غائب ہو اس پر اور جو ظاہر ہو آپ میں سے اس پر اور جو پوشیدہ ہو اس پر

پس دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اگر نماز کو زیارت سے پہلے پڑھ لے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ پھر حضرت علی بن الحسین علیہ السلام کی زیارت بجالائے اور کہے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام آپ پر اے فرزند رسول خدا سلام

عَلَيْكَ يَا ابْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

آپ پر اے فرزند نبی خدا سلام آپ پر اے فرزند

أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ الْحُسَيْنِ

امیر المومنین سلام آپ پر اے فرزند حسین علیہ السلام

الشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الشَّهِيدُ اَلسَّلَامُ

شہید سلام آپ پر اے شہید سلام

www.kitabmart.in

عَلَیکَ اَیَّتُھَا الْمَظْلُوْمُ وَابْنَ الْمَظْلُوْمِ لَعَنَ

آپ پر اے مظلوم اور فرزند مظلوم لعنت

اللّٰہُ اُمَّۃً قَتَلَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً

کرے خدا اُس جماعت پر کہ جس نے آپ کو قتل کیا اور لعنت کرے خدا اُس

ظَلَمَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً سَمِعَتْ بِذٰلِکَ

جماعت پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور لعنت کرے خدا اُس جماعت پر جس نے سنا اُس کو

فَرَضِیَتْ بِہٖ

تو وہ راضی رہی اُس پر

پھر سائر شہدا رضی اللہ عنہم کی زیارت کا قصد کرے اور کہے:-

اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ وَاَحِبَّاءَہٗ

سلام آپ پر اے دوستان خدا اور اُس کے چاہنے والو

اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَصْفِیَاءَ اللّٰہِ وَاَوِدَّاءَہٗ

سلام آپ پر اے برگزیدگان خدا اور اُس کے دوستدارو

اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَنْصَارَ دِیْنِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ

سلام آپ پر اے مددگارو دین خدا کے سلام

عَلَیکُمْ یَا اَنْصَارَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ

آپ پر اے مددگارو رسول خدا کے سلام آپ پر

www.kitabmart.in

يَا اَنْصَارَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اے مددگارو امیر المومنین کے سلام آپ پر اے

يَا اَنْصَارَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ

مددگارو فاطمہ زہرا سردارِ زنان

الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِيْ

عالمیان کے سلام آپ پر اے مددگارو ابو محمد

مُحَمَّدِنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّنِ الزَّكِيِّ النَّاصِحِ

حسن بن علی پاکیزہ و مخلص بزرگ کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بِاَبِيْ

سلام آپ پر اے مددگارو ابو عبداللہ الحسین کے میرے ماں

اَنْتُمْ وَاُمِّيْ طِبْتُمْ وَطَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِيْ

باپ آپ پر فدا ہوں پاک ہوئے آپ اور پاک ہوئی وہ زمین

فِيْهَا دُفِنْتُمْ وَفُزْتُمْ فَوْزًا عَظِيْمًا فَيَا لَيْتَنِيْ

جس میں آپ دفن ہوئے اور کامیاب ہوئے آپ بڑی کامیابی پس کاش میں

كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ مَعَكُمْ

آپ کے ساتھ ہوتا تو میں بھی آپ کے ساتھ کامیابی حاصل کرتا

ماہ رجب کی پہلی اور پندرھویں شب اور شعبان کی تیسری اور پانچویں شب اور ماہ رمضان کی شبوں میں اور شب عید اور جس جس روز کہ آنحضرت کی

www.kitabmart.in

زیارت مستحب ہے اسی طرح پڑھنا چاہیئے۔

اور اس شب کی برکتوں میں سے ایک یہ ہے کہ ولادت باسعادت حضرت صاحب الامر صلوات علیہ اسی شب واقع ہوئی۔ اس سبب سے سنت ہے کہ اس دعا کو پڑھے کہ آنحضرت کی زیارت کے برابر ہے۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ لَيْلَتِنَا هٰذِهٖ وَمَوْلُوْدِهَا وَحُجَّتِكَ وَ

خداوندا واسطہ اس ہماری رات کا اور اس میں پیدا ہونے والے کا اور تیری حجت

مَوْعُوْدِهَا الَّتِيْ قَرَنْتَ اِلٰى فَضْلِهَا فَضْلًا

اور اس شخص کا جس سے تو نے اس رات میں وعدہ کیا ہے ایسی ذات جس کی فضیلت

فَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ

میں تو نے ایک فضیلت کا اور اضافہ کیا ہے پس پوری ہوئی تیری بات سچائی اور عدالت کے ساتھ

لِكَلِمَاتِكَ وَلَا مُعَقِّبَ لِاٰيَاتِكَ نُوْرُكَ

نہیں کہنے والا کوئی تیری باتوں کو اور نہ پیچھے ہٹانیوالا ہے کوئی تیری نشانیوں کو وہ تیرا

الْمُتَأَلِّقُ وَضِيَاؤُكَ الْمُشْرِقُ وَالْعَلَمُ النُّوْرُ

چمکتا ہوا نور اور تیری جگمگا دینے والی روشنی اور نمایاں نشان

فِيْ طَخْيَاءِ الدَّيْجُوْرِ الْغَائِبُ الْمُسْتَوْرُ جَلَّ

تاریک شب کے اندھیرے میں وہ پوشیدہ اور چھپی ہوئی ذات بزرگ

مَوْلِدُهٗ وَكَرُمَ مَحْتِدُهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

ہے اس کی ولادت اور معزز ہے اس کی اصل اور فرشتے

www.kitabmart.in

شَهِيْدُهٗ وَ اللّٰهُ نَاصِرُهٗ وَ

اس کے گواہ ہیں اور اللہ اُس کا مددگار اور

مُؤَيِّدُهٗ اِذَا اٰنَ مِيْعَادُهٗ

تقویت دینے والا ہے جب آئیگا اُس کے وعدہ کا وقت

وَ الْمَلٰٓئِكَةُ اَمْدَادُهٗ

اور فرشتے اُس کے مدد کرنیوالے ہوں گے

سَيْفُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَنْبُوْ وَ نُوْرُهٗ

خدا کی تلوار جو اچٹنے والی نہیں ہے اور اُس کی روشنی

الَّذِيْ لَا يَخْبُوْ وَ ذُو الْحِلْمِ الَّذِيْ لَا يَصْبُوْ

جو بجھنے والی نہیں ہے اور وہ بردبار جو جوش میں آنے والا نہیں

مَدَارُ الدَّهْرِ وَ نَوَامِيْسُ الْعَصْرِ وَ وَلَاةُ

زمانہ کے محور گردش اور عالم کے معیار قیام اور فرمانروائی کے

الْاَمْرِ وَ الْمُنْزَلُ عَلَيْهِمُ الذِّكْرُ وَ مَا يُنْزَلُ

حقدار اور وہ کہ جن پر اُترا قرآن اور وہ احکام جو اُترتے ہیں

فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَ اَصْحَابُ الْحَشْرِ وَ النَّشْرِ

شب قدر میں اور حشر و نشر کے مختار وہی

تَرَاجِمَةُ وَحْيِهٖ وَ وُلَاةُ اَمْرِهٖ وَ نَهْيِهٖ

ترجمان ہیں خدا کی وحی کے اور ذمہ دار ہیں اُس کے امر و نہی کے

www.kitabmart.in

اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰی خَاتَمِھِمْ وَقَائِمِھِمْ

خداوندا پس درود بھیج ان میں کی آخری فرد اور ان کے قائم پر جو

اَلْمَسْتُوْرِ عَنْ عَوَالِمِھِمْ وَاَدْرِکْ بِنَا

پوشیدہ ہے اُن کے عالموں سے اور پہونچا ہم کو اُن کے دنوں

اَیَّامَہٗ وَظُھُوْرَہٗ وَقِیَامَہٗ وَاجْعَلْنَا مِنْ

تک اور اُن کے ظاہر ہونے اور کھڑے ہونے تک اور قرار دے ہم کو ان

اَنْصَارِہٖ وَاَقْرِنْ ثَارَنَا بِثَارِہٖ وَاکْتُبْنَا فِیْ

کے مددگاروں میں اور اور درج کر ہم کو

اَعْوَانِہٖ وَخُدَّامِ آئِہٖ وَاَحْیِنَا فِیْ دَوْلَتِہٖ

ان کے مددگاروں اور ان کے خیرخواہوں میں اور زندہ کر ہم کو ان کی سلطنت میں

نَالِمِیْنَ وَبِصُحْبَتِہٖ غَانِمِیْنَ وَبِخِفْظِہٖ قَائِمِیْنَ

راحت و آرام حاصل کرتے ہوئے اور اُن کی صحبت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اور ان کے

وَمِنَ السُّوْءِ سَالِمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

حق کو قائم کرتے ہوئے اور برائی سے سلامت رہتے ہوئے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ

رحیم اور تعریف اللہ کے لئے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا اور درود بھیجے خدا

عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَ

حضرت محمد خاتم انبیا و مرسلین اور

www.kitabmart.in

عَلٰی اَھلِ بَیتِہِ الصَّادِقِینَ وَعِترَتِہِ

اور اُن کے سچے اہلبیت اور اظہار حق کرنے والی اولاد پر

النَّاطِقِینَ وَالعَن جَمِیعَ الظَّالِمِینَ وَاحکُم

اور لعنت کر تمام ظالموں پر اور فیصلہ کر

بَینَنَا وَبَینَھُم یَا اَحکَمَ الحَاکِمِینَ

ہمارے درمیان اور اُن کے درمیان اے سب سے بڑے فیصلہ کرنے والے

اس شب کی نمازیں بہت ہیں منجملہ اُن کے چار رکعت نماز دو سلام کے ساتھ بجا لائے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد کے سو مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اِلَیکَ فَقِیرٌ وَمِن عَذَابِکَ خَائِفٌ

خداوندا میں تیری بارگاہ میں محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوفزدہ ہوں اور

وَبِکَ مُستَجِیرٌ رَبِّ لَا تُبَدِّلِ اسمِی وَلَا تُغَیِّر

اور تیری طرف پناہ لینے والا ہوں اے میرے مالک نہ بدلنا میرا نام اور نہ تغیر پیدا کرنا

جِسمِی رَبِّ لَا تُجھِد بَلَائِی رَبِّ لَا تُشمِت

میرے جسم میں اے میرے مالک نہ سخت کر میری آزمائش کو اے میرے مالک نہ طعن و تشنیع کا موقع

بِی اَعدَآئِی اَعُوذُ بِعَفوِکَ مِن عِقَابِکَ

دے مجھ پر میرے دشمنوں کو میں پناہ مانگتا ہوں تیری معافی کے ساتھ تیری سزا سے

www.kitabmart.in

وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ

اور پناہ مانگتا ہوں تیری رحمت کے ساتھ تیرے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں

بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ

تیری خوشنودی کے ساتھ تیری ناراضگی سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ہی ساتھ تجھ سے

جَلَّ ثَنَاؤُكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

بزرگ ہے تیری تعریف تو ویسا ہی ہے جیسی تو نے تعریف کی ہے خود اپنی

وَفَوْقَ مَا يَقُوْلُ الْقَائِلُوْنَ فِيْكَ

اور بالاتر ہے اس سے جو کہنے والے کہیں تیرے بارے میں

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اس شب سبحان اللہ سو مرتبہ اور الحمد للہ سو مرتبہ اور اللہ اکبر سو مرتبہ اور لا الہ الا اللہ سو مرتبہ کہنے کا بہت ثواب ہے۔ اور نماز عشا کے بعد دو رکعت نماز پڑھو۔ رکعت اول میں بعد سورۂ حمد قل یا ایہا الکافرون اور رکعت دوم میں بعد حمد قل ہو اللہ پڑھو اور بعد سلام پینتیس ۳۵ مرتبہ سبحان اللہ اور پینتیس ۳۵ مرتبہ الحمد للہ اور پینتیس ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پھر یہ دعا پڑھو

يَا مَنْ اِلَيْهِ مَلْجَاُ الْعِبَادِ فِي الْمُهِمَّاتِ وَاِلَيْهِ

اے وہ جس کی طرف پناہ لینا ہے بندوں کا مشکلات میں اور اس کی طرف

يَفْزَعُ الْخَلْقُ فِي الْمُلِمَّاتِ يَا عَالِمَ الْجَهْرِ وَ

لوگ جاتے ہیں خلائق مصیبتوں میں اے جاننے والے ظاہر اور

www.kitabmart.in

الْخَفِيَّاتِ يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَوَاطِرُ الْاَوْهَامِ وَ

پوشیدہ باتوں کے اے وہ کہ نہیں مخفی ہوتے اُس پر گردش کرنیوالے توہمات اور

تَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ يَا رَبَّ الْخَلَائِقِ وَالْبَرِيَّاتِ

گردش خیالات کی اے کائنات اور مخلوقات کے پروردگار اے وہ

يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ الْاَرْضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ

جس کے قبضہ میں ہے سلطنت زمین اور آسمانوں کی

اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اُمِتُّ اِلَيْكَ بِلَا

تو اللہ ہے نہیں ہے کوئی معبود بجز تیرے میں دابستہ ہوا ہوں تجھ سے نہیں ہے

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَيَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اجْعَلْنِيْ

کوئی خدا بجز تیرے پس اے وہ کہ نہیں ہے کوئی خدا بجز تیرے قرار دے مجھ کو

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَيْهِ فَرَحِمْتَهٗ

اس شب میں اُن لوگوں میں سے جن کی طرف تو نے نظر کی پس اُن پر رحم کیا

وَسَمِعْتَ دُعَآئَهٗ فَاَجَبْتَهٗ وَعَلِمْتَ اسْتِغَاثَتَهٗ

اور سنی ہے اُن کی دعا تو اُس کو قبول کیا اور جانا ہے تو نے اُن کی فریاد

فَاَقَلْتَهٗ وَتَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ خَطِيْئَتِهٖ وَ

طلب کرنے کو تو تو نے اُنھیں معاف کیا اور درگذر کیا تو نے اُن کی گذشتہ خطا اور

عَظِيْمِ جَرِيْرَتِهٖ فَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِكَ مِنْ

اُن کے بڑے جرم سے پس میں پناہ لیتا ہوں تیری طرف اسے

أو من الأعداء كلهم أظهر علانيته

www.kitabmart.in

ذُنُوبِي وَلَجَأْتُ إِلَيْكَ فِي سَتْرِ عُيُوبِي اللَّهُمَّ

اپنے گناہوں سے اور لو لگاتا ہوں تجھ سے اپنے عیبوں کے چھپانے میں خداوندا

فَجُدْ عَلَيَّ بِكَرَمِكَ وَفَضْلِكَ وَاحْطُطْ خَطَايَايَ

پس سخاوت کر میرے اوپر اپنی بزرگی اور اپنے احسان کے ساتھ اور درگزر کر مجھ سے میری

بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ وَتَغَمَّدْنِي فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

خطاؤں کو اپنی بردباری اور معافی کے ساتھ اور چھپا دے مجھ کو اس شب اپنے

بِسَابِغِ كَرَامَتِكَ وَاجْعَلْنِي فِيهَا مِنْ أَوْلِيَائِكَ

وسیع کرم کے ساتھ اور قرار دے مجھ کو اس شب اپنے ان دوستوں میں

الَّذِينَ اجْتَبَيْتَهُمْ لِطَاعَتِكَ وَاخْتَرْتَهُمْ

سے جنھیں تو نے مخصوص کیا ہے اپنی اطاعت کے لئے اور منتخب کیا ہے ان کو

لِعِبَادَتِكَ وَجَعَلْتَهُمْ خَالِصَتَكَ وَصَفْوَتَكَ

اپنی عبادت کے لئے اور قرار دیا ہے ان کو اپنا خالص دوست اور برگزیدہ

اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِمَّنْ سَعِدَ جَدُّهُ وَكَوْثَرُ

خداوندا قرار دے مجھ کو ان لوگوں میں سے جن کی قسمت بلند ہے اور نیکیوں سے

مِنَ الْخَيْرَاتِ حَظُّهُ وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ سَلِمَ

جن کا حصہ وافر ہے اور قرار دے مجھ کو ان لوگوں میں سے جنھوں نے

فَنَجَا وَفَازَ فَغَنِمَ وَاكْفِنِي شَرَّ مَا اسْلَفْتُ

سلامتی پائی پس نجات پائی اور کامیابی حاصل کی پس غنیمت لوٹی اور بچا مجھ کو برائی سے اس کے جو میں کر چکا ہوں

www.kitabmart.in

وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْاِزْدِيَادِ فِيْ مَعْصِيَتِكَ وَ

اور محفوظ رکھ مجھ کو زیادتی سے اپنی نافرمانی کی اور

حَبِّبْ اِلَيَّ طَاعَتَكَ وَمَا يُقَرِّبُنِيْ مِنْكَ وَ

محبوب بنا میرے لئے اپنی اطاعت کو اور ان باتوں کو جو مجھے تجھ سے قریب کریں اور

يُزْلِفُنِيْ عِنْدَكَ سَيِّدِيْ اِلَيْكَ مَلْجَأُ الْهَارِبِ

تیرے نزدیک لائیں میرے مالک تیری طرف پناہ ہے بھاگنے والے کی

وَمِنْكَ مُلْتَمَسُ الطَّالِبِ وَعَلٰى كَرَمِكَ يُعَوِّلُ

اور تجھ ہی سے درخواست ہی طلب کرنے والی کی اور تیرے کرم پر بھروسا رکھتا ہے

الْمُسْتَقِيْلُ التَّائِبُ اَدَّبْتَ عِبَادَكَ بِالتَّكَرُّمِ

معافی کا طالب توبہ کرنے والا تو نے تعلیم دی ہے اپنے بندوں کو احسان اور

وَاَنْتَ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ وَاَمَرْتَ بِالْعَفْوِ

بزرگی کی اور تو سب کریموں سے زیادہ کریم ہے اور تو نے حکم دیا ہے معاف کرنے کا

عِبَادَكَ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ فَلَا

اپنے بندوں کو اور تو بخشنے والا اور بہت رحم کرنیوالا ہے خدا وندا پس نہ محروم

تُخَيِّبْنِيْ مِمَّا رَجَوْتُ مِنْ كَرَمِكَ وَلَا

کر مجھ کو اس چیز سے جس کی میں امید رکھتا ہوں تیرے کرم سے اور نہ ناامید کر

مِنْ سَائِرِ نِعَمِكَ وَلَا تُخَيِّبْنِيْ مِنْ جَمِيْلِ

مجھ کو اپنی کامل نعمتوں سے اور نہ ناکام کر مجھے اپنے اچھے

www.kitabmart.in

قَسَمَكَ فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ لِأَهْلِ طَاعَتِكَ

عطیوں سے جو تو نے مقرر کئے ہیں اس شب اپنے فرمانبردار بندوں کے لئے

وَاجْعَلْنِي فِي جُنَّةٍ مِنْ شَرَارِ بَرِيَّتِكَ رَبِّ

اور قرار دے مجھ کو حفاظت میں اپنے خلائق کے برے لوگوں میں سے پروردگارا

إِنْ لَمْ أَكُنْ مِنْ أَهْلِ ذٰلِكَ فَأَنْتَ أَهْلُ الْكَرَمِ

اگر میں نہیں ہوں اس کا مستحق تو تو حقدار ہے کرم اور معافی اور

وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ وَجُدْ عَلَيَّ بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ

بخشش کا اور سخاوت کر تو مجھ پر اس شے کے ساتھ جس کا تو مقدار ہے

لَا بِمَا أَسْتَحِقُّهُ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّي بِكَ وَتَحَقَّقَ

نہ وہ کہ جس کا میں مستحق ہوں کیونکہ گمان میرا تیری طرف اچھا ہے اور امید

رَجَائِي لَكَ وَعَلِقَتْ نَفْسِي بِكَرَمِكَ وَأَنْتَ

میری تیرے ساتھ ثابت ہے اور نفس میرا وابستہ ہے تیرے کرم کے ساتھ اور تو

أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ وَأَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ اللّٰهُمَّ

رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم اور کرم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ کریم ہے اور اے اللہ

وَاخْصُصْنِي مِنْ كَرَمِكَ بِجَزِيلِ قِسَمِكَ

مخصوص کر مجھ کو اپنے کرم سے اپنے مقرر کئے ہوئے بڑے حصوں کے ساتھ اور پناہ دے

وَأَعِذْنِي بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَاغْفِرْ لِي

مجھ کو اپنے معاف کرنے کے ساتھ اپنے عقاب سے اور بخش دے میرے لئے

اگر دوسرے میں کوئی برائی ہو تو اس کے مثل سے تم خود بھی پرہیز کرو

www.kitabmart.in

الذَّنْبَ الَّذِیْ یَحْبِسُ عَنِّی الْخَلْقَ وَیُضَیِّقُ

اس گناہ کو جو روکتا ہے مجھ سے خلائق کو اور تنگ کرے

عَلَیَّ الرِّزْقَ حَتّٰی اَقُوْمَ بِصَالِحِ رِضَاکَ وَ

مجھ پر رزق کو یہاں تک کہ میں قائم کروں تیری اچھی رضامندی کو اور

اَنْعُمَ بِجَزِیْلِ عَطَآئِکَ وَاَسْعَدَ بِسَابِغِ

آسودہ ہوں تیری بڑی عطا کے ساتھ اور خوش قسمت ہوں تیری کامل

نَعْمَآئِکَ فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِکَ وَتَعَرَّضْتُ

نعمت کے ساتھ کیونکہ میں نے پناہ لی ہے تیرے حرم کے ساتھ اور سامنے آیا ہوں

لِکَرَمِکَ وَاسْتَعَذْتُ بِعَفْوِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ

میں تیرے کرم کے اور پناہ مانگی ہے میں نے تیرے معاف کرنے کے ساتھ تیری عتاب سے

وَبِحِلْمِکَ مِنْ غَضَبِکَ فَجُدْ لِیْ بِمَا سَئَلْتُکَ

اور تیرے ضبط و تحمل کے ساتھ تیرے غصہ سے پس سخاوت کر میرے لئے اس شے کے ساتھ

وَاَنِلْ مَا الْتَمَسْتُ مِنْکَ اَسْئَلُکَ بِکَ لَا بِشَیْءٍ

جو میں نے سوال کیا ہے اور عطا کر مجھ کو وہ جو میں نے تجھ سے طلب کیا ہے سوال کرتا ہوں میں تجھ

اَعْظَمَ مِنْکَ پس سجدہ میں جاؤ اور بیس مرتبہ کہو

تیرے ہی واسطہ سے اور نہیں ہے کسی شے کا واسطہ جو تجھ سے بڑا ہو

یَا رَبِّ سات مرتبہ یَا اللّٰہُ سات مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا

اے میرے مالک اے اللہ نہیں ہے قوت اور نہ

www.kitabmart.in

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ دس مرتبہ مَا شَآءَ اللّٰهُ
طاقت ہے مگر اللہ کی مدد سے جو خدا چاہے وہ ہوتا ہے
لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ دس مرتبہ
نہیں ہے طاقت مگر اللہ کی مدد سے
لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
نہیں ہے قوت مگر اللہ کی مدد سے

کربلا والے اور عظمت نماز

از جناب سید دلایت حسین صاحب وکیل آرا مہوی

کیا بہادر تھے رفیقان حسین بن علی
مرتے مرتے بھی نماز ظہر مقتل میں پڑھی

اے دل اطاعت گذار دیکھ ہوئے محسود وہ
فرض خالق کی جو ایسے وقت میں تکمیل کی

ہو خدا کی مار تجھ پر اے حصین بن تمیم
کیا بری دل بند زہر اسے تری تقریر تھی

جس کو سن کر غیظ میں آیا حبیب باوفا
منتہی یہ ہی کہ لڑ بھڑ کے جری نے جان دی

جب نماز خوف سبط المصطفٰے پڑھنے لگے
اک جماعت صف سے آگے تیر کھانے کو بڑھی

اُن کے سینے چھن گئے پہونچا نہ شہ تک ایک تیر
شکر کا سجدہ کیا فارغ ہوئے سبط نبی

ہو گیا بے انتہا زخمی سعید نامور
اُٹھ گیا دنیا سے وہ یہ سعی باقی رہ گئی

یادگار اہل عالم کیوں نہ ہو پھر وہ نماز
سایہ میں تیغوں کے جو سبط پیمبر نے پڑھی

فرض خالق یوں ادا کرتے ہیں جانباز وفا
یاد رکھو کربلا والوں کی یہ مردانگی ؎

www.kitabmart.in

تیسرے امام

اسم مبارک۔ حسین بن علی بن ابی طالبؑ

آپ حضرت امام حسنؑ کے چھوٹے بھائی۔ رسول کے چھوٹے نواسے۔ علیؑ و فاطمہؑ کے فرزند تھے۔

۳ شعبان ۴ھ کو پیدا ہوئے اور اپنے بڑے بھائی کے ساتھ رسولؐ کی آغوش میں تربیت پائی حضرت رسول ان سے بڑی محبت کرتے تھے اور تمام امت کے لوگوں کو ان کی محبت و اطاعت کی بڑی تاکید کرتے تھے اور اُن کی امامت کا اعلان کرتے تھے۔

آپ صرف سات برس کے تھے جب حضرت رسول اللہ کی وفات ہوگئی اور اُسی سال جناب فاطمہؑ زہرا نے انتقال کیا۔ حسینؑ اس کے بعد علیؑ بن ابیطالب کی تعلیم و تربیت میں رہے اور جب ۴۰ھ میں آپ کی شہادت ہوئی اور حضرت حسنؑ امام خلق ہوئے تو حضرت حسینؑ برابر آپ کی اطاعت کرتے رہے۔

امام حسنؑ نے اپنی وفات کے موقع پر اپنے بھائی امام حسینؑ کی امامت کی بڑی تاکید کی اور اس طرح آپ ۵۰ھ میں امام خلق ہوئے اور دس

www.kitabmart.in

برس یعنی معاویہ بن ابی سفیان کی حیات تک امامت کے فرائض کو خاموشی کے ساتھ انجام دیا۔

آپ دنیا کو اطاعت و عبادت خدا اور اچھے اخلاق کی تعلیم دیتے تھے اور اپنے افعال و اعمال سے سیرت رسول کا نمونہ پیش کرتے تھے۔

حاکم شام معاویہ سے امام حسنؑ کے ساتھ صلح میں یہ بہت بڑی شرط قرار پائی تھی کہ معاویہ کو اپنے بعد کسی دوسرے شخص کے خلیفہ مقرر کرنے کا حق نہ ہوگا۔ معاویہ نے سب شرطوں کے ساتھ سب سے آخر میں اس شرط کے بھی خلاف کیا اور اپنے بعد کے لئے اپنے بیٹے یزید کی خلافت کا اعلان کر دیا۔

یزید بڑا بدکردار آدمی تھا۔ وہ کھلم کھلا شراب پیتا تھا نماز کو ترک کرتا تھا اور بہت شرمناک کاموں کا ارتکاب کرتا تھا۔ امام حسینؑ کو اس کی حکومت کسی طرح گوارا نہ ہوئی اور آپ نے صاف کہہ دیا کہ میں اس کی خلافت کو کسی طرح منظور نہیں کر سکتا۔

معاویہ نے اس معاملہ میں آپ کے ساتھ زیادہ سختی نہیں کی لیکن ۶۰ھ میں جب معاویہ کا انتقال ہو گیا تو یزید کو یہ فکر ہوئی کہ کسی نہ کسی طرح حسینؑ سے ضرور بیعت لے لی جائے۔

امام حسینؑ کا قیام اپنے نانا کے شہر مدینہ میں تھا۔ یزید نے مدینہ کے حاکم کو لکھا کہ حسین سے بیعت لی جائے نہیں تو انکا سر قلم کر کے میرے پاس بھیجا جائے

اگر کام کرنے سے پہلے غور و فکر کرو گے تو کامیاب اور خوش انجام رہو گے۔

www.kitabmart.in

امام حسینؓ کو بیعت کسی طرح منظور نہ تھی لیکن اپنی جان کی حفاظت کی کوشش بھی ضروری تھی۔ آپ نے مدینہ کو چھوڑ کر مکہ معظمہ میں جا کر پناہ لی۔

یہ وہ جگہ ہے جہاں اسلامی شریعت میں کسی کو آزار پہونچانا جائز نہیں ہے۔ مگر یزید کی طرف سے کچھ لوگ بھیجے گئے کہ وہ مکہ میں امام حسینؓ کو قتل کر ڈالیں۔ امام کو مکہ سے بھی باہر آنا پڑا۔ کوفہ کے لوگ آپ کو بلا رہے تھے۔ آپ نے کوفہ جانے کا ارادہ کیا مگر وہاں یزید کی طرف سے ابن زیاد کی حکومت قائم ہو گئی تھی۔

ابن زیاد نے فوجیں بھیجدیں کہ امام حسینؓ کو راستہ ہی میں گرفتار کر لیا جائے۔ امام کربلا کی سرزمین پر پہونچے اور وہاں ابن زیاد کے لشکر نے گھیر لیا۔

یزید کی بیعت کا مطالبہ پیش ہوا۔ امام حسین نے پھر صاف انکار کر دیا۔ آخر دسویں محرم ۶۱ھ کو آپ اپنے بیٹوں بھائیوں بھتیجوں اور تقریباً سو ساتھیوں کے ساتھ دوپہر کی جنگ کے بعد شہید ہوئے۔

(اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

انفاس قدسی

قصیدہ در مدح حضرت امام حسین علیہ السلام

(از جناب سید محمد جعفر صاحب قدسی جائسی)

میں اپنی جان پر کھیلے ہتھیلی پر لئے سر کو
چلا ہوں امتحاں گاہ وفا میں چھوڑ کر گھر کو

مرا شوق شہادت اک نہ اک دن ڈھونڈھ ہی لیگا
سوا تم قتل عشاق کو قاتل کو خنجر کو

نہ جھکونگا قسم ہے جذبۂ شوق شہادت کی
لگا دونگا گلے سے بڑھ کر قاتل کے خنجر کو

جفائیں ہوں تو ایسی ہوں کہ جنکو سنکے دل کانپے
وفائیں ہوں تو ایسی ہوں کہ روئیں جہاں بھر کو

بلائیں مختلف شکلیں بدل کر آئیں کیا پروا
بہر صورت میں آئینہ کرونگا اپنے جوہر کو

تہہ خنجر اشارہ ہیں نیاز و ناز کی باتیں
کبھی خنجر پھیرائیں گی کبھی روکینگی خنجر کو

زمانہ خون رو رو کر جلی حرفوں سے لکھے گا
مری ایفائے وعدہ کو مری ہمت کے دفتر کو

نہ چھوڑینگے دہان زخم پیکاں تیر قاتل کے
یہ ذوق لذت آزار ہوگا غم کے خوگر کو

میں خوش ہوں لاش بھی پامال ہو جاؤ ہو جائے
دکھائیگا تن صد پاش عبرت خیز منظر کو

www.kitabmart.in

وَاَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

اور ارکان میں سے مومنین کے ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ

الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِيُ

امام ہیں نیکوکار پرہیزگار پسندیدہ پاک راہنما اور صحیح

الْمَهْدِيُّ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ

راستہ چلنے والے اور گواہی دیتا ہوں کہ ائمہ آپ کی اولاد میں سے ہیں

كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ

پرہیزگاری کی بات رکھنے والے اور ہدایت کے ستون اور ریسمان مستحکم

الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُ

اور دنیا والوں پر حجت خدا ہیں اور میں گواہ

اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ وَاَنْبِيَاءَهٗ وَرُسُلَهٗ

کرتا ہوں اللہ اور اس کے ملائکہ اور اس کے انبیا اور اس کے مرسلین کو

اَنِّيْ بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ بِشَرَائِعِ

کہ میں آپ پر ایمان لائے ہوئے اور آپ کی رجعت کا یقین رکھنے والا ہوں

دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ وَقَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ

اپنے دین کے احکام اور اپنے عمل کے انتہائی انجاموں کے ساتھ اور میرا دل آپ کے دل کے ساتھ

سِلْمٌ وَاَمْرِيْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

ملا ہوا ہے اور میرا معاملہ آپ کے معاملہ کا تابع ہے درود خدا کے

www.kitabmart.in

عَلَيْكُمْ وَعَلَىٰ أَرْوَاحِكُمْ وَعَلَىٰ أَجْسَادِكُمْ

آپ لوگوں پر اور آپ کی روحوں پر اور آپ کے جسموں پر

وَعَلَىٰ أَجْسَامِكُمْ وَعَلَىٰ شَاهِدِكُمْ وَعَلَىٰ

اور آپ کی لاشوں پر اور آپ میں سے جو حاضر ہو اس پر اور جو

غَائِبِكُمْ وَعَلَىٰ ظَاهِرِكُمْ وَعَلَىٰ بَاطِنِكُمْ

غائب ہو اس پر اور جو ظاہر ہو آپ میں سے اس پر اور جو پوشیدہ ہو اس پر

پس دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اگر نماز کو زیارت سے پہلے پڑھ لے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ پھر حضرت علی بن الحسین علیہ السلام کی زیارت بجالائے اور کہے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام آپ پر اے فرزند رسول خدا سلام

عَلَيْكَ يَا بْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ

آپ پر اے فرزند نبی خدا سلام آپ پر اے فرزند

اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ الْحُسَيْنِ

امیر المومنین سلام آپ پر اے فرزند حسین علیہ

اَلشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الشَّهِيدُ اَلسَّلَامُ

شہید سلام آپ پر اے شہید سلام

www.kitabmart.in

عَلَیْکَ اَیَّتُھَا الْمَظْلُوْمُ وَابْنَ الْمَظْلُوْمِ لَعَنَ

آپ پر اے مظلوم اور فرزند مظلوم لعنت

اللّٰہُ اُمَّۃً قَتَلَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً

کرے خدا اُس جماعت پر کہ جس نے آپ کو قتل کیا اور لعنت کرے خدا اُس

ظَلَمَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً سَمِعَتْ بِذٰلِکَ

جماعت پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور لعنت کرے خدا اُس جماعت پر جس نے سنا اُس کو

فَرَضِیَتْ بِہٖ

تو وہ راضی رہی اُس پر

پھر سائر شہدا رضی اللہ عنہم کی زیارت کا قصد کرے اور کہے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ وَاَحِبَّآءَہٗ

سلام آپ پر اے دوستان خدا اور اُس کے چاہنے والو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَصْفِیَآءَ اللّٰہِ وَاَوِدَّآءَہٗ

سلام آپ پر اے برگزیدگان خدا اور اُس کے دوستدارو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَنْصَارَ دِیْنِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ

سلام آپ پر اے مددگارو دین خدا کے سلام

عَلَیْکُمْ یَا اَنْصَارَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

آپ پر اے مددگارو رسول خدا کے سلام آپ پر

www.kitabmart.in

يَا اَنْصَارَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اے مددگارو امیر المومنین کے سلام آپ پر اے

يَا اَنْصَارَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ

مددگارو فاطمہ زہرا سردارِ زنان

الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِيْ

عالمیان کے سلام آپ پر اے مددگارو ابو

مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ نِ الزَّكِيِّ النَّاصِحِ

حسن بن علی پاکیزہ و مخلص بزرگ کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بِاَبِيْ

سلام آپ پر اے مددگارو ابو عبداللہ الحسین کے میرے ماں

اَنْتُمْ وَاُمِّيْ طِبْتُمْ وَطَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِيْ

باپ آپ پر فدا ہوں پاک ہوئے آپ اور پاک ہوئی وہ زمین

فِيْهَا دُفِنْتُمْ وَفُزْتُمْ فَوْزًا عَظِيْمًا فَيَا لَيْتَنِيْ

جس میں آپ دفن ہوئے اور کامیاب ہوئے آپ بڑی کامیابی پس کاش میں

كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ مَعَكُمْ

آپ کے ساتھ ہوتا تو میں بھی آپ کے ساتھ کامیابی حاصل کرتا

ماہ رجب کی پہلی اور پندرھویں شب اور شعبان کی تیسری اور پانچویں شب
اور ماہ رمضان کی شبوں میں اور شب عید اور جس جس روز کہ آنحضرت کی

www.kitabmart.in

زیارت مستحب ہے اسی طرح پڑھنا چاہیئے۔

اور اس شب کی برکتوں میں سے ایک یہ ہے کہ ولادت باسعادت حضرت صاحب الامر صلوات علیہ اسی شب واقع ہوئی۔ اس سبب سے سنت ہے کہ اس دعا کو پڑھے کہ آنحضرت کی زیارت کے برابر ہے۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ لَيْلَتِنَا هٰذِهٖ وَمَوْلُوْدِهَا وَحُجَّتِكَ وَ

خداوندا واسطہ اس ہماری رات کا اور اسمیں پیدا ہونے والے کا اور تیری حجت

مَوْعُوْدِهَا الَّتِيْ قَرَنْتَ اِلٰى فَضْلِهَا فَضْلًا

اور اس شخص کا جس سے تو نے اس رات میں وعدہ کیا ہے ایسی رات جس کی فضیلت

فَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَّا مُبَدِّلَ

میں تو نے ایک فضیلت کا اور اضافہ کیا ہے پس پوری ہوئی تیری بات سچائی اور عدالت کے ساتھ

لِكَلِمَاتِكَ وَلَا مُعَقِّبَ لِاٰيَاتِكَ نُوْرُكَ

نہیں کہنے والا کوئی تیری باتوں کو اور نہ پیچھے ہٹانیوالا ہے کوئی تیری نشانیوں کو وہ تیرا

الْمُتَأَلِّقُ وَضِيَآؤُكَ الْمُشْرِقُ وَالْعَلَمُ النُّوْرُ

چمکتا ہوا نور اور تیری جگمگا دینے والی روشنی اور نمایاں نشان

فِيْ طَخْيَآءِ الدَّيْجُوْرِ الْغَائِبُ الْمُسْتَتِرُ بِجَلَّةٍ

تاریک شب کے اندھیرے میں وہ پوشیدہ اور چھپی ہوئی ذات بزرگ

مَوْلِدُهٗ وَكَرَمٌ مَحْتِدُهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

ہے اس کی ولادت اور معزز ہے اس کی اصل اور فرشتے

www.kitabmart.in

شَهِيدُهُ وَاللّٰهُ نَاصِرُهُ وَ

اس کے گواہ ہیں اور اللہ اُس کا مددگار اور

مُؤَيِّدُهُ بِاِذَا اٰنَ مِيْعَادُهُ

تقویت دینے والا ہے جب آئیگا اُس کے وعدہ کا وقت

وَالْمَلٰٓئِكَةُ اَمْدَادُهُ

اور فرشتے اُس کے مددگر بنوائے ہوں گے

سَيْفُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَنْبُوْ وَنُوْرُهُ

خدا کی تلوار جو اُٹھنے والی نہیں ہے اور اُس کی روشنی

الَّذِيْ لَا يَخْبُوْ وَذُو الْحِلْمِ الَّذِيْ لَا يَصْبُوْ

جو بجھنے والی نہیں ہے اور وہ بردبار جو جوش میں آنے والا نہیں

مَدَارُ الدَّهْرِ وَنَوَامِيْسُ الْعَصْرِ وَوُلَاةُ

زمانہ کے محور گردش اور عالم کے معیار قیام اور فرمانروائی کے

الْاَمْرِ وَالْمُنْزَلُ عَلَيْهِمُ الذِّكْرُ وَمَا يُنْزَلُ

حقدار اور وہ کہ جن پر اُترا قرآن اور وہ احکام جو اُترتے ہیں

فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَاَصْحَابُ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ

شب قدر میں اور حشر و نشر کے مختار وہی

تَرَاجِمَةُ وَحْيِهٖ وَوُلَاةُ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ

ترجمان ہیں خدا کی وحی کے اور ذمہ دار ہیں اُس کے امر و نہی کے

www.kitabmart.in

اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى خَاتَمِهِمْ وَقَائِمِهِمْ

خداوندا پس درود بھیج ان میں کی آخری فرد اور ان کے قائم پر جو

الْمَسْتُوْرِ عَنْ عَوَالِمِهِمْ وَاَدْرِكْنَا بِنَا

پوشیدہ ہے اُن کے عالموں سے اور پہونچا ہم کو اُن کے دنوں

اَيَّامَهٗ وَظُهُوْرَهٗ وَقِيَامَهٗ وَاجْعَلْنَا مِنْ

تک اور اُن کے ظاہر ہونے اور کھڑے ہونے تک اور قرار دے ہم کو ان

اَنْصَارِهٖ وَاقْرِنْ ثَارَنَا بِثَارِهٖ وَاكْتُبْنَا فِيْ

کے مددگاروں میں اور اور درج کر ہم کو

اَعْوَانِهٖ وَخُدَّامِ آئِمَّتِهٖ وَاَحْيِنَا فِيْ دَوْلَتِهٖ

ان کے مددگاروں اور ان کے خیر خواہوں میں اور زندہ کر ہم کو ان کی سلطنت میں

نَاعِمِيْنَ وَبِصُحْبَتِهٖ غَانِمِيْنَ وَبِحَقِّهٖ قَائِمِيْنَ

راحت و آرام حاصل کرتے ہوئے اور اُن کی صحبت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اور ان کے

وَمِنَ السُّوْءِ سَالِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

حق کو قائم کرتے ہوئے اور برائی سے سلامت رہتے ہوئے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ

رحیم اور تعریف اللہ کے لئے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا اور درود بھیجے خدا

عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَ

حضرت محمد خاتم انبیا و مرسلین اور

www.kitabmart.in

عَلٰی اَھْلِ بَیْتِہِ الصَّادِقِیْنَ وَعِتْرَتِہِ

اور اُن کے سچے اہلبیت اور اظہار حق کرنے والی اولاد پر

النَّاطِقِیْنَ وَالْعَنْ جَمِیْعَ الظَّالِمِیْنَ وَاحْکُمْ

اور لعنت کر تمام ظالموں پر اور فیصلہ کر

بَیْنَنَا وَبَیْنَھُمْ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ

ہمارے درمیان اور اُن کے درمیان اے سب سے بڑے فیصلہ کرنے والے

اس شب کی نمازیں بہت ہیں منجملہ اُن کے چار رکعت نماز دو سلام کے ساتھ بجا لائے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد کے سو مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اِلَیْکَ فَقِیْرٌ وَمِنْ عَذَابِکَ خَائِفٌ

خداوندا میں تیری بارگاہ میں محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوفزدہ ہوں اور

وَبِکَ مُسْتَجِیْرٌ رَبِّ لَا تُبَدِّلِ اسْمِیْ وَلَا تُغَیِّرْ

اور تیری طرف پناہ لینے والا ہوں اے میرے مالک بدلنا میرا نام اور نہ تغیر پیدا کرنا

جِسْمِیْ رَبِّ لَا تُجْھِدْ بَلَائِیْ رَبِّ لَا تُشْمِتْ

میرے جسم میں اے میرے مالک نہ سخت کر میری آزمائش کو اے میرے مالک نہ طعن و تشنیع کا موقع

بِیْ اَعْدَائِیْ اَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عِقَابِکَ

دے مجھ پر میرے دشمنوں کو میں پناہ مانگتا ہوں تیری معافی کے ساتھ تیری سزا سے

www.kitabmart.in

وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ

اور پناہ مانگتا ہوں تیری رحمت کے ساتھ تیرے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں

بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ

تیری خوشنودی کے ساتھ تیری ناراضگی سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ہی ساتھ تجھ سے

جَلَّ ثَنَاؤُكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

بزرگ ہے تیری تعریف تو ویسا ہی ہے جیسی تو نے تعریف کی ہے خود اپنی

وَفَوْقَ مَا يَقُوْلُ الْقَائِلُوْنَ فِيْكَ

اور بالاتر ہے اس سے جو کہنے والے کہیں تیرے بارے میں

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اس شب سبحان اللہ سو مرتبہ اور الحمد للہ سو مرتبہ اور اللہ اکبر سو مرتبہ اور لا الہ الا اللہ سو مرتبہ کہنے کا بہت ثواب ہے۔ اور نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھو۔ رکعت اول میں بعد سورۂ حمد قل یا ایہا الکافرون اور رکعت دوم میں بعد حمد قل ہو اللہ پڑھو اور بعد سلام پینتیس مرتبہ سبحان اللہ اور پینتیس مرتبہ الحمد للہ اور پینتیس مرتبہ اللہ اکبر پھر یہ دعا پڑھو

يَا مَنْ اِلَيْهِ مَلْجَاُ الْعِبَادِ فِى الْمُهِمَّاتِ وَاِلَيْهِ

اے وہ جس کی طرف پناہ لینا ہے بندوں کا مشکلات میں اور اس کی طرف

يَفْزَعُ الْخَلْقُ فِى الْمُلِمَّاتِ يَا عَالِمَ الْجَهْرِ وَ

لوگوں کا ہے خلائق مصیبتوں میں اے جاننے والے ظاہر اور

www.kitabmart.in

الْخَفِيَّاتِ يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَوَاطِرُ الْاَوْهَامِ وَ

پوشیدہ باتوں کے اے وہ کہ نہیں مخفی ہوتے اُس پر گردش کرنیوالے توہمات اور

تَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ يَا رَبَّ الْخَلَائِقِ وَالْبَرِيَّاتِ

گردش خیالات کی اے کائنات اور مخلوقات کے پروردگار اے وہ

يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ

جس کے قبضہ میں ہے سلطنت زمین اور آسمانوں کی

اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَمُتُّ اِلَيْكَ بِلَا

تو اللہ ہے نہیں ہے کوئی معبود بجز تیرے میں وابستہ ہوتا ہوں تجھ سے نہیں ہے

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَيَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اجْعَلْنِيْ

کوئی خدا بجز تیرے پس اے وہ کہ نہیں ہے کوئی خدا بجز تیرے قرار دے مجھ کو

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَيْهِ فَرَحِمْتَهٗ

اس شب میں اُن لوگوں میں سے جن کی طرف تو نے نظر کی پس اُن پر رحم کیا

وَسَمِعْتَ دُعَائَهٗ فَاَجَبْتَهٗ وَعَلِمْتَ اسْتِغَاثَتَهٗ

اور سنی ہے اُن کی دعا تو اُس کو قبول کیا اور جانا ہے تو نے اُن کی فریاد

فَاَقَلْتَهٗ وَتَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ خَطِيْئَتِهٖ وَ

طلب کرنے کو تو تو نے اُنھیں معاف کیا اور درگذر کیا تو نے اُن کی گذشتہ خطا اور

عَظِيْمِ جَرِيْرَتِهٖ فَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِكَ مِنْ

أَوْ مِنَ الْأَعْدَاءِ كُلِّهِمْ أَظْهَرُ عَدَاوَتَهُ

www.kitabmart.in

ذُنُوبِي وَلَجَأْتُ إِلَيْكَ فِي سَتْرِ عُيُوبِي اللَّهُمَّ

اپنے گناہوں سے اور لو لگائی تجھ سے اپنے عیبوں کے چھپانے میں خداوندا

فَجُدْ عَلَيَّ بِكَرَمِكَ وَفَضْلِكَ وَاحْطُطْ خَطَايَايَ

پس سخاوت کر میرے اوپر اپنی بزرگی اور اپنے احسان کے ساتھ اور دور کر مجھ سے میری

بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ وَتَغَمَّدْنِي فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

خطاؤں کو اپنی بردباری اور معافی کے ساتھ اور چھپا دے مجھ کو اس شب اپنے

بِسَابِغِ كَرَامَتِكَ وَاجْعَلْنِي فِيهَا مِنْ أَوْلِيَائِكَ

وسیع کرم کے ساتھ اور قرار دے مجھ کو اس شب اپنے ان دوستوں میں

الَّذِينَ اجْتَبَيْتَهُمْ لِطَاعَتِكَ وَاخْتَرْتَهُمْ

سے جنھیں تو نے مخصوص کیا ہے اپنی اطاعت کے لئے اور منتخب کیا ہے ان کو

لِعِبَادَتِكَ وَجَعَلْتَهُمْ خَالِصَتَكَ وَصَفْوَتَكَ

اپنی عبادت کے لئے اور قرار دیا ہے ان کو اپنا خالص دوست اور برگزیدہ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِمَّنْ سَعِدَ جَدُّهُ وَتَوَفَّرَ

خداوندا قرار دے مجھ کو ان لوگوں میں سے جن کی قسمت بلند ہے اور نیکیوں سے

مِنَ الْخَيْرَاتِ حَظُّهُ وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ سَلِمَ

جن کا حصہ وافر ہے اور قرار دے مجھ کو ان لوگوں میں سے جنھوں نے

فَنَعِمَ وَفَازَ فَغَنِمَ وَاكْفِنِي شَرَّ مَا اسْتَلْقَتْ

سلامتی پائی پس آسودہ ہوئے اور کامیابی حاصل کی پس غنیمت لے گئے اور بچا مجھ کو برائی سے اس کے جو میں کر چکا ہوں

کمزور دشمن وہ ہے جو اپنی عداوت ظاہر و آشکار کر دے

إِذَا بَلَغَ اللَّئِيمُ فَوْقَ مِقْدَارِهِ تَغَيَّرَتْ أَحْوَالُهُ

www.kitabmart.in

وَاعْصِمْنِي مِنَ الْإِزْدِيَادِ فِي مَعْصِيَتِكَ وَ

اور محفوظ رکھ مجھ کو زیادتی سے اپنی نافرمانی کی اور

حَبِّبْ إِلَيَّ طَاعَتَكَ وَمَا يُقَرِّبُنِي مِنْكَ وَ

محبوب بنا میرے لئے اپنی اطاعت کو اور ان باتوں کو جو مجھے تجھ سے قریب کریں اور

يُزْلِفُنِي عِنْدَكَ سَيِّدِي إِلَيْكَ مَلْجَأُ الْهَارِبِ

تیرے نزدیک لائیں میرے مالک تیری طرف پناہ ہے بھاگنے والے کی

وَمِنْكَ مُلْتَمَسُ الطَّالِبِ وَعَلَى كَرَمِكَ يُعَوِّلُ

اور تجھ ہی سے درخواست ہے طلب کرنے والے کی اور تیرے کرم پر بھروسا رکھتا ہے

الْمُسْتَقِيلُ التَّائِبُ أَدَّبْتَ عِبَادَكَ بِالتَّكَرُّمِ

معافی کا طالب توبہ کرنے والا تو نے تعلیم دی ہے اپنے بندوں کو احسان اور

وَأَنْتَ أَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ وَأَمَرْتَ بِالْعَفْوِ

بزرگی کی اور تو سب کریموں سے زیادہ کریم ہے اور تو نے حکم دیا ہے معاف کرنے کا

عِبَادَكَ وَأَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ اللَّهُمَّ فَلَا

اپنے بندوں کو اور تو بخشنے والا اور بہت رحم کرنیوالا ہے خداوندا پس نہ

تَحْرِمْنِي مَا رَجَوْتُ مِنْ كَرَمِكَ وَلَا تُخَيِّبْنِي

کر مجھ کو اس چیز سے جس کی میں امید رکھتا ہوں تیرے کرم سے اور نہ مایوس کر

مِنْ سَائِرِ نِعَمِكَ وَلَا تَجْعَلْنِي مِنْ جُمْلَةِ

مجھ کو اپنی کامل نعمتوں سے اور نہ ناکام کر مجھ کو اپنے ان

ذلیل جب بڑے درجہ پر پہونچ جائے تو اس کے حالات بدتر ہو جاتے ہیں

www.kitabmart.in

قَسَمَكَ فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ لِأَهْلِ طَاعَتِكَ

عطیوں سے جو تو نے مقرر کئے ہیں اس شب اپنے فرمانبردار بندوں کے لئے

وَاجْعَلْنِي فِي جُنَّةٍ مِنْ شَرِّ أَرْبَى بَرِيَّتِكَ يَا رَبِّ

اور قرار دے مجھ کو حفاظت میں اپنے خلائق کے برے لوگوں سے ہی پروردگارا

إِنْ لَمْ أَكُنْ مِنْ أَهْلِ ذٰلِكَ فَأَنْتَ أَهْلُ الْكَرَمِ

اگر میں نہیں ہوں اس کا مستحق تو تو حقدار ہے کرم اور معافی اور

وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ وَجُدْ عَلَيَّ بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ

جشش کر اور سخاوت کر تو مجھ پر اس شے کے ساتھ جس کا تو حقدار ہے

لَا بِمَا أَسْتَحِقُّهُ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّي بِكَ وَتَحَقَّقَ

نہ وہ کہ جس کا میں مستحق ہوں کیونکہ گمان میرا تیری طرف اچھا ہے اور امید

رَجَائِي لَكَ وَعَلِقَتْ نَفْسِي بِكَرَمِكَ وَأَنْتَ

میری تیرے ساتھ ثابت ہے اور نفس میرا وابستہ تیرے کرم کے ساتھ اور تو

أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ وَأَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ اللّٰهُمَّ

رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم اور کرم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ کریم ہے اور خدایا

وَاخْصُصْنِي مِنْ كَرَمِكَ بِجَزِيلِ قِسَمِكَ

مخصوص کر مجھ کو اپنے کرم سے اپنے مقرر کئے ہوئے بڑے حصوں کے ساتھ اور پناہ دے

وَأَعِذْنِي بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَاغْفِرْ لِي

مجھ کو اپنے معاف کرنے کے ساتھ اپنے عقاب سے اور بخش دے میرے لئے

اگر دوسرے میں کوئی برائی ہو تو اس کی شامت

www.kitabmart.in

الذَّنْبَ الَّذِیْ یَحْبِسُ عَنِّی الْخَلْقَ وَیُضَیِّقُ

اس گناہ کو جو روکتا ہے مجھ سے خلائق کو اور تنگ کرے

عَلَیَّ الرِّزْقَ حَتّٰی اَقُوْمَ بِصَالِحِ رِضَاكَ وَ

مجھ پر رزق کو یہاں تک کہ میں قائم کروں تیری اچھی رضامندی کو اور

اَنْعُمَ بِجَزِیْلِ عَطَآئِكَ وَاَسْعَدَ بِسَابِغِ

آسودہ ہوں تیری بڑی عطا کے ساتھ اور خوش قسمت ہوں تیری کامل

نَعْمَآئِكَ فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِكَ وَتَعَرَّضْتُ

نعمت کے ساتھ کیونکہ میں نے پناہ لی ہے تیرے حرم کے ساتھ اور سامنے آیا ہوں

لِكَرَمِكَ وَاسْتَعَذْتُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ

میں تیرے کرم کے اور پناہ مانگی ہے میں نے تیرے معاف کرنے کے ساتھ تیری عذاب سے

وَبِحِلْمِكَ مِنْ غَضَبِكَ فَجُدْ لِیْ بِمَا سَئَلْتُكَ

اور تیرے ضبط و تحمل کے ساتھ تیرے غصہ سے پس سخاوت کر میرے لئے اس شے کے ساتھ

وَاَنِلْ مَا الْتَمَسْتُ مِنْكَ اَسْئَلُكَ بِكَ لَا بِشَیْءٍ

جو میں نے سوال کیا ہے اور عطا کر مجھ کو وہ جو میں نے تجھ سے طلب کیا ہے سوال کرتا ہوں میں خود

اَعْظَمَ مِنْكَ پس سجدہ میں جاؤ اور بیس مرتبہ کہو

تیرے ہی واسطہ سے اور نہیں ہے کسی شے کا واسطہ جو تجھ سے بڑا ہو

یَا رَبِّ سات مرتبہ یَا اَللّٰہُ سات مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا

اے میرے مالک اے اللہ نہیں ہے قوت اور نہ

www.kitabmart.in

لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ دس مرتبہ مَا شَآءَ اللّٰہُ
طاقت ہے مگر اللہ کی مدد سے جو خدا چاہے وہ ہوتا ہے
لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ دس مرتبہ
نہیں ہے طاقت مگر اللہ کی مدد سے
لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
نہیں ہے قوت مگر اللہ کی مدد سے

کربلا والے اور عظمت نماز

از جناب سید ولایت حسین صاحب ایثار امروہوی

کیا بہادر تھے رفیقان حسین بن علی
مرتے مرتے بھی نماز ظہر مقتل میں پڑھی

اے دل اطاعت گذار و نہیں ہوئے محسود
فرض خالق کی جو ایسے وقت میں تکمیل کی

ہو خدا کی مار تجھ پر اے حصین بن تمیم
کیا بری دل بند زہر اے تری تقریر تھی

جس کو سن کر غیظ میں آیا حبیب باوفا
منتہی یہ ہے کہ لڑ بھڑ کے جری نے جان دی

جب نماز خوف سبط مصطفےٰ پڑھنے لگے
اک جماعت صف سے آگے تیر کھانے کو بڑھی

اُن کے سینے چھن گئے پہونچا نہ شہ تک ایک تیر
شکر کا سجدہ کیا فارغ ہوئے سبط نبی

ہو گیا بے انتہا زخمی سعید نامور
اُٹھ گیا دنیا سے وہ یہ سعی باقی رہ گئی

یادگار اہل عالم کیوں نہ ہو پھر وہ نماز
سایہ میں تیغوں کے جو سبط پیمبر نے پڑھی

فرض خالق یوں ادا کرتے ہیں جانباز وفا
یاد رکھو کربلا والوں کی یہ مردانگی ہو

www.kitabmart.in

تیسرے امام

اسم مبارک۔ حسین بن علی بن ابی طالبؑ

آپ حضرت امام حسنؑ کے چھوٹے بھائی۔ رسول کے چھوٹے نواسے۔ علیؑ و فاطمہؑ کے فرزند تھے۔

۳ شعبان ۴ھ کو پیدا ہوئے اور اپنے بڑے بھائی کے ساتھ رسولؐ کی آغوش میں تربیت پائی حضرت رسول ان سے بڑی محبت کرتے تھے اور تمام امت کے لوگوں کو ان کی محبت و اطاعت کی بڑی تاکید کرتے تھے اور اُن کی امامت کا اعلان کرتے تھے۔

آپ صرف سات برس کے تھے جب حضرت رسول اللہ کی وفات ہوگئی اور اُسی سال جناب فاطمہ زہراؑ نے انتقال کیا حسینؑ اس کے بعد علیؑ بن ابیطالب کی تعلیم و تربیت میں رہے اور جب ۴۰ھ میں آپ کی شہادت ہوئی اور حضرت حسنؑ امام خلق ہوئے تو حضرت حسینؑ برابر آپ کی اطاعت کرتے رہے۔

امام حسنؑ نے اپنی وفات کے موقع پر اپنے بھائی امام حسینؑ کی امامت کی بڑی تاکید کی اور اس طرح آپ ۵۰ھ میں امام خلق ہوئے اور دس

www.kitabmart.in

برس یعنی معاویہ بن ابی سفیان کی حیات تک امامت کے فرائض کو خاموشی کے ساتھ انجام دیا۔

آپ دنیا کو اطاعت و عبادت خدا اور اچھے اخلاق کی تعلیم دیتے تھے اور اپنے افعال و اعمال سے سیرت رسول کا نمونہ پیش کرتے تھے۔

حاکم شام معاویہ سے امام حسنؑ کے ساتھ صلح میں یہ بہت بڑی شرط قرار پائی تھی کہ معاویہ کو اپنے بعد کسی دوسرے شخص کے خلیفہ مقرر کرنے کا حق نہ ہوگا۔ معاویہ نے سب شرطوں کے ساتھ سب سے آخر میں اس شرط کے بھی خلاف کیا اور اپنے بعد کے لئے اپنے بیٹے یزید کی خلافت کا اعلان کر دیا۔

یزید بڑا بدکردار آدمی تھا۔ وہ کھلم کھلا شراب پیتا تھا نماز کو ترک کرتا تھا اور بہت شرمناک کاموں کا ارتکاب کرتا تھا۔ امام حسینؑ کو اس کی حکومت کسی طرح گوارا نہ ہوئی اور آپ نے صاف کہہ دیا کہ میں اس کی خلافت کو کسی طرح منظور نہیں کر سکتا۔

معاویہ نے اس معاملہ میں آپ کے ساتھ زیادہ سختی نہیں کی لیکن ۶۰ھ میں جب معاویہ کا انتقال ہو گیا تو یزید کو یہ فکر ہوئی کہ کسی نہ کسی طرح حسینؑ سے ضرور بیعت لے لی جائے۔

امام حسینؑ کا قیام اپنے نانا کے شہر مدینہ میں تھا۔ یزید نے مدینہ کے حاکم کو لکھا کہ حسین سے بیعت لی جائے نہیں تو انکا سر قلم کر کے میرے پاس بھیجا جائے

إن بطن الأرض ميتة وظهرها سقيم

www.kitabmart.in

امام حسینؓ کو بیعت کسی طرح منظور نہ تھی لیکن اپنی جان کی حفاظت کی کوشش بھی ضروری تھی۔ آپ نے مدینہ کو چھوڑ کر مکہ معظمہ میں جا کر پناہ لی۔

یہ وہ جگہ ہے جہاں اسلامی شریعت میں کسی کو آزار پہونچانا جائز نہیں ہے۔ مگر یزید کی طرف سے کچھ لوگ بھیجے گئے کہ وہ مکہ میں امام حسینؓ کو قتل کر ڈالیں۔ امام کو مکہ سے بھی باہر آنا پڑا۔ کوفہ کے لوگ آپ کو بلا رہے تھے۔ آپ نے کوفہ جانے کا ارادہ کیا مگر وہاں یزید کی طرف سے ابن زیاد کی حکومت قائم ہو گئی تھی۔

ابن زیاد نے فوجیں بھیجدیں کہ امام حسینؓ کو راستہ ہی میں گرفتار کر لیا جائے۔ امام کربلا کی سرزمین پر پہونچے اور وہاں ابن زیاد کے لشکر نے گھیر لیا۔

یزید کی بیعت کا مطالبہ پیش ہوا۔ امام حسین نے پھر صاف انکار کر دیا۔ آخر دسویں محرم ۶۱ھ کو آپ اپنے بیٹوں بھائیوں بھتیجوں اور تقریباً سو ساتھیوں کے ساتھ دوپہر کی جنگ کے بعد شہید ہوئے۔ (اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

انفاس قدسی

قصیدہ در مدح حضرت امام حسین علیہ السلام

(از جناب سید محمد جعفر صاحب قدسی جائسی)

میں اپنی جان پر کھیلے ہتھیلی پر لئے سر کو
چلا ہوں امتحان گاہ وفا میں چھوڑ کر گھر کو

مرا شوق شہادت اک نئے اک دن ڈھونڈھ ہی لیگا
سوا دو قتل عشاق کو قاتل کو خنجر کو

نہ جھجکونگا قسم ہے جذبۂ شوق شہادت کی
لگا دونگا گلے سے بڑھ کر قاتل کے خنجر کو

جفائیں ہوں تو ایسی ہوں کہ جنکو سنکے دل کانپے
وفائیں ہوں تو ایسی ہوں کہ روئیں اہل محشر کو

بلائیں مختلف شکلیں بدل کر آئیں کیا پروا
بہر صورت میں آئینہ کرونگا اپنے جوہر کو

تہہ خنجر اشارہ ہیں نیاز و ناز کی باتیں
کبھی خنجر پھیرائیں گی کبھی رکھینگی خنجر کو

زمانہ خون رو رو کر جلی حرفوں سے لکھے گا
مری ایفائے وعدہ کو مری ہمت کے دفتر کو

نہ چھوڑینگے دہان زخم پیکاں تیر قاتل کے
یہ ذوق لذت آزار ہوگا غم کے خوگر کو

میں خوش ہوں لاش بھی پامال ہو جائے تو ہو جائے
دکھائیگا تن صد پاش عبرت خیز منظر کو

جو وقت گذر رہا ہے وہ تیری زندگی کا جزو ہے پس کوئی وقت اپنی زندگی کا نہ چھوڑ

www.kitabmart.in

کئی دن تک فلک سا سنگدل بھی خون روئیگا
نہ پھر چین آئیگا زمیں کے قلب مضطر کو

مٹانے والے میرے خود فنا ہو جائینگے اکدن
زمانہ روز دہراتا رہیگا غم کے دفتر کو

مرا دعویٰ نہیں کچھ سوز الفت کا یہ دعویٰ ہے
بشر کا دل تو کیا ہے موم کر دونگا میں پتھر کو

ہزاروں انقلاب آئیں تو آئیں مجھ کو کیا ڈر ہے
میں رکھونگا ہمیشہ اپنے قبضہ میں جہاں بھر کو

یہی تسخیر دل کا وقت ہے قدسی غزل پڑھ دو
گلے پر سے ہٹانے پائے ظالم اب نہ خنجر کو

یہ کہہ کہہ کر سنبھالا ہے شب غم قلب مضطر کو
(غزل)
جو کچھ ہونا ہے بس اب ہو رہے گا صبح محشر کو

وہ اپنی بات پر قائم ہیں اپنے قول پر ثابت
خدا ہے اہ پر لائے تو لائے اُس ستمگر کو

دہان زخم دامنداد ہنس ہنس کر دعا دیں گے
کبھی بازوئے قاتل کو کبھی قاتل کے خنجر کو

زبان خلق کو اغیار کیونکر روک سکتے ہیں
نجل ہونگے لگا کر آگ میرے غم کے دفتر کو

طریق عشق و الفت میں اگر بخشش کہیں ہوگی
پکاروں گا حسین بن علی سبط پیمبر کو

یم جود و کرم سلطان باذل شاہ دریا دل
کیا سیراب جس نے راہ میں لشکر کے لشکر کو

مسلمانوں کو اکبر سے زیادہ چاہنے والا
کیا امت پہ قرباں جس نے ہمشکل پیمبر کو

دم غیظ و غضب خیمہ میں مسند میں تمہائی میں
قسم دیدی کے روکا جس نے عباس دلاور کو

نشانہ کرنے والا اپنے دل کو ناوک غم کا
کماندار دیں غم دیتا تھا تیر لے آیا جو اصغر کو

لسان اللہ کا بیٹا ذبیح اللہ کا پوتا
سنان پہ جس کا سر پڑھتا رہا قرآن داور کو

شرف عیسیٰ بن مریم کا مسیحا سارے عالم کا
ملا جو ہر شفا کا جس کی خاک روح پرور کو

مصیبت کی کچھ حد نہیں ہے اور ان خرمنوں کی کوئی انتہا ہے پس تو صبر کر یہاں تک کہ مصیبت انتہا کو پہونچ جا

www.kitabmart.in

بتا دو کون تھا ہر دلعزیز ایسا کرکین میں
جسے خوش کر گئی ہرنی بھی لاکر اپنے دلبر کو

مکانیں راہ میں مسجد میں منبر پر مصلی پر
ہوئی تزئین جس سے بارہا دوش پیمبر کو

نہ بڑھنے پائی شان خط نہ دل ہی ٹوٹنی پایا
ملک نے جس کی خاطر سے کیا دو ٹکڑے گوہر کو

نبی کی گود میں پشت و پناہ دین و دنیا ہی
چلو قدسی مبارکباد دے آئیں پیمبر کو

زباں اپنی چساؤ یا نبی دلبند حیدر کو
(مطلع) یہی زندہ کریگا دین کے بے روح پیکر کو

یہی روشن کریگا شمع دیں کٹوا کے سر اپنا
بڑے ناز و نعم سے پالیئے اس غم کے خوگر کو

بسر کرنا ہے غم میں زندگی کا آخری حصہ
نہ دو اس وقت ایذا فاطمہ زہرا کے دلبر کو

صداقت اسکی ہو جائیگی ظاہر مہر کر دیجئے
شہادت کے لئے روح الامیں لائیں مصور کو

رہیگا ذکر ہفت اقلیم میں معجز نمائی کا
یہ دیگا سات بیٹی راہب و اثنا عشر مقدر کو

مبارک ہو ولادت اس فدائے دین و ملت کی
مباہات اسکی جانبازی پہ ہوگی رب اکبر کو

مبارک ہو طلوع نیر اقبال اے مولا
ادھر مبذول کیجئے اب نگاہ ذرہ پرور کو

بڑی جانکاہیوں سے نظم کے موتی پروئے ہیں
شرف مقبولیت کا ہو عطا اس سلک گوہر کو

www.kitabmart.in

بارھویں امام

اسم مبارک وہی ہے جو رسول اللہ کا تھا مگر آپ "مہدی حجت" کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔

آپ سب سے آخری امام ہیں۔ ۱۵ شعبان ۲۵۶ھ کو سامرہ میں متولد ہوئے۔ خدا کی مصلحت یہ تھی کہ آپ کو تمام دنیا کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھا جائے۔ بیشک آپ کے والد بزرگوار کے زمانہ میں بہت سے مخصوص صحابہ نے آپ کی زیارت کی۔ حدیثوں میں آپ کی پیدائش کی پیشینگوئی برابر ہوتی رہی تھی اس لئے بادشاہ وقت کی طرف سے آپ کے قتل کرنے کی کوشش تھی۔ آپ کے والد کے انتقال کے بعد بہت تلاش کی گئی کہ آپکا پتہ مل جائے تو آپ کو قتل کر دیا جائے مگر خدا کو اُن کا باقی رکھنا منظور تھا۔ تمام کوششیں ناکامیاب ہوئیں لیکن امامت کے فرائض کو آپنے پورا کرنا شروع کر دیا۔

۳۲۹ھ تک آپکی جانب سے ایک نائب مقرر رہتا تھا جو شرعی احکام پہونچاتا تھا اور مسئلے آپ سے دستخط کراتا تھا اور جو کچھ شیعوں کے ضروریات ہوں امام سے انھیں پورا کراتا تھا۔ اس زمانہ کو "غیبت صغریٰ" کا زمانہ کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد سے خدا کی مصلحت کا تقاضا ہوا کہ کوئی مخصوص نائب بھی نہ رہے۔ یہ "غیبت کبریٰ" ہے۔

(اسلامی عقائد)

www.kitabmart.in

قصیدہ

در مدح امام آخر الزماں قائم آل محمدؐ حجت خدا ابو القاسم مہدی علیہ السلام

(از جناب سید احمد حسین صاحب امروہوی لکھنوی)

ہو درد ہجر اس کو ناصح بیدرد کیا سمجھے
قیامت کا ہی درد اس درد کو درد آشنا سمجھے

لبوں پر مہر خاموشی ہو دل ناتھوں سے قابو میں
زباں تک نام کا آنا بھی ہم جرم وفا سمجھے

ہے ارشاد آہ تک نکلے نہ درد دل کی شدت میں
ہم اس ضبط و تحمل ہی کو اپنا فیصلا سمجھے

نہ ہو گر راز الفت فاش مر جائینگے گھٹ گھٹ کے
ہم اس مرگ تمنا ارماں کو بھی اک رسم وفا سمجھے

ہے یہ درد بیدرماں مسیحا تک ہیں درماندہ
مگر ہاں مقتدا اُن کے مرض نسیمجھے دوا سمجھے

خدا کا شکر چارہ ساز و چارہ گر ہوا پیدا
ہم اپنے حق میں یہ فضل الٰہی و شفا سمجھے

حیات تازہ دے ساقی عطا جام تولّا ہو
نثار اس مے پہ ہیں جو ہیچ وہ آب بقا سمجھے

کثافت ہے مئے دنیا میں یہ شفاف نورانی
اسے درع مکدر سمجھے اسے خذ ما صفا سمجھے

یہی مے ہے جناب شیخ حاصل نہ بندگانی کا
مگر جو آپ سا ہو بدمزہ وہ کیا مزا سمجھے

www.kitabmart.in

نہ دنیا کی ہی فکر اس کیف میں اصلا و عقبیٰ کی
اسی کو بادۂ عشرت یہی بہجت فزا سمجھے

نہ خوف نزع اس سے ہی نہ ہول فزع اکبر ہے
یہی راحت فزا سمجھے یہی ہم غمزدا سمجھے

اسی کے نشہ میں ہی مرحلہ آسان غیبت کا
ہو جس سے غم غلط وہ کچھ نہیں اسکے سوا سمجھے

ہی جس کا ذکر غیبت اس کے دنیا میں قدم آئے
ضیائے نقش پا کو اس کے ہم بدر الدجی سمجھے

مطلع ثانی

جہاں قبضہ میں خود پنہاں نظر سے کوئی آیا سمجھے
نصیری تو علی کو دیکھکر اپنا خدا سمجھے

خدا غیر مرکب ہے یہی اپنا عقیدہ ہے
اسی کے ساتھ ساتھ ان کو بھی کب حق سے جدا سمجھے

سمجھتے ہیں کہ عین ذات ہیں بیشک صفات اسکے
مگر اس ذات اقدس کو بھی شان کبریا سمجھے

بری جسمانیات و جسم سے حق ہے پر ان کے جد
ہیں دست حق اور ان کو قوت دست خدا سمجھے

سوا اس کے نہ ان کے جد کو ہم سمجھے نہ خود ان کو
انھیں عین اللہ عین اللہ کی انکو ضیا سمجھے

حرم میں جد ہوں پیدا آپ کی ترین بام کعبہ سے
انھیں بھی آپ کو بھی اپنا ہم قبلہ نما سمجھے

محمد ہی محمد ہے محمد کے ہیں سب جلوے
یہی مبدا یہی اوسط اسی کو منتہا سمجھے

سمجھ میں جد ہیں آتے قا موفت ان کی نہیں آساں
خدا ہی جن کو سمجھے ہم سا بندہ انکو کیا سمجھے

ہیں ختم الانبیا جد بس یہ کہنے کو سمجھتے ہیں
امامت نبی ہے ختم ان کو ختم الاوصیا سمجھے

مسیحا ہیں نبی اور مقتدی اُن کے مری مولا
نبوت سے بھی رتبہ اس امامت کا سوا سمجھے

جناب خضر امام اور راہبر کیسا ملا ہم کو
ہی جس کا مقتدی عیسیٰ ہم اس کو مقتدا سمجھے

www.kitabmart.in

کہیں ایمان کی ایمان بالغیب اور کیا ہوگا
نہ ہو گر معرفت انکی تو وہ خالق کو کیا سمجھے

نثار اس پردہ کرنے کے ہوئے اسرار بے پردہ
کہ غیب سے ظہور شان تسلیم و رضا سمجھے

یہ دل میں آئے اس صورت سے دیکھا بھی نہ ہو جس نے
یہ شان نثرانی ہے کلیم اللہ کیا سمجھے

عریضہ پیش کرنا اک عقیدت کا وظیفہ ہے
وگرنہ قبل لکھنے کے وہ دل کا مدعا سمجھے

فلک کی سیر کی بعد از ولادت سیر مولا نے
ہوئی معراج انھیں ہم وارث خیر الورا سمجھے

ہوئی مثل ہمیر آپ کو معراج طفلی میں
"فسبحان الذی اسری" کا مبدا منتہا سمجھے

کہا ہے تو وہ آئینگے نہ ہم ہونگے جلا ئینگے
کہیں گے مرتے دم تک ہم انھیں وعدہ وفا سمجھے

ہمیں ہے دید کی حسرت خیال انکو ہمارا ہے
مگر تقدیر بھی اک شے ہے اس کو کوئی کیا سمجھے

نثار اس پر جو اک مدت سے آنے پر ہے آمادہ
گلہ کس کا کریں قسمت کو ہم صبر آزما سمجھے

یہاں دشمن ہی دشمن ہیں انھیں پردہ انھیں سے ہے
چھپے جن کے سبب سے ہیں وہ ان سب سے خدا سمجھے

چاندنی

ماہ گردوں کی نظر آئی جو پھیکی چاندنی
ماہ نرجس نے نکل کر تیز کردی چاندنی
ایک پہلے ہی سے تھا تو آگیا اک اور چاند
اب تو دنیا میں رہے گی چاندنی ہی چاندنی

www.kitabmart.in

تاریخی یادداشت ماہ شعبان

۳۔ اس تاریخ ۷ھ میں امام حسینؑ متولد ہوئے۔

۱۵۔ اس تاریخ بوقت طلوع آفتاب ۲۵۶ھ میں حضرت صاحب العصر والزمان امام ثانی عشر عجل اللہ فرجہ متولد ہوئے۔ اور اسی تاریخ ۲۶۰ھ میں حضرت نے غیبت صغریٰ اختیار فرمائی۔ اور پھر اسی تاریخ ۳۲۹ھ میں آپ کے چوتھے نائب محمد بن سمری کی وفات ہوئی اور غیبت کبریٰ کی ابتدا ہوئی۔

۲۵۔ اس تاریخ ۱۰۵ھ میں یزید بن عبدالملک ہلاک ہوا۔



نقشہ تاریخ ولادت و وفات و تعداد اولاد حضرات چہاردہ معصومینؑ

اسمائے معصومینؑ	لقب	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ و ماہ و سنہ ولادت	جائے ولادت	تاریخ و ماہ و سنہ وفات	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
حضرت محمد صلعم	مصطفےٰ ۱	حضرت آمنہ	فاطمہؑ زہرا طیب و طاہر و قاسم و ابراہیم	۱۷ ربیع الاول سنہ عام الفیل	شعب ابی طالب	۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ بقولے ۲۸ صفر	۶۳ سال	و۔ نوشیروان عادل ش۔ ہرقل بادشاہ	زہر یہودیہ	مدینہ طیبہ
جناب فاطمہؑ ۲	زہرا	حضرت خدیجۃ الکبریٰ	حسنؑ و حسینؑ و محسنؑ و زینب و ام کلثوم	۲۰ جمادی الثانی سنہ ۵ بعثت	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانی سنہ ۱۱ھ	۱۸ سال	و۔ یزدجرد ش۔ ابوبکر	افتادن در و پہلو شکستن	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت علیؑ ۳	امیر المومنین	حضرت فاطمہ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختر	۱۳ رجب سنہ ۳۰ عام الفیل	خانہ کعبہ	۲۱ رمضان سنہ ۴۰ھ	۶۳ سال	و۔ شہریار ش۔ معاویہ	ضربت ابن ملجم	نجف اشرف (عراق)
حضرت حسنؑ ۴	مجتبیٰ	حضرت فاطمہ زہرا	۸ پسر ۷ دختر	۱۵ رمضان سنہ ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر سنہ ۵۰ھ	۴۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ	زہر دادن جعدہ بنت اشعث بحکم امیر شام و دیگر	جنت البقیع (مدینہ)

www.kitabmart.in

اسمائے معصومین	لقب	امہات	تعداد اولاد	تاریخ و ماہ و سنہ ولادت	جائے ولادت	تاریخ و ماہ و سنہ وفات	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
حضرت حسینؑ	سید الشہداء	حضرت فاطمہ زہراؑ	۶ پسر ۴ دختر	۳ شعبان ۴ھ (بنابر مشہور)	مدینہ منورہ	۱۰ محرم ۶۱ھ	۵۷ سال	ید یزدجرد ش۔ معاویہ	زخمہائے بیشمار خنجر شمر	کربلائے معلیٰ
حضرت علیؑ	زین العابدین	حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران	۱۰ پسر	۱۵ جمادی الثانی (بقولے ۱۵ جمادی الاولیٰ)	مدینہ منورہ	۲۵ محرم ۹۵ھ	۵۷ سال	ید امیرالمومنین ش ولید	زہر دادن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت محمدؑ	باقر	فاطمہ بنت امام حسنؑ	پسر دختر	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	ید۔ معاویہ ش۔ ہشام	زہر ابراہیم ابن ولید	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت جعفرؑ	صادق	ام فروہ بنت قاسم بن محمدؒ	۷ پسر ۳ دختر	۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال ۱۴۸ھ	۶۵ سال	ید عبدالملک ش منصور	زہر منصور دوانقی	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت موسیٰؑ	کاظم	حمیدہ خاتون	۱۸ پسر ۱۲ دختر	۷ صفر ۱۲۸ھ	ابواء بین مکہ و مدینہ	۲۵ رجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	ید مروان الحمار ش۔ ہارون الرشید	زہر ہارون الرشید	کاظمین (عراق)

www.kitabmart.in

اسمائے معصومین	لقب	امہات	تعداد اولاد	تاریخ و ماہ و سنہ ولادت	جائے ولادت	تاریخ و ماہ و سنہ وفات	مدت حیات	بادشاہِ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
حضرت علیؑ	رضا	ام البنین	امام محمد تقی	۱۱ ذیقعدہ ۱۴۸ھ	مدینہ منورہ	۱۷ صفر ۲۰۳ھ	۵۵ سال	و منصور و باقی ش مامون الرشید	زہر مامون الرشید	مشہد مقدس (خراسان)
حضرت محمدؑ	تقی	خیزراں خاتون	۲ پسر ۳ دختر	۱۰ رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذیقعدہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال	و محمد الامین ش معتصم باللہ	زہر معتصم باللہ	کاظمین (عراق)
حضرت علیؑ	نقی	سمانہ خاتون	۵ فرزند	۵ رجب ۲۱۴ھ	حوائی مدینہ منورہ	۳ رجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	و مامون الرشید ش معتز باللہ	زہر دادن معتز باللہ	سرمن رائے (عراق)
حضرت حسنؑ	عسکری	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب الامر علیہ السلام	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ	۲۸ سال	و واثق باللہ ش معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سرمن رائے (عراق)
حضرت امام مہدیؑ	الحجۃ القائم	نرجس خاتون	العلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سرمن رائے (عراق)	بحکم خدا زندہ ہیں	ماشاء اللہ	و معتمد باللہ		جائے غیبت سرمن رائے

نوٹ بادشاہ وقت کے خانہ میں (و) سے ولادت اور (ش) سے شہادت مراد ہے۔

www.kitabmart.in

نقشۂ اوقات نوافل ظہرین

ماہ شمسی	ماہ انگریزی	اول ماہ		وسط ماہ		آخر ماہ	
دلو	۲۱ر جنوری	نافلہ ظہر	۱ بجکر ۴۰ منٹ تک	نافلہ ظہر	۱ بجکر ۴۶ منٹ تک	نافلہ ظہر	۱ بجکر ۴۶ منٹ تک
	۲۰ر فروری	" عصر	۲ " ۱۷ "	" عصر	۲ " ۳۲ "	" عصر	۱ " ۳۱ "
حوت	۲۰ر فروری	" ظہر	۱ " ۴۶ "	" ظہر	۱ " ۵۴ "	" ظہر	۱ " ۵۷ "
	۲۲ر مارچ	" عصر	۲ " ۳۱ "	" عصر	۲ " ۳۸ "	" عصر	۲ " ۴۳ "
حمل	۲۲ر مارچ	" ظہر	۱ " ۵۷ "	" ظہر	۱ " ۵۷ "	" ظہر	۱ " ۵۵ "
	۲۱ر اپریل	" عصر	۲ " ۴۳ "	" عصر	۲ " ۴۷ "	" عصر	۲ " ۴۷ "
ثور	۲۱ر اپریل	" ظہر	۱ " ۵۵ "	" ظہر	۱ " ۵۱ "	" ظہر	۱ " ۴۹ "
	۲۲ر مئی	" عصر	۲ " ۴۷ "	" عصر	۲ " ۴۵ "	" عصر	۲ " ۴۲ "
جوزا	۲۲ر مئی	" ظہر	۱ " ۴۹ "	" ظہر	۱ " ۳۹ "	" ظہر	۱ " ۴۱ "
	۲۲ر جون	" عصر	۲ " ۴۲ "	" عصر	۲ " ۳۸ "	" عصر	۲ " ۳۰ "

www.kitabmart.in

اللّٰھم یوم یمان یوم لک ویوم علیک اذا کان لک فلا تبطر واذا کان علیک فاصبر

www.kitabmart.in

نام مہینہ	پہلا مہینہ			درمیانہ مہینہ			آخری مہینہ		
	ناغہ ظہر	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک	ناغہ ظہر	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک	ناغہ ظہر	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک	۱ بجکر ۳۱ منٹ تک
حمل	عصر	۲ گھنٹے	۲ گھنٹے	عصر	۲ گھنٹے	۲ گھنٹے	عصر	۲ گھنٹے	۲ گھنٹے
	ظہر	۲۹ منٹ	۲۸ منٹ	ظہر	۳۹ منٹ	۳۸ منٹ	ظہر	۴۹ منٹ	۴۸ منٹ
ثور	عصر	۱ گھنٹہ ۵۵ منٹ	۱ گھنٹہ ۵۴ منٹ	عصر	۱ گھنٹہ ۵۵ منٹ	۱ گھنٹہ ۵۴ منٹ	عصر	۱ گھنٹہ ۵۵ منٹ	۱ گھنٹہ ۵۴ منٹ
	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ
جوزا	عصر	۲ گھنٹے ۲۲ منٹ	۲ گھنٹے ۲۱ منٹ	عصر	۲ گھنٹے ۲۲ منٹ	۲ گھنٹے ۲۱ منٹ	عصر	۲ گھنٹے ۲۲ منٹ	۲ گھنٹے ۲۱ منٹ
	ظہر	۲۷ منٹ	۲۶ منٹ	ظہر	۳۷ منٹ	۳۶ منٹ	ظہر	۴۷ منٹ	۴۶ منٹ
سرطان	عصر	۲ گھنٹے ۴۵ منٹ	۲ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۲ گھنٹے ۴۵ منٹ	۲ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۲ گھنٹے ۴۵ منٹ	۲ گھنٹے ۴۴ منٹ
	ظہر	۵۵ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ
اسد	عصر	۳ گھنٹے ۱۲ منٹ	۳ گھنٹے ۱۱ منٹ	عصر	۳ گھنٹے ۱۲ منٹ	۳ گھنٹے ۱۱ منٹ	عصر	۳ گھنٹے ۱۲ منٹ	۳ گھنٹے ۱۱ منٹ
	ظہر	۲۷ منٹ	۲۶ منٹ	ظہر	۳۷ منٹ	۳۶ منٹ	ظہر	۴۷ منٹ	۴۶ منٹ
سنبلہ	عصر	۳ گھنٹے ۴۵ منٹ	۳ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۳ گھنٹے ۴۵ منٹ	۳ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۳ گھنٹے ۴۵ منٹ	۳ گھنٹے ۴۴ منٹ
	ظہر	۵۵ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ
میزان	عصر	۴ گھنٹے ۲۲ منٹ	۴ گھنٹے ۲۱ منٹ	عصر	۴ گھنٹے ۲۲ منٹ	۴ گھنٹے ۲۱ منٹ	عصر	۴ گھنٹے ۲۲ منٹ	۴ گھنٹے ۲۱ منٹ
	ظہر	۲۷ منٹ	۲۶ منٹ	ظہر	۳۷ منٹ	۳۶ منٹ	ظہر	۴۷ منٹ	۴۶ منٹ
عقرب	عصر	۴ گھنٹے ۴۵ منٹ	۴ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۴ گھنٹے ۴۵ منٹ	۴ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۴ گھنٹے ۴۵ منٹ	۴ گھنٹے ۴۴ منٹ
	ظہر	۵۵ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ
قوس	عصر	۵ گھنٹے ۱۲ منٹ	۵ گھنٹے ۱۱ منٹ	عصر	۵ گھنٹے ۱۲ منٹ	۵ گھنٹے ۱۱ منٹ	عصر	۵ گھنٹے ۱۲ منٹ	۵ گھنٹے ۱۱ منٹ
	ظہر	۲۷ منٹ	۲۶ منٹ	ظہر	۳۷ منٹ	۳۶ منٹ	ظہر	۴۷ منٹ	۴۶ منٹ
جدی	عصر	۵ گھنٹے ۴۵ منٹ	۵ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۵ گھنٹے ۴۵ منٹ	۵ گھنٹے ۴۴ منٹ	عصر	۵ گھنٹے ۴۵ منٹ	۵ گھنٹے ۴۴ منٹ
	ظہر	۵۵ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ	ظہر	۵۶ منٹ	۵۴ منٹ

دنیا کے دو دن ہیں ایک روز راحت دوسرا روز مصیبت اگر روز راحت ہو تو اترا نہیں اگر روز مصیبت ہو

www.kitabmart.in

فہرست ایام قمر در عقرب

رمضان سنہ ۱۳۵۸ھ	یکم و ۲ و ۳ قبل زوال تک	۲½ روز
	۲۸ بعد زوال سے ۲۹	۱½ روز
شوال سنہ ۱۳۵۸ھ	یکم قبل زوال تک	نصف روز
	۲۶ بعد زوال سے ۲۷ و ۲۸	۲½ روز
ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۸ھ	۲۸-۲۹-۳۰ قبل زوال تک	۲½ روز
ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۸ھ	۲۵-۲۶-۲۷ " "	۲½ روز
محرم سنہ ۱۳۵۹ھ	۲۲ بعد زوال سے ۲۳-۲۴	۲½ روز
صفر سنہ ۱۳۵۹ھ	۲۰-۲۱-۲۲ قبل زوال تک	۲½ روز
ربیع الاول سنہ ۱۳۵۹ھ	۱۶ بعد زوال سے ۱۷-۱۸	۲½ روز
ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۹ھ	۱۲ بعد زوال سے ۱۳-۱۴	۲½ روز
جمادی الاول سنہ ۱۳۵۹ھ	۱۱-۱۲-۱۳ قبل زوال تک	۲½ روز
جمادی الثانی	۷-۸-۹ " "	۲½ روز
رجب سنہ ۱۳۵۹ھ	۵ بعد زوال سے ۶	۲½ روز
شعبان سنہ ۱۳۵۹ھ	۳ " ۴-۵	۲½ روز

www.kitabmart.in

قمر در عقرب معلوم کرنے کا طریقہ

اس سے کوئی سہل طریقہ نظر سے نہیں گذرا۔ واضح ہو کہ ان ہندی تاریخوں میں قمر در عقرب ضرور ہوتا ہے۔ خواہ شروع میں ہو یا وسط میں یا آخر میں۔ ماہ عربی کی تاریخوں کو ان ہندی مہینوں کی تاریخوں سے مطابق کر لینا چاہیئے۔ ہر مہینہ میں قمر در عقرب ڈھائی روز رہتا ہے۔

اساڑھ	ساون	بھادوں	کنوار
۱۱	۸	۶	۳
کاتک	اگھن	پوس	ماگھ
۱	۲۸	۲۶	۲۳
پھاگن	چیت	بیساکھ	جیٹھ
۲۱	۱۸	۱۶	۱۳

www.kitabmart.in

قواعد محکمہ ڈاک و تار و سیونگ بنک وغیرہ

پوسٹ کارڈ	۰ر
جوابی کارڈ	۰ر۱
لفافہ ایک تولہ	۱ر
ایک تولہ سے دو تولہ تک	۰ر۱
۲ تولہ سے زائد ہر تولہ یا اسکے جزو مقدار پر	۰ر

پیکٹ و پارسل آن رجسٹرڈ

پیکٹ ½ ۲ تولہ	۰ر½۲ تولہ سے
زائد ہر ½ ۲ تولہ تک اور اسکے جزو مقدار پر	۰ر
پارسل ۴ تولہ وزن تک	۴ر
۴ تولہ سے زائد ہر ۴ تولہ اور	۱ر

اس کے جزو مقدار پر	۴ر

(نوٹ) خرچہ رجسٹری ۳ر علاوہ ہوگا اور وی۔پی پیکٹ یا پارسل

بغیر رجسٹری نہیں بھیجا جائیگا ۰ر۱

بک پوسٹ مطبوعہ کاغذات کتابیں سادہ کاغذ تصویریں۔ نقشے۔ کاپیاں پروف مسودہ اور دوسرے کاروباری کاغذات جن کو پرائیویٹ خط و کتابت سے کوئی تعلق نہ ہو بذریعہ بک پوسٹ جا سکتے ہیں ایک پیکٹ کا سائز زائد سے زائد ۲ فٹ لمبا ایک فٹ چوڑا اور ایک فٹ اونچا ہو سکتا ہے ۔ر

www.kitabmart.in

گول پیکٹ کی لمبائی زائد سے زائد
۲½ اور قطر ۴- انچہ ہونا چاہیئے
اور ہر پیکٹ کے سرے کھلے ہونا
چاہئیں تاکہ بغیر کاغذ کے چاک
کئے اندر کی چیز دیکھی جا سکے ۲½
تولہ کے ایک پیکٹ پر ۰/ محصول
ہوگا- اور ۲½ تولہ یا اس کی کسر
کی زیادتی پر ۰/ بڑھ جائے گا-

اخبارات جو اخبارات کہ ڈاکخانہ میں رجسٹرڈ ہوتے ہیں انکی شرح محصول حسب ذیل ہے

۸- تولہ تک ۰/

۸- تولہ سے زائد ۴ تولہ سے کم ۰/

ہر ۲ تولہ یا اسکی کسر پر ۰/

(نوٹ) جس تاریخ کا اخبار ہے اگر اسی تاریخ کو پوسٹ ہو تو محصول بدستور رہے گا- ورنہ تاریخ گذرنے پر ٹک پوسٹ کی طرح کا محصول ہوگا ؛

بیمہ اپنے تمام قیمتی سامان نوٹ- چک- ہنڈیاں زیورات اور قیمتی دھاتیں مثلاً چاندی- سونا- وغیرہ کے پارسل کو بیمہ کرنا چاہیئے- رجسٹرد علاوہ فیس رجسٹری و محصول پارسل کے مندرجہ ذیل شرح سے ٹکٹ لگانے چاہئیں- ایک سو روپیہ کی مالیت تک ۳/ ڈیڑھ سو پر ۴/ دو سو پر ۵/ دو سو سے ایک ہزار تک فیصد ۲/ ایک ہزار سے ۳ ہزار تک فیصد ۱/ تین ہزار سے زائد بیمہ نہیں کیا جا سکتا ؛

www.kitabmart.in

فیس منی آرڈر

رقم	محصول	رقم	محصول
۱؎ تک	۲ر	۵؎ سے ۱۰؎ تک	۱۰ر
۱؎ سے زائد ۵؎ تک	۴ر	۵؎ سے ۶۰؎ تک	۱۲ر
۲۵؎ سے ۳۰؎ تک	۶ر	۶۰؎ سے ۷۵؎ تک	۱۴ر
۳۵؎ سے ۵۰؎ تک	۸ر	۷۵؎ سے ۱۰۰؎ تک	۱۶ر

(نوٹ) چھ سو روپیہ سے زائد منی آرڈر نہیں ہوسکتا اور جو منی آرڈر بذریعہ تار بھیجنا ہو تو منی آرڈر فارم کی خانہ پری کرکے "بذریعہ تار" اور زائد لکھدینا چاہیئے اس کی فیس حسب ذیل ہے۔

فیس منی آرڈر بحساب روپیہ فیس تار بحساب الفاظ پتہ۔

تار تار دو قسم کے ہوتے ہیں، ایک معمولی اور دوسرا ضروری۔ انکی فیس حسب ذیل ہے:۔

معمولی تار کی فیس آٹھ الفاظ تک ۹ر جس میں مکتوب الیہ کا پتہ بھی شامل ہے۔ اگر آٹھ الفاظ سے زائد ہونگے تو ہر لفظ پر ۱ر زائد لگایا جاے گا اور ضروری تار کی فیس ۱۲ر ہر زائد الفاظ پر ۲ر ہے

غیر ملکی پوسٹل نرخ

برطانیہ عظمےٰ اور اس کے مقبوضات کیلئے پوسٹ کارڈ	۱ر۰
جوابی	۳ر
لفافہ چٹھی جس کا وزن ایک اونس تک ہو	۱۳ر
ہر مزید اونس یا جزو اونس پر	۱ر۰
پیکٹ کا محصول فی اونس	۰ر۰
غیر ملکی رجسٹری کا محصول	۳ر

www.kitabmart.in

شرح محصول تار برقی ممالک غیر

عدن براہ بمبئی فی لفظ	عہ/
برٹش ایسٹ افریقہ براہ عدن	
وزنجبار۔	۱عہ/
آسٹریلیا براہ مدراس	۱۴عہ/
چین ہانگ کانگ، شنگھائی براہ	
بھامو۔	۳عہ/
جاپان براہ بھامو	۱۲عہ/
فرانس۔ ایران براہ ایسٹڈن	۲عہ/
عراق عرب فوجی ملازمین کے لئے	۲/
آسٹریلیا۔ روس۔ ٹرکی۔ براہ	
ایسٹڈن	۴عہ/
ایران دبندر عباس براہ کراچی	۵/
جرمن ایسٹ افریقہ براہ بمبئی	
وعدن	عہ/
مصر۔ اسکندریہ براہ عدن	۹عہ/

ہوائی ڈاک کا محصول

نام مالک	کراچی سے	دہلی۔ بمبئی۔ حیدرآباد احمد آباد مدراس سے
عراق	۰۶/	۰۸/
فلسطین	۰۷/	۰۹/
مصر	۰۶/	۰۸/
ہوڈیشیا	۱۴/	عہ/
جنوبی افریقہ	عہ/	عہ/
یونان	۰۹/	۰۱۱/
اٹلی	۰۹/	۰۱۱/
فرانس	۰۹/	۰۱۱/
جرمنی	۰۹/	۰۱۱/
انگلستان	۰۸/	۰۱۰/

مزید تفصیلات بڑے بڑے ڈاکخانوں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

www.kitabmart.in

سیونگ بنک

(۱) ہر شخص اپنے نام پر یا اپنے یا اپنے نابالغ بچے کے نام پر جس کا وہ خود سرپرست ہے ڈاکخانہ کے سیونگ بنک میں روپیہ جمع کرا سکتا ہے ۔

(۲) اس روپیہ پر ۴ فیصدی ماہوار کے حساب سے سود ملتا ہے سود کم سے کم رقم پر ملے گا جو مہینے کے شروع سے آخر تک ڈاکخانہ میں جمع رہی ہو ۔

(۳) ایک نام پر ایک ہی حساب کھولا جا سکتا ہے ۔

(۴) چار آنہ سے کم کوئی رقم جمع نہیں ہوگی ۔ اور پائیاں بھی جمع نہ ہوں گی ۔

(۵) ایک سال میں ساڑھے سات سو روپیہ سے زیادہ جمع نہیں ہوتا

(۶) ہفتہ میں ایک ہی بار روپیہ نکالا جا سکتا ہے ۔ سرکاری ہفتہ سوموار سے شروع ہو کر سنیچر کو ختم ہوتا ہے اگر کوئی شخص سنیچر کو روپیہ نکلوائے تو سوموار کو پھر نکلوا سکتا ہے ۔ کیونکہ سوموار سے دوسرا ہفتہ شروع ہو جائے گا ۔

(۷) ایک ڈاکخانہ سے دوسرے ڈاکخانہ میں حساب منتقل ہو سکتا ہے

www.kitabmart.in

(۸) حساب کے وقت ڈاکخانہ سے پاس بک ملے گی اگر یہ گم ہو جائے تو ایک روپیہ ادا کرنے پر دوبارہ مل سکتی ہے لیکن اگر کوئی شخص اس گم شدہ پاس بک کو حاصل کر کے جعلی دستخطوں سے روپیہ نکال لے تو ڈاک خانہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

ضروری معلومات قانون

کورٹ فیس عدالت دیوانی

ایک روپیہ سے پانچ سو روپیہ تک ہر پانچ روپیہ چھ آنے یا ساڑھے سات روپیہ فی سیکڑہ۔ پانچ سو سے اوپر کی نالش ہو۔ اگرچہ دس ہی روپیہ اوپر ہوں تو شروع سے تمام رقم کا سوا گیارہ روپے سیکڑہ اسی طرح ایک ہزار تک سوا گیارہ روپے سیکڑہ ایک ہزار سے پانچ ہزار تک ساڑھے سات روپے سیکڑہ پانچ ہزار سے دس ہزار تک ہر ڈھائی سو یا اس کی کسر پر پندرہ روپے دس ہزار سے بیس ہزار تک ہر پانچ سو یا اس کسر پر بائیس روپے آٹھ آنے بیس ہزار سے تیس ہزار تک ہر ایک ہزار یا اس کی کسر پر تیس روپے

www.kitabmart.in

تیس ہزار سے پچاس ہزار تک ہر دو ہزار یا اس کی کسر پر تیس روپے
پچاس سے زائد پانچ ہزار یا اس کی کسر پر تیس روپے۔

فیس رجسٹری ایک ہزار کی مالیت تک دو روپے فی سیکڑہ ہزار سے
زیادہ ہر جزو پر دو روپے فی ہزار

فیس بیعنامہ ایک سو سے ایک ہزار تک ڈیڑھ روپیہ سیکڑہ
ایک ہزار سے اوپر ہر پانچ سو یا اس کے جزو پر
ساڑھے سات روپے معہ

فیس رہن بلا قبضہ ایک ہزار تک ۸ فیصدی ایک ہزار سے
اوپر ہر پانچ سو یا اسکے جزو پر معہ

فیس رہن با قبضہ ایک ہزار تک ایک روپیہ فیصدی ایک ہزار
سے اوپر ہر پانچ سو یا اس کے جزو پر صہ

نمونہ پرونوٹ

باعث تحریر آنکہ

جو کہ مبلغ پانچصد روپیہ نصف جس کے مبلغ دو سو پچاس روپئے
ہوتے ہیں ازاں لالہ رامچند ولد لالہ دلیدیال ساکن وزیرآباد سے
دستی نقد بطور قرض لیے ہیں عند الطلب بمقام وزیرآباد لالہ رامچند

www.kitabmart.in

(۷) پرونوٹ میں اگر سابقہ تاریخ تحریر کی جاے تو ناجائز نہیں ہوجاتا۔ بمبئی جلد ۲ صفحہ ۴۹۹۔

(۸) اگر پرونوٹ میں درج ہو کہ فلان جگہ ادا کرونگا تو جائز ہے بمبئی لا رپورٹ صفحہ ۴۱۸۔

نمونہ تمسک

منکہ ولد ذات ساکن تحصیل ضلع کا ہوں جو کہ مبلغ ایک ہزار روپیہ نصف جس کے مبلغ پانچ صد روپے ہوتے ہیں نقد بطور قرضہ ولد ساکن سے واسطے کے لئے ہیں اس لئے اقرار کرتا ہوں اور لکھ دیتا ہوں کہ مبلغات مذکورہ بالا بشرح سود ۱۲ در سیکڑہ کے حساب سے ادا کرونگا اور جسقدر روپیہ ادا کرونگا اس کی رسید تمسک ہذا کی پشت پر لیجائیگی یا علیحدہ رسید حاصل کروں گا۔ بدوں رسید کوئی روپیہ تجرائی نہ ہوگا لہذا بخوشی خود یہ چند حروف بطور تمسک روبرو گواہان تحریر کردیتا ہوں کہ سند رہے۔ المرقوم موریخہ سنہ ۱۹ء

گواہ شد العبد گواہ شد

www.kitabmart.in

رسوم تمسک

مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ
۵۰	۲	۱۰۰	۲	۲۵۰	۲	۵۰۰	۷
۵۰	۴	۱۰۰	۴	۲۵۰	۴	۵۰۰	۱۴
۵۰	۸	۱۰۰	۸	۲۵۰	۸	۵۰۰	۲۸

قانون تمسک

(۱) تمسک میں چار چیزوں کا ہونا ضروری ہے (۱) تحریری ہونا چاہیئے (۲) مدیوں کا اس پر انگوٹھا یا مہر یا دستخط ہو (۳) اقرار ادائیگی ہو (۴) اس پر کسی گواہ کی تصدیق ہو اگر ان میں سے کوئی بات نہ ہو تو وہ تمسک نہیں ہے۔ نیز ملاحظہ ہو ۷۲ سنہ ۱۸۷۹ء اور ۳۶ سنہ ۱۸۸۶ء ۳۹۵ سنہ ۱۹۰۳ء و ۲۰۲ سنہ ۱۹۰۹ء پنجاب ریکارڈ۔

(۲) نویسندہ تمسک گواہ نہیں ہے۔ لیکن اگر کاتب تمسک نے دستخط بطور گواہ کئے ہوں تو گواہ تصور ہوتا ہے۔ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۲۱۱ بمبئی جلد ۱۴ صفحہ ۵۶۱۔

(۳) جو ضامن حاضری عدالت کے لیے ضمانت تحریر کرتا ہے اور اس

www.kitabmart.in

کی ضمانت ملزم پر ضبط ہو جاتی ہے تو ضامن اصل مدیون
روپیہ وصول نہیں کر سکتا۔ ۱۹۹۳ء پنجاب ریکارڈ۔
(۴) جس مسئلہ کا بدل ناجائز ہو یا فوجداری مقدمہ کے دوران
میں لکھا جائے اس پر ڈگری نہیں ہو سکتی ۳۶ سنہ ۱۹۰۵ء پنجاب لا
رپورٹر ۷۶-۳۹ سنہ ۱۹۲۴ء پنجاب ریکارڈ۔

نمونہ درشنی ہنڈی نمبر ۱

سے رام جی کی بعد سدا سلامتی ہووے کہ لالہ جے دیال کشن چند
لاہور والے جوگ لکھی دلی وچوں۔ لالہ کشن رام دیو کی رام رام
دا چٹی اوپرنت نگ ایک تسال آگے کیتی روپیہ ۹۰۰ چہرہ شاہی
نمے روپیہ ساڑھے چار سو تسکے دونے بھر دیتے۔ لکھی لالہ خوشحال
چند نہال چند ساہوکاران لاہور وچ شاہ بیدیاری جوگ ہنڈی
دیکھن سار روپیہ ۹۰۰ لاہور وچ بھر دیو نے متی ۹ ہاڑ سمت ۱۹
دستخط رام کشن ساکن شہر دہلی۔

اندراج پشت ۹۰۰

اکسر مین روپیہ نو سو نمے ساڑھے چار سو کینے روپے بھر دینے
سری پتری سائیں جیہ بال کشن چند جوگ لکھی رام کشن زمیندار

www.kitabmart.in

نمونہ ہنڈی اردو عند الطلب

سدا اسلامتی ہووے لالہ سندر داس صاحب ساکن امرتسر کو
بعد رام رام کے واضح ہو کہ ایک ہنڈوی عند الطلب تعدادی
ایک سو روپیہ اکھریں روپیہ ایک سو نیمے روپیہ پنجاہ چہرہ شاہی
آپ پر کی گئی ہے۔ رکھی سردار گوردیال سنگھ پاس۔ سو سردار صاحب
موصوف کو مبلغات مندرجہ بالا عند الطلب امرتسر میں ادا کر دیویں

المرقوم مورخہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۳۳ء

العبد رام چند ساکن گوجرانوالہ

اندراج پشت ۱۰۰

لالہ سندر داس صاحب ساکن امرتسر
اکھریں ایک سو پچاس تسکے دونے بھر دیونے

چند فیصلہ جات قانونی متعلقہ ہنڈی

(۱) اگر دستاویز پر اسٹامپ بوقت تحریر چسپاں نہ کیا جاوے یا منسوخ
نہ کیا جاوے تو وہ داخل شہادت نہیں ہے ۱۴ بمبئی صفحہ ۱۰۲

www.kitabmart.in

(۲) جس جگہ ہنڈوی واجب الادا ہو۔ میں عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہے۔ پنجاب ریکارڈ ۸۲ و ۲۱ و ۱۸۹۴ء

(۳) مگر شتہ رقم ہنڈی لکھے تو رقم ذمہ دار ہے ۱۳ سنہ ۱۸۷۰ء پنجاب ریکارڈ۔

(۴) اگر ہنڈوی داخل شہادت نہ ہو تو مدعی دعوی کر کے ڈگری لے سکتا ہے ۴ سنہ ۱۹۱۸ء پنجاب ریکارڈ۔

(۵) ہنڈوی اسٹامپ کے کاغذ پہ ہونی چاہیئے ورنہ ناجائز ہوگی ۷۶ سنہ ۸۶ء پنجاب ریکارڈ۔

(۶) ہنڈوی شاہ بیوپاری جوگ جو اس کے زر وصول کا بار ثبوت بذمہ مدعا علیہ ہے (لاہور ۴۲۹ و ۳ لاہور لا جرنل ۴۳۹)

نمونہ کرایہ نامہ

منکہ ولد ذات ساکن ضلع کا ہوں جو کہ ایک قطعہ مکان اڑھائی منزلہ واقع بھائی واڑہ ملکیت لالہ ولد بشرح پانچ روپیہ ماہوار پہ لیا ہے اور یہ اقرار کیا۔ ہے کہ کرایہ ماہ بماہ ادا کرتا رہوں گا۔ جو ادا کیا جائے گا اس کا اندراج پشت کرایہ نامہ پر کیا جائے گا یا رسید علیحدہ لیجائیگی

www.kitabmart.in

بدون رسید کوئی کرایہ مجرا نہ ہوگا اگر مالک مکان کو خالی مکان کرانا منظور ہوگا تو کم از کم ایک ماہ پیشتر اطلاع دینے پر مکان خالی کیا جائے گا۔ اور اگر مجکو مکان خالی کرنا ہوگا تو ایک ماہ کا نوٹس دیکر مکان خالی کر سکوں گا۔ لہذا یہ چند حروف بطور کرایہ نامہ لکھدیئے ہیں تاکہ سند رہے۔

المرقوم مورخہ گواہ شد العبد گواہ شد

اسٹام کرایہ نامہ

اگر دس روپے سالانہ سے زیادہ نہ ہو تو ۳ر کا اسٹامپ لگے گا اگر دس روپے سے زائد ہو مگر پچاس روپے سے زیادہ نہ ہو تو ۶ر اگر پچاس روپے سے زیادہ ہو مگر سو روپیہ سے زیادہ نہ ہو تو ۱۲ر اس سے اوپر ہر سو روپیہ یا اسکی جزو پر ۱۲ر

نمونہ پروانہ راہداری

جو کہ ایک راس بھینس برنگ بھورا سینگ گنڈھے۔ دم چوری دار چاروں کھُر دھوے ہوے قد درمیانہ عمر تقریباً ۵ سال معہ چار ماہ کی ایک راس کٹی کے جس کی پیشانی پر سفید داغ ہے۔ مسمی فلاں ....

www.kitabmart.in

ولد فلاں ..... ذات ..... ساکن ..... برائے فروخت کرنے درمیلہ منڈی گجرات لے جاتا ہے اس کو پروانہ راہ داری لکھ دیا ہے کہ کوئی سرکاری ملازم یا کوئی دیگر شخص کسی شک و شبہ کی وجہ سے رکاوٹ نہ ڈالے۔ یہ بھینس اس کے گھر کی پالتو ہے العبد ..... مورخہ ..... مہر یا دستخط نمبردار .....

نوٹ:۔ اگر نمبردار پڑھا ہوا نہ ہو تو کسی شخص سے تحریر کرا کے اپنی مہر لگا دے اور تحریر کنندہ بھی دستخط کرے۔

میعاد نالش و اپیل وغیرہ

قسم نالش	تعداد میعاد	میعاد کب سے شمار ہو گی
نالش ملازم بابت تنخواہ	۱ سال	جب وعدہ گذر جائے
نالش ہرجہ بابت تہمت	۱ سال	جب تحریر تک اس نے شائع ہو
نالش بابتہ اس ہرجہ کے جو ملازم کی فیصلا نکی وجہ سے ہو۔	۱ سال	جب نقصان واقع ہو
نالش بابتہ نقصان معاوضہ کے جو کسی بیجا حکم امتناعی سے ہو۔		جب کہ حکم امتنائی موقوف ہو۔
نالش حق شفع	۳ سال	
	۱ سال	بیعنامہ کی رجسٹری سے

www.kitabmart.in

قسم نالش	تعداد میعاد	میعاد کب سے شمار ہوگی
اپیل حکم پھانسی	۷ روز	تاریخ حکم سے
اپیل کسی عدالت میں سوائے عدالت ہائیکورٹ کے	۳۰ یوم	تاریخ حکم سے
اپیل دیوانی بعدالت ہائیکورٹ	۹۰ یوم	تاریخ حکم سے
اپیل فوجداری بعدالت ہائیکورٹ	۶۰ یوم	تاریخ حکم سے
درخواست منسوخی حکم جبکہ مقدمہ عدم پیروی میں خارج کیا گیا ہو۔	۳۰ یوم	تاریخ اخراج سے
درخواست منسوخی ڈگری یکطرفہ	۳۰ یوم	جب سائل کو ڈگری کا حال معلوم ہو
عدالت خفیفہ کے حکم یا ڈگری کی نظر ثانی	۱۵ یوم	جب حکم صادر ہو۔
نالش منجانب ضامن بنام اصل گیرندہ	۳ سال	جب ضامن رقم ادا کرے
نالش منجانب نابالغ بعد بلوغ بابت انتقال جائیداد	۳ سال	جب نابالغ بلوغ کو پہنچے
نالش برائے منسوخی ثالث نامہ	۱۰ یوم	جب عدالت میں داخل ہو
نالش برائے قبضہ موروثی	۱۲ سال	جب مدعا علیہ نے قبضہ کیا ہو
درخواست برآمدگی اپیل جو عدم پیروی میں خارج ہو۔	۳۰ یوم	تاریخ خارج ہونے سے

www.kitabmart.in

قسم نالش	تعداد میعاد	میعاد کب سے شمار ہو گی
درخواست برائے دوبارہ سماعت اپیل جسکی سماعت یکطرفہ ہوئی ہو	۳۰ یوم	۳۰ یوم تاریخ حکم سے یا جب سائل کو علم ہو تاریخ حکم سے
اپیل پریوی کونسل	۹۰ یوم	

ایکٹ میعاد

دفعہ ۳۔ اگر نالش بعد گذر جانے میعاد سماعت کے دائر کی جاے تو خارج کر دی جاے گی۔

دفعہ ۴۔ جب میعاد سماعت بروز تعطیل عدالت منقضی ہو تو نالش یا اپیل اس دن رجوع کی جاے جس دن عدالت کھلے۔

دفعہ ۵۔ اگر کوئی شخص میعاد مقررہ کے اندر اپیل یا درخواست نہ گذران سکے تو میعاد کی توسیع کافی وجوہات پر ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۱۲۔ میعاد کے محسوب کرنے میں وہ دن جس سے میعاد شمار ہوتی ہے اور تاریخ سنائے جانے فیصلہ و ایام حصول نقول شمار نہیں ہوتے۔

دفعہ ۱۳۔ جب تک مدعا علیہ برٹش انڈیا سے باہر رہے وہ میعاد میں محسوب نہیں ہوتا۔

www.kitabmart.in

دفعہ ۱۵۔ جس وقت تک کارروائی ملتوی رکھی جاوے میعاد میں شمار نہیں ہوتا۔

دفعہ۔ جبتک کارروائی انفساخ نیلام ہوتی رہے۔ وہ میعاد میں شمار نہیں ہوتی۔

دفعہ ۱۹۔ اگر قبل از منقضی ہونے میعاد کوئی اقرار نامہ ذمہ داری کا تحریر ہو کر اس پر ذمہ وار شخص کے دستخط ہو جائیں تو میعاد اس وقت سے شمار ہو گی جبکہ اقرار مذکور پر دستخط کئے جائیں۔

دفعہ ۲۰۔ اگر کوئی رقم بطور سود یا اصل کے دی جائے تو میعاد سماعت اس وقت سے شمار ہو گی جبکہ ادائیگی منجانب مدعا علیہ ہو کہ دستخط اس کے یا اس کے مختار کے ہوے ہوں۔

ضابطہ دیوانی کا ضروری اقتباس

نالش برائے جائیداد غیر منقولہ وہاں دائر ہو گی جہاں جائداد متنازع واقع ہو۔

دفعہ ۱۶۔ نالش وہاں ہو گی جہاں مدعا علیہ کی سکونت ہو گی یا جہاں بنائے مخاصمت پیدا ہو۔ (دفعہ ۲۰)

اگر مدیوں ڈگری کی وصولی سے پہلے وفات پا جائے تو مدیوں

www.kitabmart.in

کے جایز قائم مقام پر ڈگری جاری ہو سکتی ہے۔ لیکن قائم مقام کی ذمہ داری اسی قدر ہو گی جس قدر جائداد مدیون کی اس کے ہاتھ آئی ہو گی (دفعہ ۵۰)

اجرائے ڈگری زر نقدی میں کوئی عورت گرفتار نہیں ہو سکتی (دفعہ ۵۶ عدالت کو اختیار ہے کہ بوجہ سخت بیماری کے مدیون ڈگری کو رہا کر دے لیکن وہ شخص پھر گرفتار ہو سکتا ہے (دفعہ ۵۹)

ان مقدمات پر جو عدالت مقدمات خفیفہ کے قابل سماعت ہوں اور جن کی مالیت پانچ سو سے زیادہ نہ ہو۔ اپیل ثانی نہیں ہو سکے گی (دفعہ ۱۰۲)

پردہ نشین خواتین پر حاضری عدالت معاف ہے (دفعہ ۱۰۲)

ایک شخص جملہ اشخاص حقدار کی طرف سے جو ایک ہی حق رکھتے ہوں نالش یا جواب دہی کر سکتا ہے (رول ۸ آرڈر ۱)

اگر مدعی اپنے دعوے میں سے کوئی جزو چھوڑ دے تو آیندہ اس جزو کی بابت کوئی نالش نہیں کر سکتا (رول ۲ قاعدہ ۲)

اگر گواہ تعمیل سمن نہ کرے تو عدالت کو اختیار ہے کہ گواہ مذکور کی گرفتاری یا ضبطی جائیداد کا حکم صادر کرے۔ (رول ۱۰ آرڈر ۱۶)

عدالت اپنی تحریک سے کسی ایسے شخص کو جس کو کسی فریق نے بطور

www.kitabmart.in

گواہ طلب نہ کرایا ہو۔ بغرض شہادت طلب کر سکتی ہے (رول ۱۴ آرڈر ۲)

ڈگریدار بغیر اجازت نیلام میں بولی نہیں دے سکتا (رول ۷۲ آرڈر ۲۱)

اگر بوقت سماعت اپیل پیلانٹ حاضر نہ ہو تو عدم پیروی میں اپیل خارج کر دیا جائیگا (رول ۱۷ آرڈر ۴۱)

